روحانی خزائن

تصنیفات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

۱۲

ISLAM INTERNATIONAL PUBLICATIONS LTD

روحانی خزائن

مجموعہ کتب حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام
(جلد دوازدہم)

Ruhaani Khazaa'in

(Volume 12)

Collection of the books of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian,
The Promised Messiah and Mahdi (1835-1908), peace be upon him.
Volumes 1-23

© Islam International Publications Ltd.

First Published in Rabwah, Pakistan in the 1960s
Reprinted in the UK in 1984
Reprinted in 1989
Second edition (with computerized typesetting) published in 2008
Reprinted in the UK in 2009
Published in Qadian, India in 2008 (Vol. 1-10)
Present edition published in the UK in 2021

Published by:
Islam International Publications Ltd
Unit 3, Bourne Mill Business Park,
Guildford Road, Farnham, Surrey, GU9 9PS UK

Printed in Turkey at:
Levent Offset

ISBN: 978-1-84880-134-9 (Set Vol. 1-23)
10 9 8 7 6 5 4 3 2 1



حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب
کے مطالعہ کے متعلق

حضرت امیر المومنین خلیفة المسیح الخامس
ایّدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

کا

احباب جماعت کے نام

پیغام

روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۰۰۸ء
کی اشاعت کے موقع پر

وَاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا
رَبِّ كُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِي وَانْصُرْنِي وَارْحَمْنِي



بسم اللہ الرحمن الرحیم
نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم
وعلیٰ عبدہِ المسیح الموعود
خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
ھوالنّاصر

لندن
10-8-2008

پیغام

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

اللہ تعالیٰ نے وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ کے مصداق حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمانے کے امام اور مہدی کے طور پر مبعوث فرمایا کہ تا اس کی توحید کا دنیا میں بول بالا ہو اور ہمارے پیارے نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی اور قرآن کریم کی صداقت دنیا پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے۔

قرآن کریم اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مبارکہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہی وہ زمانہ تھا کہ جب اسلام کی اشاعت اور تبلیغ ساری دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے سامان اس خدائے قادر مطلق نے پہلے سے مقرر کر رکھے تھے۔ اسی لئے اس زمانے میں سائنسی ایجادات اتنی تیزی اور کثرت سے ہوئی ہیں کہ انسانی عقل وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَھَا کے مصداق حیران ہو جاتی ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ جس کے بارے میں وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ کی پیشگوئی فرما کر یہ بتلا دیا کہ اس زمانے میں ایسی ایسی ایجادات ہوں گی کہ کتابوں اور رسالوں کی نشر و اشاعت عام ہو جائے گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''اور نشر صحف سے اس کے وسائل یعنی پریس وغیرہ کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ اللہ نے ایسی قوم کو پیدا کیا جس نے آلات طبع ایجاد کئے۔ دیکھو کس قدر

پریس ہیں جو ہندوستان اور دوسرے ملکوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے تا وہ ہمارے کام میں ہماری مدد کرے اور ہمارے دین اور ہماری کتابوں کو پھیلائے اور ہمارے معارف کو ہر قوم تک پہنچائے تا وہ ان کی طرف کان دھریں اور ہدایت پائیں''۔ (آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۴۷۳)

ایک اور کتاب میں آپؑ فرماتے ہیں:

''کامل اشاعت اس پر موقوف تھی کہ تمام ممالک مختلفہ یعنی ایشیا اور یورپ اور افریقہ اور امریکہ اور آبادیٔ دنیا کے انتہائی گوشوں تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی تبلیغ قرآن ہو جاتی اور یہ اس وقت غیر ممکن تھا بلکہ اس وقت تک تو دنیا کی کئی آبادیوں کا ابھی پتا بھی نہیں لگا تھا اور دور دراز سفروں کے ذرائع ایسے مشکل تھے کہ گویا معدوم تھے.....ایسا ہی آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ اس بات کو ظاہر کر رہی تھی کہ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور ہدایت کا ذخیرہ کامل ہو گیا مگر ابھی اشاعت ناقص ہے اور اس آیت میں جو مِنْھُمْ کا لفظ ہے وہ ظاہر کر رہا تھا کہ **ایک شخص اس زمانہ میں جو تکمیل اشاعت کے لئے موزوں ہے مبعوث ہوگا** جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں ہوگا.....اس لئے خدا تعالیٰ نے تکمیل اشاعت کو ایک ایسے زمانہ پر ملتوی کر دیا جس میں قوموں کے باہم تعلقات پیدا ہو گئے اور برّی اور بحری مرکب ایسے نکل آئے جن سے بڑھ کر سہولت سواری کی ممکن نہیں۔ اور کثرت مطابع نے تالیفات کو ایک شیرینی کی طرح بنا دیا جو دنیا کے تمام مجمع میں تقسیم ہو سکے۔ سو اس وقت حسب منطوق آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ اور حسب منطوق آیت قُلْ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے بعث کی ضرورت ہوئی اور ان تمام خادموں نے جو ریل اور تار اور اگن بوٹ اور

مطابع اور احسن انتظام ڈاک اور باہمی زبانوں کا علم اور خاص کر ملک ہند میں اردو نے جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک زبان مشترک ہوگئی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بزبان حال درخواست کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تمام خدام حاضر ہیں اور فرض اشاعت پورا کرنے کے لئے بدل وجان سرگرم ہیں۔ آپ تشریف لائیے اور اس اپنے فرض کو پورا کیجئے کیونکہ آپ کا دعویٰ ہے کہ میں تمام کافہ ناس کے لئے آیا ہوں اور اب یہ وہ وقت ہے کہ آپ ان تمام قوموں کو جو زمین پر رہتی ہیں قرآنی تبلیغ کر سکتے ہیں اور اشاعت کو کمال تک پہنچا سکتے ہیں اور اتمام حجّت کے لئے تمام لوگوں میں دلائل حقانیت قرآن پھیلا سکتے ہیں تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے جواب دیا کہ دیکھو میں بروز کے طور پر آتا ہوں۔ مگر میں ملک ہند میں آؤں گا۔ کیونکہ جوش مذاہب واجتماع جمیع ادیان اور مقابلہ جمیع ملل ونحل اور امن اور آزادی اسی جگہ ہے''۔

(تحفہ گولڑویہ، روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۲۶۰-۲۶۳)

سو اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ساری دنیا تک پہنچانے اور اسلام کی سچائی کو ساری دنیا پر ثابت کرنے اور خدائے واحد ویگانہ کی توحید کا پرچار کرنے کے لئے اسلام کا یہ بطل جلیل، جری اللہ، سیف کا کام قلم سے لیتے ہوئے قلمی اسلحہ پہن کر سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اترا اور اسلام کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا ایسا کرشمہ دکھایا کہ ہر مخالف کے پرخچے اڑا دیے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا پرچم پھر سے ایسا بلند کیا کہ آج بھی اس کے پھریرے آسمان کی رفعتوں پر بلند سے بلند تر ہو رہے ہیں اور ساری دنیا پر اسلام کا یہ پیغام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات کے ذریعہ پھیل رہا ہے اور پھیلتا رہے گا۔ مسیح محمدی کی زندگی بخش تحریرات کی ہی یہ برکت ہے کہ ایک جہان روحانی اور جسمانی احیاء کی نوید سے مستفیض ہو رہا ہے اور صدیوں کے مردے ایک دفعہ پھر زندہ ہو رہے ہیں اور ایسا کیوں

نہ ہوتا کہ اسلام کی گزشتہ تیرہ صدیوں میں صرف آپ کا ہی کلام ایسا تھا جسے کبھی خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے ''مضمون بالا رہا'' کی سند نصیب ہوئی تو کبھی الہاماً یہ نوید عطا ہوئی کہ:

''درکلامِ تو چیزے است کہ شعراء را دراں دخلے نیست۔ کَلَامٌ اُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَبٍّ کَرِیْمٍ''۔ (کاپی الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام صفحہ ۶۲۔ تذکرہ صفحہ ۵۰۸)

ترجمہ: ''تیرے کلام میں ایک چیز ہے جس میں شاعروں کو دخل نہیں ہے۔ تیرا کلام خدا کی طرف سے فصیح کیا گیا ہے۔'' (حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۱۰۶)

چنانچہ ایسی ہی عظیم الٰہی تائیدات سے طاقت پا کر آپ فرماتے ہیں:

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے۔ اور جہاں تک میں دوربین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۳)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں:

''میں خاص طور پر خدا تعالیٰ کی اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو میں محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے''۔ (نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۳۴)

پس یہ آپ کی دلی خواہش تھی کہ وہ آب حیات جو آپ کے مبارک قلم سے آپ کی کتابوں کی شکل میں دنیا کی روحانی اور علمی پیاس بجھانے کے لئے نکلا ہے اس سے سارا عالم فیضیاب ہو۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

''میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے مگر جو شخص میرے ہاتھ سے جام پیئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔ وہ زندگی بخش باتیں جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا۔ لیکن اگر یہ حکمت اور معرفت جو مردہ دلوں کے لئے آب حیات کا حکم رکھتی ہے دوسری جگہ سے نہیں مل سکتی تو تمہارے پاس اس جرم کا کوئی عذر نہیں کہ تم نے اس سرچشمہ سے انکار کیا جو آسمان پر کھولا گیا زمین پر اس کو کوئی بند نہیں کر سکتا''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۰۴)

عزیزو! یہی وہ چشمۂ رواں ہے کہ جو اس سے پیئے گا وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا اور ہمارے سید و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی **یفیض المال حتی لا یقبلہ احد** (ابن ماجہ) کے مطابق یہی وہ مہدی ہے جس نے حقائق و معارف کے ایسے خزانے لٹائے ہیں کہ انہیں پانے والا کبھی ناداری اور بے کسی کا منہ نہ دیکھے گا۔ یہی وہ روحانی خزائن ہیں جن کی بدولت خدا جیسے قیمتی خزانے پر اطلاع ملتی ہے اور اس کا عرفان نصیب ہوتا ہے۔ ہر قسم کی علمی اور اخلاقی، روحانی اور جسمانی شفا اور ترقی کا زینہ آپ کی یہی تحریرات ہیں۔ اس خزانے سے منہ موڑنے والا دین و دنیا، دونوں جہانوں سے محروم اٹھنے والا قرار پاتا ہے اور خدا کی بارگاہ میں متکبر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''جو شخص ہماری کتابوں کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا۔ اس میں ایک قسم کا کبر پایا جاتا ہے''۔

(سیرت المہدی جلد اول حصہ دوم صفحہ ۳۶۵)

اسی طرح آپؑ نے فرمایا کہ:

''وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے

نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ''۔

(نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۰۳)

پھر آپ نے ایک جگہ یہ بھی تحریر فرمایا کہ:

''سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں، کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے''۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۳۶۱)

یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس امام مہدی اور مسیح محمدی کو ماننے کی توفیق ملی اور ان روحانی خزائن کا ہمیں وارث ٹھہرایا گیا۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم ان بابرکت تحریروں کا مطالعہ کریں تا کہ ہمارے دل اور ہمارے سینے اور ہمارے ذہن اس روشنی سے منور ہو جائیں کہ جس کے سامنے دجال کی تمام تاریکیاں کافور ہو جائیں گی۔ اللہ کرے کہ ہم اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگیاں ان بابرکت تحریرات کے ذریعہ سنوار سکیں اور اپنے دلوں اور اپنے گھروں اور اپنے معاشرہ میں امن و سلامتی کے دئے جلانے والے بن سکیں اور خدا اور اس کے رسول کی محبت اس طرح ہمارے دلوں میں موجزن ہو کہ اس کے طفیل ہم کل عالم میں بنی نوع انسان کی محبت اور ہمدردی کی شمعیں فروزاں کرتے چلے جائیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفة المسیح الخامس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خصوصی ہدایات اور راہنمائی میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ تصانیف کا سیٹ ''روحانی خزائن'' پہلی بار کمپیوٹرائزڈ شکل میں پیش کیا جارہا ہے۔اس سیٹ کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

۱۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تاکیدی ارشاد کی تعمیل میں ہر کتاب فسٹ ایڈیشن کے عین مطابق رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگی میں ایک سے زائد ایڈیشن چھپے ہیں تو آخری ایڈیشن کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۲۔پورے سیٹ میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ صفحہ کی سائیڈ پر ایڈیشن اوّل کا صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔

۳۔ایڈیشن اوّل میں اگر سہو کتابت واقع ہوا ہے تو متن میں اس لفظ کو اسی طرح کمپوز کیا گیا ہے۔البتہ حاشیہ میں یہ نوٹ دیا گیا ہے کہ متن میں سہو کتابت معلوم ہوتا ہے اور غالباً صحیح لفظ یوں ہے۔

۴۔یہ ایڈیشن روحانی خزائن کے سابقہ ایڈیشن کے صفحات کے عین مطابق ہے تاکہ جماعتی لٹریچر میں گزشتہ نصف صدی سے آنے والے حوالہ جات کی تلاش میں سہولت رہے۔

۵۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اس سیٹ میں مندرجہ ذیل اضافے کئے گئے ہیں۔

(ا) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک مضمون جو آپ نے منشی گردیال صاحب مدرس مڈل اسکول چنیوٹ کے استفسار کے جواب میں تحریر فرمایا تھا اور روحانی خزائن میں شامل نہیں ہوسکا تھا۔ اسے روحانی خزائن کے نئے ایڈیشن میں جلد نمبر۲ میں شامل اشاعت کردیا گیا ہے۔

(ب) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اہم مضمون ''**ایک عیسائی کے تین سوال اور ان کے جوابات**'' جو پہلے ''تصدیق النبی'' کے نام سے سلسلہ کے لٹریچر میں موجود ہے اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے آخر میں شامل اشاعت کرلیا گیا ہے۔

(ج) روحانی خزائن جلد۴ میں الحق مباحثہ دہلی کے عنوان سے ایک کتاب شامل ہے۔اس کے صفحہ ۲۲۱ پر مراسلت نمبر ا مابین مولوی محمد بشیر صاحب اور مولوی سید محمد احسن صاحب ہے۔اس کے بعد مراسلت نمبر۲ مابین منشی بوبہ صاحب و منشی محمد اسحاق و مولوی سید محمد احسن صاحب کسی وجہ سے روحانی خزائن میں شامل

ہونے سے رہ گئی ہے۔اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے نئے ایڈیشن میں شامل کرلیا گیا ہے۔

(د) روحانی خزائن جلد نمبر۵ آئینہ کمالات اسلام کے آخر میں "التبلیغ" کے نام سے جو عربی خط شامل ہے اس کے آخر میں عربی قصیدہ درج ہے۔ایڈیشن اول میں اس قصیدہ کے بعد ایک عربی نظم شائع شدہ ہے جو کسی وجہ سے روحانی خزائن جلد۵ میں شامل نہیں ہوسکی تھی۔نئے ایڈیشن میں یہ نظم شامل کردی گئی ہے۔

(ہ) جلسہ اعظم مذاہب ۱۸۹۶ء کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تحریر فرمودہ بے مثال مضمون جو ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کے نام سے اردو اور دوسری زبانوں میں چھپ چکا ہے اس کے اصل مسودہ کے کچھ صفحات کسی وجہ سے شامل اشاعت نہیں ہو سکے تھے انہیں اصل مسودہ سے جو خلافت لائبریری میں موجود ہے نقل کر کے جلد نمبر۱۰ میں شامل کیا گیا ہے۔

(و) ریویو آف ریلیجنز اردو کا پہلا شمارہ ۹؍جنوری ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا۔اس میں صفحہ ۹ تا ۳۴ پر مشتمل ''گناہ کی غلامی سے رہائی پانے کی تدابیر کیا ہیں؟'' کے عنوان سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک بصیرت افروز مضمون شائع ہوا تھا۔اس مضمون کو روحانی خزائن جلد نمبر ۱۸ کے آخر میں کتاب نزول المسیح کے بعد شامل کیا جارہا ہے۔

(ز) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دست مبارک سے لکھا ہوا ''عصمت انبیاء'' کے عنوان سے ایک اور مضمون بھی ریویو آف ریلیجنز اردو مئی ۱۹۰۲ء صفحہ ۱۷۵ تا ۲۰۹ میں شائع ہوا تھا۔یہ مضمون اب تک کتابی شکل میں شائع نہیں ہوا۔اسے بھی روحانی خزائن جلد ۱۸ کے آخر میں شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

والسلام

سید عبدالحی

ناظر اشاعت

اکتوبر ۲۰۰۸ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کے فرستادہ حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اپنی ساری زندگی اشاعت و تبلیغِ اسلام کے جہاد میں صَرف کی اور اس مقصد کے لئے آپ نے نہ صرف کثیر تعداد میں کتب تصنیف فرمائیں بلکہ اشتہارات و تقاریر کے ذریعہ بھی خدمت اسلام کے اس فریضہ کا حق ادا فرمایا۔ حضور علیہ السلام کی جملہ تصانیف کو روحانی خزائن کی تئیس جلدوں کے سیٹ میں طبع کیا جاچکا ہے۔ اسی طرح آپؑ کے پُر معارف کلمات و تقاریر و مجالس علم و عرفان کو ملفوظات کی دس جلدوں میں، جبکہ آپؑ کے تحریر فرمودہ اشتہارات کو مجموعہ اشتہارات کے عنوان سے تین جلدوں میں تیار کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں علوم و فیوض روحانی سے لبریز اس لٹریچر (روحانی خزائن، ملفوظات اور مجموعہ اشتہارات) کے نئے ایڈیشن تیار کئے گئے ہیں جن کی اب سیدنا حضور اقدس کی منظوری سے یہاں انگلستان سے طباعت کی جارہی ہے تاکہ بیرون ممالک میں قائم جماعتوں کی بھی علمی و روحانی تشنگی دور ہو۔

حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ تصانیف منیفہ جو روحانی خزائن کے نام سے ۲۳ جلدوں میں شائع شدہ ہیں، اس کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن میں بعض مقامات پر کتابت کے سہو اور اغلاط کی نشاندہی ہوئی تھی۔

امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کے نئے ایڈیشن کی تیاری کا ارشاد فرماتے ہوئے بعض درج ذیل ہدایات سے نوازا:

> ”حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی صحت کو قائم اور برقرار رکھنے کے لئے لازم ہے کہ ان کو اوّل ایڈیشن کے عین مطابق اور اسی حال میں برقرار رکھا جائے۔ اگر اوّل ایڈیشن میں کہیں سہوِ کتابت ہے تو اس کو بعینہٖ

قائم رکھا جائے۔ البتہ واضح سہو اور غلطی کی ناشر کی طرف سے حاشیہ میں وضاحت دی جائے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات مبارکہ میں اس کے ایک سے زیادہ ایڈیشنز شائع ہوئے تھے تو آپ کی زندگی میں مطبوعہ آخری ایڈیشن کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

غرضیکہ اوّل ایڈیشن سے تقابل کر کے اگر مابعد کسی سہو یا کتابت کی غلطی کی درستگی کی گئی ہے تو اسے نظر انداز کر کے اوّل ایڈیشن کے بالکل مطابق کر دیا جائے اور متن میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔"

اوّل ایڈیشن کے وقت اس زمانہ کی طرزِ کتابت کے مطابق "ے" اور "ی" کو اکثر و بیشتر "ی" لکھا گیا ہے۔ پہلے قارئین خود سمجھ جاتے تھے کہ فقرہ کی ترتیب کے لحاظ سے یہاں یائے معروف ہے یا یائے مجہول۔ لیکن اب اس تفریق کو سمجھنے میں قاری کو دقت اور مشکل درپیش ہوتی ہے۔ اس لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ فقرہ کی مناسبت سے یائے معروف اور یائے مجہول کو ظاہر کر دیا جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ "روحانی خزائن کے پہلے ایڈیشن کے مطابق صفحات نمبر اور عبارات رکھی جائیں۔" چنانچہ اس ہدایت کی پابندی کی گئی ہے۔ اس لئے ناشر کی طرف سے اگر کوئی وضاحت ضروری سمجھی گئی تو اس کو بارڈر سے باہر رکھا گیا ہے۔

ایسے انگریزی الفاظ، اسماء وغیرہ جو اردو رسم الخط میں تحریر شدہ ہیں اور جن کو صحیح تلفظ سے پڑھنا مشکل ہے سہولت کی غرض سے ان کو انگریزی طرز میں بھی حاشیہ میں دے دیا گیا ہے۔

الحق مباحثہ دہلی کا ایک حصہ "مراسلت نمبر ۲" جو روحانی خزائن کی تدوین کے وقت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے شامل نہ ہو سکا۔ کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کے وقت یہ مراسلت مل گئی اور اسے جلد ۴ کے آخر پر صفحہ ۴۸۳ پر دے دیا گیا۔ اس ایڈیشن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے الحق مباحثہ دہلی کے آخر پر مراسلت نمبر ا کے بعد شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔

محمود کی آمین تو جلد ۱۲ میں آچکی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی آمین بھی لکھی تھی۔ یہ نظم ۱۹۰۱ء میں شائع ہوئی جو روحانی خزائن کی کسی جلد میں شامل نہیں۔

اب روحانی خزائن کی نظر ثانی کے دوران حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے اپنے زمانی اعتبار سے روحانی خزائن جلد ۱۷ میں شامل کیا گیا ہے، مگر جلد کے آخر پر تا کہ صفحات کی ترتیب میں فرق نہ آئے۔

روحانی خزائن میں جو فارسی اشعار، عبارات اور رقوم بیان ہوئی ہیں ان کا ترجمہ اس ایڈیشن میں متن کے اختتام پر دے دیا گیا ہے تا کہ قارئین کو مفہوم سمجھنے میں سہولت ہو۔

یہاں انگلستان میں متعدد مرتبہ خاکسار نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حاضر ہو کر مختلف امور میں راہنمائی حاصل کرنے کی سعادت حاصل کی اور ان ہدایات کی تعمیل کروائی۔ فالحمدللہ علیٰ ذلک۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے کرام نے بارہا ان بیش بہا علوم کو پڑھنے اور پھیلانے کی نصیحت فرمائی ہے۔ اللہ کرے کہ ہم سب ان سے کماحقہ فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ آمین

خاکسار
منیر الدین شمس
ایڈیشنل وکیل التصنیف

فروری ۲۰۲۱ء

ترتیب

روحانی خزائن جلد۱۲

سراج منیر ۱

استفتاء ۱۰۵

حجۃ اللہ ۱۳۹

تحفہ قیصریہ ۲۵۱

جلسہ احباب ۲۸۵

محمود کی آمین ۳۱۷

سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب ۳۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علٰی رسولہِ الکریم

تعارف

(از حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس)

یہ روحانی خزائن کی بارھویں جلد ہے جو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب سراج منیر، استفتاء، حجۃ اللہ، تحفہ قیصریہ، محمود کی آمین اور سراج الدین کے چار سوالوں کے جواب پر مشتمل ہے۔

سراجِ منیر

سراجِ منیر مشتمل برنشانہائے قدیر مئی ۱۸۹۷ء میں چھپ کر شائع ہوئی۔ حضرت اقدس علیہ السلام نے اس کتاب میں ان ۳۷ زبردست پیشگوئیوں کا ذکر فرمایا ہے جو آپؑ نے اللہ تعالیٰ سے الہام ووحی پا کر اُن کے وقوع سے کئی سال پہلے شائع فرمادی تھیں۔ اور اس میں آتھم ولیکھرام سے متعلّقہ پیشگوئیوں کے پورا ہونے کا خاص طور پر تفصیل سے ذکر فرمایا ہے۔ اور آپؑ نے اِس کتاب کے آخر میں وہ خط وکتابت بھی درج فرمائی ہے جو آپؑ کے اور حضرت خواجہ غلام فرید صاحبؒ آف چاچڑاں شریف کے مابین ہوئی تھی اور حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنے ان خطوط میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نہایت اخلاص اور ارادت کا اظہار کیا ہے۔

استفتاء

یہ رسالہ ۱۲ر مئی ۱۸۹۷ء کو لکھا گیا۔ اِس کے لکھنے کی غرض آریہ قوم کی اس افترا پردازی کا جواب دینا تھا کہ لیکھرام نعوذ باللہ آپ کی سازش سے قتل ہوا ہے۔ اس رسالہ میں پیشگوئی متعلقہ لیکھرام پر مفصّل بحث کی

گئی ہے۔اوراس پیشگوئی کے تمام پہلوؤں پر روشنی ڈال کر اہل الرائے اوراہلِ نظر اصحاب سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ الہامات کو پڑھ کر یہ گواہی دیں کہ جو پیشگوئی لیکھرام کی موت کے بارہ میں کی گئی تھی وہ واقعی طور پر پوری ہوئی یا نہیں۔

اِس رسالہ کے پڑھنے سے ہر منصف مزاج انسان کو یہ یقینی علم حاصل ہو جاتا ہے کہ فی الحقیقت خدا تعالیٰ موجود ہے۔اور وہ قبل از وقت اپنے خاص بندوں پر غیب کی باتیں ظاہر کیا کرتا ہے۔

حجۃ اللہ

اِس کتاب کے لکھنے سے پہلے مولوی عبدالحق صاحب غزنوی نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف ایک نہایت گندہ اشتہار شائع کیا۔اور آپ کی عربی دانی پر معترض ہوا۔اور اپنی قابلیت جتانے کے لئے عربی زبان میں مباحثہ کرنے کی آپؑ کو دعوت دی۔ اِس دعوت کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے منظور فرماتے ہوئے یہ شرط لگائی کہ چونکہ آپ کے نزدیک میں عربی نہیں جانتا اور محض جاہل ہوں۔اس لئے اگر آپ مقابلہ کے وقت مجھ سے شکست کھا گئے تو آپ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے اِسے ایک معجزہ سمجھ کر فی الفور میری بیعت میں داخل ہونا ہوگا لیکن جب مولوی غزنوی نے کوئی جواب نہ دیا اور نہ اس کا ساتھی شیخ نجفی کچھ بولا۔تو آپ نے مولوی غزنوی اور شیخ نجفی کو مخاطب کر کے یہ رسالہ فصیح و بلیغ عربی میں ۱۷؍مارچ ۱۸۹۷ء کو لکھنا شروع کیا اور ۲۶؍مئی ۱۸۹۷ء کو مکمل کر دیا۔

اِس رسالہ میں جو اسرار ربانیہ اور محاسن ادبیہ پر مشتمل ہے آپؑ نے مکفرین علماء پر حجت قائم کرنے کے لئے نجفی اور غزنوی کے علاوہ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کو بھی ان الفاظ میں دعوتِ مقابلہ دی کہ اگر وہ تین چار ماہ تک ایسی کتاب پیش کر دیں تو اس سے میرا جھوٹا ہونا ثابت ہو جائے گا بے شک وہ جن ادباء سے مدد لینا چاہیں لے لیں اگر وہ اس رسالہ کی نظیر حجم وضخامت اور نظم ونثر کے موافق شائع کر دیں اور پروفیسر مولوی عبداللہ یا کوئی اور پروفیسر حلف مؤکد بعذاب اُٹھا کر اُن کے تحریر کردہ رسالہ کو میرے رسالہ کے برابر یا اعلیٰ قرار دیں اور پھر قسم کھانے والا میری دعا کے بعد اکتالیس[۴۱] دن تک عذاب الٰہی میں ماخوذ نہ ہو تو میں اپنی کتابیں جو اس وقت میرے قبضہ میں ہوں گی جلا کر اُن کے ہاتھ پر توبہ کروں گا۔اور اِس طریق سے روز روز کا جھگڑا طے ہو جائے گا اور اس کے بعد جو شخص مقابلہ پر نہ آیا تو پبلک کو سمجھنا چاہئے کہ وہ جھوٹا ہے۔

آپؑ نے اس کتاب کے آخر میں تحریر فرمایا کہ یہ کتاب تکذیب واستہزاء کرنے والے علماء کے لئے آخری وصیت کی طرح ہے۔اوراس اتمام حجت کے بعد ہم اُن سے خطاب نہیں کریں گے۔

لیکن نہ تو بٹالوی صاحب مقابلہ کے لئے سامنے آئے اور نہ غزنوی وشیخ نجفی اور نہ مخالف علماء میں سے کسی اور کواس رسالہ کے مقابلہ میں فصیح وبلیغ عربی رسالہ لکھنے کی جرأت ہوئی۔

تحفۂ قیصریہ

چونکہ آپؑ کی بعثت کا مقصد اشاعت توحید الٰہی اور تبلیغ پیغام خداوندی تھا۔اِس لئے آپؑ نے ملکہ وکٹوریہ کی ڈائمنڈ جوبلی کی تقریب پر بھی جو ماہ جون ۱۸۹۷ء میں بڑی دھوم دھام سے منائی جانے والی تھی تبلیغ اسلام کا ایک پہلو نکال لیا۔اور ''تحفۂ قیصریہ'' کے نام سے ایک رسالہ ۲۵ رمئی ۱۸۹۷ء کو شائع فرما دیا۔اِس رسالہ میں جوبلی کی تقریب پر مبارکباد کے علاوہ نہایت لطیف پیرایہ اور حکیمانہ انداز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کی صداقت کا اظہار اوران اصولوں کا ذکر فرمایا گیا ہے جوامن عالم اوراخوتِ عالمگیر کی بنیاد بن سکتے ہیں اوراسلامی تعلیم کا خلاصہ بیان کر کے ملکۂ معظّمہ کولنڈن میں ایک جلسۂ مذاہب منعقد کرانے کی طرف توجہ دلائی اورفرمایا کہ اس سے انگلستان کے باشندوں کو اسلام کے متعلق صحیح معلومات حاصل ہوں گی۔پھر آپؑ نے عیسائیوں کے اس عقیدہ کی کہ مسیح صلیب پر مر کر اُن کے لئے ملعون ہوا شناعت وقباحت ظاہر کر کے ملکہ معظّمہ سے درخواست کی ہے کہ پیلاطوس نے یہودیوں کے رعب سے ایک مجرم قیدی کو تو چھوڑ دیا اور یسوع کو جو بے گناہ تھا نہ چھوڑا مگر اے ملکہ! اس شصت سالہ جوبلی کے وقت جو خوشی کا وقت ہے تو یسوع کو چھوڑنے کے لئے کوشش کر اور یسوع مسیح کی عزت کو اس لعنت کے داغ سے جو اس پر لگایا جاتا ہے اپنی مردانہ ہمت سے پاک کر کے دکھلا اور آپؑ نے اپنے دعویٰ کی صداقت میں ملکہ موصوفہ کونشان دکھانے کا وعدہ کیا۔بشرطیکہ نشان دیکھنے کے بعد آپؑ کا پیغام قبول کر لیا جائے۔اورنشان ظاہر نہ ہونے کی صورت میں اپنا پھانسی دے دیا جانا قبول کر لیا اور فرمایا۔اگر کوئی نشان ظاہر نہ ہو اور میں جھوٹا نکلوں تو مَیں اس سزا پر راضی ہوں کہ حضور ملکہ معظّمہ کے پایۂ تخت کے آگے پھانسی دیا جاؤں **اور یہ سب الحاح اس لئے ہے کہ کاش ہماری محسنہ ملکہ معظّمہ کو آسمان کے خدا کی طرف خیال آ جائے جس سے اس زمانے میں عیسائی مذہب بے خبر ہے۔**

جلسہ احباب

۲۰؍جون ۱۸۹۷ء کو قادیان میں بھی ڈائمنڈ جوبلی کی تقریب پر ایک عام جلسہ کیا گیا جس میں شمولیت کے لئے باہر سے بھی احباب تشریف لائے اور گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق مبارکباد کا ریزولیوشن پاس کر کے تار کے ذریعہ سے وائسرائے ہند کو بھیجا گیا اور ''تحفہ قیصریہ'' کی چند کاپیاں نہایت خوبصورت جلد کرا کے اُن میں سے ایک ملکہ وکٹوریہ قیصرۂ ہند کی خدمت میں بھیجنے کے لئے ڈپٹی کمشنر ضلع گورداسپور کو اور ایک وائسرائے گورنر جنرل کو اور ایک جناب لیفٹیننٹ گورنر پنجاب کو بھیجی گئی اور جلسہ عام میں چھ زبانوں میں جو دعا کی گئی اس میں خاص طور پر یہ دعا بھی کی گئی تھی کہ

''اے قادر توانا! ہم تیری بے انتہا قدرت پر نظر کر کے ایک اور دعا کے لئے تیری جناب میں جرأت کرتے ہیں کہ ہماری محسنہ قیصرہ ہند کو مخلوق پرستی کی تاریکی سے چھڑا کر لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پر اس کا خاتمہ کر۔''

(جلسہ احباب۔ روحانی خزائن جلد ۱۲ صفحہ ۲۹۰)

اس جلسہ احباب کی مکمل روئیداد اِس جلد کے صفحہ ۲۸۵۔۳۱۴ میں درج ہے۔

محمود کی آمین

سیّدنا حضرت محمود ایّدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جب قرآن ختم کیا تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جون ۱۸۹۷ء میں اِس خوشی کے موقعہ پر ایک تقریب منعقد کی جس میں باہر کے احباب بھی شامل ہوئے اور تمام حاضرین کو پُرتکلف دعوت دی گئی۔ اس مبارک تقریب کے لئے آپ نے ایک منظوم آمین لکھ کر ۷؍جون کو چھپوالی جو اس تقریب پر پڑھ کر سنائی گئی۔ اندر خواتین پڑھتی تھیں اور باہر مرد اور بچے پڑھتے تھے۔ یہ آمین نہایت درجہ سوز و درد میں ڈوبی ہوئی دعاؤں کا مجموعہ ہے۔

سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب

مسٹر سراج الدین صاحب پروفیسر ایف۔سی کالج لاہور پہلے تو مسلمان تھے پھر پادریوں سے میل جول اور اُن کے اعتراضات سے متاثر ہوکر عیسائی ہوگئے تھے مگر جب وہ ۱۸۹۷ء میں قادیان پہنچے اور چند روز حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت میں رہے اور عیسائیت اور اسلام سے متعلق مختلف مسائل پر آپ سے گفتگو کی تو پھر اسلام کی فضیلت کے قائل ہوگئے۔اور نماز بھی پڑھنے لگے لیکن جب لاہور واپس گئے تو دوبارہ پادریوں کے دام میں پھنس گئے اور پھر عیسائیت اختیار کر کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں چار سوالات بغرض جواب ارسال کر دیئے۔حضرت اقدس علیہ السلام نے ان کے جوابات لکھ کر اور اُن کا نام ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' رکھ کر انہیں افادۂ عام کے خیال سے ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء کو رسالہ کی صورت میں شائع کر دیا۔

سال ۱۸۹۷ء کی ایک امتیازی خصوصیت

۱۸۹۷ء کا سال جس میں یہ کتاب ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' لکھی گئی۔ اسلام اور عیسائیت کے مقابلہ کے لحاظ سے ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے۔ ۱۸۹۷ء میں عیسائیت اپنے کمال عروج پر تھی۔ چنانچہ امریکہ کے ڈاکٹر جان ہنری بیروز نے ۱۸۹۶ء۔ ۱۸۹۷ء میں ہندوستان کے مختلف مقامات پر لیکچر دیئے جو کرسچن لٹریچر سوسائٹی فار انڈین مدراس نے ۱۸۹۷ء میں کتابی صورت میں شائع کئے۔ ایک لیکچر میں ڈاکٹر مذکور نے عیسائیت کے غلبہ اور استیلاء کا ذکر کرتے ہوئے فخریہ انداز میں اعلان کیا:

> ''آسمانی بادشاہت پورے کرۂ ارض پر محیط ہوتی جا رہی ہے۔ آج دنیا بھر میں اخلاقی اور فوجی طاقت، علم و فضل، صنعت و حرفت اور تمام تر تجارت اُن اقوام کے ہاتھ میں ہے جو آسمانی ابوت اور انسانی اخوت کی مسیحی تعلیم پر ایمان رکھتے ہوئے یسوع مسیح کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرتی ہیں۔'' (بیروز لیکچرز صفحہ ۱۹)

آگے چل کے ایک برطانوی ادیب کے حوالہ سے عیسائیت کے غلبہ و استیلاء کا نقشہ فخریہ انداز اور تعلّی آمیز الفاظ میں کھینچتے ہوئے کہا ہے:

''دنیائے عیسائیت کا عروج آج اس درجہ زندہ حقیقت کی صورت اختیار کر چکا ہے کہ یہ درجہ عروج اُسے اس سے پہلے کبھی نصیب نہ ہوا تھا۔ ذرا ہماری ملکہ عالیہ (ملکہ وکٹوریہ) کو دیکھو جو ایک ایسی سلطنت کی سربراہ ہے جس پر کبھی سورج غروب نہیں ہوتا۔ دیکھو وہ ناصرہ کے مصلوب کی خانقاہ پر کمال درجہ تابعداری سے احتراماً جھکتی اور خراج عقیدت پیش کرتی ہے یا پھر گاؤں کے گرجا میں جا کر نظر دوڑاؤ اور دیکھو۔ وہ سیاسی مدبر (وزیراعظم برطانیہ) جس کے ہاتھوں میں ایک عالمگیر سلطنت اور اُس کی قسمت کی باگ ڈور ہے جب یسوع مسیح کے نام پر دعا کرتا ہے تو کیسی عاجزی اور انکساری سے اپنا سر جھکاتا ہے۔ دیکھو جرمنی کے نوجوان قیصر کو جب وہ خود اپنے لوگوں کے لئے بطور پادری فرائض سرانجام دیتا تو یسوع مسیح کے مذہب یعنی دین عیسائیت سے اپنی وفاداری کا اظہار کرتا ہے اور مشرقی انداز پر ماسکو کے شاہانہ ٹھاٹھ باٹ میں زار روس کو دیکھو۔ تاجپوشی کے وقت ابن آدم کے طشت میں رکھ کر اُسے تاج پیش کیا جاتا ہے۔ یا پھر مغربی جمہوریت (امریکہ) کے ایک صدر کے بعد دوسرے صدر کو دیکھو کہ اُن میں سے ہر ایک عبادت کے نسبتاً سادہ لیکن عمیق اسلوب میں ہمارے خداوند کے ساتھ وفاداری اور تابعداری کا اظہار کرتا چلا جاتا ہے۔ امریکی، برطانوی، جرمنی اور روسی سلطنتوں کے حکمران اقرار کرتے ہیں کہ وہ یسوع مسیح کے وائسرائے ہیں اور اِسی حیثیت سے اپنی اپنی سلطنتوں میں حکمران ہیں۔ کیا اِن سب کے زیرنگیں علاقے مل کر ایک ایسی وسیع وعریض سلطنت کی حیثیت نہیں رکھتے کہ جس کے آگے ازمنۂ قدیم کی بڑی سے بڑی سلطنت بھی سراسر بے حیثیت نظر آنے لگتی ہے۔''

پھر ''عیسائیت کے عالمی اثرات'' کے زیرعنوان اپنے ایک پبلک لیکچر میں اسلامی ممالک کے اندر عیسائیت کی عظیم الشان فتوحات پر فخر کرتے ہوئے ڈاکٹر بیروز نے یہ اعلان کیا:

''اب میں اسلامی ممالک میں عیسائیت کی روزافزوں ترقی کا ذکر کرتا ہوں۔ اِس ترقی کے نتیجہ میں صلیب کی چمکار آج ایک طرف لبنان پر ضوءافگن ہے تو دوسری طرف فارس کے پہاڑوں کی چوٹیاں اور باسفورس کا پانی اس کی چمکار سے جگمگ

جگمگ کر رہا ہے۔ یہ صورت حال پیش خیمہ ہے اس آنے والے انقلاب کا کہ جب قاہرہ، دمشق اور طہران کے شہر خداوند یسوع مسیح کے خدام سے آباد نظر آئیں گے۔ حتیٰ کہ صلیب کی چمکار صحرائے عرب کے سکوت کو چیرتی ہوئی وہاں بھی پہنچے گی۔ اِس وقت خداوند یسوع اپنے شاگردوں کے ذریعہ مکہ کے شہر اور خاص کعبہ کے حرم میں داخل ہوگا اور بالآخر وہاں اس حق وصداقت کی منادی کی جائے گی کہ ''ابدی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور یسوع مسیح کو جانیں جسے تو نے بھیجا ہے۔'' (پیروز لیکچرز صفحہ ۴۲)

مگر اس کے مقابلہ میں اِسی سال (۱۸۹۷ء) میں اسلام کے بطلِ جلیل حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ وہ کاسر الصلیب ہوگا اور اس کے ذریعہ عیسائیت کو شکست اور اسلام کو غلبہ حاصل ہوگا اپنی کتاب ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' میں عیسائیوں کے متعلق فرمایا کہ اِن کو بے قیدی اور اباحت کا آرام تو ملا ہے۔

''لیکن روحانی آرام جو خدا کے وصال سے ملتا ہے اِس کے بارے میں تو میں خدا کی دہائی دے کر کہتا ہوں کہ یہ قوم اس سے بالکل **بے نصیب** ہے ان کی آنکھوں پر پردے اور ان کے دل مردہ اور تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ سچے خدا سے بالکل غافل ہیں اور ایک عاجز انسان کو جو ہستی ازلی کے آگے کچھ بھی نہیں ناحق خدا بنا رکھا ہے۔ ان میں برکات نہیں ان میں دل کی روشنی نہیں۔ ان کو سچے خدا کی محبت نہیں بلکہ اس سچے خدا کی معرفت بھی نہیں۔ اِن میں کوئی بھی نہیں ہاں ایک بھی نہیں جس میں ایمان کی نشانیاں پائی جاتی ہوں۔ اگر ایمان کوئی واقعی برکت ہے تو بے شک اس کی نشانیاں ہونی چاہئیں مگر کہاں ہے کوئی ایسا عیسائی جس میں یسوع کی بیان کردہ نشانیاں پائی جاتی ہوں؟ پس یا تو انجیل جھوٹی ہے اور یا عیسائی جھوٹے ہیں۔

دیکھو قرآن کریم نے جو نشانیاں ایمانداروں کی بیان فرمائیں وہ ہر زمانہ میں پائی گئی ہیں قرآن شریف فرماتا ہے کہ ایماندار کو الہام ملتا ہے۔ ایماندار خدا کی آواز سنتا ہے۔ ایماندار کی دعائیں سب سے زیادہ قبول ہوتی ہیں۔ ایماندار پر غیب کی خبریں ظاہر کی

جاتی ہیں۔ایماندار کے شامل حال آسمانی تائیدیں ہوتی ہیں۔سوجیسا کہ پہلے زمانوں میں یہ نشانیاں پائی جاتی تھیں اب بھی بدستور پائی جاتی ہیں۔ اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن خدا کا پاک کلام ہے۔اور قرآن کے وعدے خدا کے وعدے ہیں۔

اٹھو عیسائیو! اگر کچھ طاقت ہے تو **مجھ سے مقابلہ کرو۔** اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھے بے شک ذبح کردو۔ ورنہ آپ لوگ خدا کے الزام کے نیچے ہیں اور جہنم کی آگ پر آپ لوگوں کا قدم ہے۔والسلام علیٰ من اتّبع الھدیٰ''

(سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب روحانی خزائن جلد۱۲صفحہ۳۷۴)

اور خدا تعالیٰ سے علم پا کر جنوری ۱۸۹۷ء کو آپ نے ایک خاص اشتہار کے ذریعہ یہ اعلان کیا:

''میں ہر دم اس فکر میں ہوں کہ ہمارا اور نصاریٰ کا کسی طرح فیصلہ ہو جائے۔میرا دل مردہ پرستی کے فتنہ سے خون ہوتا جاتا ہے..... میں کبھی کا اِس غم سے فنا ہو جاتا اگر میرا مولیٰ اور میرا قادر و توانا مجھے تسلی نہ دیتا کہ **آخر توحید کی فتح ہے**۔غیر معبود ہلاک ہوں گے اور جھوٹے خدا اپنی خدائی کے وجود سے منقطع کئے جائیں گے۔مریم کی معبودانہ زندگی پر موت آئے گی اور **نیز اس کا بیٹا اب ضرور مرے گا**.....کوئی ان کو بچا نہیں سکتا۔اور وہ تمام خراب استعدادیں بھی مریں گی جو جھوٹے خداؤں کو قبول کر لیتی تھیں۔نئی زمین ہوگی اور نیا آسمان ہوگا۔اب وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا **آفتاب** مغرب کی طرف سے چڑھے گا۔اور **یورپ** کو سچے خدا کا پتہ لگے گا.....قریب ہے کہ سب ملّتیں **ہلاک ہوں گی مگر اسلام** اور سب حربے ٹوٹ جائیں گے مگر اسلام کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا، نہ کند ہوگا جب تک **دجالیت** کو پاش پاش نہ کر دے۔ وہ وقت قریب ہے کہ خدا کی سچی توحید جس کو بیابانوں کے رہنے والے اور تمام تعلیموں سے غافل بھی اپنے اندر محسوس کرتے ہیں ملکوں میں پھیلے گی۔اس دن نہ کوئی مصنوعی کفارہ باقی رہے گا اور نہ کوئی مصنوعی خدا۔ اور **خدا کا ایک ہی ہاتھ کفر کی سب تدبیروں کو باطل کر دے گا** لیکن نہ

کسی تلوار سے اور نہ کسی بندوق سے بلکہ **مستعد روحوں کو روشنی** عطا کرنے سے اور پاک دلوں پر ایک نور اتارنے سے‘‘

(’’الاشتھار مستیقناً بوحی اللہ القھار‘‘ مؤرخہ ۱۴؍جنوری ۱۸۹۷ء)

۱۸۹۷ء میں عیسائیت کے تفوّق و استیلاء اور اسلام کے زوال وانحطاط اور اس کی غربت و بے بسی کو دیکھ کر کوئی ظاہر پرست انسان یہ خیال بھی نہیں کر سکتا تھا کہ عیسائیت شکست کھا جائے گی اور اسلام کی فتح ہوگی اور یسوع مسیح جس کی الوہیت اور جس کی برتری اور فوقیت کا ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے۔ اس کی معبودانہ زندگی پر موت وارد ہوگی لیکن حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ سے علم پا کر جو اعلان فرمایا تھا وہ آج ہم اپنی آنکھوں سے پورا ہوتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔ کہاں گئی برطانیہ کی وہ سلطنت جس پر سورج غروب نہیں ہوتا تھا۔ آج وہ ایک معمولی سی طاقت رہ گئی ہے۔ کہاں گیا وہ قیصر جرمنی جو یسوع مسیح کے مذہب سے وفاداری کا اظہار کرتا تھا۔ کہاں ہے وہ زار روس جسے ابن آدم کے طشت میں رکھ تاج پیش کیا جاتا تھا۔ وہی روس آج عیسائیت کا اشد ترین دشمن ہے اور مذہب کو ایک مضحکہ خیز چیز خیال کرتا ہے۔

اب کہاں ہے یسوع کی وہ روحانی حکومت جس کے آگے ازمنۂ قدیم کی بڑی سے بڑی سلطنت بھی بے حقیقت نظر آنے لگتی تھی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مخلص اور جاں نثار مرید ہر ملک میں پہنچے۔ امریکہ میں پہنچے۔ یورپ میں پہنچے۔ افریقہ میں پہنچے۔ اور ہر جگہ دلائل اور براہین کی رو سے انہوں نے عیسائیوں کو شکست دی۔ آج عیسائی خود معترف ہیں کہ عیسائیت ہر جگہ ناکام ہو رہی ہے۔ چنانچہ انگلستان کے چودہ نامور پادریوں کا یہ اعتراف "Has the Church Failed" کتاب میں شائع ہوا ہے۔ دی آرچ بشپ آف ایسٹ افریقہ موسٹ ریورنڈ لینز ڈیچرتی نے بھی ٹانگانیکا سٹینڈرڈ مؤرخہ ۲۳؍دسمبر ۱۹۶۱ء میں اس امر کا اعتراف اِن الفاظ میں کیا ہے۔

> ’’دنیا کی آبادی تیز رفتاری سے بڑھ رہی ہے۔ اگرچہ چرچ کو نئے ممبر اب بھی مل رہے ہیں۔ تاہم دنیا کی آبادی میں ان کا تناسب برابر گر رہا ہے۔ چرچ کے لئے اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے سوا چارہ نہیں ہے کہ عیسائیت بڑی تیزی کے ساتھ تنزل کی طرف جا رہی ہے۔‘‘

ایڈوین لوئیس نے جو امریکہ کے ایک مذہبی ادارے کے مسیحی دینیات کے پروفیسر ہیں۔

درسی کتاب ''اے مینوَل آف کرسچین بیلیفس'' میں لکھا ہے:۔

''بیسویں صدی کے لوگ مسیح کو خدا ماننے کے لئے تیار نہیں''

سینٹ جونز کالج آکسفورڈ کے پریذیڈنٹ سر سائرل ناروڈ لکھتے ہیں:

''یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ یورپ اور امریکہ کے مردوں اور عورتوں کا ایک بڑا حصہ اب عیسائی نہیں رہا ہے اور شائد یہ کہنا بھی صحیح ہوگا کہ اُن کی اکثریت اب ایسی ہے۔'' ("Has the Church Failed" P.125)

اور مسٹر لنڈن پی ہیرز اپنی کتاب ''اسلام ان ایسٹ افریقہ'' مطبوعہ ۱۹۵۴ء میں لکھتے ہیں:

''موجودہ صدی کی ابتداء میں عیسائی مصنّفین اس بات کے دعویدار تھے کہ اسلام بغیر سیاسی اقتدار کے کوئی حیثیت نہیں رکھتا اور اس وجہ سے افریقہ میں اسلام کا نام مٹ جائے گا۔''

اِس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اب اس دعویٰ کو ماننے کے لئے کوئی بھی تیار نہیں۔ اسلام کا چیلنج بدستور قائم ہے بلکہ پہلے سے بھی بڑھ کر خطرناک صورت میں۔''

ایک اَور عیسائی مصنف ایس۔ جی۔ ولیم سن پروفیسر غانا یونیورسٹی کالج اپنی کتاب ''کرائسٹ آر محمد'' میں لکھتے ہیں:

''غانا کے شمالی حصے میں رومن کیتھولک کے سوا عیسائیت کے تمام اہم فرقوں نے محمدؐ کے پیروؤں کے لئے میدان خالی کر دیا ہے۔ اشانٹی اور گولڈ کوسٹ کے جنوبی حصوں میں عیسائیت آج کل ترقی کر رہی ہے لیکن جنوب کے بعض حصوں میں خصوصاً ساحل کے ساتھ ساتھ احمدیہ جماعت کو عظیم الشان فتوحات حاصل ہو رہی ہیں۔ یہ خوش کن توقع کہ گولڈ کوسٹ جلد ہی عیسائی بن جائے گا اب معرضِ خطر میں ہے اور یہ خطرہ ہمارے خیال کی وسعتوں سے کہیں زیادہ عظیم ہے کیونکہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ایک خاصی تعداد احمدیت کی طرف کھچی چلی جا رہی ہے۔ اور یقیناً یہ صورت حال عیسائیت کے لئے کھلا چیلنج ہے تاہم یہ فیصلہ ابھی باقی ہے کہ آئندہ افریقہ میں ہلال کا غلبہ

ہوگا یا صلیب کا‘‘

ہیگ کے کثیر الاشاعت اخبار "Nicnvoe Mangsoh Couront" نے ۲۰ ستمبر ۱۹۵۸ء کی اشاعت میں زیر عنوان ’’مغربی یورپ میں اسلامی مہم کا آغاز‘‘ لکھا ہے کہ

’’اسلام کسی ایک خاص قوم یا علاقہ کا مذہب نہیں۔ اور موجودہ عالمی مشکلات کا حل اس میں مضمر ہے.....اس میں کوئی شک نہیں کہ گذشتہ گیارہ بارہ سال کے عرصہ میں یورپ نے بہت بڑی تعداد میں اسلام کو عملاً قبول نہیں کیا۔ مگر یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ اس عرصہ میں جماعت احمدیہ کی کوششوں سے ایک بھاری تعداد اسلام سے ہمدردی رکھنے والوں کی ضرور پیدا ہوگئی ہے۔ جو بہت ہی خوشگوار اور امید افزا ہے۔‘‘

اِسی طرح ہالینڈ کے مختلف شہروں کے پانچ اخبارات نے زیر عنوان ’’اِسلامی ہلال یورپ کے افق پر‘‘ سوالیہ نشان دے کر لکھا کہ

’’یورپ کا نوجوان طبقہ عیسائیت سے کچھ بیزار ہو رہا ہے اور اس کے نتیجہ میں وہ کسی بھی دوسری چیز کو قبول کرنے کے لئے آمادہ ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف اسلام یورپ میں اتحاد کا علم لئے ہوئے ہے اور یہ نوجوان اُدھر مائل ہو رہے ہیں اِس بہاؤ کو روکنے کے لئے اور اس تبلیغ کے اثرات کو تھامنے کے لئے جس کا سب سے طاقتور انجن جماعت احمدیہ ہے ہمیں اُن کی راہ میں ایک مضبوط ستون گاڑنا ہوگا۔‘‘

پھر موجودہ صدی کے عالمی شہرت رکھنے والے مصنّف **جارج برنارڈ شا** لکھتے ہیں:

’’مجھے یقین ہے کہ ساری برطانوی سلطنت ایک قسم کا اصلاح شدہ اسلام اس صدی کے اختتام پر قبول کر لے گی۔ میں نے محمدؐ کے دین کو ہمیشہ بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ میرے نزدیک یہی مذہب بدلتے ہوئے زمانہ حیات کے مقابل پر ایسی اہلیت رکھتا ہے جس کی وجہ سے یہ ہر زمانہ کے لوگوں کو اپیل کرتا ہے.....

اب یورپ محمدؐ کے مذہب کے اصولوں کو سمجھنے لگا ہے اور آئندہ صدی میں یورپ اس بات کو اور زیادہ تسلیم کر لے گا کہ اسلام کے اصول اس کی اُلجھنوں کو حل کر سکتے

ہیں۔.....موجودہ وقت میں بھی میری قوم کے اور یورپ کے کئی لوگ اسلام اختیار کر چکے ہیں اور کہا جا سکتا ہے۔

" The Islamisation of Europe to be said to have begun"
(on Getting married)

کہ یورپ کے اسلامی بننے کا آغاز ہو چکا ہے۔''

اللہ اکبر! آج سے ستّر سال پہلے حضرت بانیٔ جماعت احمدیہ کی کہی ہوئی بات پوری ہوگئی۔

''کہ وہ وقت دور نہیں کہ جب تم فرشتوں کی فوجیں آسمان سے اُترتی اور ایشیا اور یورپ اور امریکہ کے دلوں پر نازل ہوتی دیکھو گے۔'' (فتح اسلام۔روحانی خزائن جلد۳ صفحہ۱۳ حاشیہ)

اور ۱۸۹۷ء میں کی ہوئی پیشگوئی پوری ہونے کے آثار نمودار ہو گئے ہیں اور مسیح کی الوہیت اور اس کے آسمان سے نازل ہونے کے عقیدہ سے لوگوں نے بیزاری کا اظہار شروع کر دیا ہے اور حضرت بانی جماعت احمدیہ علیہ السلام کی پیشگوئی مندرجہ تذکرۃ الشہادتین کا پورا ہونا یقینی ہو گیا ہے کہ

''ابھی تیسری صدی آج کے دن سے پوری نہیں ہوگی کہ **عیسیٰؑ کے انتظار کرنے والے** کیا مسلمان اور کیا عیسائی سخت نومید اور بدظن ہو کر اس جھوٹے عقیدہ کو چھوڑیں گے اور دنیا میں ایک ہی مذہب ہوگا اور ایک ہی پیشوا۔ میں تو ایک تخم ریزی کرنے آیا ہوں سو میرے ہاتھ سے وہ تخم بویا گیا اور اب وہ بڑھے گا اور پھولے گا اور کوئی نہیں جو اس کو **روک سکے۔**'' (تذکرۃ الشہادتین۔روحانی خزائن جلد۲۰ صفحہ ۶۷)

سچ ہے ؎

جس بات کو کہے کہ کروں گا یہ میں ضرور
ٹلتی نہیں وہ بات خدائی یہی تو ہے

اے ہمارے قادر توانا، واحد و یکتا خدا! تو جھوٹے معبودوں کی زندگی پر جلد موت وارد کر اور اسلام کی کامل فتح کا دن جلد لا۔ آمین۔

خاکسار

جلال الدین شمس۔ربوہ

❁❁❁

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار



حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

ٹائیٹل بار اول

مطبوعہ ضیاء الاسلام

سراج منیر

۱۳۲۱۲

مشتمل بر نشانہائی ربِ قدیر

قادیان دارالامن و الامان

مئی سنہ ۱۸۹۷ء

﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہٗ ونصلّی علٰی رسولہِ الکریم

جَاءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا

بنگر اے قوم نشانہائے خداوند قدیر
چشم بکشا کہ برچشم نشانے است کبیر

رو بدو آرکہ گر او بپذیرد رو تافت
ورنہ این روئے سیہ ہست بتر از خنزیر

چون بتابی سرخود زاں ملک ارض و سما
گر بگیرد ز غضب پس چہ پنہ ہست وظہیر

قمر وشمس و زمین و فلک و آتش و آب
ہمہ در قبضۂ آں یار عزیز اند اسیر

قدسیان جملہ بلرزند ازان ہیبت پاک
انبیا را دل و جان خون و الم دامنگیر

جنت و دوزخ سو زندہ ازومے لرزند
توچہ چیزی چہ ترا مرتبہ اے کرم حقیر

چند این جنگ و جدل ہا بخدا خواہی کرد
توبہ کن توبہ مگر درگذرد از تقصیر

من اگر در نظر یار مقامے دارم
پس چہ نقصان ز نکوہیدن تو واز تکفیر

لعنت آن است کہ از سوئے خدا می بارد
لعنت بدگہران است یکے ہرزہ نفیر

اے برادر رہ دین است رہ بس دشوار
خاک شو خاک مگر باز کنندش اکسیر

تو ہلاکی اگر از کبر بتابی سرخویش
من ازو آمدم و با تو بگویم چو نذیر

آن خدائے کہ ازو خلق و جہان بیخبر اند
برمن او جلوہ نمودست گر اہلی بپذیر

امابعد واضح ہو کہ اس وقت میں خدا تعالیٰ کے ایک بھاری نشان کو بیان کروں گا مبارک وہ لوگ جو اس کو غور سے پڑھیں اور پھر اس سے فائدہ اٹھائیں۔ یقیناً یاد رکھیں کہ خدا کاذب کو وہ عزت نہیں دیتا جو اس کے پاک نبیوں اور برگزیدوں کو دی جاتی ہے۔ مردار خوار کاذب کا کیا حق ہے کہ آسمان اس کے لئے نشان ظاہر کرے اور زمین اس کے لئے خارق

﴿۲﴾ عادت اعجوبے دکھلائے۔ سو اے قوم کے بزرگو! اور دانشمندو! ذرا ٹھنڈے ہو کر واقعات پر غور کرو۔ کیا یہ واقعات کاذبوں سے ملتے ہیں یا سچوں سے کبھی کسی نے سنا کہ کاذب کے لئے آسمان پر نشان ظاہر ہوئے۔ کبھی کسی نے دیکھا کہ کاذب اپنے اعجوبوں میں صادقوں پر غالب آ سکا۔ کیا کسی کو یاد ہے کہ کاذب اور مفتری کو افتراؤں کے دن سے پچیس ۲۵ برس تک مہلت دی گئی جیسا کہ اس بندہ کو۔ کاذب یوں ملا جاتا ہے جیسے کھٹمل اور ایسا نابود کیا جاتا ہے جیسا کہ ایک بلبلہ۔ اگر کاذبوں اور مفتریوں کو اتنی مدتوں تک مہلت دی جاتی اور صادقوں کے نشان ان کی تائید کے لئے ظاہر کئے جاتے تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا اور کارخانہ الوہیت بگڑ جاتا۔ پس جب تم دیکھو کہ ایک مدعی پر بہت شور اٹھا۔ اور اس کی مخالفت کی طرف دنیا جھک گئی اور بہت آندھیاں چلیں اور طوفان آئے پر اس پر کوئی زوال نہ آیا تو فی الفور سنبھل جاؤ اور تقویٰ سے کام لو۔ ایسا نہ ہو کہ تم خدا سے لڑنے والے ٹھہرو۔

صادق تمہارے ہاتھ سے کبھی ہلاک نہیں ہوگا۔ اور راستباز تمہارے منصوبوں سے تباہ نہیں کیا جائے گا۔ تم بدقسمتی سے بات کو دور تک مت پہنچاؤ کہ جس قدر تم سختی کرو گے وہ تمہاری طرف ہی عود کرے گی۔ اور جس قدر اس کی رسوائی چاہو گے وہ الٹ کر تم پر ہی پڑے گی۔ اے بدقسمتو! کیا تمہیں خدا پر بھی ایمان ہے یا نہیں۔ خدا تمہاری مرادوں کو اپنی مرادوں پر کیوں کر مقدم رکھ لے اور اس سلسلہ کو جس کا قدیم سے اس نے ارادہ کیا ہے کیونکر تمہارے لئے تباہ کر ڈالے تم میں سے کون ہے جو ایک دیوانہ کے کہنے سے اپنے گھر کو مسمار کر دے اور اپنے باغ کو کاٹ ڈالے اور اپنے بچوں کا گلا گھونٹ دے۔ سوائے نادانوں! اور خدا کی حکمتوں سے محرومو! یہ کیوں کر ہو کہ تمہاری احمقانہ دعائیں منظور ہو کر خدا اپنے باغ اور اپنے گھر اور اپنے پروردہ کو نیست و نابود کر ڈالے۔ ہوش کرو اور کان رکھ کر سنو! کہ آسمان کیا کہہ رہا ہے اور زمین کے وقتوں اور موسموں کو پہچانو تا تمہارا بھلا ہو۔ اور تا تم خشک درخت کی طرح کاٹے نہ جاؤ اور تمہاری زندگی کے دن بہت ہوں۔ بیہودہ اعتراضوں کو چھوڑ دو اور ناحق کی نکتہ چینیوں سے پرہیز کرو اور فاسقانہ خیالات سے اپنے تئیں بچاؤ۔ جھوٹے الزام مجھ پر مت لگاؤ کہ حقیقی طور پر نبوت کا دعویٰ کیا۔ کیا تم نے نہیں

﴿۳﴾ پڑھا کہ محدث بھی ایک مرسل ہوتا ہے۔ کیا قراءت ولا محدّث کی یاد نہیں رہی۔ پھر یہ کیسی بیہودہ نکتہ چینی ہے کہ مرسل ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اے نادانوں! بھلا بتلاؤ کہ جو بھیجا گیا ہے اس کو عربی میں مرسل یا رسول ہی کہیں گے یا اور کچھ کہیں گے مگر یاد رکھو کہ خدا کے الہام میں اس جگہ حقیقی معنی مراد نہیں جو صاحب شریعت سے تعلق رکھتے ہیں بلکہ جو مامور کیا جاتا ہے وہ مرسل ہی ہوتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ وہ الہام جو خدا نے اپنے اس بندہ پر نازل فرمایا اس میں اس بندہ کی نسبت نبی اور رسول اور مرسل کے لفظ بکثرت موجود ہیں۔ سو یہ حقیقی معنوں پر محمول نہیں ہیں۔ و لکل ان یصطلح سو خدا کی یہ اصطلاح ہے جو اس نے ایسے لفظ استعمال کئے۔

ہم اس بات کے قائل اور معترف ہیں کہ نبوت کے حقیقی معنوں کی رو سے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ کوئی نیا نبی آ سکتا ہے اور نہ پرانا۔ قرآن ایسے نبیوں کے ظہور سے مانع ہے مگر مجازی معنوں کی رو سے خدا کا اختیار ہے کہ کسی ملہم کو نبی کے لفظ سے یا مرسل کے لفظ سے یاد کرے۔ کیا تم نے وہ حدیثیں نہیں پڑھیں جن میں رَسُولُ رَسُولِ اللّٰہ آیا ہے۔ عرب کے لوگ تو اب تک انسان کے فرستادہ کو بھی رسول کہتے ہیں۔ پھر خدا کو کیوں یہ حرام ہو گیا کہ مرسل کا لفظ مجازی معنوں پر بھی استعمال کرے۔ کیا قرآن میں سے فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ[1] بھی یاد نہیں رہا۔ انصافاً دیکھو کیا یہی تکفیر کی بنا ہے۔ اگر خدا کے حضور میں پوچھے جاؤ تو بتاؤ کہ میرے کافر ٹھہرانے کیلئے تمہارے ہاتھ میں کونسی دلیل ہے۔ بار بار کہتا ہوں کہ یہ الفاظ رسول اور مرسل اور نبی کے میرے الہام میں میری نسبت خدا تعالیٰ کی طرف سے بے شک ہیں لیکن اپنے حقیقی معنوں پر محمول نہیں ہیں اور جیسے یہ محمول نہیں ایسے ہی وہ نبی کر کے پکارنا جو حدیثوں میں مسیح موعود کے لئے آیا ہے وہ بھی اپنے حقیقی معنوں پر اطلاق نہیں پاتا۔ یہ وہ علم ہے جو خدا نے مجھے دیا ہے جس نے سمجھنا ہو سمجھ لے۔ میرے پر یہی کھولا گیا ہے کہ حقیقی نبوت کے دروازے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بکلی بند ہیں۔ اب نہ کوئی جدید نبی حقیقی معنوں کے رو سے آ سکتا ہے اور نہ کوئی قدیم نبی مگر ہمارے ظالم مخالف ختم نبوت کے دروازوں کو پورے طور پر بند نہیں سمجھتے بلکہ ان کے

[1] یٰسٓ: ۱۵

﴿۴﴾ نزدیک مسیح اسرائیلی نبی کے واپس آنے کے لئے ابھی ایک کھڑکی کھلی ہے۔ پس جب قرآن کے بعد بھی ایک حقیقی نبی آ گیا اور وحی نبوت کا سلسلہ شروع ہوا تو کہو کہ ختم نبوت کیوں کر اور کیسا ہوا۔ کیا نبی کی وحی وحی نبوت کہلائے گی یا کچھ اور۔ کیا یہ عقیدہ ہے کہ تمہارا فرضی مسیح وحی سے بکلی بے نصیب ہو کر آئے گا؟ توبہ کرو اور خدا سے ڈرو اور حد سے مت بڑھو۔ اگر دل سخت نہیں ہو گئے تو اس قدر کیوں دلیری ہے کہ خواہ نخواہ ایسے شخص کو کافر بنایا جاتا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حقیقی معنوں کی رو سے خاتم الانبیاء سمجھتا ہے اور قرآن کو **خاتم الکتب** تسلیم کرتا ہے۔ تمام نبیوں پر ایمان لاتا ہے اور اہل قبلہ ہے اور شریعت کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھتا ہے۔

اے مفتری لوگو! میں نے کسی نبی کی توہین نہیں کی۔ میں نے کسی عقیدہ صحیحہ کے برخلاف نہیں کہا۔ پر اگر تم خود نہ سمجھو تو میں کیا کروں۔ تم تو قائل ہو کہ جزئی فضیلت ایک ادنیٰ شہید کو ایک بڑے نبی پر ہو سکتی ہے۔ اور یہ سچ ہے کہ میں خدا کا فضل اپنے پر مسیح سے کم نہیں دیکھتا مگر یہ کفر نہیں یہ خدا کی نعمت کا شکر ہے۔ تم خدا کے اسرار کو نہیں جانتے اس لئے کفر سمجھتے ہو۔ اس کو کیا کہو گے جو کہہ گیا **ھو افضل من بعض الانبیاء** اگر میں تمہاری نظر میں کافر ہوں تو بس ایسا ہی کافر جیسا کہ ابن مریم یہودی فقیہوں کی نظر میں کافر تھا۔ میرے پاس خدا کے فضل کی اس سے بھی بڑھ کر باتیں ہیں مگر تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ خوب یاد رکھو کہ مجھ کو کافر کہنا **آسان** نہیں۔ تم نے ایک بھاری بوجھ سر پر اٹھایا ہے اور تم سے ان سب باتوں کا جواب پوچھا جائے گا!!

اے بدقسمت لوگو! تم کہاں گرے کونسی چھپی ہوئی بداعمالیاں تھیں جو تمہیں پیش آ گئیں۔ اگر تم میں ایک ذرہ بھی نیکی ہوتی تو خدا تمہیں ضائع نہ کرتا ابھی کچھ تھوڑا وقت ہے اور بہت سا ثواب کھو چکے ہو باز آ جاؤ۔ کیا خدا سے اس بیوقوف کی طرح لڑائی کرو گے جو زور آور کے آگے سے نہیں ہٹ جاتا یہاں تک کہ مار سے پیسا جاتا اور کچلا جاتا ہے اور آخر ہڈیاں چور ہو کر اور مردہ سا بن کر زمین پر گر پڑتا ہے۔ یہودیوں نے لڑائی سے کیا لیا اور تم کیا لو گے؟ **ھٰذا و بعد الموت نحن نخاصم** . بہت کچھ صوفیوں نے بھی انسانی کمالات

﴿۵﴾ کا اقرار کیا تھا کہ کہاں تک انسان پہنچتا ہے آج وہ بھی سو گئے۔ اے عقلمندو! میرے کاموں سے مجھے پہچانو اگر مجھ سے وہ کام اور وہ نشان ظاہر نہیں ہوتے جو خدا کے تائید یافتہ سے ظاہر ہونے چاہئیں تو تم مجھے مت قبول کرو لیکن اگر ظاہر ہوتے ہیں تو اپنے تئیں دانستہ ہلاکت کے گڑھے میں مت ڈالو۔ بدظنیاں چھوڑو۔ بدگمانیوں سے باز آجاؤ کہ ایک پاک کی توہین کی وجہ سے آسمان سرخ ہو رہا ہے☆ اور تم نہیں دیکھتے۔ اور فرشتوں کی آنکھوں سے خون ٹپک رہا ہے اور تمہیں نظر نہیں آتا۔ خدا اپنے **جلال** میں ہے اور در و دیوار **لرزہ** میں۔ کہاں ہے وہ عقل جو سمجھ سکتی ہے۔ کہاں ہیں وہ آنکھیں جو وقتوں کو پہچانتی ہیں۔ آسمان پر ایک حکم لکھا گیا۔ کیا تم اس سے ناراض ہو؟ کیا تم رب العزت سے پوچھو گے کہ تو نے ایسا کیوں کیا؟ اے نادان انسان! باز آجا کہ صاعقہ کے سامنے کھڑا ہونا تیرے لئے اچھا نہیں!!!

اپنے ظلموں کو دیکھو اور اپنی شوخیوں پر غور کرو کہ خدا نے اول ایک نشان قائم کیا اور آتھم کو دو طور کی موت دی۔ اوّل یہ کہ وہ اخفائے حق اور دروغ گوئی کا ملزم ٹھہر کر اپنی صفائی کسی طور سے ثابت نہ کر سکا نہ نالش سے نہ قسم سے نہ کسی اور ثبوت سے۔ دوسرے یہ کہ خدا کے وعدہ کے موافق اخفاء پر اصرار کرنے کے بعد جلد فوت ہو گیا۔ اب بتلاؤ کہ اس پیشگوئی کی تصدیق میں تمہیں کیا مشکلات پیش آئیں؟ کیا آتھم نہیں ڈرتا رہا؟ کیا آخر وہ نہیں مر گیا؟ کیا پیشگوئی میں صاف اور صریح طور پر یہ شرط نہ تھی کہ حق کی طرف رجوع کرنے سے موت میں تاخیر ہوگی۔ پھر کیا تم میں سے کوئی قسم کھا سکتا ہے کہ آتھم پر قرائن عقلیہ کی رو سے یہ الزام قائم نہیں ہوا کہ اس نے اپنے اقوال اور افعال اور بیہودہ عذرات سے یہ ثابت کر دیا کہ وہ پیشگوئی کے بعد ضرور ڈرتا رہا اور وہ اس بات کا ثبوت نہیں دے سکا کہ کیوں اس ڈر کو جس کا اس کو خود اقرار تھا تعلیم یافتہ سانپ

☆ **نوٹ:** ایک امام کے ظہور کے لئے جو آسمان و زمین گواہی دے رہے ہیں اس سے یہ مطلب نہیں ہے کہ کوئی مہدی خونی یا مسیح غازی ظہور کرے گا۔ یہ تمام باتیں ناسمجھی کے خیال ہیں بلکہ ہم مامور ہیں کہ آسمانی نشانوں اور عقلی دلائل کے ساتھ منکروں کو شرمندہ کریں اور خوارق کے ساتھ ایمان کو دلوں میں اتاریں۔ منہ

وغیرہ بے دلیل عذروں کی طرف منسوب کیا جائے حالانکہ اس ثبوت کو دلوں میں جمانے کے لئے قسم اور نالش دونوں راہیں اس کے لئے کھلی تھیں۔ اب بتلاؤ کیا اس نے قسم کھائی؟ کیا اس نے نالش کی؟ کیا اس نے اپنے بہتانوں کا کوئی اور ثبوت دیا؟ کچھ تو منہ سے کہو! کچھ تو پھوٹو! کہ اس نے خوف کا اقرار کر کے اور محض بہتان اور افتراء سے سانپ وغیرہ کو اپنے خوف کی بناء قرار دے کر ان خود تراشیدہ عذرات کے ثابت کرنے کے لئے کیا کیا دلائل پیش کئے۔ اے کمبخت متعصبو! کیا تم کبھی نہیں مرو گے؟ کیا وہ دن نہیں آئے گا کہ جب تم رب العالمین کے حضور میں کھڑے کئے جاؤ گے۔ اگر اسی شکل کا کوئی دنیا کا مقدمہ ہوتا اور تم اس کے اسیسر یا منصف مقرر کئے جاتے تو بے شک تم ایسے شخص کو کہ آتھم کی طرح اپنے عذرات کا کچھ ثبوت نہ دے سکتا جھوٹا ٹھہراتے اور انسانی عدالت سے ڈر کر سچے اظہار لکھوا دیتے مگر اب تم سمجھتے ہو کہ خدا تم سے دور ہے اور کچھ سنتا نہیں اور مواخذہ کا دن بہت فاصلہ پر ہے!!! ﴿۶﴾

سچ کہو کیا آتھم پاکدامن مر گیا؟ اور اپنے سر پر ہماری طرف سے کوئی الزام نہیں لے گیا؟ تمہیں قسم ہے ذرہ مجھے سناؤ کہ کیا تم نے میرے اشتہاروں میں نہیں پڑھا کہ آتھم اخفاء حق پر اصرار کرنے کے بعد جلد مر جائے گا۔ سو ایسا ہی ہوا اور وہ ہمارے آخری اشتہار سے جو اتمام حجت کی طرح تھا سات ماہ کے اندر فوت ہو گیا۔ پس یہ کیسی بے ایمانی ہے جو اس قوم کے خبیث طبع لوگوں نے عیسائیوں کے ساتھ ہاتھ جا ملائے اور آسمانی آواز کی مخالفت کی اور شیطانی آواز کے مصدق ہو گئے۔ پر یہ تو اچھا ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کو پورا کیا۔ کمبخت سعد اللہ نومسلم اور محمد علی واعظ اب تک روئے جاتے ہیں جو پیشگوئی پوری نہیں ہوئی۔ اے شیاطین کے گروہ تم راستی کو کب تک چھپاؤ گے؟ کیا تمہاری کوششوں سے حق نابود ہو جائے گا۔ خدا سے لڑو جس قدر لڑ سکتے ہو۔ پھر دیکھو کہ فتح کس کی ہے کیونکہ حکم خواتیم پر ہے۔ اے بے حیا قوم! آتھم مقابل پر آنے سے ڈرا مگر تم نہ ڈرے۔ وہ لعنتوں کے ساتھ کچلا گیا مگر مقابل پر نہ آیا۔ اس کو چار ہزار روپیہ کے انعام کا وعدہ دیا گیا۔ اس کو جرأت نہ ہوئی کہ ایک قدم بھی ہماری طرف آوے۔ یہاں تک کہ

قبر میں پہنچ گیا۔ وہ نالش کرنے سے بھی ڈرا۔ اور جب عیسائیوں نے اس پر زور دیا تو اس نے کانوں پر ہاتھ رکھ لیا تو کیا ابھی تک ثابت نہ ہوا کہ وہ اپنے مقابلہ کو خلاف حق جانتا تھا۔ اور دل میں خوف بھرا ہوا تھا۔ مگر پھر بھی اخفائے حق کی وجہ سے خدا نے اس کو نہ چھوڑا اور خدا کے وعدہ کے موافق اور ٹھیک ٹھیک اس کے الہام کے منشاء کے مطابق وہ مر گیا۔ اور مولویوں اور عیسائیوں کا منہ سیاہ کر گیا۔ وہ مجھ سے عمر میں بجز چند سال کچھ زیادہ نہ تھا۔ سعد اللہ نومسلم کی بدذاتی ہے کہ اس کو پیر فرتوت قرار دیتا ہے۔ یہ یہودی چاہتا ہے کہ کسی طرح پیشگوئی مخفی ہو جائے۔ سوائے مخالفو! بے حیائی سے جس قدر چاہو انکار کرو۔ مگر حقیقت کھل گئی اور عقلمندوں نے سمجھ لیا ہے کہ پیشگوئی نہ ایک پہلو سے بلکہ چار پہلو سے پوری ہوگئی۔ ☆

﴿۷﴾

آتھم کو اس رجوع اور خوف کا فائدہ دیا گیا جو اس سے ظہور میں آیا جیسا کہ الہامی شرط تھی اور پیشگوئی کا ایک جزو تھا۔ اور یہ رجوع پیشگوئی کو سنتے ہی اس میں پیدا ہو گیا تھا کیونکہ وہ اسلامی مرتد تھا اور یسوع کی خدائی کے بارے میں خود ہمیشہ کھٹکے میں رہتا تھا اور تاویلیں کیا کرتا تھا اور مجھ پر ابتداء سے اس کو نیک ظن تھا کیونکہ وہ اس ضلع میں رہ کر میرے ابتدائی حالات سے خوب واقف تھا۔ یہ ممکن نہ تھا کہ وہ مجھے جھوٹا سمجھتا اسی وجہ سے پیشگوئی کے سنانے کے وقت اس کا رنگ زرد ہو گیا تھا اور اس کی حالت متغیر ہو گئی تھی۔ اور جب میں نے کہا کہ تم نے اپنی کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دجال کہا ہے یہ اس کی سزا ہے جو تم کو ملے گی۔ تو اس کے منہ پر ہوائیاں اڑنے لگیں اور دونوں ہاتھ اس نے اپنے کانوں پر رکھے گویا وہ اس وقت توبہ کر رہا تھا۔ میرے خیال میں ہے کہ اس وقت ستر آدمی کے قریب اس جلسہ نصاریٰ میں ہوں گے۔ غرض اس کا رجوع نہ دیر کے بعد بلکہ اسی دم سے شروع ہو گیا تھا۔ اور اخیر میعاد تک اس نے دیوانوں کی طرح دنوں کو بسر کیا۔

☆ (۱) ایک پہلو یہ کہ جو الہام میں شرط تھی اس شرط کی پابندی سے آتھم کی موت میں تاخیر ہوئی۔ (۲) دوم یہ کہ آتھم اخفاء شہادت سے موافق الہام جلد فوت ہو گیا۔ (۳) سوم یہ کہ عیسائیوں کے مکر اور مولویوں کی باہمی سازش سے براہین احمدیہ کی پیشگوئی صفحہ ۲۴۱ پوری ہوگئی۔ (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی جو عیسائیوں اور مسلمانوں کے جھگڑے کے بارے میں تھی وہ بھی اس سے پوری ہوگئی۔ منہ

اب اس سے زیادہ بدذاتی کیا ہوگی کہ باوجود ایسے صاف صاف واقعات کے پھر کہا جاتا ہے کہ پیشگوئی پوری نہیں ہوئی۔ لعنة اللّٰہ علی الکاذبین ۔رجوع کا لفظ جو شرط میں داخل ہے ایک دل کا فعل تھا جو اسی وقت سے شروع ہو گیا تھا۔ کھلے کھلے اسلام کا شرط میں کہاں لفظ ہے کیا ایک مشرک ایسی سخت پیشگوئی کے وقت مستقیم رہ سکتا تھا۔ ہر یک کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ پیشگوئی اسی دن سے شروع نہیں ہوئی بلکہ براہین احمدیہ میں بارہ ۱۲ برس پہلے اس کی خبر دی گئی ہے اور ساتھ ہی لیکھرام کی پیشگوئی کی خبر تھی۔ اگر تم غور سے صفحہ (۲۳۹) اور (۲۴۰) اور (۲۴۱) براہین احمدیہ کا پڑھو تو یہ تمام نقشہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آجائے گا آثار سابقہ اور احادیث نبویہ میں مہدی آخر زمان کی نسبت یہ لکھا گیا تھا کہ اوائل حال میں اس کو بے دین اور کافر قرار دیا جائے گا۔ اور لوگ اس سے سخت بغض رکھیں گے اور مذمت کے ساتھ اس کو یاد کریں گے اور دجال اور بے ایمان اور کذاب کے نام سے اس کو پکاریں گے اور یہ سب مولوی ہوں گے۔ اور اس دن مولویوں سے بدتر زمین پر اس امت میں سے کوئی نہیں ہوگا سو کچھ مدت ایسا ہوتا رہے گا۔ پھر خدا آسمانی نشانوں سے اس کی تائید کرے گا۔ اور اس کے لئے آسمان سے آواز آئے گی کہ یہ خلیفة اللّٰہ المهدی ہے۔ مگر کیا آسمان بولے گا جیسا انسان بولتا ہے؟ نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ ہیبت ناک نشان ظاہر ہوں گے جن سے دل اور کلیجے ہل جائیں گے۔ تب خدا دلوں کو اس کی محبت کی طرف پھیر دے گا اور اس کی قبولیت زمین میں پھیلا دی جائے گی۔ یہاں تک کہ کسی جگہ چار آدمی مل کر نہیں بیٹھیں گے جو اس کا ذکر محبت اور ثناء کے ساتھ نہ کرتے ہوں۔ سو براہین کے یہ صفحات مذکورہ بالا انہیں واقعات کا نقشہ کھینچ رہے ہیں۔ اوّل مجھ کو مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ لوگ تجھ کو گمراہ اور جاہل اور شیطانی خیال کا آدمی خیال کریں گے۔ دکھ دیں گے اور طرح طرح کی باتیں بولیں گے اور ٹھٹھے کریں گے۔ اور پھر فرمایا کہ میں سب ٹھٹھا کرنے والوں کے لئے کافی ہوں گا۔ اور پھر فرمایا قل عندی شهادة من اللّٰہ فهل انتم مؤمنون . یہ اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ ان دنوں میں آسمانی نشانیاں ظاہر ہوں گی۔ پھر بعد اس کے صفحہ ۲۴۱ میں آتھم کی نشانی کا ذکر فرمایا اور ساتھ ہی خبر دے دی کہ اس نشان پر عیسائیوں اور یہودی صفت ﴿۸﴾

مسلمانوں کا بلوہ ہوگا اور وہ مکر کریں گے اور خدا بھی مکر کرے گا اور خدا کے مکر غالب آتے ہیں پھر بعد اس کے فرمایا کہ ان مکروں کے بعد خدا حق کو ظاہر کر دے گا اور فتح عظیم ہوگی۔ سو لیکھرام کے واقعہ کو خدا نے فتح عظیم کر کے دکھلایا۔ اور بجز خدا کے یہ کسی کے مقدور میں نہ تھا کہ ایسے معرکہ کے انجام کی خبر دیتا اور غلبہ کی بشارت سناتا!

دوسری پیشگوئی لیکھرام کے بارے میں ہے جس کی نسبت براہین کے انہیں الہامات میں اشارہ ہے۔ اور براہین احمدیہ میں عیسائیوں کے مکر کے بعد یہ الہام لکھا ہے **الفتنة ھٰھُنَا فاصبر کما صبر اولو العزم** یعنی جب وہ مکر کریں گے تو ایک بڑا فتنہ برپا ہوگا اور ملک میں باطل کی حمایت ﴿۹﴾ میں شور پڑ جائے گا اور صادق کو کاذب ٹھہرا دیا جائے گا اور کاذبوں کو حق بجانب سمجھ لیں گے۔ اب اے آنکھوں والو! اس قدر سچائی کا خون کر کے جہنم کی آگ میں مت پڑو۔ دیکھو کس قدر عظمت اس پیشگوئی میں ہے کہ بارہ برس پہلے اس کا نقشہ کھینچ کر دکھلایا گیا ہے۔ اور اس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بھی ایک اثر منقول ہے کہ عیسائیوں سے جھگڑا ہوگا تب زمین سے آواز آئے گی کہ آل عیسیٰ حق پر ہے اور آسمان سے آواز آئے گی کہ آل محمدؐ حق پر ہے۔ اب سچ کہو کہ ابھی تک آواز آئی یا نہیں؟ اگر تم شرارت میں بڑھو گے تو وہ اپنی قدرت نمائی میں بڑھے گا۔ کیا کوئی ہے جو اس کو تھکا سکے؟

اب ہم لیکھرام کی پیشگوئی کو مفصل طور پر معہ اصل عبارات ان کتابوں کے اس جگہ درج کرتے ہیں جن میں یہ پیشگوئی موجود ہے اور ناظرین کو توجہ دلاتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا خوف کر کے ان مقامات کو غور سے پڑھیں اور پھر سوچیں کہ کیا یہ انسان کا کام ہے یا اس خدا کا جو زمین و آسمان کا مالک اور تمام طاقتوں کا خداوند ہے۔ یاد رہے کہ جن کتابوں کی ذیل میں عبارتیں لکھی جاتی ہیں وہ تمام عبارتیں اس جگہ بعینہٖ درج کی گئی ہیں۔ ایک حرف کی زیادتی یا کمی ان میں نہیں یہاں تک کہ پیشگوئی کے سر پر کی وہ غزل جس کی ابتدا میں یہ مصرع ہے ؎ عجب نوریست در جان محمدؐ۔ اس کے نیچے جو پیشگوئی کے دکھلانے کے لئے ہاتھ بنایا گیا تھا وہ ہاتھ بھی بعینہٖ اسی موقعہ پر لگا دیا ہے تا اس رسالہ کے پڑھنے والے بکلی اس

نقشہ پر مطلع ہو جائیں جو لیکھرام کے مرنے سے چار برس پہلے اس کی موت کے لئے کھینچا گیا تھا اور با ایں ہمہ ہر یک شہر میں یہ کتابیں مل سکتی ہیں اور کئی برسوں سے پنجاب اور ہندوستان میں شائع ہو رہی ہیں جس کا جی چاہے اصل کتابوں میں دیکھ لے۔

اس جگہ ایک ضروری بات جو یاد رکھنے کے لائق ہے اور جو ہماری اس کتاب کی روح اور علت غائی ہے وہ یہ ہے کہ یہ پیشگوئی ایک بڑے مقصد کے ظاہر کرنے کے لئے کی گئی تھی یعنی اس بات کا ثبوت دینے کے لئے کہ آریہ مذہب بالکل باطل اور وید خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں۔ اور ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم خدا تعالیٰ کے پاک رسول اور برگزیدہ نبی اور اسلام خدا تعالیٰ کی طرف سے سچا مذہب ہے۔ اور یہی بار بار لکھا گیا تھا اور اسی مقصد کے پورا کرنے کے لئے دعائیں کی گئی تھیں۔ سو اس پیشگوئی کو نری ایک پیشگوئی خیال نہیں کرنا چاہیے بلکہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک آسمانی فیصلہ ہے۔ کچھ مدت سے ہندوؤں میں تیزی بڑھ گئی تھی۔ خاص کر کے یہ لیکھرام تو گویا اس بات پر اعتقاد نہیں رکھتا تھا کہ خدا بھی ہے۔ سو خدا نے ان لوگوں کو چمکتا ہوا نمونہ دکھلایا۔ چاہیے کہ ہر یک شخص اس سے عبرت پکڑے جو شخص خدا کے مقدس نبیوں کی اہانت میں زبان کھولتا ہے کبھی اس کا انجام اچھا نہیں ہو سکتا۔ ﴿۱۰﴾

لیکھرام اپنی موت سے آریوں کو ہمیشہ کی عبرت کا سبق دے گیا ہے۔ چاہیے کہ ان شرارتوں سے دست بردار ہوں جو دیانند نے ملک میں پھیلائیں اور نرمی اور لطف اور سچی محبت اور تعظیم کے ساتھ اسلام سے برتاؤ کریں۔ آئندہ انہیں اختیار ہے۔ بعض احمق جو مسلمان کہلا کر آریوں کی طرف جھکے تھے اب ان کی توبہ کا وقت ہے انہیں دیکھنا چاہیے کہ اسلام کا خدا کیسا غالب ہے؟ آریوں کو اس پیشگوئی کے وقت بذریعہ چھپے ہوئے اشتہاروں کے اطلاع دی گئی تھی کہ اگر تمہارا دین سچا ہے اور اسلام باطل تو اس کی یہی نشانی ہے کہ اس پیشگوئی کے اثر سے اپنے وکیل لیکھرام کو بچالو اور جہاں تک ممکن ہے اس کے لئے دعائیں کرو اور دعاؤں کے لئے مہلت بہت تھی لیکن خدا کے قہری ارادہ کو وہ لوگ بدل نہ سکے۔ یقیناً سمجھنا چاہیے کہ جو چھری لیکھرام پر چلائی گئی یہ وہی چھری

تھی جو وہ کئی برس تک ہمارے سید و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بے ادبی میں چلاتا رہا۔ پس وہی زبان کی تیزی چھری کی شکل پر متمثل ہو کر اس کے پیٹ میں گھس گئی۔ جب تک آسمان پر چھری نہ چلے زمین پر ہرگز چل نہیں سکتی۔ لوگ سمجھتے ہوں گے کہ لیکھرام اب مارا گیا لیکن میں تو اس وقت سے مقتول سمجھتا تھا جب میرے پاس ایک فرشتہ خونی شکل میں آیا اور اس نے پوچھا کہ ''لیکھرام کہاں ہے'' چنانچہ یہ سب مضمون ان پیشگوئیوں میں پڑھو گے جو ذیل میں لکھی جاتی ہیں۔

اوّل (اشتہار بیس فروری ۱۸۸۶ء میں پنڈت لیکھرام کی نسبت صرف اس قدر صفحہ ۴ میں پیشگوئی ہے) کہ لیکھرام صاحب پشاوری کی قضا و قدر وغیرہ کے متعلق غالباً اس رسالہ میں بقید وقت و تاریخ کچھ تحریر ہوگا۔ اگر کسی صاحب پر کوئی ایسی پیشگوئی شاق گذرے تو وہ مجاز ہیں کہ یکم مارچ ۱۸۸۶ء سے یا اس تاریخ سے جو کسی اخبار میں پہلی دفعہ یہ مضمون شائع ہو ٹھیک ٹھیک ﴿۱۱﴾ دو ہفتہ کے اندر اپنی دستخطی تحریر سے مجھ کو اطلاع دیں تا وہ پیشگوئی جس کے ظہور سے وہ ڈرتے ہیں اندراج رسالہ سے علیحدہ رکھی جائے اور موجب دل آزاری سمجھ کر کسی کو اس پر مطلع نہ کیا جائے۔ اور کسی کو اس کے وقت ظہور سے خبر نہ دی جائے۔ پھر بعد اس کے پنڈت لیکھرام کا کارڈ پہنچا کہ میں اجازت دیتا ہوں کہ میری موت کی نسبت پیشگوئی کی جائے مگر میعاد مقرر ہونی چاہیے۔ پھر بعد اس کے مفصلہ ذیل الہامات ہوئے۔

دوم۔ الہام مندرجہ رسالہ کرامات الصادقین مطبوعہ صفر ۱۳۱۱ ہجری **وَعدنی رَبّی و استجاب دُعائی فی رجل مُفسدٍ عدو اللّٰہ وَ رسُولہ المسمّی لیکھرام الفشاوری و اخبرنی انہ من الھالکین. انہ کان یسبّ نبی اللّٰہ و یتکلم فی شانہ بکلمات خبیثۃ. فدعوت علیہ. فبشرنی ربّی بموتہ فی ستّۃ سنۃٍ ان فی ذٰلک لاٰیۃ لِلطّالبین** ۔یعنی خدا تعالیٰ نے ایک دشمن اللہ اور رسول کے بارے میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں نکالتا ہے اور ناپاک کلمے زبان پر لاتا ہے جس کا نام لیکھرام ہے مجھے وعدہ دیا اور میری دعا سنی اور جب میں نے اس پر بددعا کی تو خدا نے مجھے بشارت دی کہ وہ چھ سال کے اندر ہلاک ہو جائے گا۔ یہ ان کے لئے نشان ہے جو

سچے مذہب کو ڈھونڈتے ہیں۔

سوم۔ الہام مندرجہ اشتہار ۲۰؍فروری ۱۸۹۳ء مشمولہ کتاب آئینہ کمالات اسلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عجب نوریست در جان محمدؐ عجب لعلیست در کان محمدؐ
زظلمت ہا دلے آنگہ شود صاف کہ گردد از محبّانِ محمدؐ

عجب دارم دل آں ناکساں را کہ رو تابند از خوانِ محمدؐ
ندانم ہیچ نفسے در دو عالم کہ دارد شوکت و شانِ محمدؐ

خدا زان سینہ بیزار ست صد بار کہ ہست از کینہ دارانِ محمدؐ
خدا خود سوزد آں کرم دنی را کہ باشد از عدوّانِ محمدؐ

اگر خواہی نجات از مستی نفس بیا در ذیل مستانِ محمدؐ
اگر خواہی کہ حق گوید ثنایت بشو از دل ثنا خوانِ محمدؐ

اگر خواہی دلیلے عاشقش باش محمدؐ ہست برہانِ محمدؐ
سرے دارم فدائے خاک احمدؐ دلم ہر وقت قربانِ محمدؐ

﴿۱۲﴾ بگیسوئے رسول اللہ کہ ہستم نثار روئے تابانِ محمدؐ
دریں رہ گر کشندم ور بسوزند نتابم رُو زِ ایوانِ محمدؐ

بکار دیں نترسم از جہانے کہ دارم رنگ ایمانِ محمدؐ
بسے سہل ست از دنیا بریدن بیاد حسن و احسانِ محمدؐ

فدا شد در رہش ہر ذرّۂ من کہ دیدم حسن پنہانِ محمدؐ
دگر استاد را نامے ندانم کہ خواندم در دبستانِ محمدؐ

بدیگر دلبرے کارے ندارم کہ ہستم کشتۂ آنِ محمدؐ
مرا آں گوشۂ چشمے بباید نخواہم جز گلستانِ محمدؐ

دل زارم بہ پہلویم مجوئید کہ بستیمش بدامانِ محمدؐ
من آن خوش مرغ از مرغان قدسم کہ دارد جا بہ بستانِ محمدؐ

تو جان ما منور کردی از عشق فدایت جانم اے جانِ محمدؐ
دریغا گر دہم صد جان دریں راہ نباشد نیز شایانِ محمدؐ

چہ ہیبت ہا بدادند ایں جواں را کہ ناید کس بمیدانِ محمدؐ
الا اے دشمن نادان و بے راہ بترس از تیغِ بُرّانِ محمدؐ

رہ مولیٰ کہ گم کردند مردم بجو در آل و اعوانِ محمدؐ
الا اے منکر از شانِ محمدؐ ہم از نور نمایان محمدؐ

کرامت گرچہ بے نام و نشان است بیا بنگر زِ غلمانِ محمدؐ

لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک پیشگوئی

واضح ہو کہ اس عاجز نے اشتہار ۲۰؍فروری ۱۸۸۶ء میں جو اس کتاب کے ساتھ شامل

کیا گیا تھا اندرمن مراد آبادی اور لیکھرام پشاوری کو اس بات کی دعوت کی تھی کہ اگر وہ خواہشمند ہوں تو ان کی قضا وقدر کی نسبت بعض پیشگوئیاں شائع کی جائیں سو اس اشتہار کے بعد اندرمن نے تو اعراض کیا اور کچھ عرصہ کے بعد فوت ہو گیا لیکن لیکھرام نے بڑی دلیری سے ایک کارڈ اس عاجز کی طرف روانہ کیا کہ میری نسبت جو پیشگوئی چاہو شائع کر دو میری طرف سے اجازت ہے۔ سو اس کی نسبت جب توجہ کی گئی تو اللہ جلّ شانہٗ کی طرف سے یہ الہام ہوا۔

عِجْلٌ جَسَدٌ لَهٗ خُوَار. لَهٗ نَصَبٌ وَ عَذَاب

یعنی یہ صرف ایک بے جان گوسالہ ہے جس کے اندر سے ایک مکروہ آواز نکل رہی ہے اور اس کے لئے آن گستاخیوں اور بدزبانیوں کے عوض میں سزا اور رنج اور عذاب مقدر ہے جو ضرور اس کو مل رہے گا۔ اور اس کے بعد آج جو ۲۰ رفروری ۱۸۹۳ء روز دوشنبہ ہے اس عذاب کا وقت معلوم کرنے کے لئے توجہ کی گئی تو خداوند کریم نے مجھ پر ظاہر کیا کہ آج کی تاریخ سے جو بیس ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء ہے چھ برس کے عرصہ تک یہ شخص اپنی بدزبانیوں کی سزا میں یعنی ان **بے ادبیوں کی سزا** میں جو اس شخص نے **رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں کی ہیں عذاب شدید میں مبتلا ہو جائے گا سو اب میں اس پیشگوئی کو شائع کر کے تمام مسلمانوں اور آریوں اور عیسائیوں اور دیگر فرقوں پر ظاہر کرتا ہوں کہ اگر اس شخص پر چھ ۶ برس کے عرصہ میں آج کی تاریخ سے کوئی ایسا☆ عذاب نازل نہ ہوا جو معمولی تکلیفوں سے نرالا اور خارق عادت اور اپنے اندر الٰہی ہیبت رکھتا ہو تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں اور نہ اس کی روح سے میرا یہ نطق ہے اور اگر میں اس پیشگوئی میں کاذب نکلا تو ہر یک سزا کے بھگتنے کے لئے میں طیار ہوں اور اس بات پر راضی ہوں کہ مجھے گلے میں رسہ ڈال کر کسی سولی پر کھینچا جائے اور باوجود میرے اس اقرار کے یہ بات بھی ظاہر ہے کہ کسی انسان کا اپنی پیشگوئی میں جھوٹا نکلنا خود تمام رسوائیوں سے بڑھ کر رسوائی ہے۔ زیادہ اس سے کیا لکھوں۔

﴿۱۳﴾

☆ اب آریوں کو چاہیے کہ سب مل کر دعا کریں کہ یہ عذاب ان کے اس وکیل سے ٹل جائے۔

واضح رہے کہ اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بے ادبیاں کی ہیں جن کے تصور سے بھی بدن کانپتا ہے۔ اس کی کتابیں عجیب طور کی تحقیر اور توہین اور دشنام دہی سے بھری ہوئی ہیں کون مسلمان ہے جو ان کتابوں کو سنے اور اس کا دل اور جگر ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو۔ باایں ہمہ شوخی و خیرگی یہ شخص سخت جاہل ہے عربی سے ذرہ مس نہیں بلکہ دقیق اردو لکھنے کا بھی مادہ نہیں اور یہ پیشگوئی اتفاقی نہیں بلکہ اس عاجز نے خاص اسی مطلب کے لئے دعا کی جس کا یہ جواب ملا اور یہ پیشگوئی مسلمانوں کے لئے بھی نشان ہے کاش وہ حقیقت کو سمجھتے اور ان کے دل نرم ہوتے۔ اب میں اسی خدائے عزّوجلّ کے نام پر ختم کرتا ہوں جس کے نام سے شروع کیا تھا۔ **والحمد للّٰہ والصلوۃ والسّلام علٰی رسولہ محمّد المصطفٰی افضل الرسل و خیر الوریٰ سیّدنا و سیّد کل ما فی الارض والسما۔**

خاکسار میرزا غلام احمد از قادیان

ضلع گورداسپورہ (۲۰؍فروری ۱۸۹۳ء)

﴿۱۴﴾ **چہارم**۔ جواب اعتراض مندرجہ ٹائٹل پیج برکات الدعا معہ خبر مندرجہ حاشیہ صفحہ ۴ ٹائٹل پیج۔

نمونہ دعائے مستجاب

انیس ہندمیرٹھ اور ہماری پیشگوئی پر اعتراض

اس اخبار کا پرچہ مطبوعہ ۲۵؍ مارچ ۱۸۹۳ء جس میں میری اس پیشگوئی کی نسبت جو لیکھرام پشاوری کے بارے میں میں نے شائع کی تھی کچھ نکتہ چینی ہے مجھ کو ملا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض اور اخباروں پر بھی یہ کلمۃ الحق شاق گذرا ہے۔ اور حقیقت میں میرے لئے خوشی کا مقام ہے کہ یوں خود مخالفوں کے ہاتھوں اس کی شہرت اور اشاعت ہو رہی ہے سو میں اس وقت اس نکتہ چینی کے جواب میں صرف اس قدر لکھنا کافی سمجھتا ہوں کہ جس طور اور طریق سے خدا تعالیٰ نے چاہا اسی طور سے کیا میرا اس میں دخل نہیں۔ ہاں یہ سوال کہ ایسی پیشگوئی مفید نہیں ہوگی اور اس میں شبہات باقی رہ جائیں گے اس اعتراض کی نسبت میں خوب سمجھتا ہوں کہ یہ پیش از وقت ہے۔ میں اس بات کا خود اقراری ہوں اور اب پھر اقرار کرتا ہوں کہ اگر جیسا کہ معترضوں نے خیال فرمایا ہے پیشگوئی کا ماحصل آخر کار

یہی نکلا کہ کوئی معمولی تپ آیا یا معمولی طور پر کوئی درد ہوا یا ہیضہ ہوا اور پھر اصلی حالت صحت کی قائم ہوگئی تو وہ پیشگوئی متصور نہیں ہوگی اور بلاشبہ ایک مکر اور فریب ہوگا کیونکہ ایسی بیماریوں سے تو کوئی بھی خالی نہیں۔ ہم سب کبھی نہ کبھی بیمار ہو جاتے ہیں۔ پس اس صورت میں میں بلاشبہ اس سزا کے لائق ٹھہروں گا جس کا ذکر میں نے کیا ہے لیکن اگر پیشگوئی کا ظہور اس طور سے ہوا کہ جس میں قہر الٰہی کے نشان صاف صاف اور کھلے طور پر دکھائی دیں تو پھر سمجھو کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ پیشگوئی کی ذاتی عظمت اور ہیبت دنوں اور وقتوں کے مقرر کرنے کی محتاج نہیں۔ اس بارے میں تو زمانہ نزول عذاب کی ایک حد مقرر کر دینا کافی ہے۔ پھر اگر پیشگوئی فی الواقعہ ایک عظیم الشان ہیبت کے ساتھ ظہور پذیر ہو تو وہ خود دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے اور یہ سارے خیالات اور یہ تمام نکتہ چینیاں جو پیش از وقت دلوں میں پیدا ہوتی ہیں ایسی معدوم ہو جاتی ہیں کہ منصف مزاج اہل الرائے ایک انفعال کے ساتھ اپنی رایوں سے رجوع کرتے ہیں۔ ماسوا ﴿۱۵﴾ اس کے یہ عاجز بھی تو قانون قدرت کے تحت میں ہے۔ اگر میری طرف سے بنیاد اس پیشگوئی کی صرف اسی قدر ہے کہ میں نے صرف یا وہ گوئی کے طور پر چند احتمالی بیماریوں کو ذہن میں رکھ کر اور اٹکل سے کام لے کر یہ پیشگوئی شائع کی ہے تو جس شخص کی نسبت یہ پیشگوئی ہے وہ بھی تو ایسا کر سکتا ہے کہ انہیں اٹکلوں کی بنیاد پر میری نسبت کوئی پیشگوئی کر دے بلکہ میں راضی ہوں کہ بجائے چھ برس کے جو میں نے اس کے حق میں میعاد مقرر کی ہے وہ میرے لئے دس۱۰ برس لکھ دے۔ لیکھرام کی عمر اس وقت شاید زیادہ سے زیادہ تیس برس کی ہوگی اور وہ ایک جوان قوی ہیکل عمدہ صحت کا آدمی ہے اور اس عاجز کی عمر اس وقت پچاس برس سے کچھ زیادہ ہے اور ضعیف اور دائم المرض اور طرح طرح کے عوارض میں مبتلا ہے۔ پھر باوجود اس کے مقابلہ میں خود معلوم ہو جائے گا کہ کون سی بات انسان کی طرف سے ہے اور کون سی بات خدا تعالیٰ کی طرف سے۔

اور معترض کا یہ کہنا کہ ایسی پیشگوئیوں کا اب زمانہ نہیں ہے ایک معمولی فقرہ ہے

جو اکثر لوگ منہ سے بول دیا کرتے ہیں۔ میری دانست میں تو مضبوط اور کامل صداقتوں کے قبول کرنے کے لئے یہ ایک ایسا زمانہ ہے کہ شاید اس کی نظیر پہلے زمانوں میں کوئی بھی مل نہ سکے۔ ہاں اس زمانہ سے کوئی فریب اور مکر مخفی نہیں رہ سکتا مگر یہ تو راستبازوں کیلئے اور بھی خوشی کا مقام ہے کیونکہ جو شخص فریب اور سچ میں فرق کرنا جانتا ہے وہی سچائی کی دل سے عزت کرتا ہے اور بخوشی اور دوڑ کر سچائی کو قبول کر لیتا ہے۔ اور سچائی میں کچھ ایسی کشش ہوتی ہے کہ وہ آپ قبول کرا لیتی ہے۔ ظاہر ہے کہ زمانہ صدہا ایسی نئی باتوں کو قبول کرتا جاتا ہے جو لوگوں کے باپ دادوں نے قبول نہیں کی تھیں۔ اگر زمانہ صداقتوں کا پیاسا نہیں تو پھر کیوں ایک عظیم الشان انقلاب اس میں شروع ہے۔ زمانہ بیشک حقیقی صداقتوں کا دوست ہے نہ دشمن۔ اور یہ کہنا کہ زمانہ عقلمند ہے اور سیدھے سادھے لوگوں کا وقت گذر گیا ہے۔ یہ دوسرے لفظوں میں زمانہ کی مذمت ہے۔ گویا یہ زمانہ ایک ایسا بدزمانہ ہے کہ سچائی کو واقعی طور پر سچائی پا کر پھر اس کو قبول نہیں کرتا۔ لیکن میں ہرگز قبول نہیں کروں گا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ زیادہ تر میری طرف رجوع کرنے والے اور مجھ سے فائدہ اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جو نوتعلیم یافتہ ہیں جو بعض ان میں سے بی اے اور ایم اے تک پہنچے ہوئے ہیں اور میں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ یہ نوتعلیم یافتہ لوگوں کا گروہ صداقتوں کو بڑے شوق سے قبول کرتا جاتا ہے اور صرف اسی قدر نہیں بلکہ ایک نومسلم اور تعلیم یافتہ یوریشین انگریزوں کا گروہ جن کی سکونت مدراس کے احاطہ میں ہے ہماری جماعت میں شامل اور تمام صداقتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ ﴿۱۶﴾

اب میں خیال کرتا ہوں کہ میں نے وہ تمام باتیں لکھ دی ہیں جو ایک خداترس آدمی کے سمجھنے کے لئے کافی ہیں۔ آریوں کا اختیار ہے کہ میرے اس مضمون پر بھی اپنی طرف سے جس طرح چاہیں حاشیے چڑھائیں مجھے اس بات پر کچھ بھی نظر نہیں کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ اس وقت اس پیشگوئی کی تعریف کرنا یا مذمت کرنا دونوں برابر ہیں۔ اگر یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور میں خوب جانتا ہوں کہ اسی کی طرف سے ہے تو ضرور ہیبت ناک نشان کے ساتھ اس کا وقوعہ ہوگا اور دلوں کو ہلا دے گا۔ اور اگر اس کی طرف سے نہیں

تو پھر میری ذلت ظاہر ہوگی اور اگر میں اس وقت رکیک تاویلیں کروں گا تو یہ اور بھی ذلت کا موجب ہوگا۔ وہ ہستی قدیم اور وہ پاک وقدوس جو تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے وہ کاذب کو کبھی عزت نہیں دیتا۔ یہ بالکل غلط بات ہے کہ لیکھرام سے مجھ کو کوئی ذاتی عداوت ہے۔ مجھ کو ذاتی طور پر کسی سے بھی عداوت نہیں بلکہ اس شخص نے سچائی سے دشمنی کی اور ایک ایسے **کامل** اور مقدس کو جو تمام سچائیوں کا چشمہ تھا توہین سے یاد کیا۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اپنے ایک **پیارے** کی دنیا میں عزت ظاہر کرے۔ والسّلام علٰی من اتّبع الھدٰی۔

لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک اور خبر

(مندرجہ حاشیہ ٹائٹل پیج برکات الدعا)

آج جو ۲؍اپریل ۱۸۹۳ء مطابق ۱۴ ماہ رمضان ۱۳۱۰ھ ہے صبح کے وقت تھوڑی سی غنودگی کی حالت میں میں نے دیکھا کہ میں ایک وسیع مکان میں بیٹھا ہوا ہوں اور چند دوست بھی میرے پاس موجود ہیں۔ اتنے میں ایک شخص قوی ہیکل مہیب شکل گویا اس کے چہرہ پر سے خون ٹپکتا ہے میرے سامنے آ کر کھڑا ہوگیا۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ ایک نئی خلقت اور شمائل کا شخص ہے گویا انسان نہیں ملائک شداد غلاظ میں سے ہے۔ اور اس کی ہیبت دلوں پر طاری تھی اور میں اس کو دیکھتا ہی تھا کہ اس نے مجھ سے پوچھا کہ ''لیکھرام کہاں ہے'' اور ایک اور شخص کا نام لیا کہ وہ کہاں ہے؟ تب میں نے اس وقت سمجھا کہ یہ شخص لیکھرام اور اس دوسرے شخص کی سزا دہی کے لئے مامور کیا گیا ہے مگر مجھے معلوم نہیں رہا کہ وہ دوسرا شخص کون ہے۔ ہاں یہ یقینی طور پر یاد رہا ہے کہ وہ دوسرا شخص انہیں چند آدمیوں سے تھا جن کی نسبت میں اشتہار دے چکا ہوں اور یہ یک شنبہ کا دن اور ۴ بجے صبح کا وقت تھا۔ فالحمد للّٰہ علٰی ذالک.

﴿۱۷﴾ لیکھرام کی نسبت آریوں کے خیالات اس کے قتل کئے جانے کے بعد

اخبار عام مطبوعہ چہارشنبہ ۱۰؍ مارچ ۱۸۹۷ء میں میری نسبت اشارہ کر کے یہ لکھا ہے کہ ''ایک عیسائی ڈپٹی صاحب کی نسبت پیشگوئی فوت ہونے کی درعرصہ ایک سال مشتہر کی گئی تھی اور اخباروں میں اس کی چرچا تھی۔ اور خدانخواستہ ان ایام میں اگر ڈپٹی صاحب کے ساتھ ایسا واقعہ ہو جاتا (یعنی قتل کا واقعہ) جس کا خمیازہ لیکھرام صاحب کو بھگتنا پڑا ہے تب اور صورت تھی''۔ اب ہر ایک سمجھ سکتا ہے کہ ایڈیٹر صاحب کی اس تقریر کا کیا مطلب ہے۔ بس یہی مطلب ہے کہ اگر ڈپٹی آتھم صاحب قتل ہو جاتے تو ایڈیٹر صاحب کے خیال میں گورنمنٹ کو پیشگوئی کرنے والے کی نسبت فی الفور توجہ پیدا ہوتی اور وہ تفتیش ہوتی جواب نہیں ہے۔ غالباً اس تقریر سے ایڈیٹر صاحب کی کوئی نیت نیک ہوگی مگر چونکہ وہ ایک سطحی خیال اور خلاف واقعہ سمجھ کا ایک داغ ساتھ رکھتی ہے اس لئے افسوس کی جگہ ہے۔ ایڈیٹر صاحب کی تقریر سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آتھم کی نسبت پیشگوئی پوری نہیں ہوئی لیکن ہم مختصر طور پر یاد دلاتے ہیں کہ وہ پیشگوئی بڑی صفائی سے پوری ہوئی۔ آتھم صاحب میرے ایک پرانے ملاقاتی تھے۔ انہوں نے ایک مرتبہ زبانی اور ایک خاص رقعہ کے ذریعہ سے بھی الحاح کیا تھا کہ اگر میری نسبت کوئی پیشگوئی ہو اور وہ سچی نکلی تو میں کسی قدر اپنی اصلاح کروں گا۔ سو خدا نے ان کی نسبت یہ پیشگوئی ظاہر کی کہ وہ پندرہ مہینے کے عرصہ میں ہاویہ میں گریں گے مگر اس شرط سے کہ اس عرصہ میں حق کی طرف انہوں نے رجوع نہ کیا ہو پس چونکہ خدا کی پیشگوئی میں ایک شرط تھی اور آتھم صاحب خوفناک ہو کر اس شرط کے پابند ہو گئے تھے پس ضرور تھا کہ وہ اس شرط سے فائدہ اٹھاتے کیوں کہ ممکن نہیں کہ خدا کی شرط پر کوئی عمل کر کے پھر اس سے نفع نہ اٹھائے۔ لہٰذا شرط کی تاثیر سے ان کی موت میں کسی قدر تاخیر ہوگئی۔ اگر کہو کہ اس کا کیا ثبوت ہے کہ دل میں انہوں نے اسلام کی طرف رجوع کر لیا تھا' یا ان پر اسلامی پیشگوئی کا خوف غالب آ گیا تھا تو جواب اس کا یہ ہے کہ جب خدا نے مجھے اطلاع دی

کہ آتھم نے شرط سے فائدہ اٹھایا ہے اور اس کی موت میں ہم نے کچھ تاخیر ڈال دی تو میں نے آتھم صاحب کو چار ہزار روپیہ کے انعام پر قسم کھانے کے لئے بلایا کہ اگر در پردہ اسلام کی طرف رجوع نہیں کیا یا اسلامی ہیبت ان کے دل پر طاری نہیں ہوئی تو چاہیے کہ میدان میں آ کر قسم کھائیں ﴿۱۸﴾
یا اگر قسم نہیں تو نالش کر کے اپنے اس خوف کے وجوہ کو جس کا ان کو اقرار ہے بپایہ اثبات پہونچاویں مگر انہوں نے نہ قسم کھائی نہ نالش کی باوجودیکہ ان کو صاف اقرار تھا کہ میں میعاد پیشگوئی کے اندر ڈرتا رہا مگر اسلامی ہیبت سے نہیں بلکہ تعلیم یافتہ سانپ اور حملوں وغیرہ سے۔ اور چونکہ وہ خوف کو چھپا نہ سکے اس لئے یہ بہانے بنائے اور ثبوت کچھ نہ دیا اور اسی وجہ سے ان کو قسم کی طرف بلایا گیا تھا تا اگر وہ سچے ہیں تو قسم کھالیں مگر باوجود چار ہزار روپیہ نقد دینے کے قسم نہ کھائی۔ نہ نالش سے اپنے ان بہتانوں کو ثابت کیا یہاں تک کہ قبر میں داخل ہو گئے۔ میرے الہام میں یہ بھی تھا کہ اگر آتھم سچی گواہی نہیں دے گا اور نہ قسم کھائے گا تب بھی **اصرار کے بعد جلد مرے گا**۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور آتھم صاحب میرے آخری اشتہار سے **سات مہینے** کے اندر مر گئے۔ اور عجیب تر یہ کہ ان کے اس تمام قصہ کی بارہ برس قبل از وقوع براہین احمدیہ کے الہامات میں خبر موجود ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۴۱ براہین احمدیہ۔ پھر ایسی صاف اور روشن پیشگوئی کی نسبت یہ گمان کرنا کہ وہ پوری نہیں ہوئی کس قدر انصاف کا خون کرنا ہے۔ کیا آتھم صاحب کی اس پیشگوئی میں کوئی شرط نہیں تھی؟ اور اگر تھی تو کیا آتھم صاحب نے اپنے اقوال اور افعال سے اس شرط کا پورا ہونا ثابت نہیں کیا؟ کیا آتھم صاحب میرے اس الزام کو قبر میں ساتھ نہیں لے گئے کہ انہوں نے خوف کا اقرار کر کے پھر یہ ثابت کر کے نہ دکھلایا کہ وہ خوف کسی تعلیم یافتہ سانپ وغیرہ حملوں کی وجہ سے تھا نہ اسلامی پیشگوئی کے رعب کی وجہ سے۔ وہ ہمیشہ مباحثات کرتے تھے مگر پیشگوئی کے بعد ایسے چپ ہوئے کہ چپ ہونے کی حالت میں ہی گذر گئے۔

پس پیشگوئی تین طور سے پوری ہوئی **اوّل** اپنی شرط کی رو سے کہ شرط پر عمل کرنے سے اس کا فائدہ آتھم کو دیا گیا۔ **دوم** اخفائے شہادت کے بعد جو وعدہ موت تھا اس وعدہ

کے رو سے۔ سوم براہین احمدیہ کے اس الہام کے رو سے جو اس واقعہ سے بارہ برس پہلے ہو چکا تھا اب سوچو کہ اس سے بڑھ کر اگر کسی پیشگوئی میں صفائی ہوگی تو اور کیا ہوگی۔ اگر کوئی سچائی کو چھوڑ کر باتیں بناوے تو ہم اس کا منہ بند نہیں کر سکتے لیکن آتھم کی نسبت جو الہام کے الفاظ ہیں وہ ایسے صاف ہیں کہ ایک حق کے طالب کو بجز ان کے ماننے کے کچھ بن نہیں پڑتا۔ اور براہین احمدیہ کا الہام جو آتھم صاحب کی نسبت ہے جو بارہ برس پہلے اس پیشگوئی سے تقریباً تمام اسلامی دنیا میں شائع ہو چکا ہے اس پر غور کرنے والے تو سجدہ میں گریں گے کہ کیسا عالم الغیب خدا ہے جس نے پہلے سے ان تمام آئندہ واقعات اور جھگڑوں کی خبر دے دی۔ ﴿۱۹﴾

چونکہ اکثر اہل دنیا کو آج کل اس برتر ہستی پر ایمان نہیں ہے اس لئے ان کے خیالات بہ نسبت اس کے کہ نیک ظنی کی طرف جائیں بدظنی کی طرف زیادہ جاتے ہیں۔ یہ بالکل غلطی ہے کہ گورنمنٹ نے لیکھرام کے مقدمہ میں سُستی کی ہے اور آتھم کے مقدمہ میں اگر وہ قتل ہو جاتا تو سُستی نہ کرتی۔ ہم کہتے ہیں کہ بیشک یہ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ ہندو اور مسلمانوں کو دونوں آنکھوں کی طرح برابر دیکھے۔ کسی کی رعایت نہ کرے جیسا کہ فی الواقعہ یہ عادل گورنمنٹ ایسا ہی کر رہی ہے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا کوئی گورنمنٹ خدا سے بھی لڑ سکتی ہے۔ بے شک گورنمنٹ کا فرض ہے کہ کسی نابکار خونی کو پکڑے اس کو پھانسی دے اور بدتر سے بدتر سزا کے ساتھ اس کو تنبیہ کرے تا دوسرے عبرت پکڑیں اور ملک میں امن قائم رہے۔ اگر آتھم قتل ہو جاتا تو بے شک وہ شخص پھانسی ملتا جو آتھم کا قاتل ہوتا۔ اسی طرح جب ثابت ہوگا کہ لیکھرام کا فلاں شخص قاتل ہے اور وہ گرفتار ہوگا تو ایسا ہی وہ بھی پھانسی ملے گا۔ گورنمنٹ کا اس میں کیا قصور ہے؟ اور کون سی سُستی؟ کس قاتل کو آریہ صاحب کس ثبوت کے ساتھ گرفتار کرانا چاہتے ہیں جس کے پکڑنے میں گورنمنٹ متأمل ہے؟ لیکن گورنمنٹ خدا کی پیشگوئیوں میں دخل نہیں دے سکتی۔ جس قدر گورنمنٹ اس کی طرف توجہ کرے گی اسی قدر ان پیشگوئیوں کو آسمانی اور بے لوث اور پاک پائے گی۔ آخر یہ گورنمنٹ اہل کتاب ہے اور اس خدا سے منکر نہیں ہے جو پوشیدہ بھیدوں کو جانتا ہے اور آنے والے زمانہ کی ایسے

طور سے خبر دے سکتا ہے کہ گویا وہ موجود ہے۔ کیا چھ سال کی میعاد بیان کرنا اور عید کے دوسرے دن کا پتہ دینا اور صورت موت بیان کر دینا یہ خدا سے ہونا محال ہے؟ اگر خدا سے محال ہے تو ان قیدوں کے ساتھ انسان کی اپنی پیشگوئی کیوں کر ممکن ہے۔ کیا دور دراز عرصہ سے ایسی صحیح خبریں دینا انسان کا کام ہے؟ اگر ہے تو اس کی دنیا میں کوئی نظیر پیش کرو۔ گورنمنٹ کو یہ فخر ہونا چاہیے کہ اس ملک میں اور اس کے زمانہ بادشاہت میں خدا اپنے بعض بندوں سے وہ تعلق پیدا کر رہا ہے کہ جو قصوں اور کہانیوں کے طور پر کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔ اس ملک پر یہ رحمت ہے کہ آسمان زمین سے نزدیک ہو گیا ہے۔ ورنہ دوسرے ملکوں میں اس کی نظیر نہیں!

یہ بھی ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ مختلف مقامات پنجاب سے کئی خط میرے پاس پہونچے ہیں جن میں بعض آریہ صاحبوں کے جوشوں اور نامناسب منصوبوں کا تذکرہ ہے۔ میرے پاس وہ خط بحفاظت موجود ہیں اور اس جگہ کے بعض آریہ کو میں نے وہ خط دکھلا دیئے ہیں۔ چنانچہ ایک خط جو گوجرانوالہ سے ایک معزز اور رئیس کا مجھ کو پہنچا ہے اس کا مضمون یہ ہے کہ ''اس جگہ دو دن تک جلسہ ماتم لیکھرام ہوتا رہا اور قاتل کے گرفتار کنندہ کے لئے ہزار روپیہ انعام قرار پایا ہے اور دو سو اس کے لئے جو نشان دہی کرے اور خارجاً سنا گیا ہے کہ ایک خفیہ انجمن آپ کے قتل کے لئے منعقد ہوئی ہے☆ اور اس انجمن کے ممبر قریب قریب شہروں کے لوگ (جیسے لاہور، امرتسر، بٹالہ اور خاص گوجرانوالہ کے ہیں) منتخب ہوئے ہیں۔ اور تجویز یہ ہے کہ بیس ہزار روپیہ چندہ ہو کر کسی شریر طامع کو اس کام کیلئے مامور کریں تا وہ موقعہ پا کر قتل کر دے۔ چنانچہ دو ہزار روپیہ تک چندہ کا بندوبست ہو بھی گیا ہے۔ باقی دوسرے شہروں اور دیہات سے وصول کیا جائے گا''۔ پھر بعد اس کے ﴿۲۰﴾

☆ یہی خبر اجمالاً پیسہ اخبار میں بھی لکھی ہے۔ منہ

۞ براہین احمدیہ کا وہ الہام یعنی یا عیسٰی انّی متوفیک جو سترہ برس سے شائع ہو چکا ہے اس کے اس وقت خوب معنے کھلے یعنی یہ الہام حضرت عیسیٰ کو اس وقت بطور تسلی ہوا تھا جب یہود ان کے مصلوب کرنے کے لئے کوشش کر رہے تھے۔ اور اس جگہ بجائے یہود ہنود کوشش کر رہے ہیں اور الہام کے یہ معنے ہیں کہ میں تجھے ایسی ذلیل اور لعنتی موتوں سے بچاؤں گا۔ دیکھو اس واقعہ نے عیسیٰ کا نام اس عاجز پر کیسے چسپاں کر دیا ہے۔ منہ

صاحب راقم لکھتے ہیں کہ ''اگرچہ آپ حافظ حقیقی کی حمایت میں ہیں تاہم رعایت اسباب ضروری ہے۔اور میرے نزدیک ایسے وقت میں شریر مسلمانوں سے بھی پرہیز لازم ہے کیوں کہ وہ طامع اور بد باطن ہیں۔ کچھ تعجب نہیں کہ وہ بظاہر بیعت میں داخل ہوکر آریوں کی طمع دہی سے اس کام کے لئے جرأت کریں''۔ پھر صاحب راقم لکھتے ہیں کہ ''مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس مشورہ قتل کے سرگروہ اس شہر کے بعض وکیل اور چند عہدہ دار سرکاری اور بعض آریہ رئیس و سرکردگان لاہور کے ہیں۔جس قدر مجھے خبر پہونچی ہے میں نے عرض کردیا و اللّٰہ اعلم''۔اور اسی کا مصدق ایک خط پنڈ دادنخان سے اور کئی اور جگہ سے پہونچے ہیں اور مضمون قریب قریب ہے۔ یہ سب خط محفوظ ہیں۔اور جس جوش کو بعض آریہ صاحبوں کے اخبار نے ظاہر کیا ہے وہ بتلا رہا ہے کہ ایسے جوش کے وقت یہ خیالات بعید نہیں ہیں۔ چنانچہ ضمیمہ اخبار پنجاب سماچار لاہور میں میری نسبت یہ چند سطریں لکھی ہیں۔''ایک حضرت نے شاید اپنی مصنفہ کتاب موعود مسیحی میں یہ پیشگوئی بھی کی کہ پنڈت لیکھرام چھ سال کے عرصہ میں عید کے دن نہایت دردناک حالت میں مرے گا۔ یہ پیشگوئی اب قریب تھی کیوں کہ غالباً ۱۸۹۷ء چھٹا سال تھا اور ۵/ مارچ ۱۸۹۷ء آخری عید چھٹے سال کی تھی۔علانیہ بذریعہ تحریر وتقریر کہا کرتے تھے کہ پنڈت کو مار ڈالیں گے اور مزید براں یہ کہ پنڈت اس عرصہ میں اور فلاں دن میں ایک دردناک حالت میں مرے گا۔کیا آریہ دھرم کے اس مخالف اور چند ایک کتب کے ایک خاص مصنف کو (یعنی اس عاجز کو) اس سازش سے کوئی تعلق نہیں ہے؟'' اس اخبار والے نے اور ایسا ہی دوسروں نے اس پیشگوئی سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ ایک منصوبہ تھا جو پیشگوئی کے طور پر مشہور کیا گیا جیسا کہ وہ اسی اخبار کے دوسرے صفحہ میں لکھتا ہے کہ ''یہ قتل کئی ایک اشخاص کی مدت کی سوچی اور سمجھی ہوئی اور پختہ سازش کا نتیجہ ہے''۔ ہم اس بات کو خود مانتے اور قبول کرتے ہیں کہ پیشگوئی کی تشریح میں بار بار تفہیم الٰہی سے یہی لکھا گیا تھا کہ وہ ہیبت ناک طور پر ظہور میں آئے گی اور نیز یہ کہ لیکھرام کی موت کسی بیماری سے نہیں ہوگی بلکہ خدا کسی ایسے کو اس پر مسلط کرے گا جس کی آنکھوں سے خون ٹپکتا ہوگا مگر جو پنجاب ﴿۲۱﴾

سماچار دہم مارچ ۱۸۹۷ء میں الہام کے حوالہ سے عید کا دن لکھا ہے یہ اس کی غلطی ہے الہام کی عبارت یہ ہے **ستعرف یوم العید و العید اقرب** یعنی تو اس نشان کے دن کو جو عید کی مانند ہے پہچان لے گا اور عید اس نشان کے دن سے بہت قریب ہوگی۔ یہ خدا نے خبر دی ہے کہ عید کا دن قتل کے دن کے ساتھ ملا ہوا ہوگا اور ایسا ہی ہوا۔ عید جمعہ کو ہوئی اور شنبہ کو جو شوال ۱۳۱۴ھ کی دوسری تاریخ تھی لیکھرام قتل ہوگیا۔

سو اس تمام پیشگوئی کا ماحصل یہ ہے کہ یہ ایک ہیبت ناک واقعہ ہوگا جو چھ سال کے اندر وقوع میں آئے گا اور وہ دن عید کے دن سے ملا ہوا ہوگا یعنی دوسری شوال کی ہوگی۔

اب سوچو کیا یہ انسان کا کام ہے کہ تاریخ بتلائی گئی، دن بتلایا گیا، سبب موت بتلایا گیا اور اس حادثہ کا وقوعہ ہیبت ناک طرز سے ظہور میں آنا بتلایا گیا۔ اس کا تمام نقشہ برکات الدعا کے مضمون میں کھینچ کر دکھلایا گیا۔ کیا یہ کسی منصوبہ باز کا کام ہوسکتا ہے کہ چھ برس پہلے ایسے صریح نشانوں کے ساتھ خبر دیدے اور وہ خبر پوری ہو جائے۔ توریت گواہی دیتی ہے کہ جھوٹے نبی کی پیشگوئی کبھی پوری نہیں ہوسکتی۔ خدا اس کے مقابل پر کھڑا ہو جاتا ہے تا دنیا تباہ نہ ہو جیسا کہ لیکھرام نے بھی ایک دنیوی چالاکی سے انہیں دنوں میں میری نسبت یہ اشتہار دیا تھا کہ تم تین برس کے عرصہ تک مر جاؤ گے۔ پس کیوں وہ کسی قاتل سے سازش نہ کر سکا تا اس کی بات پوری ہوتی۔

ایک اور بات سوچنے کے لائق ہے کہ یہ بدگمانی کہ ان کے کسی مرید نے مار دیا ہوگا یہ شیطانی خیال ہے۔ ہر یک دانا سمجھ سکتا ہے کہ مریدوں کا مرشد کے ساتھ ایک نازک تعلق ہوتا ہے اور اعتقاد کی بنا تقویٰ اور طہارت اور نیکوکاری پر ہوتی ہے۔ لوگ جو کسی کے مرید ہوتے ہیں وہ اسی نیت سے مرید ہوتے ہیں کہ وہ سمجھ لیتے ہیں کہ یہ شخص باخدا ہے اس کے دل میں کوئی فریب اور فساد کی بات نہیں۔ ﴿۲۲﴾
پس اگر وہ ایک ایسا بدکار اور لعنتی شخص ہے کہ کسی کی موت کی جھوٹی پیشگوئی اپنی طرف سے بناتا ہے اور پھر جب اس کی میعاد ختم ہونے پر ہوتی ہے تو کسی مرید کے آگے ہاتھ جوڑتا ہے کہ اب میری عزت

رکھ لے اور اپنے گلے میں رسہ ڈال اور مجھے سچا کر کے دکھلا۔ اب میں منصفوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا ایسے پلید اور لعنتی انسان کا یہ چال چلن دیکھ کر اور یہ شیطانی منصوبہ سن کر کوئی مرید اس کا معتقد رہ سکتا ہے کیا وہ مرشد کو ایک بدکار ملعون اور فاسق فاجر خیال نہیں کرے گا؟ اور کیا وہ اس کو یہ نہیں کہے گا کہ اے بدکار ہمارے ایمان کو خراب کرنے والے کیا تیری پیشگوئیوں کی اصلیت یہی تھی۔ کیا تیرا یہ منشاء ہے کہ جھوٹ تو تو بولے اور رسہ دوسرے کے گلے میں پڑے اور اس طرح تیری پیشگوئی پوری ہو۔

جس قدر دنیا میں نبی اور مرسل گذرے ہیں یا آگے مامور اور محدث ہوں کوئی شخص ان کے مریدوں میں اس حالت میں داخل نہیں ہوسکتا تھا اور نہ ہوگا جبکہ ان کو مکار اور منصوبہ باز سمجھتا ہو۔ یہ رشتہ پیری مریدی نہایت ہی نازک رشتہ ہے۔ ادنیٰ بدظنی سے اس میں فرق آجاتا ہے۔ میں نے ایک دفعہ اپنے مریدوں کی جماعت میں دیکھا کہ بعض ان میں سے صرف اس وجہ سے میری نسبت شبہ میں پڑ گئے کہ میں نے ایک عذر بیماری سے جس کی انہیں اطلاع نہیں تھی نماز کے قعدہ التحیات میں دہنے پیر کو کھڑا نہیں رکھا تھا۔ اتنی بات میں دو آدمی باتیں بنانے لگے اور شبہات میں پڑ گئے کہ یہ خلاف سنت ہے۔ ایک مرتبہ چائے کی پیالی بائیں ہاتھ سے میں نے پکڑی کیوں کہ میرے دہنے ہاتھ کی ہڈی ٹوٹی ہوئی اور کمزور ہے۔ اسی پر بعض نے نکتہ چینی کی کہ خلاف سنت ہے اور ہمیشہ ایسا ہوتا رہتا ہے کہ بعض نو مرید ادنیٰ ادنیٰ باتوں پر اپنی نافہمی سے ابتلا میں پڑ جاتے ہیں اور ادنیٰ ادنیٰ خانگی امور تک نکتہ چینیاں شروع کر دیتے ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰ کو بھی اسی طرح تکلیف دیتے تھے کیونکہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے کہ اس کے پیرو ہر ایک انسان کے قول و فعل کو راستبازی اور تقویٰ کے پیمانہ سے ناپتے ہیں۔ اور اگر اس کے مخالف پاتے ہیں تو پھر فی الفور اس سے الگ ہو جاتے ہیں۔

سو سوچنا چاہیے کہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایسے لوگ اس بدمعاش شخص کے ساتھ وفا کر سکیں جس کا تمام کاروبار مکروں اور منصوبوں سے بھرا ہوا ہے۔ اور لوگوں کو ناحق کے خون کرنے کے لئے مامور کرنا چاہتا ہے تا اس کا ناک نہ کٹے اور پیشگوئی پوری ہو۔ کوئی انسان ﴿۲۳﴾

عمداً اپنے ایمان کو برباد کرنا نہیں چاہتا۔ پھر اگر ایسی سازش میں بفرض محال کوئی مرید شریک ہو تو تمام مریدوں میں یہ بات کیونکر پوشیدہ رہ سکتی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ہماری جماعت میں بڑے بڑے معزز داخل ہیں بی اے۔ اور ایم اے اور تحصیلدار اور ڈپٹی کلکٹر اور اکسٹرا اسسٹنٹ اور بڑے بڑے تاجر۔ اور ایک جماعت علماء وفضلاء۔ تو کیا یہ تمام لچّوں اور بدمعاشوں کا گروہ ہے؟ ہم بآواز بلند کہتے ہیں کہ ہماری جماعت نہایت نیک چلن اور مہذب اور پرہیزگار لوگ ہیں۔ کہاں ہے کوئی ایسا پلید اور لعنتی ہمارا مرید جس کا یہ دعویٰ ہو کہ ہم نے اس کو لیکھرام کے قتل کے لئے مامور کیا تھا؟ ہم ایسے مرشد کو اور ساتھ ہی ایسے مرید کو کتوں سے بدتر اور نہایت ناپاک زندگی والا خیال کرتے ہیں کہ جو اپنے گھر سے پیشگوئیاں بنا کر پھر اپنے ہاتھ سے اپنے مکر سے اپنے فریب سے ان کے پوری ہونے کے لئے کوشش کرے اور کراوے۔

پس افسوس کہ اخبار پنجاب سماچار مطبوعہ ۱۰؍ مارچ میں سازش کا الزام جو ہم پر لگایا ہے یہ کس قدر سچائی کا خون ہے۔ میں صاحب اخبار سے پوچھتا ہوں کہ آپ لوگوں میں بھی بڑے بڑے اوتار گذرے ہیں۔ جیسے راجہ رام چندر صاحب اور راجہ کرشن صاحب۔ کیا آپ لوگ ان کی نسبت یہ گمان کر سکتے ہیں کہ انہوں نے پیشگوئی کر کے پھر اپنی عزت رکھنے کے لئے ایسا حیلہ کیا ہو کہ کسی اپنے چیلہ کی منت خوشامد کی ہو کہ اس کو اپنی کوشش سے پوری کر کے میری عزت رکھ لے اور پھر ان کے چیلے ان کو اچھا آدمی سمجھتے ہوں۔ ہاں یہ تو ہوسکتا ہے کہ ایک بدمعاش ڈاکو کے ساتھ اور چند بدمعاش جمع ہوں اور ایسے کام خفیہ طور پر کریں لیکن اس میرے مریدوں کے سلسلے میں جس کے ساتھ مہدی موعود اور مسیح موعود ہونے کا دعویٰ بھی بڑے زور سے ہے یہ حرم زدگی کے کام میلان نہیں کھا سکتے۔ ہر ایک مرید اس بلند دعویٰ کو دیکھ کر نہایت اعلیٰ سے اعلیٰ پرہیزگاری کا نمونہ دیکھنا چاہتا ہے۔ پس کیوں کر ممکن ہے کہ دعویٰ تو یہ ہو کہ میں وقت کا عیسیٰ ہوں اور جھوٹی پیشگوئیوں کو اس طرح پر پورا کرنا چاہے کہ مریدوں کے آگے ہاتھ جوڑے کہ مجھ سے قصور ہو گیا میری پردہ پوشی کرو جاؤ آپ مرو اور کسی طرح میری پیشگوئی سچی کرو۔ کیا ایسا مردار ایک پاک جماعت

کا مالک ہوسکتا ہے؟ کہاں ہے تمہارا پاک کانشنس اے مہذب آریو!؟ اور کہاں ہے فطرتی زیرکی اے آریہ کے دانشمندو! ہمارا یہ اصول ہے کہ کل بنی نوع کی ہمدردی کرو۔ اگر ایک شخص ایک ہمسایہ ہندو کو دیکھتا ہے کہ اس کے گھر میں آگ لگ گئی اور یہ نہیں اٹھتا کہ تا آگ بجھانے میں مدد دے تو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ مجھ سے نہیں ہے۔ اگر ایک شخص ہمارے مریدوں میں سے دیکھتا ہے کہ ایک عیسائی کو کوئی قتل کرتا ہے اور وہ اس کے چھڑانے کیلئے مدد نہیں کرتا تو میں تمہیں بالکل درست کہتا ہوں کہ وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اسلام اس قوم کے بدمعاشوں کا ذمہ دار نہیں ہے۔ بعض ایک ایک روپیہ کی لالچ پر بچوں کا خون کر دیتے ہیں۔ ایسی وارداتیں اکثر نفسانی اغراض سے ہوا کرتی ہیں اور پھر بالخصوص ہماری جماعت جو نیکی اور پرہیزگاری سیکھنے کیلئے میرے پاس جمع ہے وہ اس لئے میرے پاس نہیں آتے کہ ڈاکوؤں کا کام مجھ سے سیکھیں اور اپنے ایمان کو برباد کریں میں حلفاً کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ مجھے کسی قوم سے دشمنی نہیں۔ ہاں جہاں تک ممکن ہے ان کے عقائد کی اصلاح چاہتا ہوں۔ اور اگر کوئی گالیاں دے تو ہمارا شکوہ خدا کی جناب میں ہے نہ کسی اور عدالت میں۔ اور باایں ہمہ نوع انسان کی ہمدردی ہمارا حق ہے۔ ہم اس وقت کیونکر اور کن الفاظ سے آریہ صاحبوں کے دلوں کو تسلی دیں کہ بدمعاشی کی چالیں ہمارا طریق نہیں ہیں۔ ایک انسان کی جان جانے سے تو ہم دردمند ہیں اور خدا کی ایک پیشگوئی پوری ہونے سے ہم خوش بھی ہیں۔ کیوں خوش ہیں؟ صرف قوموں کی بھلائی کیلئے۔ کاش وہ سوچیں اور سمجھیں کہ اس اعلیٰ درجہ کی صفائی کے ساتھ کئی برس پہلے خبر دینا یہ انسان کا کام نہیں ہے۔ ہمارے دل کی اس وقت عجیب حالت ہے۔ درد بھی ہے اور خوشی بھی۔ درد اس لئے کہ اگر لیکھرام رجوع کرتا زیادہ نہیں تو اتنا ہی کرتا کہ وہ بدزبانیوں سے باز آجاتا تو مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ میں اس کیلئے دعا کرتا۔ اور میں امید رکھتا تھا کہ اگر وہ ٹکڑے ٹکڑے بھی کیا جاتا تب بھی زندہ ہو جاتا۔ وہ خدا جس کو میں جانتا ہوں اس سے کوئی بات انہونی نہیں اور خوشی اس بات کی ہے کہ پیشگوئی نہایت صفائی سے پوری ہوئی۔ آتھم کی پیشگوئی پر بھی اس نے دوبارہ روشنی ڈال دی۔ کاش اب لوگ سوچیں اور سمجھیں ﴿۲۴﴾

اور قوموں کے درمیان سے بغض اور کینے دور ہو جائیں کیونکہ عداوت اور دشمنی کی زندگی مرنے کے قریب قریب ہے۔

اور اگر اب بھی کسی شک کرنے والے کا شک دور نہیں ہوسکتا۔ اور مجھے اس قتل کی سازش میں شریک سمجھتا ہے جیسا کہ ہندو اخباروں نے ظاہر کیا ہے تو میں ایک نیک صلاح دیتا ہوں کہ جس سے سارا قصہ **فیصلہ** ہو جائے اور وہ یہ ہے کہ **ایسا شخص** میرے سامنے **قسم** کھاوے جس کے الفاظ یہ ہوں کہ ''میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہ شخص سازش قتل میں شریک یا اس کے حکم سے واقعہ قتل ہوا ہے۔ پس اگر یہ صحیح نہیں ہے تو اے قادر خدا **ایک برس** کے اندر مجھ پر وہ عذاب نازل کر جو ہیبت ناک عذاب ہو مگر کسی انسان کے ہاتھوں سے نہ ہو۔ اور نہ انسان کے منصوبوں کا اس میں کچھ دخل متصور ہو سکے۔ **پس اگر** یہ شخص ایک برس تک میری بددعا سے بچ گیا تو میں مجرم ہوں اور اس سزا ﴿۲۵﴾ کے لائق کہ ایک قاتل کیلئے ہونی چاہیے۔ اب اگر کوئی بہادر **کلیجہ والا** آریہ ہے جو اس طور سے تمام دنیا کو شبہات سے چھڑا دے تو اس طریق کو اختیار کرے۔ یہ طریق نہایت سادہ اور راستی کا فیصلہ ہے۔ شاید اس طریق سے ہمارے مخالف مولویوں کو بھی فائدہ پہنچے۔ میں نے سچے دل سے یہ لکھا ہے مگر یاد رہے کہ ایسی آزمائش کرنے والا خود قادیان میں آوے اس کا کرایہ میرے ذمہ ہوگا۔ جانبین کی تحریرات چھپ جائیں گی۔ اگر خدا نے اس کو ایسے عذاب سے **ہلاک** نہ کیا جس میں انسان کے ہاتھوں کی آمیزش نہ ہو تو میں کاذب ٹھہروں گا **اور تمام دنیا گواہ رہے** کہ اس صورت میں مَیں اسی سزا کے لائق ٹھہروں گا۔ جو مجرم قتل کو دینی چاہیے میں اس جگہ سے دوسرے مقام نہیں جا سکتا۔ مقابلہ کرنے والے کو آپ آنا چاہیے مگر مقابلہ کرنے والا ایک ایسا شخص ہو جو دل کا بہت بہادر اور جوان اور مضبوط ہو۔ اب بعد اس کے سخت بے حیائی ہوگی کہ کوئی غائبانہ میرے پر ایسے ناپاک شبہات کرے میں نے طریق فیصلہ آگے رکھ دیا ہے۔ اگر میں اس کے بعد روگردان ہو جاؤں تو مجھ پر خدا کی لعنت اور اگر کوئی اعتراض کرنے والا بہتانوں سے باز نہ آوے اور اس طریق فیصلہ سے طالب تحقیق نہ ہو تو اس پر لعنت۔ اے شتاب کار لوگو جیسا کہ تمہارا گمان ہے مجھے کسی قوم سے عداوت نہیں۔ ہر یک نوع انسان سے ہمدردی

ہے اور جہاں تک میرے بدن میں طاقت ہے اس ہمدردی کے لئے مشغول ہوں اور میں جیسا کہ قوموں کا ہمدرد ہوں ایسا ہی گورنمنٹ انگریزی کا شکرگذار اور سچے دل سے اس کا خیرخواہ ہوں اور مفسدہ پردازیوں سے بدل بیزار ہوں۔

ایک اور نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ پنڈت لیکھرام کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی اس کے وقوع سے سترہ برس پہلے براہین احمدیہ میں اس پیشگوئی کی خبر دی گئی ہے جیسا کہ براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں یہ الہام ہے لن ترضی عنک الیھود ولا النصاریٰ. و خرقوا لہٗ بنینَ و بنات بغیر علم. قل ھو اللّٰہ احد اللّٰہ الصَمَد لَم یَلد و لم یولَد ولم یکن لہ کفوا احد. ویمکرون و یمکر اللّٰہ و اللّٰہ خیر الماکرین. الفتنۃ☆ ھھنا فاصبر کما صَبَر اٰولوا العزم. قل رب ادخلنی مدخل صدق ولا تیئس من روح اللّٰہ الا ان روح اللّٰہ قریب. الا ان نصر اللّٰہ قریب. یاتیک من کل فج عمیق. یاتون من کل فج عمیق. ینصرک اللّٰہ من عندہ. ینصرک رجال نوحی الیھم من السماء. لا مبدل لکلمات اللّٰہ. انا فتحنا لک فتحا مبینا یعنی پادری لوگ اور یہودی صفت مسلمان تجھ سے راضی نہیں ﴿۲۶﴾

☆ حاشیہ۔ براہین احمدیہ میں تین فتنوں کا ذکر ہے۔ اول بڑا فتنہ عیسائی پادریوں کا جنہوں نے مکاری سے تمام جہان میں شور مچا دیا کہ آتھم کی پیشگوئی جھوٹی نکلی اور یہودی صفت مولویوں اور ان کے ہم مشرب مسلمانوں کو ساتھ ملا لیا دیکھو صفحہ ۲۴۱۔ دوسرا فتنہ جو دوسرے درجہ پر ہے محمد حسین بٹالوی کا فتنہ ہے جس فتنہ کی نسبت براہین کے صفحہ ۵۱۰ میں یہ لکھا ہے و اذ یمکر بک الذی کفر اوقد لی یاھامان لعلی اطلع الی الٰہ موسٰی. و انی لاظنہ من الکاذبین. تبت یدا ابی لھب و تب ما کان لہ ان یدخل فیھا الا خائفا.. وما اصابک فمن اللّٰہ. الفتنۃ ھھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم. الا انھا فتنۃ من اللّٰہ لیحبّ حبّا جمّا. حبّا من اللّٰہ العزیز الاکرم عطاءً غیر مجذوذ یعنی وہ زمانہ یاد رکھ کہ جب ایک منکر تجھ سے مکر کرے گا اور اپنے دوست ہامان کو کہے گا کہ فتنہ کی آگ بھڑکا کہ میں موسیٰ کے خدا پر اطلاع پانا چاہتا ہوں اور میں گمان کرتا ہوں کہ وہ جھوٹا ہے۔ ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک ہوگئے اور وہ آپ بھی ہلاک ہوگیا اس کو نہیں چاہیے تھا کہ تکفیر اور تکذیب کے امر میں دخل دیتا مگر یہ کہ ڈرتا ہوا ان باتوں کو پوچھ لیتا کہ جو اس کو سمجھ نہیں آتی تھیں اور تجھے جو کچھ پہونچے گا وہ خدا کی طرف سے ہے۔ ﴿۲۶﴾

ہوں گے۔ اور خدا کے بیٹے اور بیٹیاں انہوں نے بنا رکھی ہیں۔ ان کو کہہ دے کہ خدا وہی ہے جو ایک ہے اور بے نیاز ہے نہ اس کا کوئی بیٹا اور نہ وہ کسی کا باپ اور نہ کوئی اس کا ہم کفو اور یہ لوگ مکر کریں گے (یہ آتھم کی ظہور پیشگوئی کی طرف اشارہ ہے) اور خدا بھی مکر کرے گا کہ ان کو ذرہ مہلت دے گا تا اپنے جھوٹے خیالات سے خوش ہو جائیں۔ اور پھر فرمایا کہ اس وقت پادریوں اور یہود صفت مسلمانوں کی طرف سے ایک فتنہ برپا ہوگا۔ پس تو صبر کر جیسا کہ اولوالعزم نبیوں نے صبر کیا۔ اور خدا سے اپنے صدق کا ظہور مانگ یعنی دعا کر کہ پیشگوئی کے

تتمہ حقیقۃ الوحی

اس جگہ ایک فتنہ ہوگا پس تجھے صبر کرنا چاہیے جیسا کہ اولوالعزم نبی صبر کرتے رہے۔ یاد رکھ کہ وہ فتنہ خدا کی طرف سے ہوگا۔ تا وہ تجھ سے بہت ہی پیار کرے خدا کا پیار جو اللہ عزیز اکرم ہے۔ یہ وہ عطا ہے جو واپس نہیں لی جائے گی۔ اس وقت مجھے یہ سمجھ آیا ہے کہ الہام میں ہامان سے مراد نذیر حسین محدث دہلوی ہے کیونکہ پہلے سب سے محمد حسین اس کی طرف التجا لے گیا۔ اور یہ کہا کہ او قد لی یاھامان اس کا یہ مطلب ہے کہ تکفیر کی بنیاد ڈال دے تا دوسرے اس کی پیروی کریں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نذیر حسین کی عاقبت تباہ ہے اگر توبہ کر کے نہ مرے اور ممکن ہے کہ ابولہب سے مراد بھی نذیر حسین ہی ہو اور محمد حسین کا انجام اس آیت پر ہو اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ[1] کیونکہ بعض رؤیا اس عاجز کی اس تاویل کی مؤید ہیں۔ پس خدا کے فضل سے کچھ تعجب نہیں کہ یہ متواتر تائیدوں کو دیکھ کر آخر توبہ کرے اور ہامان مارا جائے۔ تیسرا فتنہ جو تیسرے درجہ پر ہے لیکھرام کی موت کا فتنہ ہے یعنی آریوں کی بدگمانیاں اور ضرر رسانی کے لئے پوشیدہ کوششیں جیسا کہ پیسہ اخبار میں بھی ان کے قتل کے ارادوں کا ذکر ہے اور براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۷ میں اس فتنہ اور اس کے ساتھ کے نشان کی نسبت یہ الہام ہے **میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اٹھاؤں گا۔ دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا۔** الفتنة ههنا فاصبر كما صبر اولوا العزم فلما تجلّٰى ربّه للجبل جعله دكّا یعنی اس جگہ ایک فتنہ ہوگا پس صبر کر اور جب خدا مشکلات کے پہاڑ پر تجلی کرے گا تو انہیں پاش پاش کر دے گا۔ یہ براہین احمدیہ کے الہام ہیں مگر اس تحریر کے وقت ابھی ایک الہام ہوا اور وہ یہ ہے۔

سَلامَت بَر تو اے مَردِ سَلامَت

﴿۲۷﴾

[1] یونس:۹۱

چھپانے میں جو جو پادریوں اور یہود صفت مسلمانوں نے لوگوں کو دھوکے دیئے ہیں وہ دھوکے دور ہو جائیں۔ اور پھر فرمایا کہ خدا کی رحمت سے نومید نہ ہو کیونکہ خدا کی رحمت اُس ابتلاء کے دنوں کے بعد جلد آئے گی۔ خدا کی نصرت ہر ایک راہ سے آئے گی۔ لوگ دور دور سے تیرے پاس آئیں گے۔ خدا نشان دکھلانے کیلئے اپنے پاس سے تیری مدد کرے گا یعنی بلا واسطہ نشان دکھائے گا اور نیز وہ لوگ بھی مدد کریں گے جن کے دلوں پر ہم خود آسمان سے وحی نازل کریں گے یعنی بعض نشان بالواسطہ بھی ہم ظاہر کریں گے۔ مطلب یہ کہ بعض پیشگوئیاں براہ راست ظہور میں آئیں گی اور بعض کے ظہور کیلئے ایسے انسان واسطہ ٹھہر جائیں گے جن کے دلوں میں ہم ڈال دیں گے۔ خدا کی باتیں کبھی نہیں ٹلیں گی اور کوئی نہیں جو ان کو روک سکے۔ ہم پادریوں کے مکر کے بعد ایک کھلی کھلی فتح تجھ کو دیں گے۔ ﴿۲۷﴾

ان الہامات میں خدا تعالیٰ نے صاف لفظوں میں فرما دیا کہ اوّل پادری لوگ اور یہود صفت مسلمان مکر کے رو سے ایک پیشگوئی کی حقیقت کو چھپائیں گے تا تیری سچائی چھپی رہے اور ظاہر نہ ہو۔ پھر بعد اس کے یوں ہوگا کہ ہم ارادہ فرمائیں گے کہ تیری سچائی ظاہر ہو اور تیری پیشگوئیوں کی حقانیت کھل جائے۔ تب ہم دو قسم کے نشان ظاہر کریں گے۔ ایک وہ جن میں انسانوں کے افعال کا دخل نہیں جیسے مذہبی جلسہ میں **پہلے سے ظاہر کیا گیا کہ یہ مضمون تمام مضامین پر غالب رہے گا** اور اس پیشگوئی کے پورا کرنے میں انسانوں کا ذرہ دخل نہیں ہوگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا بلکہ مخالفانہ کوششیں ہوئیں اور ہر ایک چاہتا تھا کہ میرا مضمون غالب رہے۔ آخر پیشگوئی کے مضمون کے موافق ہمارا مضمون غالب ہوا۔ اور دوسرے ان الہامات براہین احمدیہ میں یہ وعدہ تھا کہ ہم وہ نشان ظاہر کریں گے جن میں انسانوں کے افعال کا دخل ہوگا سو اس کے مطابق لیکھرام کی نسبت پیشگوئی ظہور میں آئی کیونکہ یہ نشان بالواسطہ ظاہر ہوا اور کسی نے لیکھرام کو قتل کر دیا۔ پس ظاہر ہے کہ اس پیشگوئی میں کسی انسان کے دل کو خدا نے ابھارا تا اس کو قتل کرے اور ہر یک پہلو سے اس کو موقعہ دیا کہ تا وہ اپنا کام انجام تک پہنچاوے☆ پس خدا تعالیٰ نے جو فتح عظیم کے ﴿۲۸﴾

☆ پیسہ اخبار اور سفیر گورنمنٹ میں لکھا ہے کہ لیکھرام کا ایک عورت سے ناجائز تعلق تھا یعنی وہ اس

ذکر کرنے سے پہلے پیشگوئی کے ظاہر کرنے کے لئے دو مختلف فقروں کو ذکر فرمایا اوّل یہ کہ **ینصرک اللّٰہ من عندہ** دوم یہ کہ **ینصرک رجال نوحی الیھم من السماء** اس تقسیم کی یہی وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے پادریوں کو شرمندہ کرنے کیلئے فرمایا کہ اگر تم نے ہمارے ایک نشان کو مخفی کرنا چاہا تو کیا حرج ہے ہم اس کے عوض میں دو نشان ظاہر کریں گے۔ ایک وہ نشان جو بلا واسطہ ہمارے ہاتھ سے ہوگا اور دوسرا وہ نشان جو ایسے لوگوں کے ہاتھ سے ظہور میں آ جائے گا جن کے دلوں میں ہم ڈال دیں گے کہ تم ایسا کرو تب فتح عظیم ہوگی۔ اب انصاف سے دیکھو اور ایمان سے نظر کرو کہ یہ دون☆ نشان یعنی نشان جلسہ مذاہب اور نشان موت لیکھرام ۱۷ برس بعد شائع ہونے **براہین احمدیہ** کے ظہور میں آئے ہیں کیا یہ انسان کی طاقت ہوسکتی ہے؟

یہ بھی ظاہر ہے کہ جلسہ مذاہب سے پہلے جو اشتہار الہامی شائع کئے گئے تھے ان میں صاف طور پر لکھا گیا تھا کہ خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ مضمون تمام مضامین پر غالب رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ دیکھو اخبار سول ملٹری گزٹ۔ اخبار ابزرور۔ مخبر دکن۔ پیسہ اخبار۔ سراج الاخبار۔ مشیر ہند۔ وزیر ہند سیالکوٹ صادق الاخبار بہاولپور۔ پس یہ خدا کا بلا واسطہ فعل تھا کہ ہر یک دل کی خواہش کے مخالف ان سے اقرار کرایا کہ وہی مضمون غالب رہا مگر دوسرے نشان میں قاتل کے دل میں قتل کی خواہش ڈال دی اور اس طرح پر دونوں نشان بلا واسطہ اور بالواسطہ خلق اللہ کو دکھلا کر پادریوں اور اسلامی مولویوں اور ہندوؤں کے **مکر کو ایک دم میں پاش پاش کر دیا** اور ممکن نہ تھا کہ وہ اپنی شرارتوں سے باز آ جاتے جب تک خدا ایسے کھلے کھلے نشان ظاہر نہ کرتا۔ اسی کی طرف وہ براہین احمدیہ کے صفحہ **۵۰۶** میں اشارہ فرماتا ہے اور کہتا ہے

بقیہ حاشیہ: عورت کے کسی وارث کے ہاتھ سے قتل کیا گیا۔ کیسی ذلت کی موت ہے اور اگر اسی کا نام شہادت ہے تو گویا یوں کہنا چاہیے کہ وہ کسی عورت کی نگاہ کی چھری سے شہید ہو چکا تھا آخر وہی چھری قہری صورت پر اس کو لگ گئی۔ اگر قتل کا سبب یہی ہے تو لیکھرام کی پاک زندگی کا خوب ثبوت ہے۔ منہ

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ''دونوں'' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

لم یکن الذین کفروا من اهل الکتاب والمشرکین منفکین حتی تاتیهم البینة و کان کیدهم عظیمًا یعنی ممکن نہ تھا کہ نصاریٰ اور مخالف مسلمان اور ہندو اپنے انکاروں سے باز آجاتے جب تک ان کو کھلا کھلا نشان نہ ملتا اور ان کا مکر بہت بڑا تھا۔ پھر بعد اس کے اسی صفحہ میں فرمایا کہ اگر خدا ایسا نہ کرتا تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پادریوں نے آتھم کی پیشگوئی کو بباعث اپنے اخفاء کے لوگوں پر مشتبہ کر دیا تھا پس اگر لیکھرام کی نسبت جو پیشگوئی تھی جس کی شوخیوں نے ثابت کر دیا تھا کہ وہ رجوع کرنے والا نہیں ایسی ہی مخفی رہ جاتی تو تمام حق خاک میں مل جاتا اور نادان لوگوں کے خیالات سخت ناپاک ہو جاتے اور جاہل قریب قریب دہریوں کے بن جاتے۔ سو آسمانوں اور زمینوں کے مالک نے چاہا کہ لیکھرام حق کے اظہار کا فدیہ ہو اور سچے دین کی سچائی ظاہر کرنے کے لئے بطور بلیدان کے ہو جائے۔ سو وہی ہوا جو خدا نے چاہا۔ ایک انسان کے مارے جانے کی ہمدردی بجائے خود ہے مگر یہ بات بہت دلوں کو تاریکی سے نکالنے والی ہے کہ خدا نے جلسہ مذاہب کے نشان کے بعد یہ ایک عظیم الشان نشان دکھلایا۔ چاہیے کہ ہر یک روح اس ذات کو سجدہ کرے جس نے ایک بندہ کی جان لے کر ہزاروں مردوں کو زندہ کرنے کی بنیاد ڈالی اور پھر اسی پیشگوئی کی طرف براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۲۲ میں یہ الہام اشارہ فرماتا ہے کہ ''**بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں برمنار بلند تر محکم افتاد۔ پاک محمد مصطفیٰ نبیوں کا سردار۔ ربّ الافواج اس طرف توجہ کرے گا** اس نشان کا مدعا یہ ہے کہ قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے مونہہ کی باتیں ہیں''۔ پس جس عظیم الشان نشان کا اس الہام میں وعدہ ہے وہ یہی ہے جس سے مطابق الہام ھذا کے اعلاء کلمہ اسلام ہوا اور صفحہ ۵۵۷ براہین احمدیہ میں اسی نشان کا ذکر ہے جس کا پہلا فقرہ یہ ہے کہ میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا۔ یعنی ایک جلالی نشان ظاہر کروں گا۔ اور سرمہ چشم آریہ میں ایک کشف ہے جس کو گیارہ برس ہو گئے جس کا ماحصل یہ ہے کہ خدا نے ایک خون کا نشان دکھلایا وہ خون کپڑوں پر پڑا جو اب تک موجود ہے یہ خون کیا تھا وہی لیکھرام کا خون تھا۔ خدا کے آگے جھک جاؤ کہ وہ برتر اور بے نیاز ہے!!!

﴿۲۹﴾

بعض آریہ اخبار والوں نے یہ تعجب کیا کہ لیکھرام کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی ہے اور اس کی مدت بتائی گئی۔ دن بتایا گیا۔ موت کا ذریعہ بتایا گیا۔ یہ باتیں کب ہوسکتی ہیں جب تک ایک بھاری سازش اس کی بنیاد نہ ہو۔ چنانچہ پرچہ ضمیمہ سماچار لاہور ۱۰؍ مارچ ۱۸۹۷ء اور ضمیمہ انیس ہند میرٹھ ۱۰؍ مارچ ۱۸۹۷ء نے اس بارے میں بہت زہر اگلا ہے۔ ایڈیٹر انیس ہند اپنے پرچہ کے ۱۳ صفحہ میں یہ بھی لکھتا ہے کہ ''ہمارا ماتھا تو اسی وقت ٹھنکا تھا جب مرزا غلام احمد قادیانی نے آپ کی وفات کی بابت پیشین گوئی کی تھی ورنہ ان حضرت کو کیا علم غیب تھا؟'' اب واضح ہو کہ یہ تمام صاحب آپ اس بات کو تنقیح طلب ٹھہراتے ہیں کہ کیا خدا نے اس شخص کو علم غیب دیا تھا؟ اور کیا خدا سے ایسا ہونا ممکن ہے؟ سو اس وقت ہم بطور نمونہ بعض اور پیشگوئیوں کو درج کرتے ہیں تا ان نظائر کو دیکھ کر آریہ صاحبوں کی **آنکھیں کھلیں** اور وہ یہ ہیں: ﴿۳۰﴾

اوّل۔ احمد بیگ ہوشیار پوری کی موت کی پیشگوئی۔ جس کی نسبت لکھا گیا تھا کہ وہ تین ۳ برس کی میعاد میں فوت ہو جائے گا۔ اور ضرور ہے کہ اپنے مرنے سے پہلے اور مصیبتیں بھی دیکھے۔ چنانچہ اس نے اس اشتہار کے بعد اپنے پسر کے فوت ہونے کی مصیبت دیکھی۔ اور پھر اس کی ہمشیرہ عزیزہ کی وفات کا ناگہانی واقعہ اس کی نظر کے سامنے وقوع میں آیا۔ اور بعد اس کے وہ تین سال کی میعاد کے اندر خود بمقام ہوشیار پور فوت ہو گیا☆ اب

☆ اس پیشگوئی کے دو حصے تھے ایک احمد بیگ کی نسبت اور ایک اس کے داماد کی نسبت اور پیشگوئی کے بعض الہامات میں جو پہلے سے شائع ہو چکے تھے یہ شرط تھی کہ توبہ اور خوف کے وقت موت میں تاخیر ڈال دی جائے گی سو افسوس کہ احمد بیگ کو اس شرط سے فائدہ اٹھانا نصیب نہ ہوا کیونکہ اس وقت اس کی بدقسمتی سے اس نے اور اس کے تمام عزیزوں نے پیشگوئی کو انسانی مکر اور فریب پر حمل کیا اور ٹھٹھا اور ہنسی شروع کر دی اور وہ ہمیشہ ٹھٹھا اور ہنسی کرتے تھے کہ پیشگوئی کے وقت نے اپنا منہ دکھلا دیا اور احمد بیگ ایک محرقہ تپ کے ایک دو دن کے حملہ سے ہی اس جہان سے رخصت ہو گیا۔ تب تو ان کی آنکھیں کھل گئیں اور داماد کی بھی فکر پڑی اور خوف اور توبہ اور نماز روزہ میں عورتیں لگ گئیں اور مارے ڈر کے ان کے کلیجے کانپ اٹھے۔ پس ضرور تھا کہ اس درجہ کے خوف کے وقت خدا اپنی شرط کے موافق عمل کرتا۔ سو وہ لوگ سخت احمق اور کاذب اور ظالم ہیں جو کہتے ہیں کہ داماد کی نسبت پیشگوئی پوری نہیں ہوئی بلکہ وہ بدیہی طور پر حالت موجودہ کے موافق پوری ہو گئی۔ **اور دوسرے پہلو کی انتظار ہے۔** منہ

بتاؤ کہ اس کی موت میں میری طرف سے کس کے ساتھ سازش ہوئی تھی۔ کیا تپ محرقہ کے ساتھ؟!

دوسری پیشگوئی شیخ مہر علی رئیس ہوشیار پور کی مصیبت کے بارے میں تھی جو اس پر ناحق کے خون کا الزام لگایا گیا تھا۔ شیخ مذکور ہوشیار پور میں زندہ موجود ہے اس کو پوچھو کہ کیا اس مقدمہ کے آثار ظاہر ہونے سے پہلے میں نے **اپنے خدا** سے خبر پا کر کوئی اطلاع اس کو دی ہے یا نہیں؟

تیسری پیشگوئی سردار محمد حیات خان جج کی نسبت اس وقت کی گئی تھی جبکہ سردار مذکور ایک ناحق کے الزام میں ماخوذ ہو گیا تھا۔ اب پوچھنا چاہیے کہ کیا درحقیقت کوئی ایسی پیشگوئی نامبردہ کی مخلصی کے بارے میں پیش از وقت کی گئی تھی یا اب بنائی گئی ہے اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ اس پیشگوئی کا براہین میں بھی ذکر ہے۔

﴿۳۱﴾ **چوتھی** پیشگوئی سید احمد خان کے سی ایس آئی کی نسبت خدا تعالیٰ سے الہام پا کر اشتہار یکم فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی تھی کہ ان کو کوئی سخت صدمہ پہنچنے والا ہے۔ اب سید احمد خان صاحب کو پوچھنا چاہیے کہ اس پیشگوئی کے بعد آپ کو کوئی ایسا سخت صدمہ پہنچا ہے یا نہیں جو معمولی ہم وغم نہ ہو بلکہ وہ امر ہو جو جان کو زیروزبر کرنے والا ہو۔

پانچویں پیشگوئی میں نے اپنے لڑکے **محمود** کی پیدائش کی نسبت کی تھی کہ وہ اب پیدا ہوگا اور اس کا نام محمود رکھا جائے گا اور اس پیشگوئی کی اشاعت کے لئے سبز ورق کے اشتہار شائع کئے گئے تھے جو اب تک موجود ہیں اور ہزاروں آدمیوں میں تقسیم ہوئے تھے۔ چنانچہ وہ لڑکا پیشگوئی کی میعاد میں پیدا ہوا اور اب نویں سال میں ہے۔☆

☆ بعض جاہل محض جہالت سے یہ شبہ پیش کرتے ہیں کہ جب پہلے لڑکے کا اشتہار دیا تھا اس وقت لڑکی کیوں پیدا ہوئی مگر وہ خوب جانتے ہیں کہ اس اعتراض میں وہ سراسر خیانت کر رہے ہیں۔ اگر وہ سچے ہیں تو ہمیں دکھلاویں کہ پہلے اشتہار میں یہ لکھا تھا کہ پہلے ہی حمل میں بلاواسطہ لڑکا پیدا ہو جائے گا اور اگر پیدا ہونے کے لئے کوئی وقت اس اشتہار میں بتلایا نہیں گیا تھا تو کیا خدا کو اختیار نہیں تھا کہ جس وقت چاہتا اپنے وعدہ کو پورا کرتا۔ ہاں سبز اشتہار میں صریح لفظوں میں بلاتوقف لڑکا پیدا ہونے کا وعدہ تھا۔ سو محمود پیدا ہو گیا۔ کس قدر یہ پیشگوئی عظیم الشان ہے اگر خدا کا خوف ہے تو پاک دل کے ساتھ سوچو! منہ

چھٹی پیشگوئی شریف کے بارے میں جو میرا تیسرا لڑکا ہے کی گئی تھی اور رسالہ نور الحق میں پیش از وقت خوب شائع ہوگئی تھی۔ چنانچہ اس کے موافق لڑکا پیدا ہوا جواب خدا کے فضل سے چند روز تک دوسرے سال کو ختم کرنے والا ہے۔

ساتویں پیشگوئی اشتہار ۱۸۸۶ء میں دلیپ سنگھ کے بارے میں تھی جو وہ قصد پنجاب سے ناکام رہے گا۔ اور صدہا ہندو اور مسلمانوں کو عام جلسوں میں یہ پیشگوئی سنادی گئی تھی۔

آٹھویں پیشگوئی جلسہ مذاہب کے نتیجہ کی نسبت تھی کہ اس میں میرا مضمون غالب رہے گا اور یہ اشتہارات لاہور اور دوسرے مقامات میں پیش از وقت ہزاروں ہندو مسلمانوں میں تقسیم کر دیئے گئے تھے۔ اب سول ملٹری کو پوچھو اور آبزرور سے سوال کرو اور مشیر ہند اور وزیر ہند اور پیسہ اخبار اور صادق الاخبار اور سراج الاخبار اور مخبر دکن کو ذرہ غور سے پڑھو تا معلوم ہو کہ کس زور سے الہام الٰہی نے اپنی سچائی ظاہر کی۔

نویں پیشگوئی قادیان کے ایک ہندو بشمبر داس نام کے ایک فوجداری مقدمہ کے متعلق تھی۔ یعنی بشمبر داس بقید ایک سال مقید ہوگیا تھا۔ اور اس کے بھائی **شرمپت** نام نے جو سرگرم آریہ ہے مجھ ﴿۳۲﴾ سے دعا کی التجا کی تھی اور نیز یہ پوچھا تھا کہ اس کا انجام کیا ہوگا۔ میں نے دعا کی اور کشفی نظر سے میں نے دیکھا کہ میں اس دفتر میں گیا ہوں جہاں اس کی قید کی مثل تھی۔ میں نے اس مثل کو کھولا اور برس کا لفظ کاٹ کر اس کی جگہ چھ ۶ مہینے لکھ دیا اور پھر مجھے الہام الٰہی سے بتلایا گیا کہ مثل چیف کورٹ سے واپس آئے گی اور برس کی جگہ چھ ۶ مہینے رہ جائے گی لیکن بری نہیں ہوگا۔ چنانچہ میں نے یہ تمام کشفی واقعات شرمپت آریہ کو جواب تک زندہ موجود ہے نہایت صفائی سے بتلا دیئے۔ اور جب میں نے بتلایا اور بعینہٖ وہ باتیں ظہور میں آگئیں تو اس نے میری طرف لکھا کہ آپ خدا کے نیک بندے ہو اس لئے اس نے آپ پر غیب کی باتیں ظاہر کر دیں۔ پھر میں نے براہین احمدیہ میں یہ تمام الہام ﴿۳۳﴾

نوٹ: پنڈت لیکھرام کا اس طرز سے مارا جانا آریہ صاحبوں کو ایک سبق دیتا ہے اور وہ یہ کہ آئندہ کسی نومسلم کے شدھ کرنے کے لئے کوشش نہ کریں۔ اگر کوئی اسلام میں داخل ہوتا ہے تو اس کو ہونے دیں

اور کشف شائع کر دیا۔ یہ شخص شرمپت نہایت متعصب آریہ ہے جس کو میرے خیال میں

بقیہ حاشیہ

آخر شدھ ہونے والے کو دیکھ لیا کہ اس کا نتیجہ کیا ہوا اور دوسرے اس واقعہ سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ آئندہ یہ خواہشیں نہ کریں کہ کوئی دوسرا لیکھرام یعنی بدزبانیوں میں اس کا ثانی تلاش کرنا چاہیے لیکن اگر فی الواقعہ وہ بات صحیح ہے جو پیسہ اخبار اور سفیر میں لکھی گئی ہے یعنی یہ کہ اس کے قتل کا سبب صرف بدکاری ہے اور یہ کام کسی غیرت مند لڑکی کے باپ یا خاوند کا ہے جیسا کہ بقول پیسہ اخبار کثرت رائے اسی طرف ہے تو آئندہ نیک چلن واعظ تلاش کرنا چاہیے! تعجب کی بات ہے کہ جس حالت میں بموجب بیان پیسہ اخبار کے زیادہ مشہور روایت یہی ہے کہ واردات قتل کا موجب کوئی ناجائز تعلق ہے تو کیوں اس طرف تحقیقات کے لئے توجہ نہیں کی جاتی اور کیوں ایسے ہندوؤں کے اظہار نہیں لئے جاتے جن کے مونہہ سے یہ باتیں نکلیں اور کیا بعید ہے کہ وہی بات ہو کہ **ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں**۔ منہ

نوٹ: بعض صاحب عیسائیوں میں سے اعتراض کرتے ہیں کہ اگرچہ لیکھرام کی نسبت پیشگوئی پوری ہوگئی مگر ہندوؤں نے اس کو مرنے کے بعد ذلت کی نظر سے نہیں دیکھا۔ ایسا عذر ایک عیسائی کے منہ سے نکلنا نہایت افسوس کی بات ہے۔ بھلا منصف بتلاویں کہ جب ہم نے پیشگوئی کے پورا ہونے کو اسلام کی سچائی کا ایک معیار ٹھہرایا تھا اور خدا نے لیکھرام کو مار کر مسلمانوں کی ہندوؤں پر ڈگری کر دی تو اس حالت میں نہ صرف لیکھرام بلکہ بحیثیت مذہبی اس تمام فرقہ کی عزت میں فرق آ گیا۔ رہی لاش کی عزت تو لاش کا ڈاکٹر کے ہاتھ سے چیرا جانا کیا یہ عزت کی بات ہے اور چال چلن کی عزت کا یہ حال ہے کہ پیسہ اخبار ۱۳؍ مارچ ۱۸۹۷ء میں لکھا ہے کہ ''اس شخص کے مارے جانے کی مشہور روایت یہ ہے کہ یہ شخص کسی عورت سے ناجائز تعلق رکھتا تھا اور یہی عام طور پر کہا جاتا اور یقین کیا جاتا ہے''۔ فقط۔ پس اس سے زیادہ ذلت کا اور کیا نمونہ ہوگا کہ جان بھی گئی اور اکثر شہر کے لوگ اس کی وجہ بدکاری ٹھہراتے ہیں۔ منہ

نوٹ: ایک نشان عقلمندوں کے لئے یہ ہے کہ شیخ نجفی نے چالیس دقیقہ میں نشان دکھلانے کا وعدہ کیا تھا اور ہم نے یکم فروری ۱۸۹۷ء سے چالیس روز میں دیکھو حاشیہ اشتہار یکم فروری ۱۸۹۷ء صفحہ ۳ جس کی عبارت یہ ہے۔ اگر نشانے از مادریں مدت یعنی چہل روز بظہور آمد واز ایشاں یعنی از شیخ نجفی چیزے بظہور نیامد ہمیں دلیل برصدق ما وکذب شان خواہد بود سو یکم فروری ۱۸۹۷ء سے ۳۵ دن تک یعنی چالیس روز کے اندر نشان موت پنڈت لیکھرام وقوع میں آ گیا۔ نجفی صاحب یہ تو بتلاویں کہ یکم فروری ۱۸۹۷ء سے آج تک کتنے دقیقے گذر گئے ہیں۔ افسوس کہ نجفی نے کسی منارہ سے گر کے بھی نہ دکھلایا۔

گر ہمیں لاف وگذاف وشیخی است شیخ نجدی بہتر از صد نجفی است

آریہ مذہب کی حمایت میں خدا کی بھی کچھ پروانہیں مگر بہرحال خدا نے اس کو میرا گواہ بنا دیا۔ اگر میں نے اس قصہ میں ایک ذرہ جھوٹ بولا ہے تو وہ قسم کھا کر ایک اشتہار اس مضمون کا شائع کر دے کہ میں پرمیشر کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ بیان سراسر جھوٹ ہے اور اگر جھوٹ نہیں تو میرے پر ایک برس تک سخت عذاب نازل ہو۔☆ **پس اگر اس پر وہ فوق العادت عذاب نازل نہ ہوا کہ خلقت بول اٹھے کہ یہ خدا کا عذاب ہے** تو مجھے جس موت سے چاہو ہلاک کرو۔ اس میں میری طرف سے یہ شرط ہے کہ انسان کے ذریعہ سے وہ عذاب نہ ہو محض بلاواسطہ آسمانی عذاب ہو۔

یہ تو ممکن ہے کہ یہ شخص قوم کی رعایت سے یونہی انکار کر دے یا بغیر اس قسم پیش کردہ کے اشتہار بھی دے دے کیونکہ میں نے اس قوم میں خدا کا خوف نہیں پایا مگر ممکن نہیں کہ وہ قسم کھاوے اگرچہ دوسرے آریہ اس کو ہلاک کر دیں لیکن اگر قسم کھالے تو خدا کی غیرت ایک بھاری نشان دکھائے گی۔ ایسا نشان دکھائے گی کہ دنیا میں فیصلہ ہو جائے گا اور زمین آسمانی نور سے بھر جائے گی۔

دسواں نشان یہ ہے کہ خدا نے پنڈت دیانند کے مرنے سے تین مہینے یا چار مہینے پہلے اس کی موت کی مجھ کو خبر دی اور میں نے اسی آریہ کو جس کا قبل اس سے ذکر ہو چکا ہے خبر دے دی اور نیز اور کئی لوگوں کو اطلاع کی۔ چنانچہ اس الہام کے بعد عرصہ مذکورہ بالا تک پنڈت مذکور کے مرنے کی خبر آ گئی یہ پیشگوئی بھی براہین احمدیہ میں درج ہے۔ اگر وہ آریہ منکر ہو تو **میرا وہی جواب ہے** جو میں پہلے دے چکا ہوں۔

گیارہویں پیشگوئی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے الہام سے مجھ کو خبر دی تھی کہ تجھے زبان عربی میں ایک اعجازی بلاغت و فصاحت دی گئی ہے اور اس کا مقابلہ کوئی نہیں کرے گا۔ اس پیشگوئی کی طرف براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۳۹ میں اشارہ ہے جہاں فرمایا ہے ان ھـــذا

☆ جو کچھ شرمپت آریہ کا قصہ بیان کیا گیا ہے اس میں ایک ذرہ مبالغہ کی آمیزش نہیں میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ بالکل سچ اور صحیح ہے پس جو شخص میرے پر مبالغہ اور بات کو زیادہ کر دینے کی تہمت لگاوے وہ ظلم کرتا ہے اور ظلم کا علاج وہی ہے جو میں نے لکھ دیا ہے۔ منہ

الا قول البشر و اعانه علیه قوم آخرون. قل هاتوا برهانکم ان کنتم صادقین. هذا من رحمة ربک یتم نعمته علیک لیکون آیة للمومنین یعنی مخالف کہیں گے ﴿۳۴﴾ کہ یہ تو انسان کا قول ہے اور اور لوگوں نے اس کی مدد کی ہے۔ کہہ اس پر دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو یعنی مقابلہ کر کے دکھلاؤ بلکہ یہ خدا کی رحمت سے ہے۔ تا وہ اپنی نعمت تیرے پر پوری کرے اور تا مومنوں کے لئے نشان ہو یعنی تیری سچائی پر یہ ایک نشان ہوگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا☆ اس عرصہ میں بہت سی عمدہ عمدہ کتابیں زبان عربی میں بالتزام محاسن ادب و بلاغت وفصاحت اس عاجز نے لکھیں اور مخالفین کو ان کے مقابلہ کیلئے ترغیب دلائی یہاں تک کہ پانچ ہزار روپیہ تک انعام دینا کیا اگر وہ نظیر بنا سکیں لیکن وہ بمقابل ان کتابوں کے کچھ بھی لکھ نہ سکے سو اگر یہ خدا تعالیٰ کا فعل نہ ہوتا تو صدہا کتابیں مقابلہ پر لکھی جاتیں۔ خصوصاً اس حالت میں کہ جبکہ اپنے صدق و کذب کا مدار انہیں پر رکھا گیا تھا اور صاف لفظوں میں کہہ دیا گیا تھا کہ اگر وہ اس نشان کو بالمقابل کسی تالیف کے پیش کرنے سے توڑ سکیں تو ہمارا دعویٰ جھوٹا ٹھہرے گا لیکن وہ لوگ مقابلہ سے بالکل عاجز رہے اور ایسا ہی وہ پادری صاحبان جو ادنیٰ ادنیٰ جاہل مرتد کا نام مولوی رکھ دیتے ہیں اس مقابلہ اور معارضہ سے ایسے عاجز ہوئے جو اس طرف انہوں نے مونہہ بھی نہیں کیا اور اس پیشگوئی میں کمال یہ ہے کہ یہ ان عربی کتابوں کے وجود سے سولہ سترہ برس پہلے لکھی گئی۔ کیا انسان ایسا کر سکتا ہے؟!!

بارھویں پیشگوئی جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۳۸ اور ۲۳۹ میں لکھی ہے **علم قرآن** ہے اس پیشگوئی کا ماحصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تجھ کو علم قرآن دیا گیا ہے ایسا علم جو باطل کو نیست کرے گا۔ اور اسی پیشگوئی میں فرمایا کہ دو انسان ہیں جن کو بہت ہی برکت دی گئی۔ ایک وہ **معلم** جس کا نام **محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور ایک یہ **متعلم** یعنی اس کتاب کا لکھنے والا۔ اور یہ اس آیت کی طرف بھی اشارہ ہے جو قرآن شریف میں اللہ جلّ شانہٗ

☆ اسی پیشگوئی کا مؤید براہین احمدیہ کا وہ الہام ہے جہاں لکھا ہے یا احمد فاضت الرحمة علی شفتیک یعنی اے احمد تیرے لبوں پر رحمت جاری کی گئی ہے یعنی فصاحت بلاغت۔ منہ

فرماتا ہے وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ [1] یعنی اس نبی کے اور شاگرد بھی ہیں جو ہنوز ظاہر نہیں ہوئے اور آخری زمانہ میں ان کا ظہور ہوگا۔ یہ آیت **اسی عاجز** کی طرف اشارہ تھا کیونکہ جیسا کہ ابھی الہام میں ذکر ہو چکا ہے یہ عاجز روحانی طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شاگردوں میں سے ہے۔ اور یہ پیشگوئی جو قرآنی تعلیم کی طرف اشارہ فرماتی ہے اسی کی تصدیق کے لئے کتاب کرامات الصادقین لکھی گئی تھی جس کی طرف کسی مخالف نے رخ نہیں کیا ﴿۳۵﴾ اور مجھے اس خدا کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ مجھے قرآن کے حقائق اور معارف کے سمجھنے میں **ہر ایک روح پر غلبہ دیا گیا ہے**۔ اور اگر کوئی مولوی مخالف میرے مقابل پر آتا جیسا کہ میں نے قرآنی تفسیر کے لئے بار بار ان کو بلایا تو خدا اس کو ذلیل اور شرمندہ کرتا۔ **سو فہم قرآن** جو مجھ کو عطا کیا گیا یہ اللہ جلّ شانہٗ کا ایک **نشان** ہے۔ میں خدا کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ عنقریب **دنیا دیکھے گی** کہ میں اس بیان میں سچا ہوں۔ اور مولویوں کا یہ کہنا کہ قرآن کے معنے اسی قدر درست ہیں جو احادیث صحیحہ سے نکل سکتے ہیں اور اس سے بڑھ کر بیان کرنا معصیت ہے چہ جائیکہ موجب کمال سمجھا جائے۔ یہ سراسر خیالات باطلہ ہیں۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ قرآن اصلاح کامل اور تزکیہ اتم اور اکمل کے لئے آیا ہے اور وہ خود دعویٰ کرتا ہے کہ تمام کامل سچائیاں اس کے اندر ہیں جیسا کہ فرماتا ہے فِیْھَا کُتُبٌ قَیِّمَۃٌ [2] تو اس صورت میں ضرور ہے کہ جہاں تک سلسلہ معارف اور علوم الٰہیہ کا ممتد ہو سکے وہاں تک قرآنی تعلیم کا بھی دامن پہونچا ہوا ہو اور یہ بات صرف میں نہیں کہتا بلکہ قرآن خود اس صفت کو اپنی طرف منسوب کرتا ہے اور اپنا نام اکمل الکتب رکھتا ہے پس ظاہر ہے کہ اگر معارف الٰہیہ کے بارے میں کوئی حالت منتظرہ باقی ہوتی جس کا قرآن شریف نے ذکر نہیں کیا تو قرآن شریف کا حق نہیں تھا کہ وہ اپنا نام اکمل الکتب رکھتا۔ حدیثوں کو ہم اس سے زیادہ درجہ نہیں دے سکتے کہ وہ بعض مقامات میں بطور تفصیل اجمالات قرآنی ہیں۔ سخت جاہل اور نااہل وہ اشخاص ہیں کہ جو قرآن شریف کی تعریف اس طور سے نہیں کرتے جو قرآن شریف میں موجود ہے بلکہ اس کو معمولی اور کم درجہ پر لانے کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ غرض ایک پیشگوئی یہ بھی ہے جو جناب الٰہی کی طرف سے مجھ کو عطا ہوئی جس کا

[1] الجمعۃ:۴ [2] البیّنۃ:۴

مقابلہ کوئی مخالف نہیں کر سکا اور خدا نے تمام معاندین کو ذلیل کیا۔ قرآن کے اعجازی معارف جو غیر محدود ہیں ان پر ایک یہ بھی دلیل ہے کہ ظاہر اور معمولی معنے تو ہر ایک مومن اور فاسق اور مسلم اور کافر کو معلوم ہیں اور کوئی وجہ نہیں جو معلوم نہ ہوں تو پھر نبیوں اور عارفوں کو ان پر کیا فوقیت ہوئی اور پھر اس کے کیا معنے ہوئے کہ لَا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ[1]

﴿۳۶﴾ **تیرھویں** پیشگوئی وہ ہے جو براہین کے صفحہ ۲۴۱ میں لکھی گئی ہے اور وہ یہ ہے الآ ان نصر اللّٰہ قریب. یاتیک من کل فج عمیق. یاتون من کل فجّ عمیق یعنی خدا کی مدد تجھے دور دور سے پہنچے گی اور لوگ دور دور سے تیرے پاس آئیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور ہمارے مخالف بھی جانتے ہیں کہ ہندوستان کے کناروں تک ہمارے سلسلہ کے مددگار موجود ہیں اور پشاور سے لے کر بمبئی اور مدراس اور کلکتہ تک لوگ دور دور کا سفر اٹھا کر قادیان میں پہونچتے ہیں اور یہ پیشگوئی سترہ سال کی ہے اور اس وقت لکھی گئی تھی کہ جب اس رجوع خلائق کا نام ونشان نہ تھا۔ اب سوچنا چاہیے کہ کیا یہ انسان کا فعل ہے؟ کیا انسان اس بات پر قادر ہے کہ ایسی پوشیدہ اور نہاں در نہاں باتیں کہ ایک عمر کے بعد ظاہر ہونے والی تھیں پہلے سے بتلا دے؟!

چودھویں پیشگوئی جو براہین احمدیہ کے اسی صفحہ ۲۳۹ میں ہے یہ ہے۔ ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ☆ لا مبدل لکلمات اللّٰہ ظلموا و ان اللّٰہ علیٰ نصرھم لقدیر یعنی خدا وہ ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے۔ ان پر ظلم ہوا اور خدا ان کی مدد کرے گا۔ یہ آیات قرآنی الہامی پیرایہ میں اس عاجز کے حق میں ہیں اور رسول سے مراد مامور اور فرستادہ ہے جو دین اسلام کی تائید کے لئے ظاہر ہوا۔ اس پیشگوئی کا ماحصل یہ ہے کہ خدا نے جو اس مامور کو مبعوث فرمایا ہے یہ اس لئے فرمایا کہ تا

☆ حدیثوں میں جو یہ پیشگوئی ہے کہ مسیح موعود کے وقت میں تمام ملتیں ہلاک ہو جائیں گی مگر اسلام۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بجز اسلام کوئی مذہب باقی نہیں رہے گا کیونکہ ایسا ہونا تو قرآن کے منافی ہے ان آیتوں میں غور کرو جہاں لکھا ہے کہ یہود اور نصاریٰ قیامت تک رہیں گے بلکہ مطلب یہ ہے کہ تمام مذاہب مردہ اور ذلیل ہو جائیں گے اور اسلام کے مقابل پر مر جائیں گے مگر اسلام کہ وہ اپنی روشنی اور زندگی اور غلبہ ظاہر کرے گا۔ منہ

[1] الواقعة:۸۰

اس کے ہاتھ سے دین اسلام کو تمام دینوں پر غلبہ بخشے اور ابتداء میں ضرور ہے کہ اس مامور اور اس کی جماعت پر ظلم ہو لیکن **آخر میں فتح ہوگی** اور یہ دین اس مامور کے ذریعہ سے تمام ادیان پر غالب آ جائے گا اور دوسری تمام ملتیں بیّنہ کے ساتھ ہلاک ہو جائیں گی۔ دیکھو! یہ کس قدر عظیم الشان پیشگوئی ہے اور یہ وہی **پیشگوئی ہے** جو ابتدا سے اکثر علماء کہتے آئے ہیں کہ **مسیح موعود کے حق میں ہے اور اس کے وقت میں پوری ہوگی** اور براہین احمدیہ میں ستّرہ ۱۷ برس سے مسیح موعود کے دعوے سے پہلے درج ہے تا خدا ان لوگوں کو شرمندہ کرے کہ جو اس عاجز کے دعویٰ کو انسان کا افتراء خیال کرتے ہیں۔ براہین خود گواہی دیتی ہے کہ اس وقت اس عاجز کو اپنی نسبت مسیح موعود ہونے کا خیال بھی نہیں تھا اور پرانے عقیدہ پر نظر تھی لیکن خدا کے الہام نے اسی وقت گواہی دی تھی کہ تو ﴿۳۷﴾ مسیح موعود ہے کیونکہ جو کچھ آثار نبویہ نے مسیح کے حق میں فرمایا تھا الہام الٰہی نے اس عاجز پر جما دیا تھا **یہاں تک** کہ اسی براہین احمدیہ میں نام بھی **عیسیٰ** رکھ دیا۔ چنانچہ صفحہ ۵۵۶ براہین احمدیہ میں یہ الہام موجود ہے **یا عیسٰی انّی متوفّیک و رافعک الیّ و جاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامہ ثلّۃ من الاولین و ثلّۃ من الاٰخرین** یعنی اے عیسیٰ میں تجھے طبعی وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا اور تیرے تابعین کو ان لوگوں پر غلبہ بخشوں گا جو مخالف ہوں گے اور تیرے تابعین دو قسم کے ہوں گے پہلا گروہ اور پچھلا گروہ۔ یہ آیت حضرت مسیح پر اس وقت نازل ہوئی تھی کہ جب ان کی جان یہودیوں کے منصوبوں سے نہایت گھبراہٹ میں تھی اور یہودی اپنی خباثت سے ان کے مصلوب کرنے کی فکر میں تھے تا مجرمانہ موت کا داغ ان پر لگ کر توریت کی ایک آیت کے موافق ان کو ملعون ٹھہراویں کیونکہ توریت میں لکھا تھا کہ جو لکڑی پر لٹکایا جائے وہ لعنتی ہے۔ چونکہ صلیب کو جرائم پیشہ سے قدیم طریق سزا دہی کی وجہ سے ایک مناسبت پیدا ہو گئی تھی اور ہر ایک خونی اور نہایت درجہ کا بدکار صلیب کے ذریعہ سے سزا پاتا تھا اس لئے خدا کی تقدیر نے راستبازوں پر صلیب کو حرام کر دیا تھا تا پاک کو پلید سے مشابہت پیدا نہ ہو۔ پس یہ عجیب بات ہے کہ کوئی نبی مصلوب نہیں ہوا تا ان کی سچائی عوام کی نظر

میں مشتبہ نہ ہو جائے۔

غرض اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو ایسے اضطراب کے زمانہ میں تسلی دی تھی کہ جب یہودی ان کے مصلوب کرنے کی فکر میں تھے۔ اب جو یہ آیت براہین احمدیہ میں اس عاجز پر بطور الہام نازل ہوئی تو اس میں ایک باریک اشارہ یہ ہے کہ اس عاجز کو بھی ایسا واقعہ پیش آئے گا کہ **لوگ قتل کرنے یا مصلوب کرانے** کے منصوبے کریں گے تا یہ عاجز جرائم پیشہ کی سزا پا کر حق مشتبہ ہو جائے۔ سو اس آیت میں اللہ تعالیٰ اس عاجز کا نام عیسیٰ رکھ کر اور وفات دینے کا ذکر کر کے ایما فرماتا ہے کہ یہ منصوبے **پیش نہیں جائیں گے** اور میں ان کی شرارتوں سے **محافظ** ہوں گا۔ اور اسی الہام کے آگے جو صفحہ ۵۵۷ میں الہام ہے اس میں ظاہر فرمایا گیا کہ ایسا کب ہوگا اور اس دن کا نشان کیا ہے یعنی ایسے منصوبے جو قتل کے لئے کئے جائیں گے وہ کب اور کس وقت میں ہوں گے اور کن امور کا ان سے پہلے ظاہر ہونا ضروری ہے۔ سو اسی الہام کے بعد میں جو الہام ہے اس میں اس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے **میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا۔ اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اٹھاؤں گا** (یہ رافعک الی کی تفسیر ہے) **دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا**۔ اس الہام میں اللہ تعالیٰ نے صاف لفظوں میں فرما دیا کہ قتل کی سازشوں کا وقت وہ ہوگا کہ جب ایک چمکدار نشان حملہ کی صورت پر ظاہر ہوگا۔ چنانچہ اس الہام کے بعد جو عربی میں الہام ہے وہ بھی اس مضمون قتل کے فتنہ کی طرف اشارہ کرتا ہے اور وہ یہ ہے **الفتنة ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم. فلمّا تجلّٰی ربّه للجبل جعله دکّا. قوّة الرحمٰن لعبید اللّٰه الصّمد. مقام لا تترقی العبد فیه بسعی الاعمال** ترجمہ یہ ہے کہ جب یہ چمکتا ہوا نشان ظاہر ہوگا تو اس وقت ایک فتنہ☆ برپا ہوگا۔

﴿۳۸﴾

☆ **حاشیہ**: آریوں اور ہندوؤں نے جس قدر جا بجا خفیہ جلسے اور پوشیدہ مشورے اس عاجز کے قتل کے لئے کئے ہیں ان کی نسبت اب تک میرے پاس پچاس کے قریب خط پہونچے ہیں بعض ان میں سے گمنام ہندوؤں کے خط ہیں اور بعض معزز مسلمانوں کے خط ہیں جن کو ان مشوروں

(یہ وہی فتنہ سازش قتل ہے جس کی مناسبت سے الہام مذکورہ میں اس عاجز کو یا عیسٰی کر کے پکارا گیا تھا یعنی قتل کرنے یا مصلوب کرانے کے ارادہ کا فتنہ) اس الہام میں پہلے اس عاجز کا نام عیسٰی رکھا گیا اور پھر وعدہ کیا گیا ہے کہ میں تجھے وفات دوں گا اور وہی آیت جو قرآن شریف میں حضرت عیسٰی کی وفات کے وعدہ کے متعلق ہے اس عاجز کے حق میں ﴿۳۹﴾

کی اطلاع ہوئی۔ اس وقت خطوط کی نقل کی اس جگہ ضرورت نہیں وہ سب میرے پاس محفوظ ہیں لیکن ہندو اخبار میں سے کچھ بطور نمونہ نقل کرتا ہوں تا معلوم ہو کہ وہ ابتلاء جو یہود کی شرارتوں سے حضرت عیسٰی کو پیش آیا تھا وہی مجھ کو پیش آ گیا۔ اور اس فتنہ کے لفظ سے جو الہام الفتنة ھٰھنا میں پایا جاتا ہے وہی ابتلا مراد ہے اور اسی بناء پر معہ بعض دوسرے وجوہ کے اس عاجز کا نام عیسٰی رکھا گیا۔ یہود کا فتنہ دو حصہ پر مشتمل تھا ایک وہ حصہ تھا جو حضرت عیسٰی کے قتل کیلئے ان کے اپنے منصوبے تھے۔ اور دوسرا وہ حصہ تھا کہ جو وہ گورنمنٹ رومیہ کو حضرت عیسٰی کی گرفتاری اور قتل کیلئے افروختہ کرتے تھے۔ سو ان دنوں میں بھی وہی معاملہ پیش آیا۔ صرف فرق اتنا رہا کہ وہاں یہود تھے اور یہاں ہنود۔ سو پہلا حصہ جو قتل کے لئے خانگی سازشیں ہیں ان کا نمونہ ایم آر بشیشر داس کے اس مضمون سے معلوم ہوتا ہے جو اس نے اخبار آفتاب ہند مطبوعہ ۱۸/ مارچ ۱۸۹۷ء کے صفحہ ۵ پہلے کالم میں چھپوایا ہے۔ جس کا عنوان یہ ہے ''**مرزا قادیانی خبردار**'' اور پھر بعد اس کے لکھا ہے کہ ''مرزا قادیانی بھی امروز فردا کا مہمان ہے بکری کی ماں کب تک خیر منا سکتی ہے۔ آج کل ہنود کے خیالات مرزا قادیانی کی نسبت بہت بگڑے ہوئے ہیں پس مرزا قادیانی کو خبردار رہنا چاہیے کہ وہ بھی بکرعید کی قربانی نہ ہو جاوے'' اور پھر اخبار رہبر ہندلاہور ۱۵/ مارچ ۱۸۹۷ء میں صفحہ ۱۴ پہلے کالم میں لکھا ہے'' کہتے ہیں کہ ہندو قادیان والے کو قتل کرائیں گے''۔

اور دوسرا حصہ جو گورنمنٹ کے افروختہ کرنے کے متعلق ہے اس کا اخبارات مفصلہ ذیل میں جو ہندوؤں کی طرف سے نکلے ہیں بیان ہے۔ چنانچہ اخبار پنجاب سماچار ۲۷/ مارچ ۱۸۹۷ء جو ایک ہندو پرچہ لاہور سے نکلتا ہے اس طرح اپنے صفحہ پانچ میں گورنمنٹ کو افروختہ کرتا ہے۔ ''سب سے اوّل اس خیال کو (یعنی سازش قتل کے خیال کو) پیدا کرنے والی مرزا غلام احمد قادیانی

الہام ہوئی یعنی یـــاعیسٰـــی انّـــی متـوفّیک ورافـعک الـیّ اور جیسا کہ ابھی میں لکھ چکا ہوں اس بشارت کی حضرت عیسیٰ کے حق میں بھی ضرورت پڑی تھی کہ اس وقت

﴿۴۰﴾

تتمہ حاشیہ

کی پیشگوئی ہے'' پھر اسی اخبار کے صفحہ ۶ میں لکھا ہے کہ ''مرزا صاحب اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ پنڈت جی کی موت دوسری[۲] شوال کو ہونی تھی'' یعنی پیشگوئی میں جو دوسری شوال کی طرف اشارہ تھا اور ویسا ہی وقوع میں آیا تو بس یہ کافی دلیل ہے کہ پیشگوئی کرنے والے کی سازش سے یہ قتل ظہور میں آیا۔ پھر یہی اخبار ۱۰؍ مارچ ۱۸۹۷ء کے پرچہ میں لکھتا ہے۔ ''ایک حضرت نے (یعنی اس عاجز نے) اپنی مصنفہ کتاب موعود مسیحی میں یہ پیشگوئی بھی کی تھی کہ پنڈت لیکھرام چھ سال کے عرصہ میں عید کے دن نہایت دردناک حالت میں مرے گا''۔ اب یہ پرچہ عید کے دن کا نام لے کر گورنمنٹ کو اس بات کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ ایسا پتہ دینا انسان کے منصوبہ پر دلالت کرتا ہے مگر عید کا دن بیان کرنے میں غلطی کرتا ہے۔ الہام الٰہی میں دوسری شوال کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے۔ ☆ پھر اسی پرچہ کے صفحہ ۲ میں لکھتا ہے ''قتل کے لئے آدمی مقرر کیا گیا۔ ادھر سے مصنف موعود مسیحی کی پیشگوئی بھی قریب تھی کیونکہ غالباً ۱۸۹۷ء چھٹا سال تھا اور پانچ مارچ سنہ حال آخری عید چھٹے سال کی تھی''۔ اس میں جس قدر غلطیاں ہیں حاجت بیان نہیں۔ بہرحال اس تقریر سے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ منصوبہ مقرر کیا گیا تھا کہ عید پر یا عید کے قریب قتل کیا جائے۔ پھر اسی خیال کو قوت دینے کے لئے اسی اخبار میں لکھتا ہے کہ ''یہ قتل کئی ایک اشخاص کی مدت کی سوچی اور سمجھی ہوئی اور پختہ سازش کا نتیجہ ہے جس کی تجاویز امرتسر اور گورداسپورہ کے نزدیک اور ادھر دہلی اور بمبئی کے اردگرد مدت سے ہو رہی تھیں۔ کیا یہ غیر اغلب ہے کہ اس سازش کا جنم ان اشخاص سے ہوا ہو کہ جو علانیہ بذریعہ تحریر و تقریر کہا کرتے تھے کہ پنڈت کو مار ڈالیں گے اور مزید براں یہ کہ پنڈت اس عرصہ میں اور فلاں دن ایک دردناک حالت میں مرے گا۔ کیا آریہ دھرم کے مخالف چند ایک کتب کے ایک خاص مصنف کو

☆ خدا تعالیٰ نے الہام میں لیکھرام کا نام عـجـل جسـد لـه خـوار رکھا ہے یعنی گوسالہ سامری۔ اس میں بھی یہی اشارہ ہے کہ عید کے دنوں میں وہ ہلاک ہوگا کیونکہ توریت میں اب تک لکھا ہوا موجود ہے کہ سامری کا گوسالہ بھی عید کے دن نیست و نابود کیا گیا تھا اور عید کا دوسرا دن بھی عید کے حکم میں ہے۔ منـه

یہودیوں کی ہر روز کی دھمکیوں سے ان کی جان خطرہ میں تھی۔ اور یہودی لوگ ایک ایسی موت کی ان کو دھمکی دیتے تھے جس موت کو ایک مجرمانہ موت سمجھ سکتے ہیں اور جس پر توریت کے رو سے بھی راستبازی کی شان کو دھبہ لگتا ہے اس لئے خدا تعالیٰ نے ایسے پُرخطر وقت میں ایسی پلید اور لعنتی موت سے ان کو بچا لیا۔ پس اس الہام میں جو اسی آیت کے ساتھ اس عاجز کو ہوا یہ ایک نہایت لطیف پیشگوئی ہے جو آج کے دن سے سترہ ۱۷ برس پہلے کی گئی اور یہ بآواز بلند بتلا رہی ہے کہ وہی واقعہ اس جگہ بھی پیش آئے گا۔ اور اس عاجز کو عیسیٰ کے نام سے مخاطب کر کے یہ کہنا کہ اے عیسیٰ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا۔ یہ درحقیقت اس واقعہ کا نقشہ دکھلانا ہے جو حضرت عیسیٰ کو پیش آیا تھا اور وہ واقعہ یہ تھا ﴿۴۰﴾ ﴿۴۱﴾

بقیہ حاشیہ

اس سازش سے کوئی تعلق نہیں ہے'' اس میں گورنمنٹ کو یہ پرچہ یہ جتلانا چاہتا ہے کہ کیا ایسا شخص جس نے میعاد مقرر کر دی قتل کا دن بتلا دیا اور زبان سے کہتا رہا کہ فلاں دن مرے گا اس کو قتل کے منصوبہ میں کچھ سازش نہیں؟ پھر ایک اور اخبار جس کا نام اخبار عام ہے اس کے پرچہ ۱۶/ مارچ ۱۸۹۷ء صفحہ ۳ میں لیکھرام کے قاتل کی نسبت لکھا ہے'' کہ طرح طرح کی افواہیں مشہور ہیں۔ اور قادیانی صاحب کا رویہ سب سے نرالا ہے..... سخت افسوس سے قبول کرنا پڑتا ہے کہ مرزا قادیانی صاحب کا فرض ہے کہ جب الہام کے زور سے انہوں نے لیکھرام کے قتل کی پیشگوئی کی تھی اسی الہام کے زور سے بتلاویں کہ قاتل اس کا کون ہے'' پھر ایڈیٹر اخبار عام اپنے پرچہ ۱۰/ مارچ ۱۸۹۷ء میں لکھتا ہے کہ ''اگر ڈپٹی صاحب یعنی آتھم کے ساتھ ایسا واقعہ ہو جاتا جس کا خمیازہ لیکھرام کو بھگتنا پڑا تب اور صورت تھی'' یعنی اس حالت میں گورنمنٹ پیشگوئی کرنے والے سے ضرور مواخذہ کرتی۔ ایسا ہی انیس ہند میرٹھ لیکھرام کے مارے جانے کی طرف اشارہ کر کے اپنے پرچہ مارچ میں لکھتا ہے کہ ''ہمارا ماتھا تو اسی وقت ٹھنکا تھا کہ جب مرزا غلام احمد قادیانی نے لیکھرام کی موت کی نسبت پیشگوئی کی تھی کیا اس کو علم غیب تھا۔''

اور ایسا ہی کئی اور ہندو اخباروں میں متفرق طریقوں سے اپنے مفسدانہ خیالات کو ظاہر کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ پنجاب میں ان کے ان مفسدانہ منصوبوں کا ایسا شور پڑا ہوا ہے کہ شاذ و نادر کوئی ان سے بے خبر ہوگا۔ منہ

کہ یہود نے اس ارادہ سے ان کو قتل کرنا چاہا تھا کہ ان کا کاذب ہونا ثابت کریں اور انہوں نے یہ پہلو ہاتھ میں لیا تھا کہ ہم صلیب کے ذریعہ سے اس کو قتل کریں گے اور مصلوب لعنتی ہوتا ہے اور لعنت کا مفہوم یہ ہے کہ انسان بے ایمان اور خدا سے برگشتہ اور دور اور مہجور ہو۔ اور اس طرح پر ان کا کاذب ہونا ثابت ہو جائے گا۔ اور خدا نے ان کو تسلی دی کہ تو ایسی موت سے نہیں مرے گا جس سے یہ نتیجہ نکلے کہ تو لعنتی اور خدا سے دور اور مہجور ہے بلکہ میں تجھے اپنی طرف اٹھاؤں گا یعنی زیادہ سے زیادہ تیرا قرب ثابت کروں گا☆ اور یہود اپنے اس ارادہ میں نامراد رہیں گے۔ پس لفظ رفع کے مفہوم میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کی بھی ایک پیشگوئی مخفی تھی کیوں کہ جس سچائی کے زیادہ ظاہر ہونے کا وعدہ تھا وہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور سے وقوع میں آئی۔ اور خدا تعالیٰ نے اپنے ایک سچے نبی کو بغیر شہادت کے نہ چھوڑا۔

غرض یہی پیشگوئی اس عاجز کی نسبت براہین احمدیہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے موجود ہے اور آج سے سترہ برس پہلے شائع ہو چکی۔ سو یہ الہام وہی شان نزول اپنے ساتھ رکھتا ہے جو حضرت مسیح کے متعلق ہونے کی حالت میں اس کے ساتھ تھی یعنی جیسا کہ اس وقت میں یہ وحی اسی غرض سے حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی تھی کہ ان کو پیش از وقت خبر دی جائے کہ تیری نسبت قتل کے منصوبے ہوں گے اور میں تجھ کو بچالوں گا۔ اسی غرض سے یہ الہام بھی ہے۔ اگر فرق ہے تو صرف اتنا ہے کہ اس وقت قتل کے منصوبے کرنے والے یہود تھے اور اب ہنود ہیں۔ اور یہود نے حضرت مسیح ﴿۴۲﴾ کی تکذیب کے لئے یہ پہلو سوچا تھا کہ ان کو مصلوب کر کے توریت کے رو سے ان کا لعنتی ہونا

☆ یہ وعدہ اس عاجز کو بھی دیا گیا کہ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا۔ چنانچہ اسی آیت کو بطور الہام اس عاجز کے حق میں بھی نازل فرمایا ہے جس سے ہمارے علماء رفع عنصری مراد لیتے ہیں اور میں دلائل سے ثابت کر چکا ہوں کہ یہ آیت میرے حق میں بھی الہام ہوئی ہے۔ تو اب کیا میری نسبت بھی یہ عقیدہ رکھنا چاہیے کہ میں معہ جسم عنصری آسمان کی طرف اٹھایا جاؤں گا۔ اگر کہو کہ تمہارا الہام ثابت نہیں تو یہ عذر فضول ہوگا کیونکہ جس لطیف پیشگوئی پر یہ الہام مشتمل ہے وہ ظہور میں آ گئی ہے پس اسی دلیل سے الہام کا سچا ہونا ثابت ہو گیا۔ منہ

کھل جائے گا اور سچا پیغمبر لعنتی نہیں ہوسکتا۔ پس اس طرح پر ان کا جھوٹھا ہونا دلوں پر جم جائے گا اور ایسی ذلت کے ساتھ زندگی کا خاتمہ ہوکر پھر ان کا کوئی بھی نام نہیں لے گا۔ اسی ذلت کی موت کا بھاری غم تھا جس نے تمام رات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دعا کرنے کا جوش دیا اور عین صلیب کے وقت ''ایلی ایلی لما سبقتنی'' ان کے مونہہ سے کہلایا ورنہ ایک نبی کو اپنی موت کا کیا غم ہوسکتا ہے۔ یہ بہادر قوم تو موت کے غم کو پیروں کے نیچے کچلتی ہے۔ ایسا ڈرنبی کے دل کی طرف کیوں کر منسوب کرسکیں بلکہ لعنت کے فتنہ کا ڈر تھا جو ان کے دل کو کھا گیا تھا۔ آخر اس راستباز کو خدا نے بچالیا اور براہین احمدیہ کی اس پیشگوئی میں یہ اشارہ ہے کہ یہی منصوبہ تمہارے لئے ایک قوم کرے گی چنانچہ ان دنوں میں لیکھرام کی موت کے بعد ہنود نے یہی کیا اور کر رہے ہیں لیکن انہوں نے میری تکذیب کے لئے یہ دوسرا پہلو سوچا ہے کہ اگر ممکن ہو تو اس کو بھی عید کے قریب قریب قتل کر دیں اور اس طرح پر الٰہی پیشگوئی کو برباد کر کے دلوں سے اسلامی عظمت کو مٹا دیں اور لوگوں کو اس طرف توجہ دلاویں کہ جیسا کہ لیکھرام ایک پیش از وقت پیشگوئی کے موافق قتل ہوگیا ایسا ہی یہ شخص بھی پیش از وقت ہماری پیشگوئی کے موافق قتل ہوگیا۔ پس اگر وہ خدا کا الہام ہوسکتا ہے تو ہماری بات کو بھی خدا کا الہام کہنا چاہیے۔ سو اس طرح پر دنیا میں ایک گڑبڑ پڑ جائے گا اور لوگ ہندوؤں کے ایک مردہ کے مقابل مسلمانوں کے ایک مردہ کو دیکھ کر اس نتیجہ تک پہنچ جائیں گے کہ دونوں انسانی منصوبے ہیں اور اس طرح پر بآسانی اس شخص کا کاذب ہونا ثابت ہوجائے گا۔ سو یہود اور ہنود تکذیب کی مدعا میں واحد ہیں صرف جدا جدا دو پہلوان کو سوجھے۔ پس خدا نے اس وقت سے سترہ برس پہلے سمجھا دیا کہ جیسا کہ یہود اپنے ارادہ میں ناکام رہے **ہنود بھی اپنے ارادہ میں ناکام رہیں گے** اور صاف لفظوں میں سمجھا دیا کہ یہ منصوبہ قتل اس وقت ہوگا کہ جب ایک چمکتا ہوا نشان حملہ کے رنگ میں ظہور میں آئے گا اور اس حملہ کے بعد ایک فتنہ ہوگا اسی فتنہ کے مشابہ جو مسیح کی نسبت ہوا تھا۔ اور پھر اسی الہام کے ساتھ عربی میں الہام ہے جس کے یہ معنے ہیں کہ خدا مشکلات کے پہاڑ دور کردے گا اور یہ سب رحمان کی قوت سے ہوگا۔

اور پھر اسی الہام کی تائید میں براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۰۶ میں ایک الہام ہے جس میں ﴿۴۳﴾ ہندوؤں اور عیسائیوں کے لئے ایک کھلے کھلے نشان کا وعدہ کیا ہے جیسا کہ فرمایا ہے **لم یکن الذین کفروا من اھل الکتاب و المشرکین منفکین حتی تاتیھم البینۃ و کان کیدھم عظیما** یعنی مشرک اور عیسائی بجز ایک کھلے کھلے نشان کے اپنی تکذیب سے باز آنے والے نہیں تھے اور ان کا مکر بہت بڑا تھا اور پھر فرمایا کہ اگر خدا ایسا نہ کرتا تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا۔ یہ وہی کھلا کھلا نشان ہے جس کو دوسری جگہ چمکار کے لفظ سے تعبیر کیا ہے جو لیکھرام کی موت کا نشان ہے اور صاف ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ نے نہایت صفائی سے اس نشان کو ظاہر کیا ہے کیونکہ اس پیشگوئی میں میعاد بتلائی گئی تھی۔ عید کا دوسرا دن بتلایا گیا تھا۔ اور موت بذریعہ قتل بتلائی گئی تھی اور کشفی عبارت صاف بتلاتی تھی کہ موت اتوار کو ہوگی اور رات کے وقت ہوگی۔ سو یہ ساری باتیں اسی طرح ظہور میں آ گئیں جیسا کہ پہلے سے کہی گئی تھیں۔ اور ہندوؤں کا سازش کا الزام اور قتل کرنے کے ارادہ کا الزام اس پیشگوئی کی صفائی پر کچھ غبار نہیں ڈال سکتا کیونکہ ابھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ براہین احمدیہ میں یہ پیشگوئی موجود ہے کہ اس نشان کے ظہور کے وقت ایک فتنہ ہوگا اور وہ فتنہ اس فتنہ سے مشابہ ہوگا کہ جو حضرت عیسیٰ کی نسبت یہود نے اٹھایا تھا یعنی یہ کہ گورنمنٹ کے ذریعہ سے مصلوب کروانے کی کوشش یا خود قتل کرنے کا منصوبہ کرنا۔

اور اس جگہ یاد رہے کہ جو کچھ ہندو اور ہمارے دوسرے مخالف اس پیشگوئی پر گرد و غبار ڈالنا چاہتے ہیں **ایسا کبھی نہیں ہوگا** کیوں کہ یہ خدا تعالیٰ کا فعل ہے اس لئے خدا تعالیٰ اس کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا بلکہ وہ روز بروز اس کی صفائی ظاہر کرے گا اور جیسے جیسے لوگوں کو یہ پیشگوئی سمجھ آتی جائے گی ویسے ویسے اس کی طرف کھنچے جائیں گے۔ کیا اس پیشگوئی کی عظمت کے لئے یہ کافی نہیں کہ علاوہ ان تمام تصریحات کے جو اس پیشگوئی میں موجود ہیں براہین احمدیہ میں بھی سترہ ۱۷ برس پہلے اس واقعہ سے اس پیشگوئی کی خبر دی گئی ہے۔

پندرھویں پیشگوئی ڈپٹی عبد اللہ آتھم کی نسبت پیشگوئی ہے جو **نہایت**

صفائی سے پوری ہوگئی۔ آتھم مذکور کی نسبت پیشگوئی کے الہام میں صاف طور پر یہ شرط تھی کہ اگر حق کی طرف رجوع کرے گا تو موت میں تاخیر ڈال دی جائے گی چنانچہ اس نے پیشگوئی کی میعاد میں اپنے اقوال اور افعال سے حق کی طرف رجوع کرنا ثابت کر دکھلایا۔ اس نے نہ صرف خوف کا اقرار کیا بلکہ وہ پیشگوئی کی میعاد میں اپنے گوشہ خلوت میں مردہ کی طرح پڑا رہا☆۔ اس عرصہ میں ایک مرتبہ اس کو بخار آیا تو وہ روتا ہوا بولا کہ ''ہائے میں پکڑا گیا''۔ اس نے میعاد کے اندر تمام مباحثات چھوڑ دیئے گویا اس کے منہ میں زبان نہ تھی میعاد کے دنوں میں اس نے اپنی عجیب تبدیلی دکھلائی کہ گویا یہ وہ آتھم ہی نہیں ہے۔ پس اگرچہ یہ تبدیلی اور ہراس اور غم کہ اس کے چہرہ سے نمایاں تھا رجوع کیلئے کافی دلیل تھی لیکن اس سے بڑھ کر اس نے یہ بھی ثبوت دے دیا کہ میں نے اس کو کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ تو میعاد کے اندر ضرور ڈرتا رہا اور عیسائیت کے بیبا کانہ طرز سے ضرور دستکش ہو کر ہیبت اسلام سے متاثر ہو گیا تھا جو رجوع کے اقسام میں سے ایک قسم ہے اور اگر یہ بات صحیح نہیں ہے تو تجھے قسم کھانا چاہیے جس پر ہم چار ہزار روپیہ بلا توقف تجھے دیدیں گے لیکن اس نے قسم نہ کھائی اور نہ نالش سے اپنے ان جھوٹے الزاموں کو ثابت کیا جو اپنے خوف کی بنا ٹھہرائی تھی یعنی یہ الزام کہ گویا ہم نے ایک سانپ تعلیم یافتہ اس کی طرف چھوڑا تھا اور بعض مسلح سپاہی بھیجے تھے۔ پس اس کی اس کارروائی سے صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ ضرور اس نے رجوع کیا۔ ﴿۴۴﴾

اور الہامی عبارت میں یہ بھی تھا کہ اگر رجوع پر قائم نہ رہے گا اور حق کو چھپائے گا تو جلد مر جائے گا۔ چنانچہ وہ حق کا اخفا کر کے ہمارے آخری اشتہار سے ساتے ماہ کے اندر فوت ہو گیا۔ الہام کے موافق اس کا مرنا بھی صاف گواہی دیتا ہے کہ وہ صرف رجوع کے باعث سے کچھ دنوں تک زندہ رہ سکا تھا۔ یہ کیسی صاف بات ہے کہ الہام الٰہی میں آتھم کیلئے ایک زندہ رہنے کا پہلو تھا اور ایک مرنے کا پہلو۔ سو خدا نے پیشگوئی کے الفاظ کے مطابق دونوں پہلوؤں کو پورا کر کے دکھلا دیا۔ کیا زندہ رہنے کا پہلو جو شرط الہامی ہے پیچھے سے بنا دیا ہے اور پہلے الہام میں درج نہیں تھا؟ اگر ایسی ہی سمجھ ناقص ہے تو ایک موٹے طور پر سمجھ لو کہ الہام کے لفظوں میں ہاویہ کا ذکر تھا اور ہاویہ کا کمال موت سے تعبیر کیا گیا تھا۔ اب سچ کہو کہ کیا آتھم پیشگوئی کی

☆ آتھم پیشگوئی کی میعاد میں جو پندرہ مہینے تھی اپنی پہلی عادتیں یعنی مباحثات اور مناظرات سے ایسا دستکش ہو گیا کہ اس کی نظیر اس کی تمام پہلی زندگی میں نہیں پائی جاتی۔ اس نے اس میعاد میں بقدر ایک سطر بھی کوئی مخالفانہ مضمون نہیں نکالا۔ پس یہ نہایت صاف اور واضح ثبوت اس بات پر ہے کہ وہ ایام پیشگوئی میں اپنی قدیم عادتوں سے رکا رہا اور وہی رجوع تھا۔ منہ

میعاد کے اندر بے چینی میں نہیں رہا جو ہاویہ کا مصداق ہے؟ کیا کہہ سکتے ہو کہ وہ آرام اور تسلی سے رہا؟ کیا یہ سچ نہیں کہ وہ میعاد سے خارج ہو کر اور عیسائیت پر اصرار کر کے ہمارے آخری اشتہار سے ساڑھے ماہ تک مر گیا؟ کیا دکھلا سکتے ہو کہ اب تک وہ کہیں زندہ بیٹھا ہے؟ کیا یہ ایسی باتیں ہیں جو کسی کو سمجھ نہیں آ سکتیں؟ سو انکار پر اصرار اگر بے ایمانی نہیں تو اور کیا ہے؟ سچ تو یہ ہے کہ دنیا کسی پہلو سے خوش نہیں ہو سکتی۔ آتھم نے نرمی اور شرم اختیار کی اور اس کا دل خوف سے بھر گیا۔ سو خدا نے الہام کی شرط کے موافق خوف کے ایام میں اس کو مہلت دے دی مگر دنیا کے لوگوں نے پھر یہی کہا کہ ''آتھم کیوں نہیں مرا'' اور لیکھرام نے کچھ خوف نہ کیا اور شوخی دکھلائی اس لئے خدا تعالیٰ نے ﴿۴۵﴾ ٹھیک ٹھیک میعاد کے اندر اس کو ہلاک کیا اور دنیا کے لوگوں نے کہا کہ ''کیوں لیکھرام مر گیا ضرور کوئی خفیہ سازش ہوگی''۔ سو وہ جو میعاد کے اندر مرنے سے بچایا گیا اس پر بھی مخالفوں کا شور اٹھا کہ کیوں بچایا گیا اور جو میعاد کے اندر پکڑا گیا اس پر بھی شور اٹھا کہ کیوں پکڑا گیا۔

اور جیسا کہ لیکھرام کی نسبت سترہ برس پہلے براہین احمدیہ میں خبر موجود ہے ایسا ہی آتھم کی نسبت بھی براہین احمدیہ میں خبر موجود ہے جو شخص براہین احمدیہ کا صفحہ ۲۴۱ غور سے پڑھے گا اس کو اس بات کو ماننا پڑے گا کہ درحقیقت براہین احمدیہ میں اس فتنہ نصاریٰ کی جو آتھم کی میعاد گذرنے کے بعد ظہور میں آیا خبر دی گئی ہے۔ ان باتوں پر غور کرنے سے ایک ایماندار کا ایمان قوت پاتا ہے لیکن افسوس کہ ہمارے مخالف دن بدن بے ایمانی میں بڑھتے جاتے ہیں نہ معلوم ان کی قسمت میں کیا لکھا ہے۔ مولویوں کی حالت پر تو بہت ہی افسوس ہے کہ ان کو آثار نبویہ کے ذریعہ سے آتھم کی پیشگوئی کی نسبت خبر دی گئی تھی مگر انہوں نے اس خبر کی بھی کچھ پرواہ نہیں کی۔ ایک دانشمند انسان جب براہین احمدیہ کو کھول کر صفحہ ۲۴۱ میں نصاریٰ کے ذکر اور ان کے مکر اور حق پوشی کی پیشگوئی کے بعد پھر اس الہام کو پڑھے گا **الفتنۃ ھٰھُنا فاصبر کما صبر اولوا العزم** ۔ اور پھر آگے چل کر جب پانسو گیارہ ۵۱۱ صفحہ پر ایک مفتری اور بے باک مسلمان کے ذکر کے بعد پھر اس الہام کو پڑھے گا **الفتنۃ ھٰھُنا فاصبر کما صبر اولوا العزم** اور پھر آگے چل کر جب صفحہ ۵۵۷ میں ایک چمکتے ہوئے نشان

کے ذکر کے بعد پھر اس الہام کو پڑھے گا الفتنۃ ھٰھُنا فاصبر کما صبر اولو االعزم تو ان تین فتنوں کے تصور سے جو صفحہ ۲۴۱ اور صفحہ ۵۱۱ اور ۵۵۷ براہین احمدیہ میں اس وقت سے سترہ برس پہلے لکھی ہوئی ہیں طبعًا اس کے دل میں ایک سوال پیدا ہوگا کہ یہ تین فتنے کیسے ہیں جن میں سے ایک عیسائیوں سے تعلق رکھتا ہے اور ایک کسی منصوبہ باز مسلمان سے اور ایک کھلے کھلے نشان کے ظہور کے وقت سے۔ اور پھر جب واقعات کی تلاش میں پڑے گا تو وہ تین بھاری بلوے اس کی نظر کے سامنے آجائیں گے جو ہر ایک ان میں سے فتنہ عظیم کہلانے کا مستحق ہے۔ تب خدا کا عمیق علم دیکھ کر ضرور سجدہ کرے گا جس نے اس وقت یہ خبریں دیں جبکہ ان تینوں فتنوں کا نام ونشان نہ تھا اگر یہ تینوں فتنے چیستاں کے طور پر کسی واقعات کے جاننے والے کے سامنے پیش کئے جائیں تو فی الفور ﴿۴۶﴾
وہ جواب دے گا کہ ایک فتنہ آتھم کی پیشگوئی کے متعلق کا ہے جو عیسائیوں اور ان کے حامی بخیل مسلمانوں سے ظہور میں آیا یعنی ان مسلمانوں سے جن کا نام اس پیشگوئی میں یہود رکھا ہے اور دوسرا فتنہ محمد حسین بٹالوی کی تکفیر کا فتنہ ہے۔ اور تیسرا وہ فتنہ جو ہندوؤں کی طرف سے نشان الٰہی کے ظہور کے بعد وقوع میں آیا۔ یہ تین فتنے ہیں جو پُرشور و بلوہ کی طرح ظہور میں آئے جن کی خدا نے سترہ ۱۷ برس پہلے خبر دے دی تھی!!!

اس بات سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ ان تینوں فتنوں میں سے کوئی فتنہ بھی قومی شور وغوغا سے خالی نہ تھا اور ہر ایک میں انتہائی درجہ کا جوش بھرا ہوا تھا اور ہر ایک میں غیر معمولی غل غپاڑہ اٹھا تھا چنانچہ عیسائیوں کا فتنہ اُس وقت وقوع میں آیا تھا جب آتھم میعاد پیشگوئی کے بعد زندہ پایا گیا۔ پادریوں کو خوب معلوم تھا کہ الہامی پیشگوئی میں صریح شرط تھی کہ آتھم رجوع کی حالت میں جو ایک دلی فعل ہے میعاد میں مرنے سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے اور یہ بھی وہ خوب جانتے تھے کہ آتھم پیشگوئی کی ہیبت سے ضرور ڈرتا رہا اور وہ ایام میعاد میں عیسائیت کے تعصب پر قائم نہیں رہ سکا اور ان کی مجلسوں سے بھاگ کر فیروز پور کے گوشہ خلوت میں جا بیٹھا اور نیز ان کو خوب معلوم تھا کہ ایک دفعہ بیماری کے وقت میں اس نے یہ بھی کہا کہ ''میں پکڑا گیا'' اور خوب جانتے تھے کہ فطرتًا اس کی روح ڈرنے

والی تھی اور انہیں کما حقہ اس بات کا علم تھا کہ اس نے اپنی حرکات سے خوف ظاہر کیا استقامت ظاہر نہیں کی اور پہلی وضع متعصّبانہ کو ایسا بدل دیا کہ اثناء میعاد میں دین اسلام کی مخالفت میں کبھی دوسطر کا مضمون بھی کسی اخبار میں نہیں چھپوایا اور نہ کوئی رسالہ نکالا جیسا کہ اس کی قدیم سے عادت تھی اور نہ کسی مسلمان سے بحث کی بلکہ اس طرح پر دنوں کو گذارا جیسا کہ کسی نے خاموشی کا روزہ رکھا ہوا ہوتا ہے اور پھر طرفہ یہ کہ چار ہزار روپیہ دینے پر بھی قسم نہ کھائی اور مارٹن کلارک سر پیٹ پیٹ کر رہ گیا مگر نالش نہ کی اور تعلیم یافتہ سانپ وغیرہ الزاموں کو ثابت نہ کر سکا۔ ان تمام وجوہات سے پادری صاحبوں کو یقینی علم تھا کہ وہ بزدل اور ڈرپوک نکلا۔ اور میعاد کے بعد بھی وہ اپنا قصہ یاد کر کے رویا لیکن پادریوں نے خدا تعالیٰ کا خوف نہ کیا اور امرتسر کے بازاروں میں اس کو لئے پھرے کہ دیکھو آتھم صاحب زندہ موجود ہے اور پیشگوئی جھوٹھی نکلی۔ بہت سے پلید طبع مولوی جو نام کے مسلمان تھے اور چند نالائق اور دنیا پرست اخبار والے ان کے ساتھ ہو گئے اور لعن طعن اور تکذیب اور تبرا بازی میں ان کے بھائی بن بیٹھے اور بڑے جوش سے اسلام کی خفت کرائی۔ پھر کیا تھا ﴿۴۷﴾ عیسائیوں کو اور بھی موقعہ ہاتھ لگا۔ پس انہوں نے پشاور سے لے کر الہ آباد اور بمبئی اور کلکتہ اور دور دور کے شہروں تک نہایت شوخی سے ناچنا شروع کیا اور دین اسلام پر ٹھٹھے کئے اور یہ سب مولوی یہودی صفت اور اخباروں والے ان کے ساتھ خوش خوش اور ہاتھ میں ہاتھ ملائے ہوئے تھے۔ ان پر آسمان سے خدا کی لعنت برس رہی تھی مگر ان کو نظر نہیں آتی تھی۔ اس وقت وہ غضب الٰہی کے نیچے تھے مگر نفسانی جوش کے گرد و غبار سے اندھے کی طرح ہو رہے تھے۔ یہ لوگ اس وقت شیطان کی آواز کے مصدق تھے اور آسمان کی آواز کی کچھ پرواہ نہ تھی۔ انہیں دنوں میں ایک بے نصیب نالائق مسلمان ایڈیٹر نے لاہور سے اپنے اخبار میں آتھم کو مخاطب کر کے اور میرا نام لے کر لکھا کہ ''آتھم صاحب خلق اللہ پر احسان کریں گے اگر نالش کر کے اس شخص کو سزا دلائیں گے''۔ اس نادان نے اپنے اِن پُر جوش لفظوں سے مردہ کو بلانا چاہا مگر چونکہ وہ مر چکا تھا اس لئے ہل نہ سکا اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ میں خود چاہتا تھا کہ اگر آتھم نے قسم نہیں کھائی تو بارے نالش ہی کرتا مگر آتھم

تو مردہ تھا۔ زندہ خدا کی پیشگوئی کا رعب اس کو ہلاک کر گیا تھا گو بظاہر جیتا نظر آتا تھا مگر اس میں جان نہ تھی۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر یہ سب لوگ اس کو ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دیتے تب بھی وہ کبھی نالش نہ کرتا اور اگر میں ایک کروڑ روپیہ بھی اس کو دیتا تو کبھی قسم نہ کھاتا۔ اس کا دل میرا قائل ہو گیا تھا اور زبان پر انکار تھا اور میں خوب جانتا ہوں کہ اس معاملہ میں آتھم سے زیادہ میری سچائی کا اور کوئی گواہ نہ تھا۔ غرض پادریوں نے آتھم کے معاملہ میں حق پوشی کر کے بہت شوخی کی اور امرتسر سے شروع کر کے پنجاب اور ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں میں ناچتے پھرے اور بہروپ نکالے اور ایسا شور وغوغا کیا کہ ابتدا عملداری انگریزی سے آج تک اس کی کوئی نظیر نہیں مل سکتی اور اس جھوٹھی خوشی میں جس کے مقابل انہیں کا کانشنس ان کے منہ پر طمانچے مارتا تھا بہت بُرا نمونہ دکھایا اور گندی گالیوں سے بھرے ہوئے میری طرف خط بھیجے اور وہ شور کیا اور وہ شوخی ظاہر کی کہ گویا ہزاروں فتح ان کے نصیب ہو گئیں اور ہزاروں اشتہار چھپوائے مگر پھر بھی اتنے اور اس قدر جوش کے ساتھ **آتھم کا مردہ جنبش نہ کر سکا** اور اس جھوٹھی فتح کی خوشی میں اس نے کوئی دو ورقہ رسالہ بھی شائع نہ کیا۔ بلکہ ایک اخبار میں شائع کر دیا کہ یہ تمام فتنہ اور شور وغوغا جو عیسائیوں کی طرف سے ہوا یہ میرے خلاف مرضی ہوا میں ان کے ساتھ متفق نہیں اور گو سچی گواہی کو چھپایا مگر مخالفانہ تیزی اور چالاکی سے بھی چپ رہا یہاں تک کہ الہام الٰہی کے موافق ہمارے آخری اشتہار سے سات مہینہ ﴿۴۸﴾ کے اندر فوت ہو گیا۔ غرض بڑا بھاری فتنہ یہ تھا جس میں دین اسلام پر ٹھٹھا کیا گیا اور جس میں بد بخت مولویوں اور دوسرے جاہل مسلمانوں نے پادریوں کی ہاں کے ساتھ ہاں ملا کر اپنا مونہہ کالا کیا اور ایک الہامی پیشگوئی کی ناحق تکذیب کی اور اسلام کی سخت توہین کے مرتکب ہوئے۔ اب صفحہ ۲۴۲ براہین احمدیہ غور سے پڑھو اور انصاف کرو کہ کیسی صفائی سے اس فتنہ کی اس میں خبر ہے اور کیسا صاف صاف لکھا ہے کہ اوّل عیسائی مکر کریں گے اور پھر صدق ظاہر ہو جائے گا۔

دوسرا فتنہ جو دوسرے درجہ پر تھا محمد حسین بٹالوی کی تکفیر کا فتنہ تھا۔ اس میں بھی عوام کا شور و غوغا پادریوں کے شور وغوغا سے کچھ کم نہ تھا۔ اسی فتنہ کی تقریب پر بمقام دہلی سات یا آٹھ ہزار

کے قریب مکفر اور مکذب جامع مسجد میں میرے مقابل پر اکٹھے ہوئے تھے۔ اگر عنایت الٰہی شامل نہ ہوتی تو ایک خطرناک بلوہ برپا ہو جاتا۔ غرض اس فتنہ کا بانی محمد حسین بٹالوی تھا اور اس کے ساتھ نذیر حسین دہلوی تھا جس کی نسبت اللہ تعالیٰ نے اس الہام میں فرمایا جو صفحہ ۵۱۱ میں درج ہے **تبت یدا ابی لھب و تبّ ۔ ما کان لہ ان یدخل فیھا الّا خائفا** یعنی دونوں ہاتھ ابی لہب کے ہلاک ہو گئے جس سے اس نے فتویٰ تکفیر لکھا اور وہ آپ بھی ہلاک ہو گیا۔ اس کو نہیں چاہیے تھا کہ اس مقدمہ میں دخل دیتا مگر ڈرتا ہوا۔ یہ فتنہ بھی پشاور سے لے کر کلکتہ بمبئی حیدرآباد اور تمام بلاد پنجاب اور ہندوستان میں پھیل گیا۔ اور جاہل مسلمانوں نے رافضیوں کی طرح مجھ پر لعنت بھیجنا ثواب کا موجب سمجھا۔ اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات ٹوٹ گئے اور بھائی بھائی سے اور بیٹا باپ سے علیحدہ ہو گیا۔ سلام ترک کیا گیا یہاں تک کہ ہماری جماعت میں سے کسی مردہ کا جنازہ پڑھنا بھی موجب کفر سمجھا گیا۔

تیسرا فتنہ جو تیسرے درجہ پر ہے وہ فتنہ ہے جو اب لیکھرام کی موت پر کھلا کھلا نشان ظاہر ہونے کے وقت ہندوؤں سے وقوع میں آیا اور انہوں نے جہاں تک ان کی طاقت تھی فتنہ کو انتہا تک پہنچایا اور قتل کے منصوبے کئے اور کر رہے ہیں اور گورنمنٹ کو اکسایا اور اکسا رہے ہیں☆ اس فتنہ کے ساتھ چونکہ ایک ایسا کھلا کھلا نشان ہے جس سے مخالفوں کے دلوں پر زلزلہ آ گیا ہے اور فتح عظیم حاصل ہوئی ہے اور بہت سے اندھے سوجاکھے ہوتے جاتے ہیں۔ اس لئے یہ فتنہ تیسرے درجہ پر ہے۔

﴿۴۹﴾ یہ تین فتنے ہیں جن کا براہین احمدیہ میں آج سے سترہ برس پہلے ذکر ہے۔ اب اگر بڑے سے بڑے متعصب مسلمان یا عیسائی یا ہندو کے سامنے یہ **کتاب براہین احمدیہ** رکھ دی جائے اور ان تینوں فتنوں کے مقامات اس کو دکھلائے جائیں اور حلفاً اس سے پوچھا جائے کہ یہ تینوں فتنے واقعی طور پر وقوع میں آ چکے یا نہیں اور کیا یہ پیشگوئی کے طور پر براہین احمدیہ میں لکھے گئے تھے یا نہیں اور کیا یہ **واقعات ثلاثہ** جو بڑے

☆ ۸؍اپریل ۱۸۹۷ء کو صاحب ڈسٹرکٹ سپرانٹنڈنٹ پولیس کی معرفت خانہ تلاشی کرائی۔ منہ

زور شور سے ظہور میں آ چکے نہیں بتلاتے اور گواہی نہیں دیتے کہ حقیقت میں **ایک فتنہ** عیسائیوں کی طرف سے بھی ہوا جس میں لاکھوں انسانوں کا شور وغوغا ہوا اور گروہ کے گروہ نہایت پُر جوش صورت میں بازاروں میں پھرتے تھے اور بہروپ نکالتے تھے اور **دوسرا فتنہ** حقیقت میں محمد حسین بٹالوی کی طرف سے ہوا جس نے مسلمانوں کے خیالات کو اس عاجز کی نسبت بھڑکتی ہوئی آگ کے حکم میں کر دیا اور بھائیوں کو بھائیوں سے اور باپوں کو بیٹوں سے اور دوستوں کو دوستوں سے علیحدہ کر دیا اور رشتے ناطے توڑ ڈالے اور **تیسرا فتنہ** لیکھرام کی موت کے وقت اور نشان الٰہی کے ظاہر ہونے کے حسد سے ہندوؤں کی طرف سے ہوا اس فتنہ کے جوش میں کئی معصوم بچے قتل کئے گئے راولپنڈی میں قریباً چالیس[۴] آدمیوں کو زہر دیا گیا اور مجھ کو قتل کی دھمکیاں دی گئیں اور گورنمنٹ کو مشتعل کرنے کیلئے سعی کی گئی اور آئندہ معلوم نہیں کہ کیا کچھ کریں گے☆ اب بتلاؤ کہ کیا یہ سچ نہیں کہ جیسے **براھین احمدیّہ** میں تصریح اور تفصیل کے ساتھ تین فتنوں کا ذکر کیا گیا تھا وہ تینوں فتنے ظہور میں آ گئے۔ کیا محمد[۱] حسین بٹالوی یا سید احمد[۲] خان صاحب کے سی ایس آئی۔ یا نذیر حسین[۳] دہلوی یا عبدالجبار[۴] غزنوی یا رشید احمد[۵] گنگوہی یا محمد بشیر بھوپالی[۶] یا غلام دستگیر قصوری[۷] یا عبداللہ ٹونکی[۸] پروفیسر لاہور یا مولوی محمد حسن[۹] رئیس لدھیانہ قسم کھا سکتے ہیں کہ یہ تین فتنے جن کا ذکر پیشگوئی کے طور پر براہین احمدیہ میں کیا گیا ہے ظہور میں نہیں آ گئے۔ اگر کوئی صاحب ان صاحبوں میں سے میرے الہام کی سچائی کے منکر ہیں تو کیوں خلقت کو تباہ کرتے ہیں میرے مقابل پر قسم کھا جائیں کہ یہ تینوں فتنے جو براہین احمدیہ میں بطور پیشگوئی ذکر کئے گئے ہیں یہ پیشگوئیاں پوری نہیں ہوئیں اور اگر پوری ہوگئی ہیں تو اے خدائے قادر اکتالیس دن تک ہم پر وہ عذاب نازل کر جو مجرموں پر نازل ہوتا ہے پس اگر خدا تعالیٰ کے ہاتھ سے اور بلاواسطہ کسی انسان کے وہ عذاب جو آسمان سے اترتا اور کھا جانے والی آگ کی طرح کذاب کو نابود کر دیتا ہے اکتالیس روز کے اندر نازل نہ ہوا تو میں جھوٹا اور میرا تمام کاروبار جھوٹا ہوگا اور میں حقیقت میں تمام لعنتوں کا مستحق ٹھیروں گا اور اگر وہ کسی دوسرے شخص کی طرف سے اس قسم کی پیشگوئیاں جن کو خود بیان کرنے والے نے

☆ ۸/اپریل ۱۸۹۷ء کو میرے گھر کی تلاشی کی گئی۔ منہ

اپنی تحریروں اور چھپی ہوئی کتابوں کے ذریعہ سے مخالفوں اور موافقوں میں پیش از وقت شائع کر دیا ہو اور اپنی عظمت میں میری پیشگوئیوں کے مساوی ہوں اس زمانہ میں دکھاویں جن میں الٰہی قوت محسوس ہو تب بھی میں جھوٹا ہو جاؤں گا اور قسم کیلئے یہ ضروری ہوگا کہ جو صاحب قسم کھانے پر آمادہ ہوں وہ قادیان میں آ کر میرے روبرو قسم کھاویں میں کسی کے پاس نہیں جاؤں گا یہ دین کا کام ہے پس جو لوگ باوجود مولویت کی لاف کے اس میں سستی کریں تو خود کاذب ٹھیریں گے اگر میرے جیسے شخص کو جس کا نام دجال رکھتے ہیں مغلوب کر لیں تو گویا تمام دنیا کو بدی سے چھڑائیں گے اور قسم کے وقت یہ شرط نہایت ضروری ہوگی کہ میں ان کی قسم سے پہلے پورے دو گھنٹے تک عام جلسہ میں ان پیشگوئیوں کی سچائی کے دلائل ان کے سامنے بیان کروں گا تا وہ جلدی کر کے ہلاک نہ ہو جائیں اور نیز ان پر حجت پوری ہو اور ان کا حق نہیں ہوگا کہ بجز قسم کھانے کے ایک کلمہ بھی منہ پر لائیں خاموشی سے دو گھنٹے تک میرے بیان کو سنیں گے پھر حسب نمونہ مذکورہ قسم کھا کر اپنے گھروں میں جائیں گے اور یاد رہے کہ میں نے سیّد احمد خان صاحب کا نام منکرین کی مد میں اس لئے لکھا ہے کہ ان کو خدا کے اس الہام بلکہ وحی سے بھی انکار ہے جو خدا سے نازل ہوتی اور علم غیب کی عظمت اپنے اندر رکھتی ہے چونکہ وہ بھی اب عمر کی منزل کو طے کر چکے ہیں میں نہیں چاہتا کہ وہ یورپ کے کورانہ خیالات کی پیروی کر کے اس غلطی کو قبر میں لے جائیں اب گو وہ متوجہ نہ ہوں اور اس بات کو ٹھٹھے میں اڑائیں مگر میں نے جو تبلیغ کرنی تھی وہ کر چکا ہوں میں ڈرتا ہوں کہ میں پوچھا نہ جاؤں کہ ایک بندہ گم شدہ کو تم نے کیوں تبلیغ نہ کی۔ ﴿۵۰﴾

بعض **نادان** کہتے ہیں کہ ہر دفع **عذاب اور موت** کی پیشگوئیاں کیوں کی جاتی ہیں یہ نادان نہیں جانتے کہ ہر ایک نبی انذاری پیشگوئیاں کرتا رہا ہے اگر یہ روا نہیں ہے تو اس کے کیا معنے ہیں کہ **مسیح موعود کے دم سے مخالف مریں گے**۔

غرض یہ نو صاحب ہیں جو قسم کے لئے منتخب کئے گئے ہیں کیوں کہ ہر ایک ان میں سے ایک جماعت اپنے ساتھ رکھتا ہے پس اس کے ساتھ فیصلہ کرنے سے جماعت کا فیصلہ خود ضمناً ہو جائے گا۔ قسم کا یہی مضمون ہوگا کہ یہ پیشگوئیاں پوری نہیں ہوئیں اور پہلے

سے براہین احمدیہ میں ان کا ذکر نہیں ہے۔ اس بات کو بخوبی یاد رکھنا چاہیے کہ اگرچہ منکرین اپنی جہالت اور نادانی سے بات بات میں تکذیب کرتے ہیں اور ہر ایک پیشگوئی کو خلاف واقعہ قرار دیتے ہیں مگر وہ تکذیب ان کی جو ایک ہولناک فتنہ کے رنگ میں پیدا ہوئی اور بلوہ کی حد تک پہنچ گئی جس کے ساتھ ایک طوفان بے تمیزی کا اٹھا اور خطرناک نتیجے پیدا ہوئے وہ صرف تین مرتبہ وقوع میں آئی اسی کا نام براہین احمدیہ میں تین فتنہ عظیمہ رکھا گیا اور یہ کتاب یعنی براہین احمدیہ آج کے ﴿۵۱﴾ دن سے سترہ برس پہلے تمام ملک میں بلکہ بلاد عرب اور فارس تک شائع ہو چکی ہے اور یہ تین فتنے جس قوت اور عظمت سے ظہور میں آئے اور جس ہیبت ناک شور کے ساتھ اس ملک کے کناروں تک ان کو پھیلایا گیا یہ ایسا امر نہیں ہے جو کسی سے مخفی رہا ہو بلکہ پنجاب اور ہندوستان کے مرد اور عورت اور ہندو اور مسلمان ان تینوں فتنوں کو ایسے طور سے یاد رکھتے ہیں کہ ہرگز امید نہیں کہ کبھی تذکرہ **ان فتن ثلاثہ** کا صفحۂ تواریخ میں سے مٹ سکے پس جو شخص ان تینوں فتنوں کے پُر ہیبت واقعات پر اطلاع پا کر پھر براہین احمدیہ میں ان کی خبر دیکھنا چاہے یا براہین احمدیہ میں ان تینوں فتنوں کی پیشگوئی پڑھ کر پھر واقعات خارجیہ میں ان کا نمونہ دیکھنا چاہے تو ان دونوں صورتوں میں یقین کامل اس کو ہو جائے گا کہ براہین احمدیہ میں انہیں تین فتنوں کا ذکر ہے جو ظہور میں آ گئے یا یوں کہو کہ جو تین فتنے ظہور خارجی میں مشاہدہ کئے گئے وہ وہی تینوں ہیں جو براہین احمدیہ میں پہلے سے مندرج ہیں۔ اب سوچو کہ آتھم کے متعلق جو پیشگوئی تھی جس کی نسبت عیسائیوں اور یہودی صفت مولویوں نے شور مچایا اور لیکھرام کی نسبت جو پیشگوئی تھی جس کی نسبت آریوں نے طوفان برپا کیا یہ دونوں کس چٹان مضبوط پر رکھی گئی ہیں۔ **اے مسلمانوں کی اولاد** حد سے بڑھتے نہ جاؤ ممکن ہے کہ انسان اپنی عقل اور اپنے اجتہاد سے ایک رائے کو صحیح سمجھے اور دراصل وہ رائے غلط ہو اور ممکن ہے کہ ایک شخص کو کاذب خیال کرے اور دراصل وہ سچا ہو تم سے پہلے بہت لوگوں کو دھوکے لگے تم کیا چیز ہو کہ تمہیں نہ لگیں پس ڈرو اور تقویٰ کی راہ اختیار کرو تا امتحان میں نہ پڑو میں بار بار کہتا ہوں کہ اگر یہ انسان کا فعل ہوتا تو کب کا تباہ کیا جاتا اور قبل اس کے جو تمہارا ہاتھ اٹھتا خدا کا ہاتھ اس کو تباہ

کر دیتا دیکھو خدا فرماتا ہے فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ[1] یعنی غیب کو چنے ہوئے فرستادوں کے سوا کسی پر نہیں کھولا جاتا۔ اب سوچو اور خوب غور سے اس کتاب کو پڑھو کہ کیا وہ غیب جس کی اس آیت میں تعریف ہے کامل طور پر پیش نہیں کیا گیا میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو کچھ تمہیں دکھایا گیا اگر ان اندھوں کو دکھایا جاتا کہ اس صدی سے پہلے گذر گئے تو وہ اندھے نہ رہتے سو تم روشنی کو پا کر اس کو رد نہ کرو خدا تمہیں روشن آنکھیں دینے کے لئے طیار ہے اور پاک دل بخشنے کے لئے مستعد ہے وہ نئے طور سے اپنی ہستی تم پر ظاہر کرنا چاہتا ہے اس کے ہاتھ ایک نیا آسمان اور نئی زمین بنانے کے لئے لمبے ہوئے ہیں سو تم مزاحمت مت کرو اور سعادت سے جلد جھک جاؤ تم اپنے نفسوں پر ظلم مت کرو اور اپنی ذرّیت کے دشمن نہ بنو تا خدا تم پر رحم کرے اور تا وہ تمہارے گناہ بخشے اور تمہارے دنوں میں برکت دے۔ دیکھو آسمان کیا کر رہا ہے اور زمین کو کیوں کر خدا کھینچ رہا ہے افسوس کہ تم نے **صدی** کے سر کو بھی بھلا دیا۔ ﴿۵۲﴾

پندرہویں پیشگوئی جو آتھم کی پیشگوئی اور لیکھرام کی پیشگوئی سے نہایت مناسبت رکھتی ہے وہ الہام ہے جو آتھم کی میعاد گذرنے کے بعد رسالہ انوار الاسلام میں شائع کیا گیا تھا وہ یہ ہے **اطلع اللّٰہ علی ھَمِّہٖ و غمّہ و لن تجد لسنۃ اللّٰہ تبدیلا۔ ولا تعجبوا ولا تحزنوا و انتم الاعلون ان کنتم مؤمنین. و بعزّتی و جلالی انّک انت الاعلٰی. و نمزق الاعداء کُلّ ممزق. انا نکشف السرّعن ساقہٖ. یومئذ یفرح المؤمنون. ثُلّۃ من الاولین و ثُلّۃ من الاٰخرین. ھذہ تذکرۃ فمن شاء اتخذ الی ربّہٖ سبیلا** یعنی خدا نے دیکھا کہ آتھم کا دل ہم وغم سے بھر گیا اور خدا کی سنت میں تو تبدیلی نہیں پائے گا یعنی وہ ڈرنے والے دل کے لئے عذاب کی پیشگوئی کو تاخیر میں ڈال دیتا ہے یہی اس کی سنت ہے۔ اور پھر فرمایا کہ جو واقعہ پیش آیا اس سے کچھ تعجب مت کرو اور اگر تم ایمان پر قائم رہو گے تو آخر غلبہ تمہیں کو ہوگا اور مجھے میری عزت اور جلال کی قسم ہے کہ آخر تو ہی غالب ہوگا اور ہم دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں گے ہم الہامی پیشگوئی کے مخفی امور کو اس کی پنڈلی سے ننگا کر کے دکھائیں گے۔ اس دن مومنین خوش ہوں گے

[1] الجن: ۲۷، ۲۸

پہلا گروہ بھی اور پچھلا گروہ بھی یہ خدا کی طرف سے ایک یاد دہانی ہے سو جو چاہے قبول کرے۔ اب دیکھو کہ یہ پیشگوئی تین برس سے کچھ زیادہ عرصہ کی ہے یعنی اس وقت کی کہ جب آتھم کی میعاد کا آخری دن تھا اس میں خدا تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ یہ اثر پیشگوئی کا جو نادانوں پر مشتبہ ہے اس کو ہم ننگا کر کے دکھلا دیں گے پس اس نے لیکھرام کے نشان کے بعد اپنے وعدہ کے موافق اس مخفی امر کو ننگا کر کے دکھلا دیا اور براہین احمدیہ کی پیشگوئیوں کو ایک آئینہ کی طرح آگے رکھ دیا۔ پس اس کا یہ فضل اس زمانہ پر ہے جو اس نے نئی معرفت کا سرچشمہ کھولا **مبارک وہ جو اس سے حصہ لیوے** اور یہ جو فرمایا تھا کہ پہلا گروہ بھی اس وقت خوش ہوگا اور پچھلا گروہ بھی یہ تمام پیشگوئیاں اس وقت ظہور میں آ گئیں چنانچہ لیکھرام کے نشان کے ظاہر ہونے سے اہل ایمان کی قوت ایمانی بہت بڑھ گئی اور ان کو وہ خوشی پہنچی جس کا اندازہ کرنا مشکل ہے ہزاروں ایمانداروں پر رقت طاری ہوگئی اور وجد کے جوش سے خوشی آنسوؤں کے راہ سے نکلی گویا پوشیدہ خدا کو انہوں نے آنکھوں سے دیکھ لیا یہ عجیب واقعہ ﴿۵۳﴾ پیش آیا کہ ہندو اور آریہ تو لیکھرام کے غم سے روئے اور ایمانداروں اور صادقوں کا گروہ زیادت معرفت کی خوشی سے رویا۔ **براہین احمدیہ** کے صفحہ ۲۴۲ میں جو الہامات مندرجہ ذیل ہیں جو ایک پیشگوئی تھی وہ اسی نشان کے بعد کامل طور پر میں نے پوری ہوتی دیکھی اور وہ یہ ہے:

اصحاب الصُّفة. و ما ادرٰک ما اصحاب الصُّفة . تریٰ اعینهم تفیض من الدمع یُصَلُّون عَلَیْک. ربنا اننا سمعنا منادیًا ینادی للایمان و داعیًا الی اللّٰه و سراجا منیرا. اَمْلُوا. ترجمہ۔ حجرہ کے ہم نشین اور تو کیا جانتا ہے کہ کیا ہیں حجرہ کے ہم نشین۔ تو دیکھے گا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوں گے۔ تجھ پر درود بھیجیں گے۔ اے ہمارے خدا ہم نے ایک منادی کرنے والے کو سنا جو تیرے نام کی منادی کرتا اور لوگوں کو ایمان کی طرف بلاتا اور خدائے واحد لاشریک کی طرف دعوت کرتا ہے اور ایک چمکتا ہوا چراغ ہے لکھ لو اور انوار الاسلام کی مذکورہ بالا پیشگوئی میں یہ بھی صاف طور پر لکھا ہے کہ اس نشان کے بعد ایک اور گروہ بھی اس جماعت کے ساتھ شامل ہو جائے گا اور وہ دونوں گروہ اس نشان پر خوش ہوں گے چنانچہ یہ پیشگوئی اب پوری ہو رہی ہے

اور بہت مخالفوں کے انکساری ☆ خط پر خط آ رہے ہیں جو ہم غلطی پر تھے۔ فالحمد للّٰہ علٰی ذلکَ۔

سولہویں پیشگوئی براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۲۷ میں ایک آریہ کے متعلق ایک پیشگوئی ہے جس کا نام **ملاوامل** ہے وہ ابھی تک بقید حیات ہے یہ شخص دق کے مرض میں مبتلا ہو گیا تھا ایک دن وہ میرے پاس آ کر اور اپنی زندگی سے ناامید ہو کر بہت بے قراری سے رویا۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ اس نے اس روز متوحش خواب بھی دیکھا تھا جہاں تک کہ مجھے یاد ہے خواب یہ تھا کہ اس کو ایک زہریلے سانپ نے کاٹا ہے اور تمام بدن میں زہر سرایت کر گیا ہے اس خواب نے اس کو نہایت غمگین کر دیا تھا اور پہلے سے ایک نرم تپ نے جو کھانے کے بعد تیز ہو جاتی تھی سخت گھبراہٹ میں اس کو ڈالا ہوا تھا اس لئے وہ بے قراری اور قریب قریب مایوسی کی حالت میں تھا وہ میرے پاس آ کر رویا اس لئے میرا دل اس کی حالت پر نرم ہوا اور میں نے حضرت احدیت میں اس آریہ کے حق میں دعا کی جیسا کہ اس پہلے آریہ کے حق میں دعا کی تھی جس کا نام شرمپت ہے تب مجھے یہ الہام ہوا جو براہین کے صفحہ ۲۲۷ میں موجود ہے قُلنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا یعنی ہم نے تپ کی آگ کو کہا کہ سرد اور سلامتی ہو چنانچہ اسی وقت اس کو جو موجود تھا اس الہام سے خبر دی گئی اور کئی اور لوگوں کو اطلاع دی گئی کہ وہ ضرور میری دعا کی برکت سے صحت پا جائے گا چنانچہ بعد اس کے ایک ہفتہ نہیں گذرا ہو گا کہ وہ آریہ خدا کے فضل سے صحت پا گیا۔ اگرچہ اب آریوں کی ایسی حالت ہے کہ ان کو سچی گواہی ادا کرنا موت سے بدتر ہے لیکن میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ یہ واقعہ سراسر صحیح ہے اور ایک ذرہ اس میں آمیزش مبالغہ نہیں اگر ان واقعات کے مضمون کے کسی حصہ میں مجھے شک ہوتا تو میں ان واقعات کو ہرگز نہ لکھتا اور مبالغہ کرنا اور اپنی طرف سے زیادہ باتیں ملا دینا لعنتی انسانوں کا کام ہے اور یہ دونوں واقعات شرمپت اور ملاوامل کے ۱۷ برس سے براہین احمدیہ میں لکھے ہوئے ہیں پس جو لوگ ان شبہات میں پڑتے ہیں کہ مخالفوں کے لئے ضرر رسانی کے ہی الہام ہوتے ہیں وہ ان دونوں الہاموں پر غور کریں کیونکہ یہ دونوں آریہ ہیں ہمارا کام تمام مخلوق کی ہمدردی ہے بھلا آریہ ہی کوئی مثال دیں کہ انہوں نے ﴿۵۴﴾

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' انکساری کے خط ''ہونا چاہیے۔(ناشر)

اس قسم کی ہمدردی کسی مسلمان سے کی ہو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ سچی محبت سے خدا کے بندوں کی خیر خواہی کرنا بجز سچے مسلمان کے کسی سے ممکن ہی نہیں ہاں ریا کاری کے ساتھ ممکن ہو تو ہو مگر دل کے پاک انشراح سے ٹھیک ٹھیک اصول پر قدم مار کر دوسروں کو یہ باتیں حاصل نہیں ہوسکتیں مسلمان بالطبع مدارات کو چاہتے ہیں اس لئے کھانے پینے میں بھی ہندوؤں سے پرہیز نہیں کرتے مگر ہندوؤں میں نفرت بھی ایک بخل کی نشانی ہے۔ ہاں کسی نافرمان پر خدا کا غضب ہونا خواہ وہ مسلمان ہو یا عیسائی یا ہندو یہ اور بات ہے ہمدردی کے اصول سے اس کو کچھ تعلق نہیں۔

اور میں نے جو ان دونوں آریوں کے واقعات پیش کرنے کے وقت قسم کھائی ہے یہ اس لئے کہ میں باور نہیں کرتا کہ وہ کم سے کم اس قدر حق پوشی کے لئے طیار نہ ہو جائیں کہ میری نسبت یہ الزام دیں کہ اس نے اصل واقعات میں کمی بیشی کر دی ہے اور نیز اس لئے قسم کھائی ہے کہ آج کل آریوں کو اسلام کے ساتھ ایک خاص بغض ہے۔

اور میں دوبارہ اللہ جلّ شانہٗ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ایک ذرہ ان واقعات میں تفاوت نہیں خدا موجود ہے اور جھوٹے کے جھوٹ کو خوب جانتا ہے اگر میں نے جھوٹھ بولا ہے یا میں نے ان قصوں کو ایک ذرہ کم وبیش کر دیا ہے تو نہایت ضروری ہے کہ ایسا ظن کرنے والا خدا کی قسم کے ساتھ اشتہار دے دے کہ میں جانتا ہوں کہ اس شخص نے جھوٹ بولا ہے یا اس نے کم وبیش کر دیا ہے اور اگر نہیں کیا تو ﴿۵۵﴾ ایک سال تک اس تکذیب کا وبال مجھ پر پڑے اور ابھی میں بھی قسم کھا چکا ہوں پس اگر میں جھوٹا ہوں گا یا میں نے ان قصوں کو کم وبیش کیا ہوگا تو اس دروغ گوئی اور افترا کی سزا مجھے بھگتنی پڑے گی لیکن اگر میں نے پوری دیانت سے لکھا ہے اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ میں نے پوری دیانت سے لکھا ہے تب مکذب کو خدا بے سزا نہیں چھوڑے گا یقیناً سمجھو کہ خدا ہے اور وہ ہمیشہ سچائی کی مدد کرتا ہے اگر کوئی امتحان کے لئے اٹھے تو عین مراد ہے کیونکہ امتحان سے خدا ہم میں اور مخالفوں میں فیصلہ کر دے گا ہمارے مخالف مولویوں کے لئے بھی یہ موقع ہے کہ ان لوگوں کو اٹھاویں جیسا کہ آتھم کے اٹھانے کے لئے کوشش کی تھی۔ فیصلہ ہو جانا ہر ایک کے لئے مبارک ہے اس سے دنیا کو پتہ لگ جائے گا کہ خدا موجود ہے اور

سچوں کی دعائیں قبول کرتا ہے۔ دیانند اور لیکھرام اس کا چیلہ اس جہان سے گذر گئے مگر دہریت اور بخل اور تعصب کی بدبو باقی چھوڑ گئے اور میں چاہتا ہوں کہ وہ بدبو دور ہو اس لئے میں اس آریہ سے بھی قسم سے فیصلہ چاہتا ہوں جیسا کہ پہلے آریہ سے درخواست کی گئی ہے اور میں یقیناً جانتا ہوں بلکہ آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں کہ خدا راستی کا حامی ہے اور راستی کے مخالف کا دشمن ہے سچی بات کی گواہی دینی ایک ایماندار کے لئے مشکل نہیں مگر آریوں کے لئے آجکل بہت مشکل ہے۔ غرض اگر کوئی مکذب ہو یہ آریہ ہو یا وہ آریہ تو قسم کھا کر مجھ سے فیصلہ کر لے میں جانتا ہوں کہ وہ خدا جو ہمارا خدا ہے ایک کھا جانے والی آگ ہے وہ جھوٹے کو کبھی نہیں چھوڑے گا لیکن اگر سچا ہوگا تو اس کا کوئی نقصان نہیں۔ اب دیکھو ثبوت اسے کہتے ہیں کہ دین کے دشمنوں کے حوالہ سے اس بابرکت پیشگوئی کی سچائی ظاہر کی گئی ہے دنیا میں اس سے زیادہ اور کیا ثبوت ہوگا کہ ایسے دین کے دشمن جیسا کہ آجکل آریہ ہیں خدا کی پیشگوئیوں کی سچائی کے گواہ ہوں کیا ایسی گواہیاں اور ایسے موجودہ نشان عیسائیوں کے پاس بھی ہیں؟ اگر ہیں تو ایک آدھ بطور نظیر کے پیش تو کریں پس یقیناً سمجھو کہ سچا خدا وہی خدا ہے جس کی طرف قرآن شریف بلاتا ہے اس کے سوا سب انسان پرستیاں یا سنگ پرستیاں ہیں۔ بیشک مسیح ابن مریم نے بھی اس چشمہ سے پانی پیا ہے جس سے ہم پیتے ہیں اور بلاشبہ اس نے بھی اس پھل میں سے کھایا ہے جس سے ہم کھاتے ہیں لیکن ان باتوں کو خدائی سے کیا تعلق اور ابنیت سے کیا علاقہ ہے عیسائیوں نے مسیح کو ایک مقید خدا بنانے کا ذریعہ بھی خوب نکالا یعنی لعنت اگر لعنت نہ ہو تو خدائی بیکار اور ابنیت لغو لیکن باتفاق تمام اہل لغت ملعون ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ خدا سے دل برگشتہ ہو جائے، بے ایمان ہو جائے، مرتد ہو جائے۔ خدا کا دشمن ہو جائے۔ سیاہ دل ہو جائے۔ کتوں اور سوروں اور بندروں سے بدتر ہو جائے جیسا کہ توریت بھی گواہی دے رہی ہے پس کیا یہ مفہوم بھی ایک سیکنڈ کے لئے مسیح کے حق میں تجویز کر سکتے ہیں کیا اس پر ایسا زمانہ آیا تھا کہ وہ خدا کا پیارا نہیں رہا تھا۔ کیا اس پر وہ وقت آیا تھا کہ اس کا دل خدا سے برگشتہ ہو گیا تھا۔ کیا کبھی اس نے بے ایمانی کا ارادہ کیا تھا۔ کیا کبھی ایسا ہوا کہ وہ خدا کا دشمن اور خدا اس کا دشمن

تھا۔ پس اگر ایسا نہیں ہوا تو اس نے اس لعنت میں سے کیا حصہ لیا جس پر نجات کا تمام مدار ٹھیرایا گیا ہے۔ کیا توریت گواہی نہیں دیتی کہ مصلوب لعنتی ہے پس اگر مصلوب لعنتی ہوتا ہے تو بیشک وہ لعنت جو عام طور پر مصلوب ہونے کا نتیجہ ہے مسیح پر پڑی ہوگی لیکن لعنت کا مفہوم دنیا کے اتفاق کی رو سے خدا سے دور ہونا اور خدا سے برگشتہ ہونا ہے فقط کسی پر مصیبت پڑنا یہ لعنت نہیں ہے بلکہ لعنت خدا سے دوری اور خدا سے نفرت اور خدا سے دشمنی ہے اور لعین لغت کی رو سے شیطان کا نام ہے۔ اب خدا کے لئے سوچو کہ کیا روا ہے کہ ایک راستباز کو خدا کا دشمن اور خدا سے برگشتہ بلکہ شیطان نام رکھا جائے اور خدا کو اس کا دشمن ٹھیرایا جائے۔ بہتر ہوتا کہ عیسائی اپنے لئے دوزخ قبول کر لیتے مگر اس برگزیدہ انسان کو ملعون اور شیطان نہ ٹھیراتے۔ ایسی نجات پر لعنت ہے جو بغیر اس کے جو راستبازوں کو بے ایمان اور شیطان قرار دیا جائے مل نہیں سکتی۔ **قرآن شریف** نے یہ خوب سچائی ظاہر کی کہ مسیح کو صلیبی موت سے بچا کر لعنت کی پلیدی سے بری رکھا اور **انجیل** بھی یہی گواہی دیتی ہے کیونکہ مسیح نے یونس کے ساتھ اپنی تشبیہ پیش کی ہے اور کوئی عیسائی اس سے بے خبر نہیں کہ یونس مچھلی کے پیٹ میں نہیں مرا تھا پھر اگر یسوع قبر میں مردہ پڑا رہا تو مردہ کو زندہ سے کیا مناسبت اور زندہ کو مردہ سے کونسی مشابہت۔ پھر یہ بھی معلوم ہے کہ یسوع نے صلیب سے نجات پا کر شاگردوں کو اپنے زخم دکھائے پس اگر اس کو دوبارہ زندگی جلالی طور پر حاصل ہوئی تھی تو اس پہلی زندگی کے زخم کیوں باقی رہ گئے کیا جلال میں کچھ کسر باقی رہ گئی تھی اور اگر کسر رہ گئی تھی تو کیونکر امید رکھیں کہ وہ زخم پھر کبھی قیامت تک مل سکیں گے یہ یہودہ قصے ہیں جن پر خدائی کا شہتیر رکھا گیا ہے مگر وقت آتا ہے بلکہ آ گیا کہ جس طرح روئی کو دھنکا جاتا ہے اسی طرح خدا تعالیٰ ان تمام قصوں کو ذرہ ذرہ کر کے اڑا دے گا۔ افسوس کہ یہ لوگ نہیں سوچتے کہ یہ کیسا خدا تھا جس کے زخموں کیلئے مرہم بنانے کی حاجت پڑی تم سن چکے ہو کہ عیسائی اور رومی اور یہودی اور مجوسی دفتروں کی قدیم طبی کتابیں جواب تک موجود ہیں گواہی دے رہی ہیں کہ یسوع کی چوٹوں کے لئے ایک مرہم طیار کیا گیا تھا جس کا نام ﴿۵۷﴾ **مرہم عیسیٰ** ہے جواب تک قرابادینوں میں موجود ہے نہیں کہہ سکتے کہ وہ مرہم نبوت کے زمانہ

سے پہلے بنایا ہوگا کیونکہ یہ مرہم حواریوں نے طیار کیا تھا اور نبوت سے پہلے حواری کہاں تھے یہ کبھی نہیں کہہ سکتے کہ ان زخموں کا کوئی اور باعث ہوگا نہ صلیب کیونکہ نبوت کے تین برس کے عرصہ میں کوئی اور ایسا واقعہ بجز صلیب ثابت نہیں ہوسکتا اور اگر ایسا دعویٰ ہو تو بار ثبوت بذمّہ مدعی ہے۔ جائے شرم ہے کہ یہ **خدا** اور یہ **زخم** اور یہ **مرہم** واقعی صحیح اور سچی حقیقتوں پر کہاں کوئی پردہ ڈال سکتا ہے اور کون خدا کے ساتھ جنگ کرسکتا ہے۔ ہمیشہ کے لئے **حیّ قیوم** صرف وہ اکیلا خدا ہے جو تجسم اور تحیز سے پاک اور ازلی ابدی ہے اور جھوٹے خدا کے لئے اتنا ہی غنیمت ہے کہ اس نے ایک ہزار نو سو برس تک اپنی خدائی کا سکہ قلب چلا لیا آگے یاد رکھو کہ یہ جھوٹھی خدائی بہت جلد ختم ہونے والی ہے۔ وہ دن آتے ہیں کہ عیسائیوں کے سعادت مند لڑکے سچے خدا کو پہچان لیں گے اور پرانے بچھڑے ہوئے وحدہ لاشریک کو روتے ہوئے آملیں گے۔ یہ میں نہیں کہتا بلکہ وہ **روح** کہتی ہے جو میرے اندر ہے جس قدر کوئی سچائی سے لڑسکتا ہے لڑے جس قدر کوئی مکر کرسکتا ہے کرے بیشک کرے۔ لیکن آخر ایسا ہی ہوگا۔ یہ سہل بات ہے کہ زمین و آسمان مبدل ہو جائیں یہ آسان ہے کہ پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دیں لیکن یہ وعدے مبدل نہیں ہوں گے۔

سترہویں پیشگوئی یہ پیشگوئی وہ ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۳۹ میں درج ہے اور وہ یہ ہے **یتم نعمته عَلَیک لیکون اٰیة للمؤمنین** یعنی خدا اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کرے گا تا وہ مومنین کے لئے نشان ہوں یعنی دنیا کی زندگی میں جو کچھ تجھے نعمتیں دی جائیں گی وہ سب بطور نشان ہوں گی یعنی قول بھی نشان ہوگا جیسا کہ لوگوں نے جلسہ مذاہب لاہور اور عربی کتابوں میں دیکھ لیا۔ اور فعل بھی نشان ہوگا جیسا کہ خدا کے فعل بطور نشان میرے واسطہ سے ظہور میں آرہے ہیں اور اولاد بھی نشان ہوگی جیسا کہ خدا نے نیک اور بابرکت اولاد کا وعدہ دیا اور پورا کیا اور خدا کی مالی نصرت بھی نشان ہوگی جیسا کہ خدا نے براہین احمدیہ میں مالی نصرت کا وعدہ دیا ہے اور وہ وعدہ اب پورا ہوا اور پورب اور پچھّم سے لوگ آئے اور مشرق اور مغرب سے معاون پیدا ہوئے اور جیسا کہ صفحہ ۲۴۱ میں فرمایا تھا **ینصرک رجال نوحی الیھم من السماء یأ تون من کل فج عمیق**

یعنی وہ لوگ تیری مدد کریں گے جن کے دلوں میں ہم آپ ڈالیں گے وہ دور دور سے اور بڑی گہری راہوں سے آئیں گے۔ چنانچہ اب وہ پیشگوئی جو آج کے دن سے سترہ برس پہلے لکھی گئی تھی ظہور میں آئی کس کو معلوم تھا کہ ایسے سچے اخلاص اور محبت سے لوگ مدد میں مشغول ہو جائیں ﴿۵۸﴾ گے دیکھو کہاں اور کس فاصلہ پر مدراس ہے جس میں سے خدا تعالیٰ کا ارادہ **سیٹھ عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا** کو معہ ان کے تمام عزیزوں اور دوستوں کے کھینچ لایا جنہوں نے آتے ہی اخلاص اور خدمات میں وہ ترقی کی کہ صحابہ کے رنگ میں محبت پیدا کر لی اور کہاں ہے بمبئی جس میں **منشی زین الدین ابراہیم** جیسے مخلص پر جوش طیار کئے گئے اور کہاں ہے حیدرآباد دکن جس میں ایک جماعت پر جوش مخلصوں کی طیار کی گئی کیا یہ وہی باتیں نہیں جن کی نسبت پہلے سے براہین میں خبر دی گئی تھی۔

اٹھارھویں پیشگوئی یہ پیشگوئی وہ ہے کہ جو براہین احمدیہ کے ص ۲۴۰ میں مندرج ہے یعنی یہ **قل عندی شهادة من اللّٰه فهل انتم مؤمنون۔ قل عندی شهادة من اللّٰه فهل انتم مسلمون** یعنی کہہ میرے پاس خدا کی ایک گواہی ہے پس کیا تم اس پر ایمان لاؤ گے۔ کہہ میرے پاس خدا کی ایک گواہی ہے کیا تم اس کو قبول کرو گے۔ یہ دونوں فقرے بطور پیشگوئی کے ہیں اور ایسے آسمانی نشانوں کی طرف اشارہ کر رہے ہیں جو بطور پیشگوئی کے ہوں کیونکہ خدا کی گواہی نشان دکھلاتی ہے چنانچہ بعد اس کے یہ گواہی دی کہ **خسوف کسوف** رمضان میں کیا جیسا کہ آثار میں مہدی موعود کی نشانیوں میں آچکا تھا۔ پھر دوسری گواہی خدا نے یہ دی کہ آتھم کی پیشگوئی پر عیسائیوں نے واقعات کو چھپا کر مکر کیا اور یہودی صفت مولویوں نے ان کی ہاں کے ساتھ ہاں ملائی اور وہ شیطانی آواز تھی جو عیسائیوں کی حمایت میں زمین کے شیطانوں یعنی مولویوں نے دی پھر خدا نے اخفائے شہادت کے بعد آتھم کو ہلاک کیا اور اس پیشگوئی کی تصدیق کیلئے لیکھرام کے نشان کو ظاہر کیا اور وہ آسمانی آواز تھی جس نے شیطانی آواز کو کالعدم کر دیا یہی آثار نبویہ میں پہلے سے لکھا ہوا تھا جو آتھم کی پیشگوئی میں پورا ہوا تیسری خدا کی گواہی وہ پیشگوئی تھی جو جلسہ مذاہب سے پہلے شائع کی گئی تھی۔ چوتھی

خدا کی گواہی لیکھرام کے مارے جانے کا نشان تھا جس نے مخالفوں کی کمر توڑ دی یہ پیشگوئی جن لوازم اور تصریحات کے ساتھ بیان کی گئی اور شائع کی گئی تھی وہ تمام لوازم ایسے تھے کہ کوئی دانا باور نہیں کرے گا کہ ان کا انجام دینا انسان کے حد اختیار میں ہو سکتا ہے کیونکہ ﴿۵۹﴾ اس میں میعاد بتلائی گئی تھی دن بتلایا گیا تھا ☆ تاریخ بتلائی گئی تھی وقت بتلایا گیا اور

﴿۵۹﴾ ☆ **حاشیہ**۔ خروج باب ۳۲ سے ثابت ہوتا ہے کہ گوسالہ سامری کے نیست و نابود کرنے کا ارادہ یہود کی عید کے دن میں کیا گیا تھا مگر آگ میں جلانا اور باریک پیسنا اور غبار کی مانند بنانا جیسا کہ $\frac{۲۳}{۲۰}$ خروج میں لکھا ہے یہ فرصت طلب کام تھا اس برے کام نے ضرور رات کا کچھ حصہ لیا ہوگا کیونکہ حضرت موسیٰ اس وقت اترے تھے جب گوسالہ پرستی کا میلہ خوب گرم ہو گیا تھا اور یہ وقت غالباً دوپہر کے بعد میں ہوگا اور پھر کچھ عرصہ ناراضگی اور غضب میں گذرا۔ لہٰذا یہ قطعی امر ہے کہ سونے کا جلانا اور خاک کی طرح کرنا کچھ حصہ رات تک جو دوسرے دن میں محسوب ہوتے ہی ختم ہوا ہوگا۔ سو خدا تعالیٰ نے جو لیکھرام کے لئے گوسالہ سامری کا نام اختیار فرمایا۔ اس نام میں یہ بھید پوشیدہ تھا کہ عید کے دوسرے دن میں اس کی تباہی کا سامان ہوگا جیسا کہ گوسالہ سامری کا ہوا۔ اور چونکہ گوسالہ پر اکثر چھری پھرتی ہے

﴿۶۰﴾ اس لئے عجل کے لفظ میں بھی جو الہام میں اختیار کیا گیا ہے یہ طریق موت مخفی ہے اور لیکھرام کی موت کی نسبت جو یہ پیشگوئی ہے کہ وہ عید کے دوسرے دن قتل کیا جائے گا۔ اس میں الہام الٰہی وہ ہے کہ جو کتاب کرامات الصادقین کے

﴿۶۱﴾ ص ۵۴ میں لکھا ہوا ہے یعنی **ستعرف یوم العید و العید اقرب** اس کے پہلے کا شعر یہ ہے **الا انّنی فی کل حرب غالبٌ. فکدنی بمازوّرت فالحق یغلب** یعنی میں ہر ایک جنگ میں غالب ہوں پس دروغ آرائی سے جس طرح چاہے مکر کر پس حق غالب ہو جائے گا اور پھر دوسرے شعر میں اس شعر کی تشریح کی کہ حق کیونکر غالب ہوگا اور وہ یہ ہے **و بشّرنی ربی و قال مبشّرا ۔ ستعرف یوم العید و العید اقرب** یعنی میرے رب نے مجھے بشارت دی اور بشارت دے کر کہا کہ تو عنقریب عید کے دن کو یعنی خوشی کے دن کو پہچان لے گا اور اس دن سے معمولی عید بہت قریب ہوگی یعنی حق کے غالب ہونے کا وہ دن ہوگا۔ اس لئے مومنوں کی وہ عید ہوگی اور معمولی عید اس سے ملی ہوئی ہوگی اور اسی شعر کی تشریح ٹائٹل پیج یعنی سرورق کے صفحہ اخیر اسی کتاب کرامات الصادقین میں لکھی ہوئی ہے اور یہی لفظ **بشّرنی ربّی** جو اس شعر کے سر پر ہے وہاں بھی موجود ہے اور وہ یہ ہے۔ **و بشرنی ربی بموتہ فی ستّ سنۃ ان فی ذالک لاٰیۃ للطالبین** یعنی خدا تعالیٰ نے مجھے بشارت دی

صورت موت بتلائی گئی تھی یعنی یہ کہ کس طرح سے مرے گا۔ بیماری سے یا قتل سے اور پیشگوئی کے اشارات یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ جن لوگوں نے اس گوسالہ کی ثنا خوانی کو پرستش تک پہنچایا اور سچائی کا خون کیا اور اس کی تعریف میں غلو کیا وہ بھی خدا تعالیٰ کی نظر میں اس قوم کی طرح ہیں جنہوں نے سامری کے گوسالہ کی پرستش کی تھی اللہ تعالیٰ سورۃ الاعراف میں فرماتا ہے اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَیَنَالُھُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ

لیکھرام کا قرآن میں ذکر

بقیہ حاشیہ

کہ لیکھرام چھ۶ سال کے عرصہ میں مرجائے گا۔ اور اسی بشارت کی طرف انجام آتھم کے قصیدہ میں وہ شعر جو بماہ ستمبر ۱۸۹۶ء شیخ محمد حسین بٹالوی کو مخاطب کر کے لکھے گئے ہیں اشارہ کر رہے ہیں اور جیسا کہ **تعرف** کا لفظ شعر **ستعرف یوم العید** میں موجود ہے اس قصیدہ میں بھی محمد حسین کو مخاطب کر کے **ستعرف** موجود ہے اور جیسا کہ وہ قصیدہ جس میں یہ الہام ہے یعنی **ستعرف العید و العید اقرب** محمد حسین کیلئے اور اس کو مخاطب کر کے لکھا گیا تھا۔ ایسا ہی اس قصیدہ میں بھی محمد حسین بٹالوی مخاطب ہے اور وہ شعر یہ ہیں:

تب ایھا الغالی و تأتی سَاعۃ **تمشی تعض یمینک الشلّاء**
اے غلو کرنے والے توبہ کر کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ تو اپنے خشک ہاتھ کو کاٹے گا

تأتیک ایاتی فتعرف وجھھا **فاصبر ولا تترک طریق حیاء** ﴿۶۲﴾
میرے نشان تیرے تک پہنچیں گے پس تو انہیں شناخت کرلے گا پس صبر کر اور حیا کا طریق مت چھوڑ

انی لشرّ الناس ان لم یاتنی **نصر من الرحمٰن للاعلاء**
میں تمام مخلوقات میں سے بدتر ہوں گا اگر خدا کی مدد مجھ کو میرے بلند کرنے کے لئے نہ پہنچے

ھل تطمع الدنیا مذلّت صادق **ھیھات ذاک تخیل السفھاء**
کیا دنیا یہ امید رکھتی ہے کہ صادق ذلیل ہو جائے گا یہ کہاں ممکن ہے بلکہ یہ تو سادہ لوحوں کا خیال ہے

من ذاالذی یخزی عزیز جنابہ **الارض لا تفنی شموس سماء**
خدا کے عزیز کو کون ذلیل کر سکتا ہے کیا زمین کو طاقت ہے جو آسمانی آفتاب کو فنا کرے

یا ربنا افتح بیننا بکرامۃ **یا من یری قلبی و لب لحائی**
اے میرے رب ایک کرامت دکھلا کر ہم میں فیصلہ کر اے وہ خدا جو میرے دل اور میرے وجود کے مغز کو جانتا ہے

منہ

وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ[1] یعنی جنہوں نے گوسالہ پرستی کی ان پر غضب کا عذاب پڑے گا اور دنیا کی زندگی میں ان کو ذلت پہنچے گی اور اسی طرح ہم دوسرے مفتریوں کو سزا دیں گے اور یہ ایک لطیف اشارہ ان گوسالہ پرستوں کی طرف بھی ہے جو اس دوسرے **گوسالہ یعنی لیکھرام** کی پرستش کرنے میں ظلم اور خونریزی کے ارادوں تک پہنچ گئے خدا تعالیٰ کے علم سے کوئی شے باہر نہیں وہ خوب جانتا تھا کہ ہندو بھی لیکھرام کی پرستش کر کے اس کو گوسالہ بنائیں گے۔ اس لئے اس نے **کذالک** کے لفظ سے لیکھرام کے قصہ کی طرف اشارہ کر دیا۔ توریت خروج باب ۳۲ آیت ۳۵ سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر گوسالہ پرستی کے سبب سے موت بھیجی تھی یعنی ایک وباء ان میں پڑ گئی تھی جس سے وہ مر گئے تھے۔ اور اس عذاب کی خبر کے وقت اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ جو لوگ ایمان لائیں گے میں ان کو نجات دوں گا جیسا کہ فرماتا ہے۔ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ[2] یعنی جنہوں نے گوسالہ پرستی کی دھن میں برے کام کئے پھر بعد اس کے توبہ کی اور ایمان لائے تو خدا تعالیٰ ایمان کے بعد ان کے گناہ بخش دے گا اور ان پر رحم کرے گا کیونکہ وہ غفور اور رحیم ہے۔

﴿۶۰﴾ اور لیکھرام کے مقدمہ میں آیت کریمہ کا یہ اشارہ ہے کہ جنہوں نے ناحق الہام کی تکذیب کی اور قتل کی سازشیں کیں اور گورنمنٹ کو قتل کیلئے بھڑکایا اور پھر بعد اس کے توبہ کی اور ایمان لائے تو خدا ان پر رحم کرے گا۔ اسی مقام کے متعلق اس عاجز کو الہام ہوا ہے **یا مسیح الخلق عدوانا** یعنی اے خلقت کے لئے مسیح ہماری متعدی بیماریوں کے لئے توجہ کر اور براہین احمدیہ کے ص ۵۱۹ میں اسی کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ وہ عزاسمہ فرماتا ہے **انت مبارک فی الدنیا والاٰخرۃ امراض الناس و برکاته ان ربّک فعّال لما یرید** یعنی تجھے دنیا اور آخرت میں برکت دی گئی ہے خدا کی برکتوں کے ساتھ لوگوں کی بیماریوں کی خبر لے کہ تیرا رب جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ دیکھو یہ کس زمانہ کی خبریں ہیں اور نہ معلوم کس وقت پوری ہوں گی ایک وہ وقت ہے جو دعا سے مرتے ہیں اور

[1] الاعراف:۱۵۳ [2] الاعراف:۱۵۴

دوسرا وہ وقت آتا ہے جو دعا سے زندہ ہوں گے۔

انیسویں پیشگوئی یہ پیشگوئی جو براہین کے ص۲۴۰ میں ہے یہ ہے **ربّ ارنی کیف تحی الموتٰی ربّ اغفر و ارحم من السّمآء. ربّ لا تذرنی فردا و انت خیر الوارثین. ربّ اصلح امّة محمّد. ربّنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق و انت خیر الفاتحین. یریدون ان یطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون. اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح وانتھٰی امر الزمان الینا الیس ھٰذا بالحق** ۔ترجمہ۔یعنی اے میرے رب مجھے دکھلا کہ تو کیونکر مردوں کو زندہ کرتا ہے۔اے میرے رب مغفرت فرما اور آسمان سے رحم کر۔اے میرے رب مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو خیر الوارثین ہے۔اے میرے رب امت محمدیہ کی اصلاح کر۔اے ہمارے رب ہم میں اور ہماری قوم میں سچا فیصلہ کر دے اور تو سب فیصلہ کرنیوالوں سے بہتر ہے۔یہ لوگ ارادہ کریں گے کہ خدا کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھا دیں اور خدا اپنے نور کو پورا کرے گا۔اگرچہ کافر کراہت ہی کریں۔جب خدا کی مدد آئے گی اور اس کی ﴿۶۱﴾ فتح نازل ہوگی اور دلوں کا سلسلہ ہماری طرف رجوع کرے گا اور ہماری طرف آٹھہرے گا۔تب کہا جائے گا کہ کیا یہ سچ نہیں تھا۔اس تمام الہام میں یہ پیشگوئی ہے کہ ضروری ہے کہ قوم مخالفت کرے اور اس سلسلہ کے نابود کرنے کے لئے پوری کوشش کرے اور ہرگز نہ چاہے کہ یہ سلسلہ قائم رہ سکے لیکن خدا اس سلسلہ کو ترقی دے گا یہاں تک کہ زمانہ اسی طرف الٹ آئے گا اور بعد اس کے کہ لوگوں نے اکیلا چھوڑ دیا ہوگا پھر اس طرف رجوع کریں گے۔اب دیکھو کہ یہ پیشگوئی کیسی صفائی سے پوری ہوئی براہین احمدیہ کے زمانہ میں علماء کا کچھ شور وغوغا نہ تھا بلکہ جو تکفیر کے فتنہ کا بانی ہے ﴿۶۲﴾ اس نے کمال ثناء وصفت سے براہین احمدیہ کا ریویو لکھا تھا پھر ایک مدت دراز کے بعد تکفیر کا طوفان اٹھا اور ایک مدت تک اپنا زور دکھلاتا رہا اور اب پھر الہام الٰہی کے موافق وہ سیلاب کچھ کم ہوتا جاتا ہے اور وہ وقت آتا ہے کہ نور کی نمایاں فتح اور تاریکی کی کھلی کھلی شکست ہو۔

بیسویں پیشگوئی یہ پیشگوئی براہین احمدیہ میں آٹھم کی نسبت ہے جو ص ۲۴۱

میں ہے اور ہم اس کو مفصل لکھ چکے ہیں اور مدت ہوئی کہ آتھم صاحب اس دنیا سے کوچ کر کے اپنے ٹھکانہ پر پہنچ گئے ہیں۔ ہمارے مخالفوں کو اب اس میں تو شک نہیں کہ آتھم مر گیا ہے جیسا کہ لیکھرام مر گیا ہے اور جیسا کہ احمد بیگ مر گیا ہے لیکن اپنی نابینائی سے کہتے ہیں کہ آتھم میعاد کے اندر نہیں مرا۔ **اے نالائق قوم** جو شخص خدا کی وعید کے موافق مر چکا اب اس کی میعاد غیر میعاد کی بحث کرنا کیا حاجت ہے بھلا دکھلاؤ کہ اب وہ کہاں اور کس شہر میں بیٹھا ہے تم سن چکے ہو کہ اس پر تو میعاد کے اندر ہی **ھاویہ** کی آنچ شروع ہوگئی تھی شرط پر اس نے عمل کیا اس لئے کوئی چند روز نیم جان کی طرح بسر کئے آخر اس آگ نے اس کو نہ چھوڑا اور بھسم کر دیا۔

یہ خدا تعالیٰ کی غیبی قدرتوں کا ایک بھاری نمونہ ہے کہ آتھم کے قصہ کی سترہ برس پہلے براہین احمدیہ میں خبر درج کر دی گئی پہلے اس بحث کی طرف اشارہ کر دیا گیا جو توحید اور تثلیث کے بارہ میں بمقام امرتسر ہوئی تھی اور اس کے بارہ میں فرمایا گیا کہ **قل ھو اللّٰہ احد اللّٰہ الصمد لم یلد و لم یولد و لم یکن لہ کفوا احد** پھر عیسائیوں کے اس مکر کی خبر دی گئی جو حق پوشی کے لئے میعاد کے گذرنے کے بعد انہوں نے کیا پھر اس مکارانہ فتنہ پر اطلاع دی گئی جو عیسائیوں کی طرف سے نہایت متعصّبانہ جوش کے ساتھ ظہور میں آیا اور پھر آخر صدق کے ظاہر ہونے کی بشارت دی گئی اور پھر اس الہام کے ساتھ جو ص ۲۴۱ میں ہے یعنی **انّا فتحنا لک فتحا مبینا** فتح عظیم کی خوشخبری سنائی گئی۔ اب بتلاؤ کیا یہ انسان کا کام ہے آنکھ کھولو اور دیکھو کہ آتھم کی پیشگوئی کیسی عظیم الشان غیب کی خبریں اپنے ساتھ رکھتی ہے۔ ﴿۶۳﴾

اکیسویں پیشگوئی یہ پیشگوئی براہین احمدیہ کے ص ۲۴۱ میں درج ہے۔ **فتح الولی فتح و قرّبناہ نجیّا اشجع الناس. ولو کان الایمان معلقا بالثریا لنالہ. انار اللّٰہ برھانہ** ترجمہ فتح وہی ہے جو اس ولی کی فتح ہے اور ہم نے ہم رازی کے مقام پر اس کو قرب بخشا ہے۔ تمام لوگوں سے زیادہ بہادر ہے اگر ایمان ثریا پر چلا گیا ہوتا تو یہ اس کو وہاں سے لے آتا خدا اس کے برہان کو روشن کرے گا۔

بائیسویں ۲۲ پیشگوئی یہ پیشگوئی بھی براہین احمدیہ ص۲۴۱ میں ہے اور وہ یہ ہے کہ **انک باعیننا یرفع اللّٰہ ذکرک و یتم نعمتہ علیک فی الدنیا و الاٰخرۃ** تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے خدا تیرا ذکر اونچا کردے گا اور خدا اپنی نعمتیں دنیا اور آخرت میں تیرے پر پوری کر دے گا۔ اور یہ جو فرمایا کہ تیرا ذکر اونچا کردے گا اس کے یہ معنی ہیں کہ دنیا اور دین کے خاص لوگ تعریف کے ساتھ تیرا ذکر کریں گے۔ اور اونچے مرتبوں والے تیری ثناء میں مشغول ہوں گے۔ اب کیا یہ تعجب نہیں کہ جو شخص کافر اور حقیر شمار کیا جاتا ہے اور دجال اور شیطان کہا جاتا ہے اس کا انجام یہ ہو کہ دین اور دنیا کے بلند مراتب والے سچے دل سے اس کی تعریفیں کریں گے۔

تیئیسویں پیشگوئی یہ پیشگوئی براہین کے ص۲۴۲ میں مرقوم ہے۔ **اِنّیْ رَافِعُکَ اِلَیَّ. وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِنِّیْ وَ بشّر الذین اٰمنوا ان لھم قدم صدق عند ربھم. و اتل علیھم ما اوحی الیک من ربّک و لا تصعّر لخلق اللّٰہ و لا تسئم من الناس** ۔ ﴿۶۴﴾

ترجمہ۔ میں تجھے اپنی طرف اٹھاؤں گا اور میں اپنی طرف سے محبت تیرے پر ڈالوں گا یعنی بعد اس کے کہ لوگ دشمنی اور بغض کریں گے یک دفعہ محبت کی طرف لوٹائے جائیں گے جیسا کہ یہی مہدی موعود کے نشانوں میں سے ہے اور پھر فرمایا کہ جو لوگ تیرے پر ایمان لائیں گے ان کو خوشخبری دے کہ وہ اپنے رب کے نزدیک قدم صدق رکھتے ہیں۔ اور جو میں تیرے پر وحی نازل کرتا ہوں تو ان کو سنا خلق اللہ سے منہ مت پھیر اور ان کی ملاقات سے مت تھک اور اس کے بعد الہام ہوا۔ **و وسّع مکانک** یعنی اپنے مکان کو وسیع کرلے۔ اس پیشگوئی میں صاف فرمادیا کہ وہ دن آتا ہے کہ ملاقات کرنے والوں کا بہت ہجوم ہوجائے گا یہاں تک کہ ہر ایک کا تجھ سے ملنا مشکل ہوجائے گا پس تو نے اس وقت ملال ظاہر نہ کرنا اور لوگوں کی ملاقات سے تھک نہ جانا۔ سبحان اللہ یہ کس شان کی پیشگوئی ہے اور آج سے ۱۷ برس پہلے اس وقت بتلائی گئی ہے کہ جب میری مجلس میں شاید دو تین آدمی آتے ہوں گے اور وہ بھی کبھی کبھی اس سے کیسا علم غیب خدا کا ثابت ہوتا ہے۔

چوبیسویں پیشگوئی یہ پیشگوئی براہین کے ص۴۸۹ میں ہے اور وہ یہ ہے **انت وجیہ فی حضرتی اخترتک لنفسی. انت بمنزلة** ☆ **توحیدی و تفریدی فحان ان تعان و تعرف بین الناس** یعنی تو میری جناب میں وجیہ ہے میں نے تجھے چن لیا۔ تو مجھ سے ایسا ہے جیسے میری توحید اور تفرید۔ پس وہ وقت آ گیا جو تیری مدد کی جائے گی اور تو لوگوں میں مشہور کیا جائے گا۔ یہ اس وقت کی پیشگوئی ہے کہ اس چھوٹے سے گاؤں میں بھی بہتیرے ایسے تھے جو مجھ سے ناواقف تھے۔ اور اب جو اس پیشگوئی پر ۱۷ برس گذر گئے تو پیشگوئی کے مفہوم کے مطابق اس عاجز کی شہرت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ اس ملک کے غیر قوموں کے بچے اور عورتیں بھی اس عاجز سے بے خبر نہیں ہوں گی جس شخص کو ان دونوں زمانوں کی خبر ۞ ہوگی کہ وہ وقت کیا تھا اور اب کیا ہے تو بلا اختیار اس کی روح بول اٹھے گی کہ یہ عظیم الشان علم غیب انسانی طاقتوں سے ایسا بعید ہے کہ جیسا کہ ایک مکھی کی طاقت سے ایک قوی ہیکل ہاتھی کا کام۔

﴿۶۵﴾ **پچیسویں پیشگوئی** یہ پیشگوئی براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۰ میں موجود ہے اور وہ یہ ہے۔ **سبحان اللہ تبارک و تعالیٰ زاد مجدک ینقطع اباء ک و یبدء منک** ۔ ترجمہ۔ پاک ہے وہ خدا جو مبارک اور بلند ہے۔ تیری بزرگی کو اس نے زیادہ کیا۔ اب یوں ہوگا کہ تیرے باپ دادا کا نام منقطع ہو جائے گا اور ان کا ذکر مستقل طور پر کوئی نہیں کرے گا اور خدا تیرے وجود کو تیرے خاندان کی بنیاد ٹھیرائے گا۔

اس پیشگوئی میں دو وعدے ہیں (۱) اوّل یہ کہ خدا لائق اور اچھی اولاد اس خاندان میں پیدا کرے گا۔ اور دوسرے یہ کہ تمام شرف اور مجد کا ابتدا اس عاجز کو ٹھیرا دیا جائے گا اور وہ پیشگوئی جو ایک مبارک لڑکے کے لئے کی گئی تھی وہ الہام بھی درحقیقت اسی الہام کا ایک شعبہ ہے۔ اس وقت نادانوں نے شور مچایا تھا کہ پیشگوئی کے قریب زمانہ میں لڑکا پیدا نہیں ہوا بلکہ لڑکی پیدا ہوئی۔ یہ تمام شور اس لئے تھا کہ یہ نادان خیال کرتے تھے کہ پیشگوئی

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ''انت منی بمنزلة'' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

۞ نوٹ: اس خاکسار سراج الحق جمالی نے خدا کے فضل سے دونوں زمانے دیکھے اور ایمان میں ترقی ہوئی اور خدا سے دعا ہے کہ آگے کو پورا کمال اور ترقی اس امام برحق اور معصوم کی دکھلائے اور اس صادق کی معیت میں رکھ کر ایمان کو بڑھائے۔ (جمالی)

کا بلا فاصلہ پوری ہونا ضروری ہے اور الہامات میں خدا تعالیٰ کی یہ غرض نہیں ہوتی بلکہ اگر ہزار لڑکی پیدا ہو کر بھی پھر ان صفات کا لڑکا پیدا ہوا تو بھی کہا جائے گا کہ پیشگوئی پوری ہوئی۔ ہاں اگر الہام الٰہی میں بلا فاصلہ کا لفظ موجود ہوتا تو تب اس لفظ کی رعایت سے پیشگوئی کا ظہور میں آنا ضروری ہوتا۔

چھبیسویں پیشگوئی۔ چھبیسویں پیشگوئی براہین احمدیہ کے ص۴۹۱ میں یہ ہے۔ **وما کان اللہ لیترکؔ حتی یمیز الخبیث من الطیب واللّٰہ غالب علی امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون**۔ ترجمہ۔ خدا تجھے نہیں چھوڑے گا جب تک پاک اور پلیدی میں فرق نہ کر لے اور خدا اپنے امر پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

ستائیسویں پیشگوئی۔ یہ پیشگوئی براہین احمدیہ کے ص۴۹۲ میں ہے اور وہ یہ ہے **اردت ان استخلف فخلقت اٰدم** یعنی میں نے خلیفہ بنانے کا ارادہ کیا سو میں نے آدم کو پیدا کیا۔ اور دوسرے مقام میں اسی کی تشریح میں یہ الہام ہے **وقالوا أتجعل فیھا من یفسد فیھا قال انی اعلم ما لا تعلمون** یعنی لوگوں نے کہا کہ کیا تو ایسے آدمی کو خلیفہ بناتا ہے جو زمین پر فساد برپا کرے گا۔ خدا نے کہا کہ میں اس میں وہ چیز جانتا ہوں جس کی تمہیں خبر نہیں جیسا کہ دوسرے ﴿۶۶﴾ الہام میں اسی براہین میں فرمایا ہے۔ **انت منی بمنزلۃ لایعلمھا الخلق** یعنی تو مجھ سے اس مقام پر ہے جس سے دنیا کو خبر نہیں۔ اب ظاہر ہے کہ یہ پیشگوئی تو سترہ سال سے براہین احمدیہ میں شائع ہو چکی اور جس فتنہ کی طرف یہ پیشگوئی اشارہ کرتی ہے وہ سالہا سال بعد میں ظہور میں آیا۔ چنانچہ مولویوں نے اس عاجز کو مفسد ٹھہرایا کفر کے فتوے لکھے گئے نذیر حسین دہلوی نے (**علیہ مایستحقّہ**) تکفیر کی بنیاد ڈالی اور محمد حسین بٹالوی نے کفار مکہ کی طرح یہ خدمت اپنے ذمہ لے کر تمام مشاہیر اور غیر مشاہیر سے کفر کے فتوے اس پر لکھوائے اور جیسا کہ الہام الٰہی سے ظاہر ہوتا ہے براہین احمدیہ میں پہلے سے خبر دی گئی تھی کہ ایسے فتوے لکھے جائیں گے۔ اور آثار نبویہ میں بھی ایسا ہی آیا تھا کہ اس مہدی موعود پر کفر کا فتویٰ لگایا جائے گا سو وہ سب لکھا ہوا پورا ہوا۔

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ''لیترکک'' ہونا چاہیے۔ (ناشر)

اٹھائیسویں پیشگوئی۔ یہ پیشگوئی براہین احمدیہ کے ص۴۹۶ میں ہے اور وہ یہ ہے یُحی الدّین و یقیم الشریعة یا آدم اسکن انت و زوجک الجنة. یا مریم اسکن انت وزوجک الجنة یا احمد اسکن انت و زوجک الجنة. نفخت فیک من لدنی روح الصدق (ترجمہ) دین کو زندہ کرے گا اور شریعت کو قائم کرے گا۔ اے آدم تو اور تیرا زوج بہشت میں داخل ہو جاؤ۔ اے مریم تو اور تیرا زوج بہشت میں داخل ہو جاؤ۔ اے احمد تو اور تیرا زوج بہشت میں داخل ہو جاؤ۔ میں نے اپنے پاس سے صدق کی روح تجھ میں پھونکی۔ یہ ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے۔ اور تین ناموں سے تین واقعات آئندہ کی طرف اشارہ ہے جن کو عنقریب لوگ معلوم کریں گے اور اس الہام میں جو لفظ لَدُنْ کا ذکر ہے اس کی شرح کشفی طور پر یوں معلوم ہوئی کہ ایک فرشتہ خواب میں کہتا ہے کہ یہ مقام لدن جہاں تجھے پہنچایا گیا یہ وہ مقام ہے جہاں ہمیشہ بارشیں ہوتی رہتی ہیں اور ایک دم بھی بارش نہیں تھمتی۔

انتیسویں[۲۹] پیشگوئی۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو براہین احمدیہ کے ص۵۰۶ میں درج ہے اور وہ یہ ہے۔ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِن اَھلِ الکِتٰبِ وَالمُشْرِکِینَ مُنْفَکِّیْنَ حتّٰی تَاْتِیَھُمُ الْبَیِّنَةُ اور پھر فرمایا کہ اگر خدا ایسا نہ کرتا تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا۔ یہ خدا کے ایک ایسے نشان کی طرف اشارہ ہے جو دنیا کو ہلاک ہونے سے بچالے گا۔ اور الہام کے یہ معنی ہیں کہ ممکن نہ تھا کہ اہل کتاب اور ہندو اپنے تعصب اور عداوت سے باز آجاتے جب تک میں ایک کھلا کھلا نشان ان کو نہ دیتا اور اگر میں ایسا نہ کرتا تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا اور حق مشتبہ ہو جاتا۔ ﴿۶۷﴾

تیسویں پیشگوئی۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو براہین احمدیہ کے ص۵۱۵ میں درج ہے اور وہ یہ ہے اِنّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لیغفر لک اللّٰہ ما تقدّم من ذنبک و ما تأخّر یعنی ایک کھلی کھلی فتح ہم تجھ کو دیں گے تا ہم تیرے اگلے پچھلے گناہ بخش دیں۔ یہ استعارہ اپنی رضامندی ظاہر کرنے کے لئے بیان فرمایا ہے۔ مثلاً ایک آقا اپنے کسی غلام سے ایسے حکیمانہ طور سے وقت بسر کرتا ہے جو نادان خیال کرتے ہیں کہ وہ اس پر ناراض ہے تب اس

آقا کی غیرت جوش مارتی ہے اور اس غلام کی سرافرازی کے لئے کوئی ایسا کام کرتا ہے کہ گویا اس نے اس کے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے ہیں یعنی ایسی رضامندی ظاہر کرتا ہے کہ لوگوں کو یقین ہو جاتا ہے کہ ایسا مہربان اس پر کبھی ناراض نہیں ہوگا یہ عظیم الشان پیشگوئی ہے۔ پھر اس کے بعد اسی صفحہ میں ایک تصویر دکھلائی گئی ہے اور وہ تصویر اس عاجز کی ہے سبز پوشاک ہے اور تصویر نہایت رعبناک ہے جیسے سپہ سالار مسلح فتح یاب اور دائیں بائیں تصویر کے یہ لکھا ہے **حجّۃ اللّٰہ القادر ۔ سلطان احمد مختار** ۔اور تاریخ یہ لکھی ہے سوموار کا روز انیسویں ذی الحجہ ۱۳۰۰ مطابق ۲۲ / اکتوبر ۱۸۸۳ء اور ششم کاتک سمت ۱۹۴۰ بکرم۔ یہ تمام عبارت براہین کے ص ۵۱۵ اور ص ۵۱۶ میں موجود ہے۔ یہ کشف بتلا رہا ہے کہ ہتھیار کے ذریعہ سے ایک نشان ظاہر ہوگا۔ سو لیکھرام کا نشان اسی طرح وقوع میں آیا پھر اس کے بعد ص ۵۱۶ میں یہ الہامی عبارت ہے **الیس اللّٰہ بکاف عبدہ. فَبَرَّأہُ اللّٰہ مِمّا قالوا و کَانَ عندَاللّٰہ وجیھا. فلما تجلّٰی ربّہ للجَبَل جَعَلہ دکّا و اللّٰہ موھن کیدالکافرین. ولنجعلہ اٰیۃ للناس ورحمۃ منّا و کان امرًا مقضیًّا** یعنی کیا خدا اپنے بندہ کو کافی نہیں ہے پس خدا نے اس کو اس الزام سے بری کیا جو کافروں نے اس پر لگایا اور وہ خدا کے نزدیک وجیہ ہے اور خدا نے مشکلات کے پہاڑ کو پاش پاش کیا اور کافروں کے مکر کو سست کیا اور ہم اس کو اپنی رحمت سے ایک نشان ٹھہرائیں گے اور ابتدا سے ایسا ہی مقدر تھا۔ اس الہام میں خدا تعالیٰ ظاہر فرماتا ہے کہ ہندو لیکھرام کے قتل کے بعد سازش قتل کا ایک الزام لگائیں گے اور ایک مکر کریں گے تا وہ الزام پختہ ہو جائے۔ ہم اس ملہم کی بریت ظاہر کر دیں گے اور ان کے مکر کو سُست کر دیں گے اور مشکلات کے پہاڑ آسان ہو جائیں گے۔ ﴿۶۸﴾

اب کچھ ضرور نہیں کہ ہم کسی کو اس پیشگوئی کی طرف توجہ دلاویں خود اہل انصاف سوچیں اور اس قدر کھلے کھلے غیبی امور سے انکار کر کے اپنی عاقبت کو خراب نہ کریں۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اس پیشگوئی میں جو لیکھرام کو **عجل** سے نسبت دی گئی اس میں کئی مناسبتوں کا لحاظ ہے (۱) اوّل یہ کہ جیسا کہ گوسالہ سامری بے جان تھا ایسا ہی یہ بھی

بے جان تھا اور سچائی کی روح اس میں نہیں تھی (۲) دوسرے یہ کہ جیسا کہ اس بے جان گوسالہ کے اندر سے مہمل آواز آتی تھی ایسا ہی اس کے اندر سے بھی مہمل آواز آتی تھی (۳) تیسرے یہ کہ جیسا کہ وہ بے جان گوسالہ عید کے دن نیست و نابود کیا گیا تھا ایسا ہی عید کے دنوں میں ہی یہ بھی نیست و نابود کیا گیا (۴) چوتھے یہ کہ جیسا کہ وہ گوسالہ قوم کے سونے کے زیور سے بنایا گیا تھا ایسا ہی یہ گوسالہ بھی قوم کی مالی جمعیت کی وجہ سے طیار ہوا (۵) پانچویں یہ کہ جیسا کہ وہ گوسالہ آخر قوم کے مفتری لوگوں کے لئے طرح طرح کے عذاب اور دکھوں کا موجب ہوا ایسا ہی اس گوسالہ کے مفتری پجاریوں کا انجام ہوگا۔

اکتیسویں پیشگوئی۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو براہین احمدیہ کے ص۵۲۲ میں درج ہے **بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں برمنار بلند تر محکم افتاد۔ پاک محمد مصطفیٰ نبیوں کا سردار۔ خدا تیرے سب کام درست کردے گا اور تیری ساری مرادیں تجھے دے گا۔ رب الافواج اس طرف توجہ کرے گا۔ اس نشان کا مدعا یہ ہے کہ قرآن شریف خدا کی کتاب اور میرے منہ کی باتیں ہیں جناب الٰہی کے احسانات کا دروازہ کھلا ہے اور اس کی پاک رحمتیں اس طرف متوجہ ہیں۔**

بتیسویں پیشگوئی۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو براہین احمدیہ کے ص۵۵۶ اور ۵۵۷ پر درج ہے ﴿۶۹﴾ اور وہ یہ ہے۔ **یعیسٰی انّی متوفیک و رافعک الیّ وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الٰی یوم القیٰمۃ.** میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اٹھاؤں گا۔ دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کردے گا **الفتنۃ ھٰھُنا فاصبر کما صبر اولوا العزم.** یہ پیشگوئی لیکھرام کے حق میں تھی جو پوری ہوگئی اور تفصیل اس کی گذر چکی ہے۔ اور اس کا بقیہ اور نشان بھی آنے والے ہیں۔ اور اسی کے متعلق براہین احمدیہ کے ص۵۶۰ اور ص۵۱۰ میں یہ الہام ہے **و یخوفونک من دونہ. ائمۃ الکفر لا تخف انّک انت الاعلٰی ینصرک اللّٰہ فی**

مواطن. ان یومی لفصل عظیم یعنی تجھے کافر ڈرائیں گے مگر آخر غلبہ تجھی کو ہوگا۔ خدا کئی میدانوں میں تیری فتح کرے گا۔ میرا دن بڑے فیصلہ کا دن ہوگا۔ یظل ربک علیک ویعینک. و یرحمک یعصمک اللّٰہ من عندہ و ان لم یعصمک الناس و ان لم یعصمک الناس یعصمک اللّٰہ من عندہ. انی منجّیک من الغم انت منی بمنزلۃ لا یعلمھا الخلق. کتب اللّٰہ لاغلبن انا و رسلی لا مبدّل لکلمتہ. (ترجمہ) خدا اپنی رحمت کا سایہ تجھ پر کرے گا اور تیرا فریادرس ہوگا اور تجھ پر رحم کرے گا۔ وہ تجھے آپ بچائے گا اگرچہ انسانوں میں سے کوئی بھی نہ بچاوے پھر میں کہتا ہوں کہ اگرچہ انسانوں میں سے کوئی بھی نہ بچاوے پر وہ تجھے آپ بچائے گا۔ میں تجھے غم سے بچاؤں گا۔ تو مجھ سے وہ قرب رکھتا ہے جس کا خلقت کو علم نہیں۔ خدا نے یہ لکھ چھوڑا ہے کہ میں اور میرے رسول غالب ہوں گے سو خدا کے کلمے کبھی نہیں بدلیں گے۔

تینتیسویں پیشگوئی۔ یہ پیشگوئی براہین احمدیہ کے ص ۵۵۸ اور ۵۵۹ میں درج ہے اور وہ یہ ہے سَلَامٌ عَلَیْکَ یَا اِبْرَاھِیْمُ اِنَّکَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَکِیْنٌ اَمِیْنٌ. حِبُّ اللّٰہ خَلِیْلُ اللّٰہ. اَسَدُ اللّٰہ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّکَ سَھُوْلَۃً فِی کُلّ امرٍ بَیْتُ الْفِکْرِ. وَ بَیْتُ الذّکْرِ. وَ مَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا. مُبَارِکٌ ط وَمُبَارَکٌ وَ کُلّ اَمْرٍ مُبَارَک یُجْعَلُ فِیہ. رُفِعتَ وَجُعِلْتَ مُبَارَکًا. وَالّذِیْنَ اٰمَنُوا وَ لَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانھم بظلم اُولٰٓئک لَھُمُ الامن وّ ھم مّھتدون. ترجمہ۔ تیرے پر سلام اے ابراہیم آج تو ہمارے نزدیک بامرتبہ اور امین ہے خدا کا دوست۔ خدا کا خلیل۔ خدا کا شیر۔ ہم نے ہر ایک امر میں تیرے لئے آسانی کر دی۔ بیت الفکر اور بیت الذکر اور جو اس میں داخل ہوا وہ امن میں آ گیا۔ وہ بیت الذکر برکت دینے والا اور برکت دیا گیا ہے۔ اور ہر ایک برکت کا کام اس میں کیا جائے گا۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور کسی ظلم سے ایمان کو مکدر نہیں کیا۔ انہیں کو امن دیا جائے گا اور وہی ہدایت یافتہ ہوں گے۔ ﴿۷۰﴾

بیت الذکر سے مراد وہ مسجد ہے جو گھر کے ساتھ چھت پر بنائی گئی ہے اور یہ الہام کہ مبارک و مبارک و کل امر مبارک یجعل فیہ یہ اس مسجد کی بنا کا مادہ تاریخ ہے اور نیز یہ اس کے آئندہ برکات کے لئے ایک پیشگوئی ہے جن کے ظہور کے لئے اب بنا ڈالی گئی ہے۔

چونتیسویں ۳۴ پیشگوئی۔ یہ پیشگوئی کتاب براہین احمدیہ کے ص ۵۲۱ میں درج ہے اور وہ یہ ہے وہ تجھے بہت برکت دے گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے اور اسی کے متعلق ایک کشف ہے اور وہ یہ ہے کہ عالم کشف میں مَیں نے دیکھا کہ زمین نے مجھ سے گفتگو کی اور کہا یَا وَلِیَّ اللّٰہِ کُنتُ لَا اَعرِفُکَ یعنی اے خدا کے ولی میں تجھ کو پہچانتی نہ تھی۔

پینتیسویں پیشگوئی۔ شیخ محمد حسین بٹالوی صاحب رسالہ اشاعت السنہ جو بانی مبانی تکفیر ہے اور جس کی گردن پر نذیر حسین دہلوی کے بعد تمام مکفروں کے گناہ کا بوجھ ہے اور جس کے آثار بظاہر نہایت ردی اور یاس کی حالت کے ہیں اس کی نسبت تین مرتبہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ اپنی اس حالت پُر ضلالت سے رجوع کرے گا اور پھر خدا اس کی آنکھیں کھولے گا۔ واللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ۔

اور ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میں **محمد حسین** کے مکان پر گیا ہوں اور میرے ساتھ ایک جماعت ہے اور ہم نے وہیں نماز پڑھی اور میں نے امامت کرائی اور مجھے خیال گذرا کہ مجھ سے نماز میں یہ غلطی ہوئی ہے کہ میں نے ظہر یا عصر کی نماز میں سورہ فاتحہ کو بلند آواز سے پڑھنا شروع کر دیا تھا پھر مجھے معلوم ہوا کہ میں نے سورۂ فاتحہ بلند آواز سے نہیں پڑھی بلکہ صرف تکبیر بلند آواز سے کہی پھر جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ محمد حسین ہمارے مقابل پر بیٹھا ہے اور اس وقت مجھے اس کا سیاہ رنگ معلوم ہوتا ہے اور بالکل برہنہ ہے پس مجھے شرم آئی کہ میں اس کی طرف نظر کروں پس اسی حال میں وہ میرے پاس آ گیا۔ میں نے اسے کہا کہ کیا وقت نہیں آیا کہ تو صلح کرے اور کیا تو چاہتا ہے کہ تجھ سے صلح کی جائے اس نے کہا کہ ہاں پس وہ بہت نزدیک آیا اور بغل گیر ہوا اور وہ اس وقت چھوٹے بچہ کی طرح تھا پھر میں نے کہا کہ اگر تو چاہے تو ان باتوں سے درگذر کر جو میں نے تیرے حق میں کہیں جن سے تجھے دکھ پہنچا اور خوب یاد رکھ کہ میں نے کچھ نہیں کہا مگر صحت نیت سے اور ہم ڈرتے ہیں خدا کے اس بھاری دن سے جبکہ ہم اس کے سامنے کھڑے ہوں گے اس نے کہا کہ میں نے درگذر کی تب میں نے کہا کہ گواہ رہ کہ میں نے ﴿۱۷﴾

وہ تمام باتیں تجھے بخش دیں جو تیری زبان پر جاری ہوئیں اور تیری تکفیر اور تکذیب کو میں نے معاف کیا اس کے بعد ہی وہ اپنے اصلی قد پر نظر آیا اور سفید کپڑے نظر آئے پھر میں نے کہا جیسا کہ میں نے خواب میں دیکھا تھا آج وہ پورا ہو گیا پھر ایک آواز دینے والے نے آواز دی کہ ایک شخص جس کا نام سلطان بیگ ہے جان کندن میں ہے میں نے کہا کہ اب عنقریب وہ مر جائے گا کیونکہ مجھے خواب میں دکھلایا گیا ہے کہ اس کی موت کے دن صلح ہوگی پھر میں نے محمد حسین کو یہ کہا کہ میں نے خواب میں یہ دیکھا تھا کہ صلح کے دن کی یہ نشانی ہے کہ اس دن بہاء الدین فوت ہو جائے گا۔ محمد حسین نے اس بات کو سن کر نہایت تعظیم کی نظر سے دیکھا اور ایسا تعجب کیا جیسا کہ ایک شخص ایک واقعہ صحیحہ کی عظمت سے تعجب کرتا ہے اور کہا یہ بالکل سچ ہے اور واقعی بہاء الدین فوت ہو گیا پھر میں نے اس کی دعوت کی اور اس نے ایک خفیف عذر کے بعد دعوت کو قبول کر لیا اور پھر میں نے اس کو کہا کہ میں نے خواب میں یہ بھی دیکھا تھا کہ صلح بلا واسطہ ہوگی سو جیسا کہ دیکھا تھا ویسا ہی ظہور میں آ گیا اور یہ بدھ کا دن اور تاریخ ۱۲؍دسمبر ۱۸۹۴ء تھی۔

چھتیسویں پیشگوئی۔ چھتیسویں پیشگوئی یہ ہے جیسا کہ میں ازالہ اوہام میں لکھ چکا ہوں خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی کہ تیری عمر اسی ۸۰ برس یا اس سے کچھ کم یا کچھ زیادہ ہوگی اور یہ الہام قریباً بیس ۲۰ یا بائیس برس کے عرصہ کا ہے جس سے بہت لوگوں کو اطلاع دی گئی اور ازالہ اوہام میں بھی درج ہو کر شائع ہو گیا۔

سینتیسویں ۳۷ پیشگوئی۔ سینتیسویں پیشگوئی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے کہ ان اشتہارات کی تقریب پر جو آریہ قوم اور پادریوں اور سکھوں کے مقابل پر جاری ہوئے ہیں جو شخص مقابل پر آئے گا خدا اس میدان میں میری مدد کرے گا۔ اسی طرح اور بھی پیشگوئیاں ہیں جو متفرق کتابوں میں لکھی گئی ہیں۔ اور ایسے خوارق **پانچ ہزار کے قریب پہنچ چکے ہیں** جن کے دیکھنے والے اکثر گواہ اب تک زندہ موجود ہیں۔ اور ہر ایک شخص جو ایک مدت تک صحبت میں رہا ہے اس نے بچشم خود مشاہدہ کیا ہے اور کر رہے ہیں پس ان بدقسمت لوگوں کی حالت پر افسوس ہے کہ جو کہتے ہیں کہ جو ﴿۷۲﴾

آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے کوئی معجزہ اور پیشگوئی نہیں ہوئی یہ نادان نہیں سمجھتے کہ جس حالت میں ان کی امت سے یہ انوار اور برکات ظاہر ہو رہے ہیں اور دوسرے کسی نبی کی امت سے یہ نشان ظاہر نہیں ہوتے تو کس قدر سچائی کا خون کرنا ہے کہ ایسے سرچشمہ برکات سے انکار کیا جائے بلکہ حق تو یہ ہے کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مبارک نہ ہوتا تو کسی نبی کی نبوت ثابت نہ ہوسکتی۔

ظاہر ہے کہ صرف قصوں اور کہانیوں کو پیش کرنا اس کا نام تو ثبوت نہیں ہے یہ قصے تو ہر ایک قوم میں بکثرت پائے جاتے ہیں **لعنت** ہے ایسے دل پر جو صرف قصوں پر اپنے ایمان کی بنیاد ٹھہرائے۔ خصوصاً وہ لوگ جنہوں نے ایک **انسان کے بچہ** عاجز کو خدا بنالیا۔ دیکھا نہ بھالا قربان گئی خالہ۔

ہم جب انصاف کی نظر سے دیکھتے ہیں تو تمام سلسلہ نبوت میں سے اعلیٰ درجہ کا جوانمرد نبیؐ اور زندہ نبیؐ اور خدا کا اعلیٰ درجہ کا پیارا نبیؐ صرف ایک مرد کو جانتے ہیں یعنی وہی نبیوں کا سردار رسولوں کا فخر تمام مرسلوں کا سرتاج جس کا نام محمد مصطفیٰ و احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس کے زیر سایہ دس۱۰ دن چلنے سے وہ روشنی ملتی ہے جو پہلے اس سے ہزار برس تک نہیں مل سکتی تھی وہ کیسی کتابیں ہیں جو ہمیں بھی اگر ہم ان کے تابع ہوں مردود اور مخذول اور سیاہ دل کرنا چاہتی ہیں کیا ان کو زندہ نبوت کہنا چاہیے جن کے سایہ سے ہم خود مردہ ہو جاتے ہیں یقیناً سمجھو کہ یہ سب مردے ہیں کیا مردہ کو مردہ روشنی بخش سکتا ہے یسوع کی پرستش کرنا صرف ایک بت کی پرستش کرنا ہے۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اگر وہ میرے زمانہ میں ہوتا تو اس کو انکسار کے ساتھ میری گواہی دینی پڑتی کوئی اس کو قبول کرے یا نہ کرے مگر یہی سچ ہے اور سچ میں برکت ہے کہ آخر اس کی روشنی دنیا پر پڑتی ہے۔ تب دنیا کی تمام دیواریں چمک اٹھتی ہیں مگر وہ جو تاریکی میں پڑے ہوں سو آخری وصیت یہی ہے کہ ہر ایک روشنی ہم نے **رسول نبی امی** کی پیروی سے پائی ہے اور جو شخص پیروی کرے گا وہ بھی پائے گا اور ایسی قبولیت اس کو ملے گی کہ کوئی بات اس کے آگے انہونی نہیں رہے گی۔ **زندہ خدا** جو لوگوں سے پوشیدہ ہے ﴿۷۳﴾

اس کا خدا ہوگا اور جھوٹے خدا سب اس کے پیروں کے نیچے کچلے اور روندے جائیں گے وہ ہر ایک جگہ مبارک ہوگا اور الٰہی قوتیں اس کے ساتھ ہوں گی۔ وَالسّلام عَلٰی مَنِ اتَّبَع الْھُدٰی

اب ہم اس رسالہ کو اس وصیت پر ختم کرتے ہیں کہ اے سچائی کے طالبو سچائی کو ڈھونڈو کہ اب آسمان کے دروازے کھلے ہیں۔ اور اے ہماری قوم کے نادان☆ مولویو یہ وہی خدا کے دن ہیں جن کا وعدہ تھا سو آنکھیں کھولو اور دیکھو کہ زمین پر کیا ہو رہا ہے اور کیسے سچائی کے بادشاہ مقدس رسول کو پیروں کے نیچے کچلا جاتا ہے کیا اس پاک نبی کی توہین میں کچھ کسر رہ گئی کیا ضرور نہ تھا کہ زمین کے اس طوفان کے وقت آسمان پر کچھ ظاہر ہوتا۔ سو اس لئے خدا نے ایک بندہ کو اپنے بندوں میں سے چن لیا تا اپنی قدرتیں دکھلاوے اور اپنی ہستی کا ثبوت دے اور وہ جو سچائی سے ٹھٹھے کرتے اور جھوٹ سے محبت رکھتے ہیں ان کو جتلاوے کہ میں ہوں اور سچائی کا حامی ہوں۔ اگر وہ ایسے فتنہ کے وقت میں اپنا چہرہ نہ دکھلاتا تو دنیا گمراہی میں ڈوب جاتی اور ہر ایک نفس دہریہ اور ملحد ہو کر مرتا۔ یہ خدا کا فضل ہے کہ انسانی کشتی کو عین وقت میں اس نے تھام لیا یہ **چودھویں صدی** کیا تھی **چودھویں رات کا چاند تھا** جس میں خدا نے اپنے نور کو چادر کی طرح زمین پر پھیلا دیا۔ اب کیا تم خدا سے لڑو گے کیا فولادی قلعہ سے اپنا سر ٹکراؤ گے کچھ شرم کرو اور سچائی کے آگے مت کھڑے ہو۔ خدا نے دیکھا ہے کہ زمین بدعت اور شرک اور بدکاریوں سے جل گئی ہے اور نجاست کو پسند کیا جاتا ہے اور سچائی کو رد کیا جاتا ہے سو اس نے جیسا کہ اس کی قدیم سے عادت ہے دنیا کی اصلاح کے لئے توجہ کی کیونکہ سچی تبدیلی آسمان سے ہوتی ہے نہ زمین سے اور سچا ایمان اوپر سے ملتا ہے نہ نیچے سے۔ اس لئے اس رحیم خدا نے چاہا کہ ایمان کو تازہ کرے اور ان لوگوں کے لئے جن کو اشتہاروں کے ذریعہ سے بلایا گیا ہے یا آئندہ بلایا جائے ایسا نشان دکھلائے۔ اور مجھے میرے خدا نے مخاطب کر کے فرمایا ہے۔ ﴿۷۴﴾

اَلاَرْضُ وَالسَّمَاءُ مَعَکَ کَمَا ھُوَمَعِیَ ۞ قُلْ لِّی الاَرْضُ وَالسَّمَآء. قُلْ لِّی سلامٌ فی مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُّقْتَدِرْ. اِنّ اللّٰہ مَعَ الّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالّذِیْنَ

☆ اس زمانہ کے مولویوں کی نسبت میں وہی کہتا ہوں جو آثار میں پہلے سے کہا گیا ہے۔ منہ

۞ **نوٹ:** ضمیر ھو اس تاویل سے ہے کہ اس کا مرجع مخلوق ہے۔ منہ

هُمْ مُّحْسِنُوْن. یَاْتِی نَصْرُاللّٰه. اِنّا سَنُنْذِرُ العَالم کُلّهٗ. انا سَنَنْزِلُ. اَنَا اللّٰهُ لا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا۔ یعنی آسمان اور زمین تیرے ساتھ ہے جیسا کہ وہ میرے ساتھ ہے۔ کہہ آسمان اور زمین میرے لئے ہے۔ کہہ میرے لئے سلامتی ہے۔ وہ سلامتی جو خدا قادر کی حضور میں سچائی کی نشست گاہ میں ہے۔ خدا ان کے ساتھ ہے جو اس سے ڈرتے ہیں اور جن کا اصول یہ ہے کہ خلق اللہ سے نیکی کرتے رہیں۔ خدا کی مدد آتی ہے۔ ہم تمام دنیا کو متنبہ کریں گے۔ ہم زمین پر اتریں گے۔ میں ہی کامل اور سچا خدا ہوں میرے سوا اور کوئی نہیں۔

ان الہامات میں نصرت الٰہی کے پُر زور وعدے ہیں مگر یہ تمام مدد آسمانی نشانوں کے ساتھ ہوگی وہ لوگ ظالم اور ناسمجھ اور بیوقوف ہیں جو ایسا خیال کرتے ہیں کہ مسیح موعود اور مہدی موعود تلوار لے کر آئے گا۔ نبوت کے نوشتے پکار پکار کر کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں تلواروں سے نہیں بلکہ آسمانی نشانوں سے دلوں کو فتح کیا جائے گا اور پہلے بھی تلوار اٹھانا خدا کا مقصد نہ تھا بلکہ جنہوں نے تلواریں اٹھائیں وہ تلواروں سے ہی مارے گئے۔ غرض یہ آسمانی نشانوں کا زمانہ ہے خونریزیوں کا زمانہ نہیں۔ احمقوں نے بُری تاویلیں کر کے خدا کی پاک شریعت کو بُری شکلوں میں دکھایا ہے۔ آسمانی قوتیں جس قدر اسلام میں ہیں کسی دین میں نہیں ہوئیں اسلام تلوار کا محتاج ہرگز نہیں۔

الراقم میرزا غلام احمد قادیانی ۲۳ ذی القعدہ سنۃ ۱۳۱۴ھ

نظم منشی گلاب الدّین صاحب رہتاسی

﴿۷۵﴾

اللہ اللہ صدی چودھویں کا جاہ و جلال — رحمت حق سے ملا ہے اسے کیا فضل و کمال
جس میں مامور من اللہ ہوا ایک بندۂ حق — تا کہ اسلام کی رونق کو کرے پھر وہ بحال
جس کے آنے کی خبر مخبر صادق نے تھی دی — آسماں پر سے اتر آیا وہ صاحب اقبال
قادیان جائے قیام اس کا غلام احمد نام — جھاڑے اسلام نے پھر جس کے سبب سے پروبال
دین کی تجدید لگی ہونے بصد شدومد — دیکھو جس شخص کو کرتا ہے یہی قیل و قال
بھوکے نورانی غذاؤں سے لگے ہونے سیر — پیاسے برکات کی بارش سے ہوئے مالا مال

شرک و بدعت کی سیاہی تو لگی ہونے دور
نظر آنے لگا توحید کا اب حسن و جمال

راز سربستہ بہت علم لدنی کے کھلے
دیکھ لی کشف و کرامات کی ایک زندہ مثال

وحی و الہام کی ماہیتیں روشن ہوئیں آج
شب معراج کا عقدہ کھلا اور طور کا حال

کھل گیا آج کہ ہے معجزہ زندہ **قرآن**
سب جہان مان گیا سامنا اس کا ہے محال

ہر مخالف کا کٹا تیغ براہین سے سر
ہوگئے غیر مذاہب بھی بجت پامال

پیشگوئیوں کے کھلے بھید رسالت کے بھی راز
کھل گیا **عیسیٰ مریم** کا نزول اجلال

معنی اعجاز نبوت کے فرشتوں کا نزول
قلب مومن پہ جو ہوتے ہیں الٰہی افضال

حل ہوئے نکتے تصوف کے ولایت کے بھی بھید
مانا سب نے کہ نہیں خارق عادت بھی محال

الغرض ہوگئے حل سینکڑوں عقد لاحل
دس جواب اس کو ملے جس نے کیا ایک سوال

منصفو غور کرو کیا ہے زمانہ الٹا
کہتے ہیں **عیسیٰ موعود** کو آیا **دجال**

مثل شیشہ کے نبی اور ولی ہوتے ہیں
نظر آتا ہے سدا شیشہ میں اپنا خط و خال

خود تو شپر کی طرح آنکھوں سے معذور ہیں اور
عیب سورج کو لگاتے ہیں بایں حسن و جمال

علم ظاہر تو ہے **العلم حجاب الاکبر**
علم باطن سے سدا پاتا ہے انسان کمال

موسیٰ و خضر کے قصہ کو بھی کیا بھول گئے
کر دیا موسیٰ کو حیران چلا خضر وہ چال

خضر کے پیچھے چلے جاؤ عقیدت سے **گلاب**
خیر و خوبی سے اگر چاہتے ہو تم حال و قال

فہرست آمدنی چندہ برائے طیاری مہمان خانہ و چاہ وغیرہ

منشی عبدالرحمٰن صاحب لالہ محمد جرنیلی ریاست کپورتھلہ للعہ	جلال الدین صاحب بلانی ضلع گجرات مہر	شیخ محمد جان صاحب وزیر آبادی مہ
مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی للعہ	عبدالحق صاحب کراچی والا لدھیانہ مہر	امام الدین شیخواں قریب قادیاں عہ
عرب حاجی مہدی صاحب بغدادی نزیل مدراس مہ	ابراہیم سلیمان کمپنی مدراس یہ	عبدالعزیز صاحب پٹواری شیخواں مہر
سیٹھ عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا مدراس مہ	سیٹھ دالجی لالجی صاحب // مہ	خلیفہ نورالدین صاحب واللہ دتا جموں مہ
اہلیہ ہائے حکیم فضل الدین صاحب بھیروی مہ	سیٹھ صالح محمد حاجی اللہ رکھا // مہ	سیٹھ اسحٰق اسمٰعیل صاحب بنگلور یہ
خیر الدین سیکھواں قریب قادیان عہ	مولوی سلطان محمود صاحب // عہ	مرزا خدا بخش صاحب اتالیق نواب صاحب مالیر کوٹلہ مہ

﴿۷۶﴾

اہلیہ میرزا صاحب موصوف صہ	زین الدین محمد ابراہیم صاحب انجینئر بمبئی صہ	مولوی عبداللہ خان صاحب عہ
شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر لاہور ماعہ۴	مہدی حسین صاحب // عہ	مولوی محمود حسن خان صاحب پٹیالہ ۸
منشی کرم الٰہی صاحب از کوہ شملہ عہ	بابو چراغ الدین صاحب سٹیشن ماسٹر لیہ عہ	شیخ کرم الٰہی صاحب // صہ
نواب خانصاحب تحصیلدار جہلم صہ	عبداللہ خانصاحب برادر تحصیلدار جہلم عہ	حافظ نور محمد صاحب // عہ
نبی بخش صاحب نمبردار بٹالہ عہ	فضل الٰہی صاحب فیض اللہ چک قریب قادیان عہ	پسران شیخ ظہور علی مرحوم ا
محمد صدیق صاحب شیخواں قریب قادیان عہ	عبداللہ صاحب تھہ غلام نبی قریب // عہ	ونبیرہ اکبر علی مرحوم ۲
مولیٰ بخش صاحب تاجر چرم ڈنگہ ضلع گجرات صہ	عبدالخالق صاحب رفوگر امرتسر عہ	سید محمد علی صاحب مدرس قلعہ سوبھا سنگھ عہ
محمد الدین صاحب بوٹ فروش جموں ۱۲عہ	محمد اسماعیل صاحب سوداگر پشمینہ امرتسر صہ	شمس الدین محمد ابراہیم صاحب بمبئی ۷
اللہ دتا صاحب جموں عہ	اہلیہ عبدالعزیز صاحب پٹواری مذکور عہ	نور محمد صاحب ۷
سردار سمند خانصاحب جموں ۲	غلام حسین صاحب اسسٹنٹ سٹیشن دینہ عہ	میرزا افضل بیگ صاحب مختار قصور صہ
قطب الدین صاحب کوٹلہ فقیر ضلع جہلم صہ	وزیر الدین صاحب ہیڈ ماسٹر سجانپورہ کانگڑہ عہ	اکبر علی شاہ صاحب موجیانوالہ ضلع گجرات عہ
محمد شاہ صاحب ٹھیکیدار جموں صہ	فضل الدین صاحب قاضی کوٹ عہ	حافظ نور محمد صاحب فیض اللہ چک قریب قادیان عہ
مولوی محمد صادق صاحب جموں ۱۴	اہلیہ نبی بخش صاحب رفوگر امرتسر صہ	غلام قادر صاحب تھہ غلام نبی قریب // ۲
شادی خان صاحب سیالکوٹ ماعہ	مہر ساون شیخواں عہ	غلام محمد صاحب امرتسر شیرانوالہ کٹڑہ عہ
فضل کریم صاحب عطار جموں عہ	سید حامد شاہ صاحب سیالکوٹ عہ	نبی بخش صاحب رفوگر امرتسر صہ
مولوی محمد اکرم صاحب جموں ۸	محمد الدین صاحب کنسٹیبل پولیس ۷	جمال الدین صاحب شیخواں عہ
خواجہ جمال الدین صاحب بی اے جموں ۲	حکیم محمد دین صاحب // // عہ	خلیفہ رشید الدین صاحب اسسٹنٹ سرجن چکراتہ صہ
مستری عمر صاحب جموں ۲	سید چراغ شاہ صاحب عہ عنایت اللہ صاحب ا	قاضی ضیاء الدین صاحب قاضی کوٹ عہ
مفتی فضل احمد صاحب جموں ۷	سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ درجہ اول صہ	قاضی فضل الدین صاحب ۸
غلام رسول صاحب سوداگر کلکتہ وارد جموں صہ	مولوی قطب الدین صاحب بدوملی عہ	سید خصیلت علی شاہ صاحب تھانہ دار ڈنگہ صہ
منشی نبی بخش صاحب جموں عہ	شاہ رکن الدین احمد صاحب کڑا سجادہ نشین صہ	عبدالعزیز صاحب ٹیلر ماسٹر سیالکوٹ ۷
شیخ مسیح اللہ صاحب شاہجہانپوری ۷	مرزا نیاز بیگ صاحب ضلع دار نہر ملتان صہ	اہلیہ شاہ صاحب موصوف ووالدہ ۷ عہ
خانساماں صاحب مہتمم انہار ملتان ۱۲	حافظ عبدالرحمٰن صاحب لیہ صہ	شیخ عطا محمد صاحب سب اورسیر صہ

مولیٰ بخش صاحب بوٹ فروش سیالکوٹ عہ ر
سید محمد صاحب ملازم پولیس // ۲ر
فضل دین زرگر // عہ ر
محمد الدین صاحب اپیل نویس // صہ ر
قادر بخش صاحب لدھیانہ سے ر
محمد اکبر صاحب بٹالہ عہ
مولوی غلام محی الدین صاحب مدرس نور محل عہ ۴ر
سیٹھ موسیٰ صاحب منی پور ملک آسام صدر بازار لہ معہ
منشی عزیز اللہ صاحب سرہندی پوسٹماسٹر نادون کانگڑہ عہ ر
شیخ محمد حسین صاحب مرادآبادی مراسلہ نویس پٹیالہ سے ر
مصطفیٰ و مرتضیٰ صاحبان عہ ر
محمد افضل و محمد اعظم // عہ ر
شیخ عبدالصمد معلم سنوری ۴ر
مولوی کرم الدین صاحب نائب مدرس قلعہ سوبھا سنگھ عہ ر
شہاب الدین شمس الدین صاحب بمبئی للعہ ر
فتح محمد خاں صاحب بزدار لیہ ڈیرہ اسماعیل خان صہ ر
ڈاکٹر بوڑہ خان صاحب قصور عہ
مولوی محمد قاری صاحب امام مسجد قصاباں جہلم عہ ر
چراغ علی صاحب تھ غلام نبی قریب قادیان عہ ر
نظام الدین صاحب // // ۲ر
گلاب الدین صاحب تھلوال ریاست جموں عہ ر
والدہ عبدالعزیز صاحب پٹواری شیخواں عہ ر

شاہدین صاحب سٹیشن ماسٹر دینہ ضلع جہلم سے ر
محمد خاں صاحب کپورتھلہ سے ر
قاضی محمد یوسف صاحب قاضی کوٹ عہ ر
نور احمد صاحب درویش کے عہ ر
مستری غلام الٰہی بھیرہ مع برادران و اہل محلّہ ۱۲ عہ ر
اہلیہ عبدالعزیز صاحب مذکور سے ر
منشی اللہ دتا خاں صاحب سیالکوٹ صہ ر
حکیم احمد الدین صاحب // عہ ر
سید نواب شاہ صاحب مدرس // عہ ر
مستری نظام الدین // // ۱۱ صہ ر
گلاب خان صاحب سب اور سیر // سے ر
علی گوہر خان صاحب برنچ پوسٹماسٹر جالندھر } صہ ر
منشی رستم علی صاحب کورٹ انسپکٹر گورداسپور عہ
بابو غلام محی الدین صاحب پھلور ضلع جالندھر عہ ر
شرف الدین صاحب کوٹلہ فقیر ضلع جہلم للعہ ر
ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب پٹیالہ عہ
شیخ عبداللہ صاحب و شیخ عباداللہ صاحب پٹیالہ عہ ۱۲ر
مولوی یوسف صاحب سنوری ۱۲ر
حافظ عظیم بخش صاحب // ۲ر
ماسٹر غلام محمد صاحب سیالکوٹ عہ ر
مولوی عبدالکریم صاحب // صہ ر

بابو عطا محمد صاحب سب اور سیر کمیٹی سیالکوٹ صہ ر
متفرق از سیالکوٹ عہ ر
قربان علی صاحب مستری پلٹن نمبر ۴۳ کلکتہ عہ ر
منشی عبدالرحیم صاحب تارگھر منی پور صہ ر
مستری عبدالغفار صاحب ملازم پلٹن نمبر ۴۴ داناپور عہ ر
بشارت میاں پلٹن نمبر ۴۴ منی پور عہ ر
پیر فیض علی صاحب منی پور سے ر
سرور خاں صاحب جمعدار منی پور عہ ر
کھنڈا جمعدار گورداسپور عہ ر
لعل دین صاحب منی پور عہ ر
غلام رسول خان صاحب غازی پور عہ ر
حسین بخش صاحب بارک پور اردلی بازار صہ ر
شبرانی بنارسی عہ ر
ملا عبدالرحیم صاحب غزنی عہ ر
مولوی غلام امام صاحب منی پور عزیز الواعظین سہ
اہلیہ مولوی صاحب موصوف صہ ر
محمد الدین صاحب پٹواری بلانی ضلع گجرات عہ ر
خواجہ کمال الدین صاحب بی اے صہ ر
مفتی محمد صادق صاحب بھیروی عہ
شیر محمد صاحب بکھر عہ ر
بابو مولیٰ بخش صاحب لاہوری عہ ر

اس کے سوا اور بھی کئی نام ہیں جو دوسرے پرچہ میں شائع ہوں گے۔

﴿الف﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خط و کتابت

اس عرصہ میں جو کچھ مکرمی خواجہ غلام فرید صاحب چشتی پیر نواب صاحب بہاولپور سے اس عاجز کی خط و کتابت ہوئی محض بہ نیت فائدہ عام وہ تمام خطوط جانبین چھاپ دیئے جاتے ہیں شاید کسی بندہ خدا کو اس سے فائدہ ہو وَ اِنَّمَا الاَعۡمَالُ بِالنِّیَّاتِ۔

خواجہ صاحب کا وہ پہلا خط جو ضمیمہ انجام آتھم کے ۳۹ صفحہ پر طبع ہوا

من فقیر بَاب اللّٰہ غلام فرید سجّادہ نشین الٰی جناب میرزا غُلام احمد صاحب قادیَانِیُ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم الحمدُ للّٰہ ربّ الارباب والصّلوۃ علٰی رسُولہ الشفیع بیوم الحساب و علٰی الہ و الاصحاب والسّلام علیکم و علی من اجتھد و اصاب اما بعد قد ارسلت الیّ الکتاب و بہ دعوت اَلَی المباھلۃ و طالبت بالجواب و انّی و ان کنت عدیم الفرصۃ و لکن رایت جزء ہ من حسن الخطاب و سوق العتاب اعلم یا اعزّ الاحباب انّی من بدو حالک واقف علی مقام تعظیمک لنیل التواب

﴿ب﴾ وماجرت علٰی لسانی کلمۃ فی حقک الا بالتبجیل وَرعایۃ الاداب و الان اطلع

لک بانی معترف بصَلاح حَالک بلا ارتیاب و موقن بانک من عباد الله الصلحین و فی سعیک المشکور مثاب وقد اوتیت الفضل من الملک الوھاب و لک ان تسئل من اللّٰہ تعالی خیر عاقبتی و ادعولکم حسن ماب ولو لا خوف الاطناب لازددت فی الخطاب ۔ والسّلام علی من سلک سبیل الصواب ۔ فقط

۲۷ رجب ۱۳۱۴ھ من مقام چاچڑاں۔

فقیر غلام فرید
خادم الفقرا ۱۳۰۱ مہر

ترجمہ۔ تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جو رب الارباب ہے اور درود اس رسول مقبول پر جو یوم الحساب کا شفیع ہے اور نیز اس کے آل اور اصحاب پر اور تم پر سلام اور ہر ایک پر جو راہ صواب میں کوشش کرنے والا ہو۔ اس کے بعد واضح ہو کہ مجھے آپ کی وہ کتاب پہنچی جس میں مباہلہ کے لئے جواب طلب کیا گیا ہے اور اگرچہ میں عدیم الفرصت تھا تاہم میں نے اس کتاب کے ایک جز کو جو حسن خطاب اور طریق عتاب پر مشتمل تھی پڑھی ہے۔ سوائے ہر ایک حبیب سے عزیز تر تجھے معلوم ہو کہ میں ابتدا سے تیرے لئے تعظیم کرنے کے مقام پر کھڑا ہوں تا مجھے ثواب حاصل ہو۔ اور کبھی میری زبان پر بجز تعظیم اور تکریم اور رعایت آداب کے تیرے حق میں کوئی کلمہ جاری نہیں ہوا اور اب میں تجھے مطلع کرتا ہوں کہ میں بلاشبہ تیرے نیک حال کا معترف ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ تو خدا کے صالح بندوں میں سے ہے اور تیری سعی عنداللہ قابل شکر ہے جس کا اجر ملے گا اور خدائے بخشندہ بادشاہ کا تیرے پر فضل ہے میرے لئے عاقبت بالخیر کی دعا کر اور میں آپ کے لئے انجام خیر وخوبی کی دعا کرتا ہوں۔ اگر مجھے طول کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں زیادہ لکھتا۔ والسلام علی من سلک سبیل الصواب۔

اس کا جواب

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم نحمدُہٗ و نصلی علٰی رسُولہ الکرِیم

من عبداللّٰہ الاحد غلام احمد عافاہ اللّٰہُ و ایّد الی الشیخ الکریم السعید حبی فی اللّٰہ غلام فرید۔ السلام علیکم و رحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ۔ امّا بعد فاعلم ایھا العبد الصالح قد بلغنی منک مکتوب ضُمّخ بعطرِ الاخلاص ﴿ج﴾

والمحبة وکُتب بانامل الحبّ والالفة جزاک اللّٰہ خیر الجزاء و حفظک من کل انواع البلاء انی وجدت ریح التقوٰی فی کلمٰتک فما اضوع ریاک وما احسن نموذج نفحاتک و قد اخبر النبیّ صَلّی اللّٰہ علیہ وسلم فی امری واثنٰی علٰی احبابی و زمری وقال لا یصدقہ الا صالح ولا یکذبہ الا فاسق فشرفا لک ببشارۃ المصطفٰی وواھًا لک من الربّ الاعلٰی و من تواضع للّٰہ فقد رُفِع و من استکبر فرد و دُفع و انی ما زلت مذ رأیت کتابک و اٰنست اخلاقک و ادابک ادعولک فی الحضرۃ واسئل اللّٰہ ان یتوب علیک بانواع الرحمۃ وقد سرنی حسن صفاتک ورزانۃ حصاتک وعلمت انک خُلِقت من طینۃ الحُرّیۃ و أعطیت مکارم السجیّۃ و احن الی لقائک بھوی الجنان ان کان قدرالرحمن و قد سمعت بعض خصائص نباھتک وماٰثر وجاھتک من مخلصی الحکیم المولوی نور الدّین فالان زاد مکتوبک یقینا علی الیقین وصار الخبر عیانا والظن بُرْھَانا فادعوا اللّٰہ سبحانہ ان یبقٰی مجدک و بنیانہ و یُحیط علیک رُحمہ وغفرانہ و کنت قلت للناس انک لا تلوی عذارک ولا تظھر انکارک فابشرت بان کلمتی قد تمّت و ان فراستی ما اخطأت و رغّبنی خلقک فی ان افوز بمراٰک و اسرّ بلقیاک فارجو ان تسرّنی بالمکتوبات حتی تجیء من اللّٰہ وقت الملاقات والان ارسل اِلَیْک مع مکتوبی ھٰذا ضمیمۃ کتابی کما ارسلتہ الٰی احبابی و فیھا ذکرک و ذکر مکتوبک وارجوان تقرء ھا ولو کان حرج فی بعض خطوبک والسّلام علیک وعلی اعزتک وشعوبک۔ فقط من قادیان.

خواجہ صاحب کا دوسرا خط

بخدمت جناب میرزا صاحب عالی مراتب مجموعہ محاسن بیکراں مستجمع اوصاف بے پایان مکرم معظم برگزیدۂ خدائے احد جناب میرزا **غلام احمد** صاحب متّع اللّٰہ الناس ببقائہ و سرّنی

بلقائه و انعمه با لائه۔ پس از سلام مسنون الاسلام وشوق تمام ودعائے اعتلائے نام وارتقائے مقام واضح ولائح باد۔ نامۂ محبت ختامہ الفت شمامہ مشحون مہربانی ہائے تامہ معہ کتاب مرسلہ رسیدہ چہرہ کشائے مسرت تازہ وفرحت بے اندازہ گشت۔ مخفی مباد کہ ایں فقیر از بدو حال خود بتقاضائے فطرت درعربدہا افتادن و بے ضرورت قدم درمعارک مناقشات نہادن پسند ندارد چندانکہ می تواند خود را از مداخل طوفان نزاع بے معنی برمی آرد و چوں اکثر مردم را موافقت ہوا از طلب حق باز داشتہ است وتعصب مجاری تحقیق را بخاک جہل فرا انباشتہ براں بکنہ گفتار ہا نارسیدہ وغایت کار ہا نادیدہ غوغائے برمی انگیزند و ہماں غبار جہالت کہ بہوائے عناد برداشتہ بسر خویش می پیزند ورنہ ثمرہ کار ہا برنیت صحیح است و دلالت کنایات ابلغ از تصریح پوشیدہ نماند کہ درین جز وزماں کسانے از علمائے وقت از فقیر مطالبہ جواب کردہ اند کہ ہمچو کسے را (یعنی آں صاحب را) کہ باتفاق علماء چنین وچنان ثابت شدہ است چرا نیک مرد پنداشتہ اند واز چہ رو دروے حسن ظن داشتہ چون تحریر ایشاں مملو بود از کمال جوش وترکیب الفاظ ایشان بابرق طپشہا ہم آغوش نظر برآنکہ مضامین شان برغلیان دلہا گواہ است و برنیت ہر کس خدائے داناتر آگاہ و بہ ہیچ کس گمان بد بردن شیوہ اہل صفا نیست و بے تحقیق کسے را منافق یا مطیع نفس دانستن روا نہ فقیر را در کارشان ہم گمان بدگران مے نمود زیرآنکہ اگر نیت صادق داشتہ باشند غلط شان بمشابہ خطافی الاجتہاد خواہد بود ورنہ گوش محبت نیوش ہر قدر کہ از غایت کار آن مکرم ذخیرہ آگاہی انباشت دل الفت شامل زیادہ ازاں در اخلاص افزود کہ داشت دعاست کہ از عنایت حق سببے بہتر پیدا آید وساعتے نیکو روئے نماید کہ حجاب مباعدت جسمانی ونقاب مسافت طولانی ازمیاں برخیزد واگر بارسال مضمونیکہ درجلسۂ مذاہب پیش کردہ اند مسرور فرمایند منت باشد۔ والسلام مع الاکرام فضائل وکمالات مرتبت مولوی **نورالدین** صاحب سلام شوق مطالعہ فرمایند۔ و صاحبزادہ **محمد سراج الحق** صاحب نیز۔ الراقم فقیر غلام فرید الچشتی النظامی من مقام چاچڑاں شریف

(مہر) ۲۷ ماہ شعبان المعظم ۱۳۱۴ ہجریہ نبویہ

جواب

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

بخدمت حضرت مخدوم و مکرم الشیخ الجلیل الشریف السعید حبّی فی اللّٰہ **غلام فرید** صاحب کان اللّٰہ معہ و رضی عنہ و ارضاہ . السلام علیکم و رحمۃ اللّٰہ و برکاتہ

امابعد نامہ نامی وصحیفہ گرامی افتخار نزول فرمودہ باعث گونان گون مسرت ہا گردید و بمقتضائے آیہ کریمہ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ[1] از چندیں ہزار علماء وصلحا بوئے آشنائی از کلمات طیبات آن مخدوم بشمیدم شکر خدا کہ این سرزمین ازان مردان حق خالی نیست کہ در اظہار کلمۃ الحق از لوم ہیچ لائمے نمے ترسند۔ ونورے دارند از جناب احدیت وفراستے دارند از حضرت عزت پس فطرت صحیحہ مطہرہ ایشاں سوئے حق ایشان رامے کشد و در احقاق حق **روح القدس** تائید شان میفرماید فالحمدللّٰہ ثم الحمدللّٰہ کہ مصداق این امور آن مخدوم را یافتیم ۔اے برادر مکرم رجوع مشائخ وقت سوئے این عاجز بسیار کم است وفتنہ ہا از ہر سو پیدا۔ پیش زین جبی فی اللہ حاجی **منشی احمد جان** صاحب لدھیانوی کہ مؤلف کتاب طب روحانی نیز بودند بکمال محبت واخلاص بدیں عاجز ارادتے پیدا کردند وبعض مریدان نا اہل در ایشاں چیز ہا گفتند کہ بدیں مشیخت وشہرت کجا افتاد چون اوشان را از آن کلمات اطلاعے شد معتقدان خود را در مجلسی جمع کردند و گفتند کہ حقیقت اینست کہ ماچیزے دیدیم کہ شمانے بینید پس اگر از من قطع تعلق میخواہید بسیار خوب است مرا خود پروائے این تعلق ہا نماندہ از ین سخن شان بعض مریدان اہل دل بگریستند واخلاصے پیدا کردند کہ پیش زاں نیز نمے داشتند ومراوقت ملاقات گفتند کہ عجب کاریست کہ مرا افتادہ کہ من قصد مصمم کردہ بودم کہ اگر مرامے گذارند من ایشانرا گذارم لیکن امر برعکس آں پدید آمدہ وقسم خوردند کہ اکنوں بآن خدمتہا پیش مے آیند کہ قبل زین ازان نشانے نبود این بزرگ مرحوم چون بعد از مراجعت حج وفات کردند اعزہ ووابستگان خود را بار بار ہمین نصیحت نمودند کہ بدین عاجز تعلق ہائے ارادت داشتہ باشید ووقت عزیمت حج مرا نوشتند کہ مرا حسرتہاست کہ من زمان شمارا بسیار کمتر یافتم وعمرے گرد این وآن بر باد رفت وفرزندان وہمہ مردان وزنان کہ اعزہ شان بودند بوصیت شاں عمل کردند وخود را در سلک بیعت این عاجز کشیدند چنانچہ از روزگارے دراز فرزندان آن

[1] یوسف:۹۵

بزرگ سکونت لدھیانہ را ترک کردہ اند و مع عیال خود نزد من در قادیان می مانند۔

و شیخے دیگر **پیر صاحب العلم** است کہ برائے من خواب دیدند و در بارہ من از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در مجلسے عظیم شہادت دادند و سوئے من آن مکتوبے نوشتند کہ در **ضمیمہ** انجام آتھم از نظر آن مکرم گذشتہ باشد۔

اما ہنوز جماعت این عاجز بدان تعداد نہ رسیدہ کہ بر من از خدائے من عدد آن مکشوف گردیدہ بود میدانم کہ تا اکنون جماعت من از **ہشت ہزار** دو سہ کم یا زیادہ خواہد بود۔

اے مخدوم و مکرم این سلسلہ سلسلۂ خداست و بنائے است از دست قادرے کہ ہمیشہ کارہائے عجائب می نماید او از کاروبار خود پرسیدہ نمی شود کہ چرا چنین کردی۔ مالک است ہر چہ خواہد مے کند از خوف او آسمان و زمین می جنبند و از ہیبت او ملائک می لرزند و مرا او در **الہام** خود **آدم** نام نہادہ و گفت اَرَدْتُ اَنْ اَسْتَخْلِفَ فَخَلَقْتُ اٰدم چرا کہ میدانست کہ من نیز مورد اعتراض **اتجعل فیھا من یفسد فیھا** خواہم گردید پس ہر کہ **مرا می پذیرد فرشتہ** است نہ انسان و ہر کہ سرمے پیچد **ابلیس** است نہ آدمی ایں **قول خدا گفتہ** نہ من۔ **فطوبٰی للّذین احبّونی وما عادونی و صافونی وما اذونی و قبلونی ومَا ردّونی اُولٰئک علیھم صلوات اللّٰہ و اُولٰئک ھم المھتدون** ۔ وآنچہ آن مخدوم نقل **مضمون جلسۂ مذاہب** طلب کردہ بودند پس سبب توقف ایں شد کہ من منتظر بودم کہ جزوے از مضمون مطبوع نزدم رسد تا بخدمت بفریستم چنانچہ امروز یک حصۂ ازاں رسید کہ بخدمت روانہ میکنم وہم چنیں آیندہ نیز بطور یکہ وقتاً فوقتاً می رسد انشاء اللہ تعالیٰ بخدمت روانہ خواہم کرد و **قبولیت ایں مضمون** ازیں ظاہر است کہ اخبار ہائے سرکاری کہ بہر خبرے سروکارے ندارند و صرف آں اخبار را نویسند کہ عظمتے داشتہ باشند **تعریف** آں مضمون بخوے کردہ اند کہ تا حد **اعجاز** رسانیدہ اند چنانچہ **سول ملٹری** می نویسد کہ چون این مضمون خواندہ شد بر ہمہ مردم عالم محویت طاری بود و بالاتفاق نوشتند کہ **بر ہمہ مضامین** ہمیں غالب آمد بلکہ نوشتند کہ دیگر مضامینے بہ نسبت آں چیزے نہ بودند پس این **فضل** خدا است کہ پیش ازین واقعہ از الہام و کلام خود مرا اطلاعے نیز داد و من نیز پیش از ﴿ز﴾

وقت آن اعلام الٰہی رابذریعہ اشتہار مشتہر کردم پس عظمت این واقعہ نورٌ علٰی نور شد فالحمد لِلّٰہ علٰی ذالک۔
وآنچہ آن مکرم دربارہ شکوہ وشکایت علماء ارقام فرمودہ بودند دریں باب چہ گوئیم وچہ نویسیم **مقدمۂ من وایشان برآسمان است** پس اگر من کاذبم ودرعلم حضرت باری عزاسمہٗ مفتری۔ ودعویٰ من کذبے وخیانتے ودجلے است۔ درین صورت از خدا دشمن ترے درحق من کسے نیست وجلد تر مرا از بیخ خواہد برکند وجماعت مرا متفرق خواہد ساخت زیرآنکہ او مفتری را ہرگز بحالت امن نمی گزارد لیکن اگر من از وو از طرف او ہستم وبحکم او آمدم وہیچ خیانتے درکاروبار خود ندارم پس شک نیست کہ او زانسان تائید من خواہد کرد کہ از قدیم درتائید صادقان سنت اورفتہ است وازلعنت این مردم نمی ترسم لعنت آن ست کہ از آسمان ببارد وچون از آسمان لعنت نیست پس لعنت خلق امریست سہل کہ ہیچ راستبازے ازان محفوظ نماندہ لیکن برائے آن مخدوم بحضرت عزت دعا میکنم کہ محض از سعادت فطرت خود ذبّ مخالفان این عاجز کردہ اند پس اے عزیز خدا با تو باشد وعاقبت تو محمود باد **جزاک اللّٰہ خیر الجزاء و اَحْسَنَ اِلَیْکَ فی الدُّنیا وَ العُقْبٰی و کان معک اینما کنت وادخلک اللہ فی عبَادہ المَحْبُوبِین**۔آمین۔

مثنوی

اے فرید وقت در صدق و صفا	باتو باد آن رو کہ نام او خدا
بر تو بارد رحمت یار ازل	در تو تابد نور دلدار ازل
از تو جان من خوش ست اے خوش خصال	دیدمت مردے درین قحط الرجال
درحقیقت مردم معنی کم اند	گو ہمہ از روئے صورت مردم اند
اے مرا روئے محبت سوئے تو	بوئے انس آمد مرا از کوئے تو
کس ازین مردم بما روئے نہ کرد	این نصیبت بود اے فرخندہ مرد
ہر زمان با لعنتے یادم کنند	خستہ دل از جور و بیدادم کنند

کس بچشم یار صدیقے نہ شد | تا بچشم غیر زندیقے نہ شد
کافرم گفتند و دجال و لعین | بہر قتلم ہر لئیمے در کمین ﴿ح﴾
بنگر این بازی کنان را چون جہند | از حسد بر جان خود بازی کنند
مومنے را کافرے دادن قرار | کار جان بازیست نزد ہوشیار
زانکہ تکفیرے کہ از ناحق بود | واپس آید بر سر اہلش فتد
سفلۂ کو غرق در کفر نہان | ہرزہ نالد بہر کفر دیگران
گر خبر زان کفر باطن داشتے | خویشتن را بدترے انگاشتے
تامرا از قوم خود ببریدہ اند | بہر تکفیرم چہا کوشیدہ اند
افتراہا پیش ہر کس بردہ اند | و از خیانتہا سخن پروردہ اند
تا مگر لغزد کسے زاں افترا | سادہ لوحے کافر انگارد مرا
در رہ ما فتنہ ہا انگیختند | با نصاریٰ رائے خود آمیختند
کافرم خواندند از جہل و عناد | این چنین کورے بدنیا کس مباد
بخل و نادانی تعصب ہا فزود | کین بجوشید و دو چشم شان ربود
ما مسلمانیم از فضل خدا | مصطفیٰ ما را امام و مقتدا
اندرین دین آمدہ از ما دریم | ہم برین از دار دنیا بگذریم
آن کتاب حق کہ **قرآن** نام اوست | بادۂ عرفان ما از جام اوست
آں رسولے کش **محمد** ہست نام | دامن پاکش بدست ما مدام
مہر او باشیر شد اندر بدن | جان شد و باجان بدر خواہد شدن
ہست او خیرالرسل خیر الانام | ہر نبوت را بروشد اختتام
ما ازو نوشیم ہر آبے کہ ہست | زو شدہ سیراب سیرابے کہ ہست
آنچہ مارا **وحی** و ایمائے بود | آن نہ ازخود از ہمان جائے بود
ما ازو یابیم ہر نور و کمال | وصل دلدار ازل بے او محال
اقتدائے قول او در جان ماست | ہرچہ زو ثابت شود ایمان ماست

از ملائک و از خبرہائے معاد ہرچہ گفت آن مرسل ربّ العباد
آں ہمہ از حضرت احدیت است منکر آن مستحق لعنت است
معجزات او ہمہ حق اند و راست منکر آن مورد لعن خداست
معجزات انبیاءِ سابقین آنچہ در قرآن بیانش بالیقین
برہمہ از جان و دل ایمان ماست ہر کہ انکارے کند از اشقیاست
یک قدم دوری ازان روشن کتاب نزد ما کفر است و خسران و تباب
لیک دو نان را بمغزش راہ نیست ہر دلے از سر آن آگاہ نیست
تا نہ باشد طالبے پاک اندرون تا نہ جوشد عشق یار بیچگون
راز قرآن را کجا فہمد کسے بہر نورے نور می باید بسے
این نہ من قرآن ہمین فرمودہ ست اندر و شرط **تطہّر** بودہ است
گر بقرآن ہر کسے را راہ بود پس چرا شرط **تطہّر** را فزود
لا یمسّہ الا المطہرون
نور را داند کسے کو نور شد و از حجاب سرکشی ہا دور شد
ایں ہمہ **کوران** کہ تکفیرم کنند بے گمان از نور قرآن غافل اند
بے خبر از رازہائے این کلام ہرزہ گویان ناقصان و ناتمام
در کف شان استخوانے بیش نیست در سر شان عقل دور اندیش نیست
مردہ اند و فہم شان مردار ہم بے نصیب از عشق و از دلدار ہم
الغرض **فرقان** مدار دین ماست او انیس خاطر غمگین ماست
نور فرقان می کشد سوئے خدا می توان دیدن ازو روئے خدا
ما چہ سان بندیم زان دلبر نظر ہمچو روئے او کجا روئے دِگر
روئے من از نور روئے او بتافت یافت از فیضش دل من ہر چہ یافت
چوں دو چشمم کس نداند آن جمال جان من قربان آن شمس الکمال
ہم چنین **عشقم** بروئے **مصطفیٰ** دل پرد چون مرغ سوئے مصطفیٰ
تا مرا دادند از حسنش خبر شد دلم از عشق او زیر و زبر

منکہ می بینم رخ آن دلبرے | جان فشانم گر دہد دل دیگرے
ساقی من ہست آن جان پرورے | ہر زمان مستم کند از ساغرے
محو روئے اوشدست ایں روئے من | بوئے او آید زِ بام و کوئے من
بس کہ **من** در عشق **او ہستم** نہان | **من ہمانم من ہمانم من ہمان**
جان من از جان او یابد غذا | **از گریبانم عیان شد آن ذکا**
احمد اندر جان **احمد** شد پدید | اسم من گردید آں اسم وحید
فارغ افتادم بدو از عـــــزّو جاہ | دل زِ کف و از فرق افتادہ کلاہ
برمن این بہتان کہ من زان آستان | تافتم سر این چہ کذب فاسقان
سر بتابد زان مہ من چون منے | لعنت حق بر گمان دُشمنے
آن منم کاندر رہِ آن سرورے | درمیانِ خاک و خون بینی سرے
تیغ گر بارد بکوئے آن نگار | آن منم کاوّل کند جان را نثار
گر ہمین کفر است نزدِ کین ورے | خوش نصیبے آنکہ چون من کافرے
کافرم گفتند و دجال و لعین | من ندانم ایں چہ ایمان ست و دین
ایں طبیعت ہائے شان چون سنگ ہاست | در بر شان گردلے بودے کجاست
کار اینان ہر زمانے افتراست | یار اینان ہر دمے حرص و ہوا ست
دل پُر از خبث است و باطن پُر زِ شر | صحت نیت از ایشاں دور تر
صحت نیت چو باشد در دلے | بر گل صدق اوفتد چون بلبلے
بر شرارتہا نمی بندد میان | ترسد از دانائے اسرار نہان
لیکن ایں بے باکی و ترک حیا | افترا بر افترا بر افترا
ایں نہ کارِ مومنان و اتقیاست | این نہ خوئے بندگانِ باصفاست
ہرکہ او ہر دم پرستارِ ہوا | من چسان دانم کہ ترسد از خدا
خویشتن را نیک اندیشیدہ اند | ہائے این مردم چہ بد فہمیدہ اند
اتباع نفس اعراض از خدا | بس ہمین باشد نشان اشقیا

ہرکہ زیں سان خبث در جانش بود | کافرم گر بوئے ایمانش بود
﴿ی﴾ متن برین مردم بخواندم آن **کتاب** | کان منزہ اوفتاد از ارتیاب
ہم **خبرہا** پیش کردم زاں رسول | کو صدوق از فضل حق پاک از فضول
لیکن اینان را بحق روئے نبود | پیش گُرگے گریۂ میشے چہ سود
کافرم گفتند و روہا تافتند | آن یقین گویا دلم بشگافتند
اندرینان خوب گفت آن شاہ دین | کافران دل برون چون مومنین
ہر زمان قرآن مگر در سینہ ہا | حُبّ دنیا ہست و کبر و کینہ ہا
دانش دیں نیز لاف است و گذاف | پشت بنمودند وقت ہر مصاف
جاہلانے غافل از تازی زبان | ہم ز قرآن ہم ز اسرار نہان
کبر شان چون تاکمال خود رسید | غیرتِ حق پردہ ہائے شان درید
دشمنان دین چو شمر نابکار | دین چو زین العابدین بیمار و زار
تن ہمی لرزد دل و جان نیز ہم | چون خیانتہائے ایشان بنگرم
مکرہا بسیار کردند و کنند | تا نظام کارما برہم زنند
لیکن آن امرے کہ ہست از آسمان | چون زوال آید برد از حاسدان
من چہ چیزم جنگ شان با آن خداست | کزدو دستش این ریاض و این بناست
ہرکہ آویزد بکار و بار حق | اوستادہ از پئے پیکار حق
فانی ایم و تیرِ ما تیرِ حق است | صیدِ ما دراصل نخچیرِ حق است
صادقے دارد پناہِ آن یگان | دست حق در آستین او نہان
ہرکہ با دست خدا پیچد زِ کین | بیخ خود کندد چو شیطان لعین
اے بسا نفسے کہ ہمچو بلعم است | کار او از دست موسیٰ برہم است
آمدم بروقت چون ابر بہار | با من آمد **صد نشان لطف** یار
آسمان از بہر من بارد نشان | ہم **زمین** الوقت گوید ہر زمان
این **دو شاہد** بہر من استادہ اند | باز در من ناقصان افتادہ اند

ہائے این مردم عجب کور و کر اند — صد نشان بینند غافل بگذرند
این چنین اینان چرا بالا پرند — یا مگر زان ذات بے چون منکر اند
او چو برکس **مہربانی** می کند — از **زمینی آسمانی** می کند
عزتش بخشد ز فضل و لطف و جود — مہر و مہ را پیشش آرد در سجود
من نہ از خود **ادعائے** کردہ ام — **امر حق** شد اقتدائے کردہ ام
کارِ حق است ایں نہ از مکر بشر — دشمن این دشمن آں داد گر
آں **خدا** کایں **عاجزے** را چیدہ ست — رحمتش در کوئے ما باریدہ است
مردم و جانان پس از مردن رسید — گم شدم آخر رخے آمد پدید
میل عشق دلبرے پُرزور بود — غالب آمد رخت ما را در ربود
من نہ دارم مایۂ کردارہا — عشق جوشید و ازو شد کارہا
بہر من شد نیستی **طور خدا** — چون خودی رفت آمد آن نور خدا
رو بدو کردم کہ رو آن روئے اوست — ہر دل فرخندہ مائل سوئے اوست
در دو عالم مثل او روئے کجاست — جز سر کوئش دگر کوئے کجاست
آن کسان کز کوچۂ او غافل اند — از سگان کوچہ ہا ہم کمتر اند
خلق و عالم جملہ در شور و شراند — عاشقانش در جہان دیگر اند
آن جہان چون ماند برکس نا پدید — از جہان آن کور و بدبختی چہ دید
راہِ حق بر صادقان آسان تر است — ہرکہ جوید دامنش آید بدست
ہر کہ جوید وصلش از صدق و صفا — رہ دہندش سوئے آن ربّ السّما
صادقان را می شناسد چشم یار — کید و مکر اینجا نمی آید بکار
صدق می باید برائے وصل دوست — ہرکہ بے صدقش بجوید حمق اوست
صدق ورزی در جناب کبریا — آخرش می یابد از یمن وفا
صد درے مسدود بکشاید بصدق — یار رفتہ باز مے آید بصدق
صدق ورزان را ہمین باشد نشان — کز پئے جاناں بکف دارند جان
دوختہ در صورت دلبر نظر — و از ثناء و سَبِّ مردم بے خبر
کارِ عقبیٰ با عمل ہا بستہ اند — رستہ آن دلہا کہ بہرش خستہ اند

از سخن‌ہا کے شود این کار و بار
صدق مے باید کہ تا آید نگار

علم را عالم بتے دارد براہ
بت پرستی ہا کند شام و پگاہ

گر بعلم خشک کار دین بُدے
ہر لئیمے راز دار دین بُدے

یار ما دارد بباطن ہا نظر
ہان مشو نازان تو با فخر دِگر

ہست آن عالی جنابے بس بلند
بہر وصلش شورہا باید فگند

زندگی در مردن عجز و بکاست
ہرکہ اُفتادست او آخر بخاست

تا نہ کار درد کس تا جان رسد
کے فغانش تا در جانان رسد

ہر کہ ترک خود کند یابد خدا
چیست وصل از نفس خود کشتن جدا

لیک ترک نفس کے آسان بود
مردن و از خود شدن یکسان بود

تا نہ آن بادے وزد بر جان ما
کور باید ذرّۂ امکانِ ما

کے درین گرد و غبارے ساختہ
مے توان دید آن رخ آراستہ

تا نہ قربان خدائے خود شویم
تا نہ محو آشنائے خود شویم

تا نہ باشیم از وجود خود برون
تا نہ گردد پُر زِ مہرش اندرون

تا نہ برما مرگ آید صد ہزار
کے حیاتے تازہ بینیم از نگار

تا نہ ریزد ہر پر و بالے کہ ہست
مرغ ایں رہ را پریدن مشکل است

بدنصیبے آنکہ وقتش شد بباد
یار آزردہ دل اغیار شاد

از خردمندان مرا انکار نیست
لیکن ایں رہ راہ وصل یار نیست

تا نہ باشد عشق و سوداء و جنون
جلوہ نہ نماید نگار بے چگون

چون نہان است آن عزیزے محترم
ہر کسے راہے گزیند لاجرم

آن رہے کو عاقلان بگزیدہ اند
از تکلف روئے حق پوشیدہ اند

پردہ ہا بر پردہ‌ہا افراختہ
مطلبے نزدیک دور انداختہ

ما کہ با دیدار او رو تافتیم
از رہ عشق و فنایش یافتیم

ترکِ خود کردیم بہر آن خدا
از فنائے ما پدید آمد بقا

اندریں رہ دردِ سر بسیار نیست
جان بخواہد دادنش دشوار نیست

گرنہ او خواندے مرا از فضل و جود
صد فضولی کردمے بیسود بود

از نگاہے این گدا را شاہ کرد
قصہ ہائے راہِ ما کوتاہ کرد

راہِ خود برمن کشود آن دلستان
دانمش ز انسان کہ گل را باغبان

ہر کہ در عہدم زِ من ماند جدا
می‌کُند بر نفسِ خود جور و جفا

پُر زِ نور دلستان شد سینہ ام
شد ز دستے صیقل آئینہ ام

پیکرم شد پیکر یارِ ازل
کارِ من شُد کارِ دلدار ازل

بسکہ جانم شد نہان در یارِ من
بوئے یار آمد ازین گلزارِ من

نور حق داریم زیرِ چادرے
از گریبانم برآمد دلبرے

احمدِ آخر زمان نامِ من است
آخرین جامے ہمین جامِ مَن است

طالب راہِ خدا را مژدہ باد
کش خدا بنمود این وقت مراد

ہر کہ را یارے نہان شد از نظر
از خبر دارے ہمین پُرسد خبر

ہر کہ جویانِ نگارے می بود
کے بیک جایش قرارے می بود

مے دود ہر سوہمے دیوانہ وار
تا مگر آید نظر آن روئے یار

ہرکہ عشق دلبرے درجان اوست
دل زِ دستش اوفتد از ہجرِ دوست

عاشقان را صبر و آرامے کجا
توبہ از روئے دل آرامے کجا

ہر کرا عشقِ رخِ یارے بود
روز و شب با آن رخش کارے بود

فــرقتــش گر اتفاقے اوفتد
در تن و جانش فراقے اوفتد

یک زمانے زندگی بے روئے یار
مے کند بر وے پریشان روزگار

باز چون بیند جمال و روئے او
مے دود چوں بے حواسے سوئے او

مے زند در دامنش دست از جنون
کز فراقت شد دلم اے یار خون

ایں چنیں صدق اربود اندر دلے
گل بجوید جائے چون بلبلے ﴿ب﴾

گر تو اُفتی با دو صد درد و نفیر
کس ہمی خیزد کہ گردد دستگیر

تافتن رو از خورِ تابان کہ من
خود بر آرم روشنی از خویشتن

این ہمین آثار ناکامی بود
بیخ شقوت نخوت و خامی بود

عالمے را کور کردست این خیال
سرنگون افگند در چاہِ ضلال

سوئے آبے تشنہ را باید شتافت
ہرکہ جست از صدق دل آخر بیافت

آں خرد مندے کہ جوید کوئے یار	آبرو ریزد زِ بہر روئے یار
خاک گردد تا ہوا بر بایدش	گم شود تاکس رہے بنمایدش
بے عنایات خدا کار است خام	پختہ داند این سخن را والسلام

ایں ہمہ کہ از خامہ این عاجز بیرون آمد از حال است نہ از قال واز جوشیدن است نہ از تکلفات کوشیدن اکنون آن بہ کہ تخفیف تصدیع کنم آنچہ در دلِ ماست خدا در دلِ شما الہام کند و دل را بدل راہ دہد از مکرمی اخویم مولوی حکیم نور الدین وصاحبزادہ محمد سراج الحق جمالی السلام علیکم مولوی صاحب بذکر خیر آن مکرم اکثر رطبُ اللّسان می مانند عجب کہ اوشان در اندک صحبتے دلی محبت و اخلاص بآن مکرم چند بار این خارق امر از ان مخدوم ذکر کردہ اند کہ مرایک درود شریف برائے خواندن ارشاد فرمودند کہ از ین زیارت حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم خواہد شد چنانچہ ہمان شب مشرف بہ زیارت شدم۔ والسلام۔ الراقم خاکسار **غلام احمد** از قادیان۔

خواجہ صاحب کا تیسرا خط

بخدمت جناب معانی آگاہ معارف پناہ حقائق نگاہ شریعت انتباہ **المستظھر باللّٰہ المعرض ممّا سواہ المؤیّد من اللّٰہ الصمد جناب مرزا غلام** احمد صاحب مکارم **لا تعدّ سَلَّمَہُ اللّٰہ الاَحد**۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ جوش اشتیاق ہمچون مکارم اخلاق آن سلالہ انفس وآفاق از حد بیرون ست ومحبت بآں **مجاہد فی سبیل اللہ** روز افزوں۔ منت جواد بی ضنت کہ اوقات ایں فقیر را بعنایت بیغایت۔ برمجاری عافیت ظاہر و باطن جاری فرمود۔ وتائید آن مرضیۃ الشمائل محمودۃ الخصائل از جناب عزت خطابش مسئول ومقصود۔ سلک لآلی آبدار محبت ووداد وعقد جواہر تابدار صداقت واتحاد اعنی نامۂ اخلاص ختامہ مملو بمواد خلوص وصفا ومحشو بذخائر خلت واصطفا ورود کرم آمود نمودہ مسرور نا محصور فرمود فقیر از الفاظ اُلفت آمیز ومعانی انبساط خیز و معارف حیرت انگیز آن غواص بحار معالم ذخیرۂ احتظاظ قلب فراہم نمود۔ وورود **مضمون جلسۃ المذاہب** مرسلہ آنصاحب کہ باوجود آذوقہ حقائق گرانبہا جدت ادا را مشتمل بود۔ دل از مستمعان در ربود۔ ہموارہ باین مجاہدات رفیع الغایات بعنایات غیبیہ وتفضلات لاریبہ مؤید ومکرم باشند وفقیر را مستخبر حالات مسرت سمات دانستہ بارسال فضائل رسائل وارقام کرائم رقائم مبتہج میفرمودہ باشند۔ ۴؍شوال المکرّم ۱۳۱۴ ہجریہ قدسیہ۔

الراقم فقیر غلام فرید الچشتی النظامی۔ سجادہ نشین از چاچڑاں شریف

مہر
غلام فرید
فقیر
خادم الفقراء

مطبع ضیاء الاسلام قادیان۔ ۱۹؍شوال ۱۳۱۴ھ

مرزا غلام احمد قادیانی

از قسیس عیسائی صاحبوں کا دلی خیر خواہ

اشتہار انعامی ایک ہزار روپیہ

میں اس وقت ایک مستحکم وعدہ کے ساتھ یہ اشتہار شائع کرتا ہوں کہ اگر کوئی صاحب عیسائیوں میں سے یسوع کے نشانوں کو جو اس کی خدائی کی دلیل سمجھے جاتے ہیں میرے نشانوں اور فوق العادت خوارق سے قوتِ ثبوت اور کثرت تعداد میں بڑھے ہوئے ثابت کرسکیں تو میں ان کو ایک ہزار روپیہ بطور انعام دوں گا۔ میں سچ سچ اور حلفاً کہتا ہوں کہ اس میں تخلف نہیں ہوگا۔ میں ایسے ثالث کے پاس روپیہ جمع کرا سکتا ہوں جس پر فریقین کا اِطمینان ہو اس فیصلہ کے لئے غیر منصف ٹھیرائے جائیں گے۔

درخواستیں جلد آنی چاہئیں۔

۲۸ جنوری ۱۸۹۱ء

☆ **نوٹ**: اگر درخواست کرنے والے ایک سے زیادہ ہوں تو روپیہ آپس میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ منہ

ٹائیٹل بار اول

استفتاء

لَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ
وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ وَاللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝

گواہی کو مت چھپاؤ۔ اور جو شخص گواہی کو چھپائے اُس کا دل گُنہ گار ہے اور
خدا جو کام تم کرتے ہو جانتا ہے

مطبع ضیاء الاسلام قادیان دارالامان میں چھپا
۱۶ مئی ۱۸۹۷ء

You should not conceal your testimony, and he who does conceal is surely wicked minded; and God is perfectly aware of what you do. - (Sura Baqar R.39)

Sir,

I beg to enclose herewith a copy of the pamphlet named "Istifta". The motive which has led me to write it is, that the Aryas entertain quite a false notion that Lekh Ram was murdered at my instigation. I am inclined to excuse them for this, as they are entirely ignorant of the supernatural origin of prophecies, and according to their belief inspiration and revelation from God belonged only to the hoary antiquity, now they have become extinct, in other words the Divine influence is not eternal, but a thing of the past. Therefore they cannot reconcile the prophetic phenomena with the present age. However a study of the pamphlet, it is hoped, will not only clear me of any participation direct or indirect in Lekh Ram's murder, but will also be useful to those who deny the existance of prophetic revelation in this age, and who consider the power of telling future events inconsistent with the laws of Nature. At any rate this pamphlet will probably be interesting and instructive to those who sicncerely seek a reply to the questions:-(1) "Is there a God at all"? (2) "If so, does He reveal future events to His Elite."? I have answered these questions by fully explaining such reasons as conclusively prove that tha prophecy about Lekh Ram was actually revealed by God, and that it was altogether out of the Province of man's capabilities and device.

I have repeatedly said that Lekh Ram had challenged me to make the prophecy concerning himself which if it were fulfilled was to be the sole criterion of the truth or falsehood of Islam and the Arya faith. And when the prophecy was made, both the parties agreed to give it a very wide publication and awaited the result most anxiously. At last it has been most clearly and definitely fulfilled. The most curious phase of the prophecy, which has been very thoroughly discussed in these pages, is, that it was published in clear and unequivocal words in the"BURAHIN-I-AHMADIYAH" about seventeen years ago when Lekh Ram was a mere boy of twelve or

☆Istifta is an Arabic word and means to cosult a learned man for an opinion

thirteen years. The readers of this pamphlet, must carefully consider this fact which, I believe, will improve their faculty of discernment, and by cleary shewing them the difference between Divine and human powers, will settle their thoughts and satisfy their minds.

It would not be out of place to invite your attention to another of my books-"SIRAJ-I-MUNIR" or "THE BRIGHT SUN,"- which deals with this important question from another point of view. All the prophecies which were made and literally fulfilled before Lekh Ram's death, have been collected therein, and a few of them concerned some other Aryas who are still alive to bear testimony to what they experienced in their own cases. If any of my readers before attempting a reply to this pamphlet should like to see the "SIRAJ-I-MUNIR" it shall be sent to him with great pleasure.

I should also mention that those Maulvies, who like the Aryas, ﴿۲﴾ bewildered by the too accurate and unexpected fulfilment of the prophecy, and who being utterly devoid of spirituality are befogged by doubt, will find it worth their while to peruse this book.

I send this pamphlet to you so that after a careful consideration of the arguments I have given, you may give your impartial opinion as to the following points:-

1. Has the prophecy about Lekh Ram been actually fulfilled?

2. If so can it be said that the prophecy is supernatural, that is, neither a design of man nor a mere accident, but a special manifestation of the Divine powers, which may be termed a revealed prophecy?

And communicate the same with your arguments in support of your views to

Your ever faithful,

KADIAN: MIRZA GHULAM AHMED

Dated 1st May 1897. Chief of Kadian,

Gurdaspur District,

Punjab.

مطبوعہ مطبع ضیاء الاسلام قادیان دارالامان

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

صاحب من! میں اس چٹھی کے ہمراہ آپ کی خدمت میں ایک رسالہ بھیجتا ہوں جس کا نام **استفتاء** ہے اس رسالہ کے لکھنے کی ضرورت یہ ہوئی ہے کہ **آریہ** قوم نے حد سے زیادہ اس بات پر زور دیا ہے کہ **لیکھرام** اس شخص یعنی اس راقم کی سازش سے قتل ہوا ہے اور میری دانست میں وہ کسی قدر معذور بھی ہیں کیونکہ **الہامی** پیشگوئیوں کے فوق العادت طریق سے بالکل بے خبر ہیں۔ وجہ یہ کہ ان کے عقیدہ کی رو سے ہزار ہا برس سے الہام الٰہی پر مہر لگ چکی ہے اور خدا کا کلام آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گیا ہے اس لئے وہ کسی طرح سمجھ نہیں سکتے کہ خدا کی طرف سے ایسی پیشگوئیاں بھی ہوسکتی ہیں۔ بہرحال ہمارے ہاتھ میں جو اپنی بریت کے وجوہ ہیں ان کا بیان کر دینا نہ صرف لیکھرام کے حامیوں کے شبہات کو مٹانا ہے بلکہ ایسے لوگوں کے معلومات کو بھی وسیع کرنا ہے جو اس زمانہ میں کسی الہامی پیشگوئی کے نفس مفہوم پر بھی اعتراض رکھتے ہیں اور غیب کی باتوں کو قبل از وقت بیان کرنا قانون قدرت کے خلاف خیال کرتے ہیں۔ غالباً یہ رسالہ ان لوگوں کے لئے بھی دلچسپ اور موجب زیادت علم ہوگا جو دلی شوق کے ساتھ اس بات کی تفتیش میں ہیں کہ کیا خدا حقیقت میں موجود ہے اور کیا وہ قبل از وقت کسی پر غیب کی باتیں ظاہر کرسکتا ہے۔ اسی غرض سے اس رسالہ میں تمام ایسے وجوہ بیان کئے گئے ہیں کہ جو بخوبی ثابت کرتے ہیں کہ وہ پیشگوئی جو لیکھرام کے بارے میں کی گئی تھی وہ واقعی طور پر خدا تعالیٰ کی طرف سے تھی۔ اور کسی طرح ممکن ہی نہیں کہ وہ **انسان کا منصوبہ** ہو یا انسان اس پر قادر ہو سکے۔ اور اس بات کو ہم کئی دفعہ بیان کر چکے ہیں کہ اس پیشگوئی کی درخواست **لیکھرام نے خود کی تھی** اور اس کو **اسلام** اور **آریہ** مذہب کے امتحان صدق و کذب کا معیار قرار دیا تھا۔ اور پھر بعد اس کے فریقین کی باہمی رضامندی سے دونوں فریق نے بڑے زور سے اس پیشگوئی کو شائع کیا تھا۔ اور جس طرح پہلوانوں کی کشتی ہوتی ہے اسی طرح دونوں گروہ کا اس پیشگوئی پر خیال لگا ہوا تھا۔ آخر بڑی صفائی سے یہ پوری ہوئی۔ اس پیشگوئی میں ایک بات نہایت عجیب ہے جس کو میں نے زبردست دلائل کے ساتھ اس رسالہ میں بیان کر دیا ہے اور وہ یہ ہے کہ

یہ پیشگوئی مارچ ۱۸۹۷ء کے مہینہ سے جس میں لیکھرام قتل ہوا ہے ۱۷ برس پہلے ہماری کتاب براہین احمدیہ کے ایک الہام میں بڑی صفائی سے ذکر کی گئی ہے اور براہین کی تالیف کا وہ زمانہ تھا کہ شاید اس وقت لیکھرام ۱۲ یا ۱۳ برس کا ہوگا۔ یہی وہ بات ہے جس کو خوب غور سے سوچنا چاہیے اور یہی وہ امر ہے جس سے معرفت کی ترقی ہوگی اور خدا کے فعل اور انسان کے فعل میں کھلا کھلا فرق دکھائی دے گا اور دل میں سکینت اور اطمینان پیدا ہو جائیں گے اور غالباً اس جگہ اس بات کا بیان کرنا بھی مفید ہوگا کہ میں نے ابھی تک ایک دوسرے رسالہ میں جس کا نام **سراج منیر** ہے اپنی بریت اور سچائی ثابت کرنے کے لئے ایک اور سلسلہ گواہ کی طرح پیش کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ میں نے وہ تمام پیشگوئیاں جو لیکھرام کے مرنے سے پہلے پوری ہو چکی تھیں رسالہ مذکورہ میں جمع کر کے لکھ دی ہیں اور نہایت لطیف طور پر ان کا نظام دکھلایا ہے ان پیشگوئیوں کے بعض ایسے **آریہ** بھی **گواہ** ہیں جن کے بارے میں یہ پیشگوئیاں کی گئی تھیں سو میرے نزدیک بہتر ہوگا کہ جو صاحب اپنی رائے لکھنے کے وقت سراج منیر کا دیکھنا مناسب سمجھیں وہ مجھ سے طلب کریں میں وہ رسالہ ان کی خدمت میں روانہ کر دوں گا اور یہ بات بھی بیان کر دینے کے قابل ہے کہ جیسا کہ آریوں کو اس پیشگوئی کے بارے میں ناحق کے شبہات ہیں جن کی وجہ بجز اس کے کچھ نہیں کہ پیشگوئی کی عظمت نے ان کو حیرت میں ڈال دیا ہے ایسا ہی ہمارے مخالف مولوی بھی جو روحانیت سے بے بہرہ ہیں اسی گرداب میں پڑے ہوئے ہیں سو ان کے لئے بھی یہ رسالہ مفید ہوگا بشرطیکہ وہ غور سے پڑھیں اور یہ رسالہ اس چٹھی کے ذریعہ سے آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے کہ آپ رسالہ کے وجوہات پیش کردہ پر غور کر کے اپنے دلی انصاف کے تقاضا سے وہ فتویٰ لکھیں جس کا لکھنا وجوہات معروضہ کی رو سے واجب ہو یعنی یہ کہ لیکھرام کے مرنے کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی کیا وہ فی الواقعہ پوری ہوگئی یا نہیں اور کیا وہ اس اعلیٰ درجہ فوق العادت پر ہے یا نہیں جس کی نسبت وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ نہ وہ انسانی منصوبہ ہے اور نہ اتفاقی امر ہے بلکہ خدا تعالیٰ کا وہ خاص فعل ہے جس کو الہامی پیشگوئی کہنا چاہئے۔ **والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ۔**

راقم **غلام احمد قادیانی** ۸/ذی الحجہ ۱۳۱۴ھ

مکرر آنکہ جو صاحب بغرض تصدیق نشان لیکھرام والی پیشگوئی کے اپنی گواہی نقشہ منسلکہ پر کرنا نہ چاہیں انہیں لازم ہوگا کہ یہ رسالہ استفتاء معہ اس چٹھی کے واپس کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ و نصلی علٰی رسولہ الکریم

اِستِفتاء

کیا فرماتے ہیں بزرگان اہل النظر واہل الرائے کہ یہ الہامی شہادتیں جو ذیل میں لکھی جاتی ہیں ان پر نظر ڈالنے سے اطمینان کے لائق یہ نتیجہ نکلتا ہے یا نہیں کہ جو پیشگوئی لیکھرام کی موت کی نسبت کی گئی تھی وہ واقعی طور پر پوری ہوگئی؟ اگر ان کی رائے میں پورے یقین اور اطمینان کے ساتھ نیچے لکھی ہوئی پیشگوئیوں سے جو بطور وثیقہ شہادت ہیں کمال صفائی سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ تحریریں انسانی اٹکلوں اور منصوبوں سے برتر اور فوق العادۃ ہیں تو محض للہ سچائی کی مدد کے لئے جو جوان مردوں اور بہادروں اور خداترس بندوں کا کام ہے بغرضِ تصدیق اس مضمون کے ذیل میں اپنی **گواہی ثبت کریں۔** مجھے یقین ہے کہ خدا تعالیٰ ان کو اس سچی گواہی کا اجر دے گا اور دنیا اور دین کی عافیت اور کامیابی سے کامل حصہ عطا فرمائے گا ورنہ شہادت حقہ کے چھپانے کے جو برے نتائج ہیں ان کا ظہور بھی قانون الٰہی کے رو سے لازمی ہے لیکن اگر کسی کے نزدیک مندرجہ ذیل الہامی شہادتیں اطمینان کے لائق نہیں بلکہ ان کے خیال میں دراصل انسانی منصوبہ تھا جو الہامی پیشگوئی کے نام سے مشتہر کیا گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آخر اسی پختہ سازش کی وجہ سے لیکھرام ۶ چھ مارچ ۱۸۹۷ء کو بمقام لاہور مارا گیا تو اسے اختیار ہے کہ اس کاغذ پر اپنی گواہی ثبت نہ کرے اور مجھے قاتلوں میں سے شمار کرتا رہے لیکن اگر اس کے نزدیک یہ الہامی شہادتیں وزن کے قابل ہیں جن سے ہم فائدہ اٹھانے کے مستحق ہیں تو دینی ہمدردی کا اس وقت ہم کوئی مطالبہ نہیں کرتے مگر انسانی ہمدردی اور وہ بھی ٹھیک ٹھیک انصاف کی رو سے جس قدر قانون ہمیں حق بخشتا ہے اس کو ہم ادب کے ساتھ اہل الرائے سے بطور استفتاء مانگتے ہیں۔ ہم اس استفتاء کے ذریعہ سے اہل نظر سے کیا چاہتے ہیں؟

﴿۲﴾ بس یہی کہ جو کچھ ہم ایک مرتب اور مکمل سلسلہ پیشگوئیوں کا لیکھرام کی موت کے بارے میں ان کے سامنے رکھتے ہیں وہ اس پر پوری توجہ کے ساتھ فتویٰ کے طور پر رائے لکھیں اور اپنے پاک کانشنس کے جوش سے شہادت دیں کہ کیا عقل اور دیانت واجب نہیں ٹھہراتی کہ اس الہامی سلسلہ کے فوق العادۃ بیان کو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جائے؟ اور کیا ایک عقلمند کے ذہن میں آ سکتا ہے کہ پیشگوئی کی یہ تمام شاخیں جو بشری طاقتوں سے بڑھ کر ہیں جھوٹ کی تائید میں یکدفعہ پھوٹ پڑیں؟ اس وقت یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ آریہ صاحبوں کے ہاتھ میں اس پیشگوئی کی تکذیب کیلئے جو کچھ ہے وہ اس سے زیادہ نہیں کہ انہوں نے بجائے اس کے کہ خدا کے عجیب کاموں پر غور کرتے یہ طریق اختیار کیا ہے کہ بدظنی کی وجہ سے انسانی منصوبوں کے احتمال کو وہ درجہ دیا ہے جو خدائے قادر کے کاموں سے مخصوص ہے۔ چونکہ یہ پیشگوئی چار برس سے کچھ زیادہ کی تھی اور کئی مجلسوں کی تقریروں اور نیز تحریروں سے ہندوؤں تک یہ بات پہنچ گئی تھی کہ پیشگوئی میں یہ لکھا گیا ہے کہ ہیبت ناک طور پر لیکھرام کی زندگی کا خاتمہ ہوگا اور نیز یہ کہ عید کے دنوں میں اس کی وفات ہوگی اور چھ سال کے اندر ہوگی اور پیشگوئی اپنے صریح لفظوں میں واقعہ قتل کی طرف اشارہ کرتی تھی اس لئے انہوں نے اس بات کو بہت بعید سمجھا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی پیشگوئی ایسے صریح پتوں اور نشانوں کے ساتھ ہو مگر اس بات کو قرین قیاس خیال نہ کیا کہ قبل از وقت یہ تمام غیب کی باتیں کوئی انسان اپنے منہ سے نکالے اور پھر ویسی ہی پوری کر کے دکھلا دیوے لہٰذا انہوں نے اس الہامی پیشگوئی کو انسانی منصوبہ پر حمل کر لیا اور بڑے اصرار سے بار بار اخباروں میں چھاپا کہ ایسی صفائی سے پیشگوئی کرنا اور ایسے کھلے کھلے اور بے حجاب طریق سے تاریخ اور دن اور صورت موت کو قبل از وقت بیان کرنا خدا کا قانون نہیں ہے بلکہ سچ یہ ہے کہ یہی شخص یعنی یہ راقم لیکھرام کا قاتل ہے اور یہ پیشگوئی عمیق سازشوں اور مدت کی سوچی ہوئی تدبیروں کا نتیجہ ہے۔ اسی بناء پر انہوں نے باہمی اتفاق کے ساتھ اس راقم کو ملزم بنانے کیلئے زور دیا اور اس خیال کے اظہار میں اخباروں کے کالم کے کالم سیاہ کر ڈالے اور گورنمنٹ میں مخبریاں کیں یہاں تک کہ ۸؍اپریل ۱۸۹۷ء کو بروز پنجشنبہ انگریزی افسروں نے قادیان میں آ کر میرے گھر کی تلاشی کی۔ تلاشی کے وقت میں خطوط دستخطی پنڈت لیکھرام برآمد ہوئے اور نیز وہ معاہدہ کا کاغذ بھی نکل آیا جس میں آسمانی نشانوں کے دکھلانے کے بارے میں شرطیں قائم ہو کر دونوں فریق کی رضامندی سے سچی پیشگوئی کو معیار صدق و کذب ٹھہرایا گیا تھا چنانچہ صاحب ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے حضور میں وہ کاغذ پڑھا گیا جس کا یہ مضمون تھا کہ جو پیشگوئی لیکھرام کے حق میں کی جائے گی وہ دین اسلام اور آریہ مذہب میں ایک فیصلہ ناطق ہوگی۔ اگر پیشگوئی سچی نکلی تو وہ دین اسلام کی سچائی کی گواہ ہوگی اور ہندو مذہب کے بطلان پر دلیل ٹھہرے گی اور اگر جھوٹی نکلی تو وہ ہندو مذہب کی سچائی پر گواہ ہوگی اور نعوذ باللہ دین اسلام کے بطلان پر دلالت کرے گی۔ اور یہ شرط پنڈت لیکھرام نے اپنے

﴿۳﴾ اصرار سے لکھوائی تھی اور چونکہ مجھے خدا تعالیٰ کے وعدوں پر وثوق تھا اس لئے میں نے بھی اس کو قبول کر لیا تھا۔ اب وہ مشکل جس کے لئے اس استفتاء کی ضرورت پڑی صرف اسی قدر نہیں کہ آریہ صاحبوں نے اس راقم پر خفیہ سازش کا الزام لگایا بلکہ ہماری قوم کے بعض بزرگ لوگوں نے بھی ان سے اتفاق کر لیا اور یہ چاہا کہ ایسی عظیم الشان پیشگوئی جس کی تکذیب کا نتیجہ معاہدہ کے کاغذات کے رو سے اسلام کی تکذیب ہے کسی طرح باطل ٹھہرائی جائے چنانچہ مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنۃ اور ایسا ہی بعض چند اور مولویوں نے عام طور پر یہ رائے شائع کر دی ہے کہ یہ پیشگوئی جھوٹی نکلی۔ چنانچہ انہوں نے ایک خط میری طرف بھی بھیج دیا جس میں انہوں نے لکھا تھا کہ ''میں نے اپنی نیک نیتی سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پیشگوئی پوری نہیں ہوئی یعنی لیکھرام کی موت صرف ایک اتفاقی امر تھا جس میں خدا کا کچھ دخل نہیں'' اور اس بات پر زور دیا کہ کیوں یہ امر ثابت شدہ مان لیا جائے کہ پیشگوئی سچی ہوئی۔ اور کیوں یہ قبول نہ کیا جائے کہ یہ ایک اتفاقی موت ہے جو پیشگوئی کے زمانہ میں وقوع میں آ گئی۔

اس تکذیب کی ہمیں اپنے ذاتی اغراض کے لئے تو کچھ پرواہ نہ تھی لیکن چونکہ معاہدہ کے کاغذات تلاشی کے وقت میں پکڑے گئے اور صاحب ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے حضور میں پڑھے گئے اور ہر ایک دشمن دوست کو ان سے اطلاع ہوگئی تو اب ایسی سچائی جس میں فروگذاشت کرنے سے اسلام پر بے جا حملہ ہوتا ہے قابل درگذر نہیں۔ اسی اشد ضرورت کی وجہ سے **یہ تمام روئداد** اہل الرائے کی خدمت میں پیش کرنی پڑی تا کہ وہ دیکھیں کہ کس قدر ظلم کا ارادہ کیا گیا ہے۔ افسوس کہ ان لوگوں نے ان خیالات کے ظاہر کرنے کے وقت یہ نہیں سوچا کہ ان تاویلوں سے دنیا میں کسی نبی کی پیشگوئی قائم نہیں رہے گی کیونکہ **ہر ایک** جگہ اس وہم کا دروازہ کھلا ہے کہ یہ اتفاقی واقعہ ہے۔ پس اگر یہی رائے سچی ہے تو انہیں اقرار کرنا چاہیے کہ تمام نبیوں کی نبوت پر کوئی بھی ثبوت نہیں اور سب اتفاقی واقعات ہیں۔

توریت اور قرآن نے بڑا ثبوت نبوت کا صرف پیشگوئی کو قرار دیا ہے اور ایک مفسد آدمی کسی سچی پیشگوئی کو بڑی آسانی سے اتفاقی امر کہہ سکتا ہے لیکن میں زور سے کہتا ہوں کہ یہ تمام شبہات اس قسم کے ہیں کہ جیسے ایک دہریہ مصنوعات کو ایک نکما سلسلہ ٹھہرا کر خدا تعالیٰ کے وجود کی نسبت شبہات پیدا کر لیتا ہے اور دنیا کے تمام نظام کو اتفاقی امر ٹھہراتا ہے اور پھر جب سمجھ آتی ہے اور خدا کا فضل اس کے شامل حال ہوتا ہے اور اس عالم کی ترتیب ابلغ اور محکم کو مشاہدہ کرتا ہے اور دقائق صنعت باری اور اس کی لطیف حکمتوں پر اطلاع پاتا ہے تو ناچار پہلی رائے اس کو چھوڑنی پڑتی ہے۔ سو یقیناً سمجھنا چاہیے کہ یہ اعتراضات بھی ایسے ہی ہیں اور یہ اعتراضات اسی وقت تک دل میں اٹھتے ہیں کہ جب تک ایک پیشگوئی کے باریک پہلوؤں پر نظر نہیں پڑتی اور خدا تعالیٰ کی خدائی کے انتظام کو ناقص سمجھا جاتا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ایسے شبہے ہمیشہ ان لوگوں کے دلوں ﴿۴﴾

میں پیدا ہوتے ہیں جن کے دل خدا کی سچی معرفت سے بے نصیب ہیں وہ خدا کے کاموں سے حیرت زدہ ہو کر انکار کرنے کی طرف جھک جاتے ہیں اور واقعات کو اس پہلو کی طرف کھینچ لیتے ہیں جس پہلو تک ان کے موٹے اور سطحی خیال ٹھہر گئے ہیں اور اسی پر وہ زور دیتے رہتے ہیں۔ ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ اگر لیکھرام اتفاقی طور پر بذریعہ قتل مر گیا تو اس طور پر بھی تو اتفاقی امر کا واقعہ ہونا ممکن تھا کہ کوئی شخص اس کی نسبت ارادہ قتل کا نہ کرتا۔ یا اگر کرتا تو اپنے ارادہ میں ناکام رہتا یا اگر کسی قدر حملہ کرتا تو ممکن تھا کہ اس سے موت تک نوبت نہ پہنچتی۔ پھر کیا سبب کہ دوسرے پہلوؤں کے تمام اتفاقات ممکنہ ظہور میں نہ آئے اور یہ اتفاق جو ان پہلوؤں کی نسبت اپنے ساتھ مشکلات بھی رکھتا تھا ظہور میں آ گیا۔ کیا یہ خدا نے کیا یا کسی اور نے؟ پس وہ علیم وسمیع خدا جس کے انصاف پر فریقین نے اس مقدمہ کو چھوڑا تھا اور جس کی نسبت ایک فریق نے خبر بھی دی تھی کہ اس نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ میں ایسا ہی کروں گا کیوں اس کی نسبت یہ گمان کیا جائے کہ اس نے منصفانہ فیصلہ نہیں دیا۔ اور کیوں ایسا سمجھا جائے کہ اس نے مفتری کی حمایت کی۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ خدا کی یہ بھی عادت ہے کہ وہ ایسے جھوٹے کی پیشگوئیاں بھی سچی کر دیتا ہے جن پیشگوئیوں کو وہ اپنے صدق کی وجہ ثبوت ٹھہراتا ہے تو گویا خدا کا عمداً یہ ارادہ ہے کہ جھوٹوں کو سچوں کے ساتھ برابر کر کے سچ کے تمام سلسلہ کو تباہ اور زیروزبر کر دے۔ اگر یہ صحیح ہے کہ خدا صادق کا حامی ہوتا ہے اور اپنے وعدوں کو پورا کرتا ہے نہ افتراؤں کو تو اس اصول کو ماننا ایک منصف کے لئے ضروری ہوگا کہ جو پیشگوئی خدا کے نام پر کی جائے اور وہ پوری ہو جائے تو وہ خدا کی طرف سے ہے اور اگر اس اصول کو نہ مانا جائے تو خدا کی ساری کتابیں بے دلیل رہ جائیں گی اور ان کی سچائی پر یقین کرنے کی راہیں بند ہو جائیں گی۔ اسی کی طرف خدا تعالیٰ اشارہ فرماتا ہے اور کہتا ہے وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ [1] یعنی صادق کی یہ نشانی ہے کہ اس کی بعض پیشگوئیاں پوری ہو جاتی ہیں۔ بعض کی شرط اس لئے لگا دی کہ وعید کی پیشگوئیوں میں رجوع اور توبہ کی حالت میں عذاب کا تخلف جائز ہے گو کوئی بھی شرط نہ ہو۔ پس ممکن ہے کہ بعض عذاب کی پیشگوئیاں ملتوی رکھی جائیں اور اپنی میعاد کے اندر پوری نہ ہوں جیسا کہ یونس کی قوم کے لئے ہوا۔ غرض خدا کے نام پر جو پیشگوئی پوری ہو جائے اس کی نسبت شک کرنا اور اس کو اتفاق پر محمول کر دینا گویا خدا تعالیٰ کے دینی انتظام پر ایک حملہ ہے اور نبوت کی تمام عمارت کو گرانے کا ارادہ ہے۔

ان تمہیدی امور کو یہاں تک درج کر کے اب ہم ان سلسلہ وار الہامی شہادتوں کو پیش کرتے ہیں جن کا دریافت کرنا فتویٰ دینے سے پہلے اہم اور ضروری ہے۔ اور ان شہادتوں پر جو سوالات جرح

[1] المؤمن : ۲۹

﴿۵﴾ ہو سکتے تھے ہم نے پہلے سے بیانات مذکورہ بالا میں ان کو رد کر دیا ہے اور شاید آئندہ بھی کچھ کچھ لکھا جائے اب ہم ان تمہیدی امور کو یہاں تک لکھ کر اول پنڈت لیکھرام کے ان خطوط اور خلاصہ عہدنامہ کو معہ جواب خود درج کرتے ہیں جو اس پیشگوئی سے پہلے بطور باہمی خط و کتابت ظہور میں آئے اور وہ یہ ہیں:

خط از طرف پنڈت لیکھرام۔ ''بخدمت فیض درجت مرزا صاحب۔ نمستے۔ جب سے میں یہاں (قادیان میں) آیا ہوں بہت سی خط و کتابت باہمی ہو چکی ہے کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا۔ اب چونکہ مجھے بخیال احقاق حق کوئی عمدہ فیصلہ کرنا ضروری ہے اس واسطے متصدعہ خدمت ہوں کہ آج دن کو کوئی وقت مقرر فرما کر مدرسہ میں آپ تشریف لاویں یا کوئی اور جگہ علاوہ دولت خانہ خود تجویز کر کے مطلع فرماویں تا کہ بندہ حاضر ہو کر معہ بھائی کشن سنگھ و حکیم دیارام و پنڈت نہال چند جی کے آسمانی نشانات والہامات و بحث کی بابت آپ سے کچھ فیصلہ کر لیوے ورنہ آپ بخوبی یاد رکھیں کہ اب میری طرف سے اتمام حجت ہوگئی۔ صداقت کے مقابلہ سے منہ چرانا عقل مندوں سے بعید ہے۔ زیادہ نیاز۔ طالب حق لیکھرام۔ ۵؍دسمبر ۱۸۸۵ء''۔

دوسرا خط پنڈت لیکھرام۔ ''عنایت فرمائے بندہ جناب مرزا صاحب۔ نمستے۔ زبانی بھائی کشن سنگھ کے مجمل و زبانی مولوی دین محمد و محمد عمر کے مفصل طور پر آپ کا پیغام بجواب میرے خط کے بدین مضمون پہونچا کہ آریہ دھرم و مذہب اسلام کے دو تین مسائل پر بحث کی جاوے اور قواعد مباحثہ حسب پسند فریقین مقرر کئے جاویں۔ پس بجواب اس کے متصدعہ خدمت ہوں کہ میرا مدعا پشاور سے چل کر قادیان میں آنے سے صرف یہی تھا اور اب تک بھی اسی امید پر یہاں مقیم ہوں کہ آپ کے معجزات و خرق عادات و کرامات و الہامات و **آسمانی نشانات** کی تصدیق کر کے مشاہدہ کروں اور پیشتر اس سے کہ کسی اور اصول پر بحث کی جاوے یہی معاملہ ایک خاص معزز لوگوں کی مجلس میں بخوبی طے ہو جانا چاہیے اور اگر اس کے اثبات کرنے میں آپ عاری ہو کر پہلو تہی فرماویں تو اور بحث سے بھی مجھے کسی طرح کا انکار نہیں۔ یہاں پر یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ اپنے گھر میں بیٹھ کر اپنے معتقدوں کے سامنے ثبوت کر دینا اور بات ہے اور مجلس علماء و فضلاء میں تصدیق ہونا اور چیز ہے۔ امید کہ آپ جواب باصواب سے سرفراز فرماویں اور عذر معذرت درمیان نہ لاویں۔ نیازمند لیکھرام از آریہ سماج قادیان۔ مکرر سہ کرر آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ اگر ذرہ بھی آثار صداقت رکھتے ہو تو دکھلایئے ورنہ خدا کے واسطے باز آیئے۔ بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔ لیکھرام''

تیسرا خط پنڈت لیکھرام۔ ''مرزا صاحب بندگی۔ مجھے طول طویل الف لیلہ کے فسانوں سے نفرت ہے۔ اس واسطے تکرار الفاظ سے بھی خط کو لمبا کرنا نہیں چاہتا ہوں۔ خلاصہ عرض خدمت ہے

﴿۶﴾ کہ وہی شرائط (نشان الٰہی کے دیکھنے کے بارے میں) جو میں نے طیار کر کے ارسال کئے تھے جن کی نقل آپ کے پاس موجود ہے معہ شرائط خود کے چار منصفوں کے پاس روانہ ہونی چاہیے جو منصفوں سے طے ہو کر آوے ان پر ہم ہر دو کو عمل کرنا چاہیے۔ کسی حکیم کا قول ہے کہ یکے در گیر و محکم گیر۔ میرا اس پر عمل ہے مگر افسوس کہ آپ کسی بات پر ٹھہرتے نظر نہیں آتے۔ اے بھائی یہ تو ضرور ہوگا (کہ نشان آسمانی کے صدق یا کذب ظاہر ہونے کے وقت) اگر میرے واسطے دین محمدی کی شرط ہے تو آپ کے واسطے آریہ دھرم بھی ضروری ہے۔ بصورت ثانی عوض تین سو روپیہ ہوگا۔ اگر خداوند کریم نے صداقت کی فتح کی تو روپیہ لے لوں گا۔ ورنہ آپ کا روپیہ آپ کے حوالہ اور میری محنت برباد اور آپ کی آمدنیات کی ترقی ہم خرما و ہم ثواب۔ آپ کے تو بہر طرح پانچوں گھی میں ہیں گھبراتے کیوں ہو..... آپ کا مجیب☆ الدعوات ہونے کا دعویٰ ہے..... اور اگر اسی طرح زبانی جمع خرچ کرنا منظور خاطر ہے تو خوب مزہ ہے۔ خیالی پلاؤ پکایئے اور تمام دنیا میں کسی کو خاطر شریف میں نہ لایئے۔ آپ کا اختیار ہے دست خود زبان خود۔ مجھے آج یہاں آئے پچیس ۲۵ یوم کا عرصہ گذر گیا۔ میں کل پرسوں تک جانے والا ہوں۔ اگر کچھ بحث کرنی ہے تو بھی اور اگر شرائط (یعنی نشان دکھلانے کا عہد نامہ) منصفوں کے پاس روانہ کرنا ہے تو بھی طے فرمایئے ورنہ بعد زاں یاروں میں لاف و گزاف کا کچھ فائدہ نہ ہوگا لیکن بہت بہتر ہوگا کہ آج ہی مدرسہ کے میدان میں تشریف لاویں۔ شیطان و شفاعت و شق القمر کا ثبوت دیں۔ انتظامی منصف بھی مقرر کر لیجئے۔ میری طرف سے مرزا امام الدین صاحب منصف تصور فرماویں۔ اگر اس پر بھی آپ کو قناعت نہیں ہے تو خدا کے واسطے باز آیئے۔ نیازمند لیکھرام۔ ۱۳؍دسمبر ۱۸۸۵ء"۔

چوتھا خط۔ "جناب مرزا صاحب۔ نمستے۔ آپ کا دو ورقی مراسلہ ورود ہوا جس سے صاف طور پر واضح ہوا کہ قرآن شریف محض ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ و محمدؐ و یوسف و لوط و سکندر و لقمان کے قصہ جات و فضولیات

☆ اس مجیب الدعوات کے لفظ سے لیکھرام کی عربی دانی نہایت واضح طور پر ثابت ہوتی ہے جس بچہ نے پہلا قاعدہ صرف عربی کا بھی پڑھا ہوگا وہ جانتا ہے کہ مجیب کا لفظ خدا تعالیٰ کے لئے آتا ہے یعنی دعاؤں کا قبول کرنے والا۔ یہ باب افعال سے فاعل کا صیغہ ہے پس لیکھرام کو یہ کہنا چاہیے تھا کہ آپ کو مستجاب الدعوات ہونے کا دعویٰ ہے۔ اب غور کرو کہ آریہ صاحبوں کا کس قدر جھوٹ ہے کہ لیکھرام کو عربی بھی آتی تھی۔ یہ اس کے ہاتھ کے خط لکھے ہوئے ہیں جو اس جگہ درج کئے جاتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ شخص دونوں زبانوں سے بے نصیب تھا نہ سنسکرت جانتا تھا نہ عربی۔ اور جھوٹ بولنے والے کی ہم زبان بند نہیں کر سکتے۔ منہ

﴿۷﴾ سے سراپا لبریز ہے۔ مجھے دیروزہ خط کی شرائط پر بحث کرنی منظور ہے اور آپ صریحاً حیلہ وحوالہ ٹال مٹال و حجت انگیزی کر رہے ہیں مرزا جی افسوس افسوس آپ کو تصفیہ منظور نہیں ہے کسی نے کیا سچ کہا ہے عذر نامعقول ثابت می کند تقصیر را۔ علاوہ برآں آپ مسیح ثانی ہیں۔ دعویٰ خود کو اثبات کر دکھایئے ورنہ بے ہودہ شور وشر نہ مچایئے۔ لیکھرام از آریہ سماج قادیان ۹ بجے دن کے''۔

پانچواں خط۔ ''مرزا صاحب۔ کندن کوہ (اس کے آگے ایک شکستہ لفظ ہے جو پڑھا نہیں جاتا) افسوس کہ آپ اسپ خود کو اسپ اور اوروں کے اسپ کو خچر قرار دیتے ہیں۔ میں نے ویدک اعتراض کا عقل سے جواب دیا اور آپ نے قرآنی اعتراض کا نقل سے مگر وہ عقل سے بسا بعید ہے۔ اگر آپ فارغ نہیں تو مجھے بھی کام بہت ہے اچھا آسمانی نشان تو دکھاویں اگر بحث نہیں کرنا چاہتے تو رب العرش خیر الماکرین سے میری نسبت کوئی آسمانی نشان تو مانگیں تا فیصلہ ہو۔☆ لیکھرام۔''

ان تمام خطوط کے جواب میں مفصل خط لکھے گئے تھے جن کا نقل کرنا اس جگہ ضروری نہیں۔ لیکھرام کی طبیعت میں افتراء اور جھوٹ کا مادہ بہت تھا اس لئے وہ بار بار اپنے خطوط میں لکھتا ہے کہ بحث نہیں کرتے

☆ اس جگہ لیکھرام نے نشان مانگنے کے وقت خدا تعالیٰ کا نام **خیر الماکرین** رکھا۔ اور خدا تعالیٰ کے بارے میں **ماکر** کا لفظ اس صورت میں بولا جاتا ہے کہ جب وہ **باریک اسباب** سے مجرم کو ہلاک یا ذلیل کرتا ہے۔ پس لیکھرام کے منہ سے خود وہ الفاظ نکل گئے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ اپنی موت کا نشان مانگتا تھا یعنی ایسا نشان جس کے اسباب بہت باریک ہوں۔ سو خدا کی **قدرت** ہے کہ اسی طرح اس کی موت ہوئی اور ایسے قاتل کے ہاتھ سے مارا گیا جس کی کارروائی ہر ایک کو نہایت تعجب میں ڈالتی ہے کہ کیوں کر اس نے عین روز روشن میں حملہ کیا اور کیوں کر آباد گھر میں ہاتھ اٹھانے کی اس کو جرأت ہوئی اور کیونکر وہ چھری مار کر صاف نکل گیا اور پھر کیونکر ہندوؤں کی ایک آباد گلی میں باوجود مقتول کے وارثوں کے شور دہائی کے پکڑا نہ گیا۔ سو جب ہم ان واقعات کو غور سے سوچتے ہیں تو فی الفور طبیعت اس طرف چلی جاتی ہے کہ **یہی وہ کام ہے** جس کو **خیر الماکرین** کی طرف منسوب کرنا چاہیے۔ ہم لکھ چکے ہیں کہ خدا کا نام قرآن شریف کی رو سے خیر الماکرین اس وقت کہا جاتا ہے کہ جب وہ کسی مجرم مستوجب سزا کو باریک اسباب کے استعمال سے سزا میں گرفتار کرتا ہے یعنی ایسے اسباب اس کی سزا کے اس کے لئے مہیا کرتا ہے کہ جن اسباب کو مجرم کسی اور ارادہ سے اپنے لئے آپ مہیا کرتا ہے۔ پس وہی اسباب جو اپنی بہتری یا ناموری کے لئے مجرم جمع کرتا ہے وہی اس کی ذلت اور ہلاکت

﴿۸﴾ مجھے کوئی نشان نہیں دکھلاتے اور معقول جواب نہیں دیتے حالانکہ بحث کے لئے یہ صاف طریق اس کے سامنے پیش کیا گیا کہ وہ وید کی پابندی سے اور اس کی شرتیوں کے حوالہ سے بحث کریں اور ہم قرآن شریف کی پابندی سے اور اس کی آیتوں کے حوالہ سے بحث کریں۔ پس چونکہ وہ محض جاہل تھا اور یہ بھی اس میں طاقت نہیں تھی کہ ہر ایک مقام میں وید کی شرتی پیش کر سکے اس لئے وہ چالاکی سے ہمارے اصل مطالبہ کو تحریر میں ہی نہیں لاتا تھا۔ ہاں ٹھٹھے اور ہنسی سے بار بار آسمانی نشان مانگتا تھا۔ غرض ہم اس جگہ اپنا آخری خط نقل کر دیتے ہیں جو اس کے آخری رقعہ کے جواب میں لکھا گیا تھا اور وہ یہ ہے:

جناب پنڈت صاحب۔ آپ کا خط میں نے پڑھا۔ آپ یقیناً سمجھیں کہ ہمیں نہ بحث سے انکار ہے اور نہ نشان دکھلانے سے مگر آپ سیدھی نیت سے طلب حق نہیں کرتے بے جا شرائط زیادہ کر دیتے ہیں۔ آپ کی زبان بدزبانی سے رکتی نہیں۔ آپ لکھتے ہیں کہ اگر بحث نہیں کرنا چاہتے تو ربّ العرش خیر الماکرین سے میری نسبت کوئی آسمانی نشان مانگیں۔ یہ کس قدر ہنسی ٹھٹھے کے کلمے ہیں گویا آپ اس خدا پر ایمان نہیں لاتے جو بیبا کوں کو تنبیہ کر سکتا ہے۔ باقی رہا یہ اشارہ کہ خدا عرش پر ہے اور مکر کرتا ہے یہ خود آپ کی ناسمجھی ہے۔ **مکر** لطیف اور مخفی تدبیر کو کہتے ہیں جس کا اطلاق خدا پر ناجائز نہیں اور عرش کا کلمہ خدا تعالیٰ کی عظمت کیلئے آتا ہے کیونکہ وہ سب اونچوں سے زیادہ اونچا اور جلال رکھتا ہے یہ نہیں کہ وہ کسی انسان کی طرح کسی تخت کا محتاج ہے۔ خود قرآن میں ہے کہ ہر ایک چیز کو اس نے تھاما ہوا ہے اور وہ قیوم ہے جس کو کسی

تتمہ حقیقۃ الوحی

کا موجب ہو جاتے ہیں۔ قانون قدرت صاف گواہی دیتا ہے کہ خدا کا یہ فعل بھی دنیا میں پایا جاتا ہے کہ وہ بعض اوقات بے حیا اور سخت دل مجرموں کی سزا ان کے ہاتھ سے دلواتا ہے سو وہ لوگ اپنی ذلت اور تباہی کے سامان اپنے ہاتھ سے جمع کر لیتے ہیں اور ان کی نظر سے وہ امور اس وقت تک مخفی رکھے جاتے ہیں جب تک خدا تعالیٰ کی قضاوقدر نازل ہو جائے۔ پس اس مخفی کارروائی کے لحاظ سے خدا کا نام **ماکر** ہے۔ دنیا میں ہزاروں نمونے اس کے پائے جاتے ہیں۔ سو لیکھرام کے معاملہ میں خدا کا مکر یہ ہے کہ اوّل اسی کے مونہہ سے کہلوایا کہ میں خیر الماکرین سے اپنی نسبت نشان مانگتا ہوں۔ سو اس درخواست میں اس نے ایسا عذاب مانگا جس کے اسباب مخفی ہوں اور ایسا ہی وقوع میں آیا کیوں کہ جس شخص کو شدھ کرنے کے لئے اس نے اتوار کا دن مقرر کیا تھا اور اتوار کے دن آریوں کا ایک خوشی کا جلسہ قرار پایا تھا جیسا کہ عید کا دن ہوتا ہے تا اس شخص کو شدھ کیا جائے۔ سو وہی خوشی کے اسباب اس کیلئے اور اس کی قوم کیلئے ماتم کے اسباب ہو گئے اور خیر الماکرین کے نام کو خدا تعالیٰ نے تمام آریوں کو **خوب سمجھا دیا**۔ منہ

﴿۹﴾ چیز کا سہارا نہیں۔ پھر جب قرآن شریف یہ فرماتا ہے تو عرش کا اعتراض کرنا کس قدر ظلم ہے آپ عربی سے بے بہرہ ہیں آپ کو مکر کے معنے بھی معلوم نہیں۔ مکر کے مفہوم میں کوئی ایسا ناجائز امر نہیں ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف منسوب نہیں ہوسکتا۔ شریروں کو سزا دینے کیلئے خدا کے جو باریک اور مخفی کام ہیں ان کا نام مکر ہے۔ لغت دیکھو پھر اعتراض کرو۔ میں اگر بقول آپ کے وید سے اُمی ہوں تو کیا حرج ہے کیونکہ میں آپ کے مسلّم اصول کو ہاتھ میں لے کر بحث کرتا ہوں مگر آپ تو اسلام کے اصول سے باہر ہو جاتے ہیں۔ صاف افتراء کرتے ہیں۔ چاہیے تھا کہ عرش پر خدا کا ہونا جس طور سے مانا گیا ہے اول مجھ سے دریافت کرتے پھر اگر گنجائش ہوتی تو اعتراض کرتے اور ایسا ہی مکر کے معنے اول پوچھتے پھر اعتراض کرتے اور نشان خدا کے پاس ہیں وہ قادر ہے جو آپ کو دکھلاوے۔ **والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ**۔ خاکسار۔ میرزا غلام احمد۔

اور وہ معاہدہ جو نشانوں کے دیکھنے کے لئے اس راقم اور لیکھرام کے مابین تحریر پایا تھا اس کا عنوان جو لیکھرام نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا یہ ہے:

''اوم پرماتمنے نم۔ ہی سچدانند سروپ پرماتماستّ کا پرکاش کر اور استّ کا ناش کرتا کہ تیری ستّ ویدودیا سب سنسار میں پرمرت ہووے''۔ ☆ پھر بعد اس کے اس طول طویل معاہدہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر کوئی پیشگوئی لیکھرام کو بتلائی جائے اور وہ سچی نہ ہو تو وہ ہندو مذہب کی سچائی کی دلیل ہوگی اور فریق پیشگوئی کرنے والے پر لازم ہوگا کہ آریہ مذہب کو اختیار کرے یا تین سو ساٹھ روپیہ لیکھرام کو دے دے جو پہلے سے شرمپت ساکن قادیان کی دوکان پر جمع کرا دینا ہوگا۔ اور اگر پیشگوئی کرنے والا سچا نکلے تو اسلام کی سچائی کی یہ دلیل ہوگی اور پنڈت لیکھرام پر واجب ہوگا کہ مذہب اسلام قبول کرے۔ ❁ پھر بعد اس کے وہ پیشگوئی بتلائی گئی جس کی رو سے ۶؍ مارچ ۱۸۹۷ء کو لیکھرام کی زندگی کا خاتمہ ہوا لیکن پہلے اس سے جو وہ پیشگوئی لیکھرام پر ظاہر کی جاتی مکرر اًبذریعہ اشتہار ۲۰؍ فروری ۱۸۸۶ء ان کو اطلاع دی گئی تھی کہ اگر ان کو پیشگوئی کے ظاہر کرنے سے رنج پہنچے تو اس کو ظاہر نہ کیا جائے مگر لیکھرام نے بڑی شوخی اور دلیری سے جیسا کہ اشتہار ۲۰؍ فروری ۱۸۹۳ء میں اس بات کا ذکر ہے ایک کارڈ اپنا دستخطی میری طرف روانہ کیا کہ ''میں آپ کی پیشگوئیوں کو واہیات سمجھتا ہوں

☆ یہ لیکھرام نے پیشگوئی کے انجام کے لئے دعا کی تھی کہ اگر اسلام سچا ہے تو ان کی پیشگوئی سچی نکلے اور اگر ہندو مذہب سچا ہے تو ان کی پیشگوئی جو کریں گے جھوٹی نکلے۔ اب ہم ناظرین سے پوچھتے ہیں کہ اگر اس لیکھرام والی پیشگوئی کو جھوٹی سمجھا جائے تو کس فریق پر اس دعا کا بد اثر پڑے گا۔ منہ

❁ یہ شرط جو لیکھرام اسلام کو قبول کرے یہ اس وقت کی شرط ہے جبکہ کچھ معلوم نہ تھا کہ جو پیشگوئی خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوگی اس کا مضمون کیا ہوگا۔ منہ

﴿۱۰﴾ میرے حق میں جو چاہو شائع کرو۔ میری طرف سے اجازت ہے اور میں کچھ خوف نہیں کرتا''۔ اس پر بھی ہماری طرف سے بڑی توقف ہوئی اور نیز یہ باعث ہوا کہ ابھی خدا تعالیٰ کی طرف سے مجھ پر پیشگوئی کی میعاد نہیں کھلی تھی اور لیکھرام کا اصرار تھا کہ میعاد کی قید سے پیشگوئی بتلائی جائے۔ آخر ۲۰ر فروری ۱۸۹۳ء کو بہت توجہ اور دعا اور تضرع کے بعد معلوم ہوا کہ آج کی تاریخ سے یعنی ۲۰ر فروری ۱۸۹۳ء سے چھ برس کے درمیان لیکھرام پر عذاب شدید جس کا نتیجہ موت ہے نازل کیا جائے گا اور اس کے ساتھ یہ عربی الہام بھی ہوا عجل جسدٌ لہ خوار۔ لہ نصبٌ وَ عذاب یعنی یہ گوسالہ بے جان ہے جس میں سے مہمل آواز آ رہی ہے۔ پس اس کے لئے دکھ کی مار اور عذاب ہے اور اس اشتہار کے صفحہ ۲ اور تین ۳ میں یہ عبارت ہے۔ اب میں اس پیشگوئی کو شائع کر کے تمام مسلمانوں اور آریوں اور عیسائیوں اور دیگر فرقوں پر ظاہر کرتا ہوں کہ اگر اس شخص پر چھ برس کے عرصہ تک آج کی تاریخ سے یعنی ۲۰ر فروری ۱۸۹۳ء سے کوئی ایسا عذاب جو معمولی تکلیفوں سے نرالا اور خارق عادت ہو (یعنی جو عوارض اور بیماریاں انسان کے لئے طبعی اور معمولی ہیں جن سے انسان کبھی صحت پاتا اور کبھی مرتا ہے ان میں سے نہ ہو) اور اپنے اندر الٰہی ہیبت رکھتا ہو (یعنی الٰہی قہر کے نشان اس میں موجود ہوں) نازل نہ ہو تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں اور نہ اس کی روح سے میرا یہ نطق ہے (یعنی میرے صدق اور کذب کا مدار یہی پیشگوئی ہے) اور اگر میں اس پیشگوئی میں کاذب نکلا تو ہر ایک سزا کے بھگتنے کیلئے میں تیار ہوں اور اس بات پر راضی ہوں کہ مجھے گلے میں رسہ ڈال کر سولی پر کھینچا جائے۔ ۲۰ر فروری ۱۸۹۳ء

اس جگہ منصف سوچیں کہ درصورت دروغ نکلنے اس پیشگوئی کے کس ذلت کے اٹھانے کے لئے میں طیار تھا اور اپنے صدق اور کذب کا کس درجہ پر اس پیشگوئی پر حصر کیا گیا تھا۔ پھر وہ لوگ جو خدا کی ہستی کو مانتے اور اس بات کو جانتے ہیں کہ اس کے ارادہ کے نیچے سب کچھ ہو رہا ہے اور ہر ایک جھگڑے کا آخری فیصلہ اس کے ہاتھ سے ہوتا ہے وہ کیوں کر کہہ سکتے ہیں کہ ایسا عظیم الشان مقدمہ جس کے نتیجہ کی دو بڑی بھاری قومیں منتظر تھیں وہ خدا کے علم اور ارادہ کے بغیر یونہی اتفاقی طور پر ظہور میں آ گیا گویا جو مقدمہ خدا کو سونپا گیا تھا وہ بغیر اس کے جو اس کے فیصلہ کرنے والے فرمان سے مزین ہو یونہی اس کی لاعلمی میں داخل دفتر ہو گیا۔ اگر ایسے خیالات بھروسہ کرنے کے لائق ہیں تو پھر تمام نبوتوں کا سلسلہ اور شریعتوں کا تمام نظام یک دفعہ درہم برہم ہو جائے گا کیوں کہ جو امر تحدی کے بعد اور اس قدر اصرار کے دعویٰ سے پیچھے دشمن کے مقابل آسمانی گواہی کے طور پر ظہور میں آ گیا اور نہایت روشن طور پر مقرر کردہ علامتوں کے موافق اس کا ظہور ہوا۔ اگر وہی بیہودہ اور باطل سمجھا جائے تو پھر کہاں کا مذہب اور کہاں کی خدا کی ہستی بلکہ تمام آسمانی سچائیوں کا

﴿۱۱﴾

یک دفعہ خون ہو جائے گا۔

پھر دوسری الہامی پیشگوئی جو لیکھرام کی نسبت ہوئی وہ کرامات الصادقین کے صفحہ ۵۴ اور صفحہ اخیر ٹائٹل پیج میں مذکور ہے اور وہ یہ ہے:

الا انّنی فی کُلّ حرب غالب فکدنی بما زَوّرتَ فالحق یغلبُ

وبشّرنی ربّی و قال مبشّرا ستعرف یوم العید و العید اقربُ

و منها ما وعدنی ربّی و استجاب دعائی فی رجل مفسد عدوّ اللّٰه و رسوله المسمّی لیکھرام الفشاوری. واخبرنی ربّی **انّه من الهالکین**. انه کان یسب نبیّ اللّٰه و یتکلم فی شانه بکلمات خبیثة فدعوت علیه فبشرنی ربّی **بموته فی ستّ سنة** ان فی ذالک لاٰیة للطالبین.

ترجمہ۔ میں ہر ایک جنگ میں غالب ہوں یعنی ہر ایک مقابلہ میں مجھے غلبہ ہے پس (اے محمد حسین بٹالوی) جو کچھ تو مکر کرتا ہے بیشک کر کہ آخر حق ضرور غالب ہوگا اور مجھے خدا نے ایک نشان کی خوشخبری دے کر کہا کہ تو عید کا دن عنقریب پہچان لے گا یعنی وہ خوشی کا دن جس میں وہ نشان ظاہر ہوگا اور اس نشان کی یہ علامت ہے کہ اس دن سے معمولی عید قریب ہوگی۔ اور خدا نے مجھے وعدہ دیا اور ایک مفسد خدا اور رسول کے دشمن کے بارے میں میری دعا سنی جو لیکھرام پشاوری ہے اور مجھے خبر دی کہ وہ مرے گا۔ اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیا کرتا تھا اور پلید باتیں مونہہ پر لاتا تھا۔ پس میں نے اس پر بددعا کی سو خدا نے میری دعا قبول کر کے مجھے خبر دی کہ وہ چھ برس کے عرصہ میں مر جائے گا۔ اور اس میں ڈھونڈنے والوں کے لئے نشان ہیں۔

اور یہ الہام کہ **عجل جسدله خوار. له نصب و عذاب** جس کا ابھی ہم ذکر کر چکے ہیں یعنی لیکھرام گوسالہ سامری ہے اور اسی گوسالہ کی طرح اس کو عذاب ہوگا۔ یہ نہایت پر معنی الہام ہے جو گوسالہ سامری کی مشابہت کے پیرایہ میں نہایت اعلیٰ اسرار غیب کے بیان کر رہا ہے۔ منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ گوسالہ سامری یہودیوں کی عید کے دن میں ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا تھا جیسا کہ توریت خروج باب ۳۲ آیت ۵ سے ثابت ہوتا ہے اور وہ یہ ہے۔ ''ہارون نے یہ کہہ کر منادی کی کہ کل خداوند کی عید ہے'' سو ایسا ہی اسلامی عید کے دن کے قریب یعنی ۶ / مارچ ۱۸۹۷ء کو لیکھرام قتل ہوا اور چونکہ گوسالہ سامری کے تباہ کرنے کے لئے خدا کی کتابوں میں عید کے دن کی خصوصیت

﴿۱۲﴾ تھی اور وہ عید کے دن کا ہی واقعہ تھا جبکہ گوسالہ سامری خدا کے حکم سے پیسا گیا لہٰذا خدا تعالیٰ نے لیکھرام کا نام گوسالہ سامری رکھ کر ایک ایسا لفظ استعمال کیا جو اس بات پر دلالت التزامی کر رہا تھا کہ لیکھرام بھی عید کے دنوں میں ہی قتل کیا جائے گا۔ اور اگرچہ خدا تعالیٰ کی کلام کے باریک بھید جاننے والے گوسالہ سامری کا نام رکھنے سے اور پھر اس عذاب کا ذکر کرنے سے سمجھ سکتے تھے کہ ضرور ہے کہ لیکھرام کی موت بھی اپنے دن کے لحاظ سے گوسالہ سامری کی تباہی کے دن سے مشابہ ہوگی مگر پھر بھی خدا تعالیٰ نے اپنے الہام میں اس اجمال پر اکتفا نہیں کیا بلکہ صریح لفظوں میں فرما دیا کہ **ستعرف یوم العید والعید اقرب** یعنی لیکھرام کا واقعہ قتل ایسے دن میں ہوگا جس سے عید کا دن ملا ہوا ہوگا اور یہ پیشگوئی کہ عید کے دن کے قریب لیکھرام کی موت ہوگی ہماری طرف سے ایک ایسی مشہور خبر تھی کہ ہندوؤں نے لیکھرام کے مرنے کے ساتھ ہی شور مچا دیا کہ یہ شخص پہلے سے کہتا تھا کہ لیکھرام عید کے دنوں میں مرے گا جیسا کہ پرچہ سماچار پنجاب وغیرہ ہندو اخباروں نے اس پر بہت ہی زور دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ بعض شریر ہندوؤں نے پیشگوئی کی یہ تفصیلیں ہمارے مونہہ☆ سے سن کر اس وقت ایک غیر ممکن امر کی طرح کسی وقت ہمیں ملزم کرنے کیلئے انہیں یاد رکھا تھا یعنی یہ خیال تھا کہ ایسی کھلی کھلی نشانیاں ہرگز پوری نہیں ہوں گی اور ہم پیچھے سے شرمندہ کریں گے مگر جب لیکھرام حقیقت میں عید کے دوسرے دن مارا گیا تو ان پیشگوئیوں کو دوسرے پہلو پر نا قابل اعتبار کرنا چاہا یعنی یہ کہ عید کا دن پہلے سے سوچ سمجھ کر باہمی مشورہ سے قرار دیا گیا تھا لیکن اگر یہی سچ تھا تو کیوں لیکھرام کی عید کے دنوں میں پوری حفاظت نہ کی گئی تا وہ منصوبہ پیش نہ جاتا جس کا آریوں کو کئی برسوں سے علم تھا۔ عجیب اتفاق یہ ہوا کہ جس دن لیکھرام کی جان نکلی یعنی اتوار کا روز وہ آریوں نے خاص ایک عید کا دن ٹھہرایا تھا۔ اوّل تو وہ خود اتوار کا دن تھا جو ہندوؤں کی عیدوں میں سے ایک عید ہے۔ دوسرے قاتل کے شدھ کرنے کے لئے جو اپنے تئیں نومسلم ظاہر کرتا تھا وہ ایک خوشی کا دن ٹھہرایا گیا تھا جس میں عام جلسہ میں قاتل کو پھر ہندو بنانے کا ارادہ تھا۔

غرض عجل کا نام جو لیکھرام کو الہام الٰہی نے دیا یہ ایک نہایت دقیق راز اپنے اندر رکھتا تھا اور کئی رموز غیبیہ کے اشارے اس میں بھرے ہوئے تھے۔ ایک تو یہی جو عید کے دنوں میں گوسالہ سامری کی طرح غضب الٰہی کے نیچے آنا۔ دوسرے یہ کہ گوسالہ سامری انسان کے ہاتھوں سے ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا تھا اور پھر جلایا گیا اور پھر دریا میں ڈالا گیا چنانچہ یہ تینوں باتیں لیکھرام کے ساتھ بھی ظہور میں آئیں تیسرے یہ ﴿۱۳﴾ کہ گوسالہ سامری کی پرستش کی گئی تھی اور خدا نے اس قوم پر ایک وبا کی بیماری بھیجی جو غالباً طاعون تھی۔

☆ ضمیمہ پنجاب سماچار ۱۰/ مارچ ۱۸۹۷ء میں میری نسبت لکھا ہے کہ ''کہا کرتے تھے کہ پنڈت کو مار ڈالیں گے اور اس عرصہ میں اور فلاں دن (یعنی عید کے دوسرے دن میں) ایک دردناک حالت میں مرے گا''۔ سو یہ بات تو ایڈیٹر نے اپنی طرف سے بنالی کہ مار ڈالیں گے لیکن دن اور صورت موت کا ذکر یہ خود ہماری پیشگوئی کا ایک مشہور منشاء تھا جو بلاشبہ بہت مرتبہ بیان کیا گیا تھا۔ منہ

جیسا کہ توریت☆ باب ۳۲ آیت ۳۵ میں ہے کہ ’’خداوند نے ان کے بچھڑے بنانے کے سبب.....لوگوں پر مری بھیجی۔ ایسا ہی لیکھرام کی بھی تعریف پرستش تک پہنچائی گئی اور مسلمانوں کو ناحق دکھ دیا گیا۔ یہ لوگ خوب اپنے دلوں میں سمجھتے تھے کہ یہ خدا کا فعل ہے پیشگوئی کرنے والے کا منصوبہ نہیں۔ تاہم بار بار فریاد کر کے گورنمنٹ سے اس راقم کے گھر کی تلاشی کرائی اور بہت سا بے جا شور ڈال کر گوسالہ پرستوں سے مشابہت پوری کی۔ کوئی کیا جانتا ہے کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے پر ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں کہ جو خدا نے مشابہت بیان فرمائی وہ پوری مشابہت ہے۔

پھر لیکھرام کی نسبت ایک اور الہامی پیشگوئی ہے جو رسالہ برکات الدعا کے ٹائٹل پیج کے اوّل اور آخر کے ورق پر درج ہے اور یہ پیشگوئی اپریل ۱۸۹۳ء میں یعنی پہلی پیشگوئی سے تین ماہ بعد کی گئی تھی۔ اس پیشگوئی کا مختصر بیان یہ ہے کہ سیّد احمد خان صاحب کے۔ سی۔ ایس۔ آئی نے ایک رسالہ استجابت دعا کے انکار میں لکھا تھا اور اس کا نام رسالہ الدعا والاستجابت رکھا تھا۔ یہ رسالہ سچائی کے بالکل برخلاف تھا اس لئے میں نے اس کے جواب میں رسالہ برکات الدعا لکھا اور اس رسالہ کے لکھنے کے وقت مجھے یہ ضرورت پیش آئی کہ دعا کے قبول ہونے کا سیّد صاحب کے آگے کوئی نمونہ پیش کروں۔ سو خدا کے فضل سے انہیں دنوں میں لیکھرام کے بارے میں میری دعا قبول ہو چکی تھی۔ سو میں نے برکات الدعا کے ٹائٹل پیج میں یہ نمونہ پیش کر دیا۔ برکات الدعا کے پڑھنے والے جب اس رسالہ کو کھولیں گے تو ٹائٹل پیج کے پہلے صفحہ پر ہی جو اندر کا صفحہ ہے رنگین کاغذ پر یہ لکھا ہوا پائیں گے۔

نمونہ دعائے مستجاب

اسی وجہ سے اس رسالہ کا نام برکات الدعا رکھا گیا تھا کہ اس میں دعا کی برکتوں کا نمونہ پیش کیا گیا۔ اس صفحہ میں لیکھرام کے حق میں یہ عبارت ہے کہ میں اقرار کرتا ہوں کہ اگر جیسا کہ معترضوں نے خیال فرمایا ہے (لیکھرام کے متعلق) پیشگوئی کا ماحصل آخر کار یہی نکلا کہ کوئی معمولی تپ آیا یا معمولی طور پر کوئی درد ہوا یا ہیضہ ہوا اور پھر اصلی حالت صحت کی قائم ہوگئی تو وہ پیشگوئی متصور نہیں ہوگی..... پس اس صورت میں مَیں بلاشبہ اس سزا کے لائق ٹھہروں گا جس کا ذکر میں نے کیا ہے لیکن اگر پیشگوئی کا ظہور اس طور سے ہوا جس میں قہر الٰہی کے نشان صاف صاف اور کھلے کھلے طور پر دکھائی دیں تو پھر سمجھو کہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے

☆ خروج باب ۳۲ آیت ۳۵۔ (ناشر)

﴿۱۴﴾ ہے.....اگر پیشگوئی فی الواقعہ ایک عظیم الشان ہیبت کے ساتھ ظہور پذیر ہو تو وہ خود دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے اور یہ سارے خیالات اور یہ تمام نکتہ چینیاں جو پیش از وقت دلوں میں پیدا ہوتی ہیں ایسی معدوم ہو جاتی ہیں کہ منصف مزاج اہل الرائے ایک انفعال کے ساتھ اپنی رایوں سے رجوع کرتے ہیں ماسوا اس کے یہ عاجز بھی تو قانون قدرت کی تحت میں ہے۔ اگر میری طرف سے بنیاد اس پیشگوئی کی صرف اسی قدر ہے کہ میں نے صرف یاوہ گوئی کے طور پر چند احتمالی بیماریوں کو ذہن میں رکھ کر اور اٹکل سے کام لے کر یہ پیشگوئی شائع کی ہے تو جس شخص کی نسبت یہ پیشگوئی ہے وہ بھی تو ایسا کر سکتا ہے کہ انہیں اٹکلوں کی بنیاد پر میری نسبت پیشگوئی کر دے..... اگر یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور میں خوب جانتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ضرور ہیبت ناک نشان کے ساتھ اس کا وقوعہ ہوگا اور **دلوں کو ہلا دے گا** اور اگر اس کی طرف سے نہیں تو میری ذلت ظاہر ہوگی اور اگر میں اس وقت رکیک تاویلیں کروں گا تو یہ اور بھی ذلت کا موجب ہوگا۔ وہ ہستی قدیم اور وہ پاک وقدوس جو تمام اختیار اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے وہ کاذب کو کبھی عزت☆ نہیں دیتا۔ یہ بالکل غلط ہے کہ لیکھرام سے مجھ کو کوئی ذاتی عداوت ہے۔ مجھ کو ذاتی طور سے کسی سے بھی عداوت نہیں بلکہ اس شخص نے سچائی سے دشمنی کی اور ایک ایسے کامل اور مقدس کو جو تمام سچائیوں کا چشمہ تھا توہین سے یاد کیا اس لئے خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اپنے ایک **پیارے کی عزت** دنیا میں ظاہر کرے۔ فقط۔

یہ وہ الہامی پیشگوئی کی تائید میں مضمون ہے جو برکات الدعا کے ٹائٹل پیج کے صفحہ میں لکھا ہوا ہے پھر اسی صفحہ کے حاشیہ پر ایک اور الہامی پیشگوئی لیکھرام کی نسبت ہے جس کا عنوان یہ ہے۔ **لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک اور خبر۔** پھر آگے یہ عبارت ہے: آج جو ۲؍اپریل ۱۸۹۳ء مطابق ۱۴؍ماہ رمضان ۱۳۱۰ھ ہے صبح کے وقت تھوڑی سی غنودگی کی حالت میں مَیں نے دیکھا کہ میں ایک وسیع مکان میں بیٹھا ہوا ہوں اور چند دوست بھی میرے پاس موجود ہیں اتنے میں ایک شخص قوی ہیکل مہیب شکل گویا اس کے چہرہ پر سے خون ٹپکتا ہے میرے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ ایک نئی خلقت اور شمائل کا شخص ہے گویا انسان نہیں ملائک شداد غلاظ میں سے ہے اور اس کی ہیبت دلوں پر طاری تھی اور میں اس کو دیکھتا ہی تھا کہ اس نے مجھ سے پوچھا کہ **لیکھرام کہاں ہے؟** اور ایک اور شخص کا نام لیا کہ وہ کہاں ہے۔ تب میں نے اس وقت سمجھا کہ یہ شخص لیکھرام اور اس دوسرے شخص کی سزا دہی کیلئے مامور کیا گیا ہے۔ مجھے معلوم نہیں رہا کہ وہ دوسرا شخص کون ہے ہاں یہ یقینی طور پر یاد رہا ہے (یعنی عالم کشف میں دل میں گزرا ہے) کہ وہ دوسرا شخص انہیں چند آدمیوں میں سے تھا جن کی نسبت میں اشتہار دے چکا ہوں (یعنی ایسا شخص جو

☆ میں نے پہلے صاف کہہ دیا تھا کہ چونکہ خدا تعالیٰ کاذب کو عزت نہیں دیتا اس لئے اگر میں کاذب ہوں تو یہ پیشگوئی ہرگز پوری نہیں ہو گی اور نیز میں نے صاف کہہ دیا تھا کہ یہ پیشگوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت ظاہر کرنے کے لئے ہے پس جو شخص کہتا ہے کہ پیشگوئی پوری نہیں ہوئی اس کو اقرار کرنا چاہیے کہ اس جگہ خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت کی کچھ بھی پرواہ نہیں کی۔ منہ

﴿۱۵﴾ موت کی پیشگوئی کے اشتہار کا نشانہ ہو گیا ہے جس کی نسبت کسی وقت کہہ سکتے ہیں کہ اس کی نسبت اشتہار ہو چکا ہے) اور یہ یکشنبہ کا دن اور چار بجے صبح کا وقت تھا۔ فالحمد للّٰہ علٰی ذالک فقط۔

یہ تمام پیشگوئیاں بآواز بلند کہہ رہی ہیں کہ لیکھرام کی زندگی کا بذریعہ قتل کے خاتمہ ہونا مقدر تھا اسی وجہ سے جو نظم لیکھرام کے متعلق الہام کی پیشانی پر لکھی گئی تھی اس میں ایسے الفاظ درج ہیں جو لیکھرام کے قتل پر دلالت کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ الہامی اشتہار جو دربارہ موت لیکھرام کتاب آئینہ کمالات اسلام کے ساتھ شامل ہے اس کی پیشانی کے چند شعر جو قتل پر دلالت کرتے ہیں ذیل میں لکھے جاتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

عجب نوریست در جان محمدؐ — عجب لعلیست در کانِ محمدؐ
زظلمت ہا دلے آنگہ شود صاف — کہ گردد از محبّان محمدؐ
عجب دارم دل آن ناکساں را — کہ رو تابند از خوانِ محمدؐ
ندانم ہیچ نفسے در دو عالم — کہ دارد شوکت و شان محمدؐ
خدا زان سینہ بیزارست صد بار — کہ ہست از کینہ دارانِ محمدؐ
خدا خود سوز دآن کرم دنی را — کہ باشد از عدوّان محمدؐ
اگر خواہی نجات از مستیٔ نفس — بیا در ذیلِ مستانِ محمدؐ
اگر خواہی دلیلے عاشقش باش — محمدؐ ہست برہانِ محمدؐ
سرے دارم فدائے خاکِ احمدؐ — دلم ہر وقت قربان محمدؐ
بگیسوئے رسول اللہ کہ ہستم — نثار روئے تابانِ محمدؐ
دریں رہ گر کشندم ور بسوزند — نتابم رو زِ ایوان محمدؐ
بکار دیں نترسم از جہانے — کہ دارم رنگ ایمانِ محمدؐ
بسے سہل است از دنیا بریدن — بیاد حسن و احسان محمدؐ
فدا شد در رہش ہر ذرّۂ من — کہ دیدم حسن پنہانِ محمدؐ
دگر استاد را نامے نہ دانم — کہ خواندم در دبستان محمدؐ
بدیگر دلبرے کارے ندارم — کہ ہستم کشتۂ آنِ محمدؐ
مرا آن گوشۂ چشمے بباید — نخواہم جز گلستانِ محمدؐ
دلِ زارم بہ پہلویم مجوئید — کہ بستیمش بدامان محمدؐ
من آن خوش مرغ از مرغان قدسم — کہ دارد جا بہ بستان محمدؐ
تو جان ما منور کردی از عشق — فدایت جانم اے جانِ محمدؐ
دریغا گر دہم صد جان درین راہ — نباشد نیز شایان محمدؐ
چہ ہیبت ہا بداد ند این جوان را — کہ ناید کس بمیدان محمدؐ
الا اے دشمن نادان و بے راہ — بترس از تیغ بُرّان محمدؐ
رہ مولیٰ کہ گم کردند مردم — بجو در آل و اعوان محمدؐ
الا اے منکر از شان محمدؐ — ہم از نور نمایان محمدؐ

کرامت گرچہ بے نام و نشان است — بیا بنگر ز غلمان محمدؐ

لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک پیشگوئی الخ

{مفصل دیکھو آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۱، ۲، ۳ حاشیہ آخر کتاب}

﴿۱۶﴾ غرض اس پیشگوئی کے سر پر یہ چند شعر ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ **بترس از تیغ بُرّان محمدؐ** جو صاف بتلا رہا ہے کہ لیکھرام کا انجام یہی تھا کہ وہ قتل کیا جائے اور اخیر کے شعر پر لیکھرام کی طرف اشارہ کر کے ہاتھ بنایا ہوا ہے جیسا کہ اس جگہ بنا دیا گیا ہے تا یہ اشارہ ہو کہ **تیغ بُرّان** اسی پر پڑے گی اور اسی کی موت سے **کرامت** ظاہر ہوگی۔

پھر برکات الدعا کے صفحہ ۲۸ میں چند شعروں میں سید احمد خاں صاحب پر ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ پیشگوئی لیکھرام میں دعائے مستجاب کے نمونہ کی انتظار کریں اور آخری شعر کے نیچے مد کھینچ کر ان صفحات برکات الدعا کی طرف سید صاحب کو توجہ دلائی گئی ہے جن میں لیکھرام کی ہیبت ناک موت کا ذکر کر کے نمونہ دعائے مستجاب کا ذکر ہے اور وہ شعر **یہ ہیں**۔

روئے دلبر از طلب گاران نمی دارد حجاب — می درخشد در خور و می تابد اندر ماہتاب
لیکن این روئے حسین از غافلان ماند نہان — عاشقے باید کہ بردارند از بہرش نقاب
دامن پاکش زِ نخوت ہا نمی آید بدست — ہیچ راہے نیست غیر از عجز و درد و اضطراب
بس خطرناک است راہ کوچۂ یار قدیم — جان سلامت بایدت از خود روی ہا سر بتاب
تا کلامش عقل و فہم نا سزایان کم رسد — ہر کہ از خود گم شود او یابد آن راہ صواب
مشکل قرآن نہ از ابناء دنیا حل شود — ذوق آن مَے داند آں مستے کہ نوشد آن شراب
ایکہ آگاہی ندادندت زِ انوار درون — در حق ما ہر چہ گوئی نیستی جائے عتاب
از سر وعظ و نصیحت این سخن ہا گفتہ ایم — تا مگر زیں مرہمے بہ گردد آن زخم خراب
از دعا کن چارۂ آزار انکار دعا — چون علاج مَے زِ مَے وقت خمار و التہاب
ایکہ گوئی گر دعا ہا را اثر بودے کجاست — سوئے من بشتاب بنمایم ترا چون آفتاب

ہاں مکن انکار زین اسرار قدرتہائے حق
قصہ کوتہ کن بہ بین از ما دعائے مستجاب

دیکھو صفحہ ۲، ۳، ۴ سرورق

یہ آخری شعر کا دوسرا مصرعہ جس کے نیچے مَد ڈال کر نمبر ۲، ۳، ۴ لکھے گئے ہیں یہ برکات الدعا میں اسی طرح مد ڈال کر لکھے گئے ہیں تا سید احمد خان صاحب ان صفحات کو نکال کر پڑھیں اور تا انہیں نمونہ دعائے مستجاب پر غور

﴿۱۷﴾ کر کے آئندہ آزمائش کے بعد اپنی غلط رائے کے چھوڑنے کے لئے توفیق ملے اور رسالہ برکات الدعا جب تالیف کیا گیا تو اُسی زمانہ میں سید صاحب کی خدمت میں بلا توقف بھیجا گیا اور سید صاحب کا جواب بھی آ گیا تھا کہ میں برکات الدعا کو دیکھ رہا ہوں پس ضرور سید صاحب نے ان مقامات کو بھی دیکھا ہوگا جن میں نمونہ دعائے مستجاب پیش کیا گیا تھا۔ غرض لیکھرام کی موت کے لئے دعا کرنا اگرچہ بوجہ اس کی بدزبانی اور بے باکی کے تھا لیکن یہ بھی مطلوب تھا کہ سید صاحب کی خدمت میں ایک نمونہ دعائے مستجاب پیش کیا جائے۔ اب سید صاحب کا فرض ہے کہ اپنی اس ناقص رائے کو بدل دیں۔ ایسا نہ ہو کہ ایک شخص☆ کی تو جان گئی اور سید صاحب وہیں کے وہیں رہے۔

یہ وہ پیشگوئیاں ہیں جو لیکھرام کی موت کے بارے میں ۱۸۹۳ء میں عام طور پر شائع کی گئی تھیں اور جو شخص ان پر غور کرے گا اس کو ماننا پڑے گا کہ ان پیشگوئیوں میں قطعی طور پر ابتدائے ۲۰ر فروری ۱۸۹۳ء سے نامبردہ کی موت کے لئے چھ برس کی میعاد بتلائی گئی تھی اور کشفی واقعہ یہ بھی ظاہر کر رہا تھا کہ لیکھرام کی موت اتوار کے دن کو ہوگی کیونکہ وہ فرشتہ جو لیکھرام کی سزا کے لئے آیا اتوار کی رات کو مجھ پر ظاہر ہوا تھا جس سے پایا جاتا تھا کہ لیکھرام کی موت کا دن اتوار کا دن ہوگا اور الہام میں یہ بھی ظاہر کیا گیا تھا کہ عید کے ساتھ کے دن میں یعنی دوسری شوال میں یہ واقعہ پیش آئے گا اور خدا کی قدرت ہے کہ عید کا پتہ پہلے سے ہندوؤں نے خوب یاد کر رکھا تھا مگر اس وقت یہ امر غیر ممکن سمجھ کر صرف تکذیب کی غرض سے یاد کر لیا تھا کیوں کہ وہ اپنی جہالت سے خیال کرتے تھے کہ ایسا ہونا کسی طرح ممکن نہیں کہ پیشگوئی میں ایسا خاص نشان

☆ لیکھرام کے متعلق ایک یہ پیشگوئی تھی کہ **یقضیٰ امرہ فی ستّ** یعنی چھ میں اس کا کام تمام کیا جائے گا۔ اب تک مجھے معلوم نہیں کہ یہ پیشگوئی ہمارے کسی اشتہار یا کتاب میں یا ہمارے کسی دوست کی تالیف میں چھپ گئی یا نہیں لیکن ہماری جماعت میں اس کی عام شہرت ہے اور یقین ہے کہ دوسروں تک بھی یہ پیشگوئی پہنچی ہوگی جیسا کہ آریوں میں عید کی پیشگوئی پہنچ گئی کیوں کہ ہماری کوئی بات راز کے طور پر نہیں رہتی۔ اس پیشگوئی کا جیسا کہ مفہوم ہے ایسا ہی ظہور میں آیا یعنی لیکھرام چھ مارچ کو زخمی ہوا اور دن کے چھٹے گھنٹے میں زخمی ہوا۔ بٹالوی صاحب اگر اس زبانی روایت سے انکار کرتے ہیں تو حدیثوں کے قبول کرنے میں انہیں بڑی مشکل پڑے گی کیونکہ وہ نہ صرف زبانی روایتیں ہیں بلکہ کم سے کم سوڈیڑھ سو برس بعد میں لکھی گئیں۔ جو بات تازہ ہو اور جس کے دیکھنے اور سننے والے زندہ موجود ہیں اس سے انکار کرنا عقلمندوں کے نزدیک رسوا ہونا ہے۔ منہ

﴿۱۸﴾ ہوا اور وہ سچا ہو جائے پس یاد رکھنے سے مدعا یہ تھا کہ جب پیشگوئی خطا جائے گی یا عید پر پوری نہیں ہوگی تو ہنسی ٹھٹھے میں اڑائیں گے لیکن جب خدا نے اسی طرح پیشگوئی کو پورا کر دیا جیسا کہ لکھا گیا تھا تب ہندوؤں نے فی الفور اپنا پہلو بدل لیا اور کہا کہ ''عید پر قتل کرنے کے لئے پہلے سے سازش ہو چکی تھی ورنہ خدا کی عادت ایسی نہیں ہے جو باریک اور خاص نشانوں کے ساتھ غیب کی خبریں کسی کو بتلاوے'' مگر وہ قادر خدا جو سچائی کو مشتبہ کرنا نہیں چاہتا اس نے اس خیال کو بھی پہلے سے رد کر رکھا تھا جس کی ہندوؤں کو خبر نہیں تھی یعنی اس نے لیکھرام کے واقعہ قتل سے **سترہ برس پہلے** اس نشان کی براہین احمدیہ میں خبر دی ہے اور یہ خبر اس وقت لکھی گئی اور شائع کی گئی تھی جبکہ لیکھرام بارہ ۱۲ یا تیرہ ۱۳ برس کا ہوگا اور یہ ایسے مرتب اور سلسلہ وار طرز پر براہین احمدیہ میں موجود ہے کہ انسان کو بجز ماننے کے بن نہیں پڑتا۔ ہم بفضلہ تعالیٰ رسالہ سراج منیر میں اس کو لکھ چکے ہیں اور مختصر طور پر اس کا یہ بیان ہے کہ براہین احمدیہ کے الہامات میں میری نسبت تین فتنوں کی خبر دی گئی ہے یعنی یہ بیان کیا گیا ہے کہ تین موقعہ پر تین فتنے تم پر برپا ہوں گے۔

اب قبل اس کے جو ان تینوں فتنوں کا ذکر کیا جائے صفائی بیان کے لئے اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ ہر ایک تکذیب فتنہ کے نام سے موسوم نہیں ہو سکتی بلکہ صرف اس حالت میں کسی تکذیب کو فتنہ کے نام سے موسوم کیا جائے گا جبکہ وہ تکذیب ایک بلوہ کے رنگ میں ہو اور ایک جماعت باہمی اتفاق کر کے کسی کے مال یا جان یا عزت کی نقصان رسانی کی غرض سے اپنی طاقتوں کو اس حد تک خرچ کریں جہاں تک ایک شخص پورے اشتعال کی حالت میں کر سکتا ہے پس فتنہ میں ضروری ہے کہ ایک جماعت ہو اور وہ جماعت کسی کی ضرر رسانی کے ارادہ کے لئے پورے جوش کے ساتھ باہم اتفاق کر لیوے اور ایک بلوہ کی صورت میں ایک خطرناک مجمع بنا کر کسی کی عزت یا جان یا مال پر حملہ کرنے کیلئے مستعد ہو جائیں اور باہمی مشورہ سے ان تمام فریبوں کو اپنی طبیعتوں کے افروختہ ہونے کی حالت میں ایک غیر معمولی جوش کی طرز پر استعمال میں لاویں جس کے استعمال سے فریق مخالف پر کوئی ناگہانی آفت آنے کا اندیشہ ہو۔ اب جبکہ فتنہ کے لفظ کی تعریف معلوم ہو چکی تو ان تین فتنوں کو بیان کرتا ہوں مگر شاید سمجھانے کے لئے یہ انسب ہوگا کہ قبل اس کے جو میں ان تین فتنوں کی تفصیل براہین احمدیہ کے صفحات سے پیش کروں۔ اوّل وہ تینوں فتنے بیان کر دوں جو براہین احمدیہ کی تالیف اور شائع ہونے کے بعد میرے پر گذر چکے ہیں جن کے واقعات سے لکھوکھہا انسان گواہ ہیں بلکہ اگر میں کروڑہا کہوں تو یقیناً مبالغہ نہ ہوگا اس وقت میں اس دعویٰ پر زور دینے کے بغیر رہ نہیں سکتا کہ میری زندگی کا وہ بڑا حصہ جو براہین کی تالیف کے بعد اس

﴿۱۹﴾ وقت تک پورا ہوا ہے وہ ٹھیک ٹھیک تین فتنوں کے نیچے ہو کر گذرا ہے۔ کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ ان تین فتنوں کے ساتھ کوئی اور فتنہ بھی تھا جس کو فتنہ چہارم کہنا چاہیے اور نہ کوئی یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ وہ تین[۳] فتنے نہیں ہیں بلکہ دو[۲] ہیں۔ غرض تین کے عدد میں ایک ایسی حصر واقع ہوگئی ہے کہ جو نہ کم ہو سکتی ہے اور نہ قابل زیادت ہے ایک اجنبی شخص بھی جب میری سوانح کے لکھنے کے لئے بیٹھے گا اور میری لائف کے سلسلہ میں تلاش کرے گا کہ براہین احمدیہ کے زمانہ سے ان دنوں تک ایسے غیر معمولی بلوے پورے جوش سے بھرے ہوئے مختلف جماعتوں کی طرف سے کس قدر میرے پر ہو چکے ہیں جن کو فتنہ کے نام سے موسوم کرنا چاہیے تو وہ اس بات کے سمجھنے کے لئے کسی فکر کا محتاج نہ ہوگا کہ ایسے بلوے جو فتنہ کی حد تک پہنچ گئے اور پورے جوش کے ساتھ ظہور میں آئے صرف تین تھے۔ **اوّل** آتھم کے معاملہ میں پادریوں کا حملہ جنہوں نے واقعات کو چھپا کر پنجاب اور ہندوستان میں تکذیب کا ایک طوفان مچا دیا چونکہ ان کے دلوں میں بڑا مدعا یہ تھا کہ کسی طرح اسلام کی تکذیب اور توہین کا موقعہ ۞ ملے۔ سو انہوں نے آتھم کے زندہ رہنے کے وقت سمجھ لیا کہ اس سے بہتر شور و غوغا ڈالنے کے لئے اور کوئی موقعہ نہ ہوگا چنانچہ سب سے پہلے امرتسر میں انہوں نے محض سفلہ پن کی راہ سے خلاف واقعہ شور مچایا ☆ اور گلی کوچہ میں آتھم کو ساتھ لے کر وہ زبان درازیاں کیں کہ جب سے انگریزی

۞ پادریوں نے یہ تدبیریں بھی بہت کیں کہ کسی طرح آتھم نالش کر کے عدالت کے ذریعہ سے مجھ کو سزا دلائے لیکن چونکہ آتھم درحقیقت حق کے رعب سے مر چکا تھا اس لئے اس نے اس طرف رخ نہ کیا بلکہ نور افشاں میں صاف چھپوا دیا کہ پادریوں کا یہ بلوہ میری مرضی کے مخالف ہوا۔ منہ

☆ آتھم کے عذاب کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی وہ نہایت صاف اور کھلے کھلے لفظوں میں تھی۔ اس میں یہ شرط موجود تھی کہ عذاب موت اس وقت نازل ہوگا کہ جب آتھم حق کی طرف رجوع نہ کرے اور آتھم پندرہ مہینے تک جو پیشگوئی کی میعاد تھی ایسے خلاف عادت طریق سے مذہبی مناظرات و تقریرات سے دستکش اور چپ رہا تھا جو اس کا چپ رہنا ہی اس کے دلی رجوع پر دلالت کرتا تھا پھر اس نے میعاد کے بعد جب یہ جھوٹے بہانے پیش کئے کہ میں ڈرتا تو ضرور رہا مگر وہ خوف تعلیم یافتہ سانپ سے اور دوسرے حملوں سے تھا جو میرے پر کئے گئے تھے۔ تب اس پر جب اس کو کہا گیا کہ یہ تمام تہمتیں بے ثبوت اور غیر معقول ہیں اور نیز میعاد کے بعد بیان کی گئی ہیں ان کو یا تو قسم سے ثابت کرنا چاہیے یا نالش سے یا کسی اور خانگی طریق سے۔ تو اس نے کوئی طریق اختیار نہ کیا بلکہ قسم پر چار ہزار روپیہ دینے کا وعدہ کیا گیا تب بھی قسم کھا کر اپنی بریت ظاہر نہ کر سکا اور یہ تمام الزام اپنے ساتھ قبر میں لے گیا۔ الہام الٰہی میں یہ بھی تھا کہ اگر وہ اخفائے شہادت کرے گا تو جلد مر جائے گا۔ چنانچہ وہ ہمارے آخری اشتہار سے سات مہینے کے اندر مر گیا۔ اب کیا اس پیشگوئی پر کوئی تاریکی تھی جس سے عیسائیوں نے شور مچایا؟ نہیں بلکہ ان کو آتھم کے ڈرتے رہنے کی خوب خبر تھی یہاں تک کہ ایک مرتبہ ایک بیماری میں آتھم نے چیخ مار کر کہا کہ ''ہائے میں پکڑا گیا'' مگر عیسائیوں کو یہی منظور تھا کہ سچائی پر پردہ ڈالیں۔ انہوں نے اس شور میں بڑی ناانصافی کی۔ منہ

﴿۲۰﴾ عملداری اس ملک میں آئی ہے اس کی نظیر کسی وقت میں نہیں پائی جاتی اور صرف اسی پر اکتفا نہیں تھی بلکہ پشاور سے لے کر بمبئی کلکتہ الہ آباد وغیرہ میں بڑے بڑے جلسے کئے اور اخباروں میں محض افترا کے طور پر واقعات شائع کئے اور جاہل مولویوں اور عوام کالانعام کو برانگیختہ کیا اور ہزاروں اشتہار جو لعنتوں سے بھرے ہوئے تھے ملک میں تقسیم کئے اور لوگوں پر یہ اثر ڈالنا چاہا کہ دین اسلام ہیچ ہے اور بعض مولوی دنیا کے کتے ان کی ہاں کے ساتھ ہاں ملانے لگے اور یہ فتنہ تمام فتنوں سے بڑھا ہوا تھا کیونکہ اس میں صرف میری ذات پر ہی حملہ نہیں تھا بلکہ بڑا مقصد یہ تھا کہ اسلام کو ذلیل اور حقیر کر کے دکھلائیں۔ مولوی یہودی صفت ان کے ساتھ تکذیب میں شامل ہو گئے اور کہا کہ اگر عیسائی تکذیب کریں تو کیا حرج ہے یہ شخص تو خود کافر ہے۔ اور حالانکہ وہ خوب جانتے تھے کہ عیسائی اس راقم کو بھی مسلمان جانتے ہیں۔ غایت کار مسلمانوں میں سے ایک فرقہ کا سرگروہ خیال کرتے ہیں سو ان ظالموں نے ناحق میری دشمنی سے عیسائیوں کی زبان سے دین اسلام سے ٹھٹھے کرائے بلکہ بار بار ان کو نالش کرنے کے لئے ترغیب دی۔

دوسرا فتنہ۔ جو دوسرے درجہ پر ہے شیخ محمد حسین بٹالوی کا فتنہ ہے اس ظالم نے بھی وہ فتنہ برپا کیا کہ جس کی اسلامی تاریخ میں گذشتہ علماء کی زندگی میں کوئی نظیر ملنی مشکل ہے مخبط الحواس نذیر حسین کی کفرنامہ پر مہر لگوائی۔ صدہا مسلمانوں کو کافر اور جہنمی قرار دیا اور بڑے زور سے گواہیاں ثبت کرائیں کہ یہ لوگ نصاریٰ سے بھی کفر میں بدتر ہیں تمام رشتے ناطے ٹوٹ گئے۔ بھائیوں نے بھائیوں کو اور باپوں نے بیٹوں کو اور بیٹوں نے باپوں کو چھوڑ دیا اور ایسا طوفان فتنہ کا اٹھا کہ گویا ایک زلزلہ آیا جس سے آج تک ہزاروں خدا کے نیک بندے اور دین اسلام کے عالم اور فاضل اور متقی کافر اور جہنم ابدی کے سزاوار سمجھے جاتے ہیں۔!!!

تیسرا فتنہ۔ جو تیسرے درجہ پر ہے آریوں کا فتنہ ہے جو ایک چمکدار نشان کے ساتھ ہوا اور یہ فتنہ اس لئے تیسرے درجہ پر ہے کہ باوجود سخت بلوہ کے اس کے ساتھ فتح کا نمایاں نشان تھا۔ یہ سچ ہے کہ اس میں ہندوؤں کا بڑا شور وغوغا ہوا اور بار بار قتل کرنے کی دھمکیاں دیں اور گالیوں سے بھرے ہوئے خط بھیجے۔ کئی اخباروں میں حد سے زیادہ سخت گوئی کی گئی اور پھر آخر گورنمنٹ کی معرفت خانہ تلاشی کرائی گئی مگر باوجود ان سب باتوں کے فتح کا جھنڈا ہمارے ہاتھ میں رہا۔ وہ معاہدہ جو لیکھرام کے ساتھ مذہبی آزمائش کے لئے بذریعہ آسمانی نشان کے کیا گیا تھا اس کی رو سے ہمارے مولیٰ کریم نے ہندوؤں پر ہماری ڈگری کر کے بڑی صفائی سے ہمیں فتح دی اور جیسا کہ پہلے سے براہین احمدیہ میں یہ الہام تھا کہ **اگر خدا ایسا نہ کرتا** یعنی ایسا

﴿۲۱﴾ چمکدار نشان نہ دکھاتا تو دنیا میں اندھیر پڑ جاتا۔ ایسا ہی خدا نے اپنے ان تمام ارادوں کو پورا کیا۔ لیکھرام کیا مرا تمام آریوں کو مار گیا۔ اسلام کا بول بالا ہوا اور ہندو خاک میں مل گئے۔ بڑی عزت کے ساتھ میدان ہمارے ہاتھ رہا اور ثابت ہو گیا کہ خدا وہی خدا ہے جو اسلام کا خدا اور قرآن کا نازل کرنے والا ہے۔ اب اس کے ساتھ اگر ہمیں گالیاں دی گئیں۔ اگر ہمیں قتل کرنے کے لئے ڈرایا گیا۔ اگر ہمارے گھر کی تلاشی کرائی گئی تو اس خوشی کے مقابل یہ تمام غم کچھ چیز نہیں ہیں بلکہ اس فتنہ سے ایک اور پیشگوئی پوری ہوئی جو ابھی ہم بیان کریں گے اور لیکھرام کے مرنے سے دشمن کا منہ کالا تو ہو چکا تھا مگر ہمارے گھر کی تلاشی نے اور بھی ان کے مکروں پر خاک ڈال دی اور جھوٹ کا ناک بڑی صفائی سے کاٹا گیا!

یہ تین فتنے ہیں جو براہین کے زمانہ سے آج تک ہمیں پیش آئے۔ اور یہ ایسے کھلے کھلے وقوع میں آئے ہیں کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ ہمارے ملک کا ہر ایک شخص جو انسان کہلانے کا حق رکھتا ہے ان تینوں فتنوں سے بخوبی واقف ہے۔ اب تنقیح طلب یہ امر ہے کہ آیا یہ تین فتنے براہین احمدیہ میں ذکر کئے گئے ہیں یا نہیں۔ سو میں روز روشن کی طرح دیکھتا ہوں کہ یہ تینوں فتنے پادریوں کے فتنہ سے لے کر چمکدار نشان کے فتنہ تک براہین احمدیہ میں ذکر کئے گئے ہیں بلکہ ہر ایک ذکر کے وقت فتنہ کا لفظ بھی موجود ہے۔ سو اب ایک پاک دل اور پاک نظر لے کر مندرجہ ذیل عبارتوں کو پڑھو جو براہین احمدیہ سے نقل کر کے میں اس جگہ لکھتا ہوں اور وہ یہ ہیں:

پہلا فتنہ۔ صفحہ ۲۴۱ براہین احمدیہ ولن ترضی عنک الیھود ولا النصاری. و خرقوا له بنین و بنات بغیر علم. قل ھو اللّٰہ احد اللّٰہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد. و یمکرون و یمکر اللّٰہ واللّٰہ خیر الماکرین **الفتنة ھھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم** و قل ربّ ادخلنی مدخل صدق۔ ترجمہ یعنی یہود تجھ سے راضی نہیں ہوں گے۔ یہود سے مراد اس جگہ یہود صفت مولوی ہیں جن کا ذکر براہین میں اس سے پہلے صفحہ میں ہے اور پھر فرمایا کہ نصاریٰ بھی تجھ سے راضی نہیں ہوں گے یعنی پادری۔ اور فرمایا کہ انہوں نے نادانی سے خدا کے بیٹے اور بیٹیاں بنا رکھی ہیں۔ ان پادریوں کو کہہ دے کہ خدا ایک ہے۔ وہ ذات بے نیاز ہے۔ نہ کوئی اس کا بیٹا اور نہ وہ کسی کا بیٹا اور نہ کوئی اس کا ہم جنس (یہ اس مباحثہ کی طرف اشارہ ہے جو تثلیث اور توحید کے بارے میں ڈاکٹر مارٹن کلارک کی کوٹھی پر بمقام امرتسر پیشگوئی سے چند روز پہلے کیا گیا تھا) اور پھر فرمایا کہ یہ عیسائی تجھ سے ایک مکر کریں گے اور خدا بھی ان سے مکر کرے گا یعنی

﴿۲۲﴾ اول ان کو ذلیر کر دے گا اور پھر ذلت پر ذلت پہنچائے گا اور پھر فرمایا کہ خدا بہتر مکر کرنے والا ہے اور پھر فرمایا کہ اس وقت پادریوں کی طرف سے ایک فتنہ ہوگا اور وہ ایک پر جوش بلوہ کی صورت میں تکذیب کریں گے۔ سو اس فتنہ کے وقت صبر کر جیسا کہ اولوالعزم نبی صبر کرتے رہے اور دعا کر کہ خدایا میرا صدق ظاہر کر۔ ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ مکر سے مراد وہ لطیف اور مخفی تدبیر ہے جو دشمن کو ذلیل یا معذب کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے ظہور میں آتی ہے۔ بعض وقت نادان دشمن ایک جھوٹی خوشی سے مطمئن ہو جاتا ہے مگر خدا کی مخفی تدبیر جو دوسرے لفظوں میں مکر کہلاتی ہے اسے کہتی ہے کہ اے نادان کیوں خوش ہوتا ہے دیکھ تیری ذلت کے دن نزدیک آ رہے ہیں تب تیری خوشی غم سے مبدل ہو جائے گی۔ غرض یہ پہلا فتنہ ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں لکھا گیا اور میرے پر گذر چکا۔

دوسرا فتنہ وہ ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۰ میں مذکور ہے اور وہ یہ ہے۔ **و اذ یمکر بک الذی کفّر اوقد لی یا ھامان لعلی اطلع علٰی الٰہ موسٰی و انی لاظنّہ من الکاذبین. تبّت یدا ابی لھب و تب ما کان لہ ان یدخل فیھا الا خائفا. وما اصابک فمن اللّٰہ الفتنۃ ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم. الا انھا فتنۃ من اللّٰہ لیحب حبّا جمّا. حبّا من اللّٰہ العزیز الاکرم عطاء ا غیر مجذوذ** ۔یعنی یاد کر وہ زمانہ جب ایک مکفر تجھ سے مکر کرے گا جو تیرے ایمان سے انکاری ہے اور کہے گا اے ہامان! میرے لئے آگ بھڑکا (یعنی تکفیر کی آگ بھڑکا۔ ہامان سے مراد نذیر حسین دہلوی ہے) میں چاہتا ہوں کہ موسیٰ کے خدا پر اطلاع پاؤں کیونکہ میں خیال کرتا ہوں کہ وہ جھوٹا ہے۔ ہلاک ہوگیا ابولہب اور اس کے دونوں ہاتھ ہلاک ہوگئے (جن سے کفر کا فتویٰ لکھا) اس کو نہیں چاہیے تھا کہ اس تکفیر کے کام میں دخل دیتا☆ اور جو کچھ تجھے پہنچے گا وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اس جگہ ایک فتنہ ہوگا۔ پس صبر کر جیسا کہ اولوالعزم نبیوں نے صبر کیا۔ یاد رکھ کہ یہ فتنہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوگا تا وہ تجھے حد سے زیادہ دوست رکھے۔ دیکھ یہ کیسا مرتبہ ہے کہ خدا کسی کو دوست رکھے۔ وہ خدا جس کا نام عزیز اکرم ہے۔ یہ وہ بخشش ہے جو کبھی منقطع نہیں کی جائے گی۔ ﴿۲۳﴾

☆ فرعون سے مراد محمد حسین ہے۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک کشف ظاہر کر رہا ہے کہ وہ بالآخر ایمان لائے گا مگر مجھے معلوم نہیں کہ وہ ایمان فرعون کی طرح صرف اسی قدر ہوگا کہ آمنت بالذی آمنت بہ بنوا اسرائیل یا پرہیزگار لوگوں کی طرح۔ واللّٰہ اعلم۔ منہ

اس فتنہ میں صاف لفظ **کفر** کا موجود ہے جس سے سمجھا جاتا ہے کہ یہ کسی مکفر کی طرف سے فتنہ ہوگا۔ **کفر** پڑھنا بھی جائز ہے جس کے یہ معنے ہوں گے کہ ہمارے ایمان سے منکر۔ دونوں لفظوں کا مآل ایک ہی ہے۔غرض یہ لفظ **کفر** باب تفعیل سے ہے اور بر عایت معنی مذکور ثلاثی مجرد بھی ہوسکتا ہے۔الہام دونوں طور پر ہے اور بعد کا یہ فقرہ کہ اس کو نہیں چاہیے تھا جو اس فتنہ تکفیر میں دخل دیتا۔ یہ فقرہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ شخص علم وفضیلت کا دعویٰ رکھتا ہوگا یعنی مولوی کہلائے گا۔ پس جس شان کا اس کو دعویٰ تھا اس سے بہت بعید تھا کہ ایسا فاسقانہ کام کرتا۔غرض یہ دوسرا فتنہ ہے جو دوسرے درجہ پر ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۰ میں نہایت صاف شرح سے مندرج ہے۔

تیسرا فتنہ۔ چمکدار نشان کا فتنہ ہے جو براہین کے صفحہ (۵۵۶) و (۵۵۷) میں کمال صفائی لکھا ہوا ہے وہ یہ ہے۔ **یا عیسٰی انّی متوفیک و رافعک الیّ و جاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الٰی یوم القیامۃ. ثلّۃ من الاوّلین و ثلّۃ من الاٰخرین** ۔ترجمہ یعنی اے عیسیٰ میں تجھ کو طبعی موت سے وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا اور تیرے تابعین کو ان لوگوں پر قیامت تک غلبہ بخشوں گا۔ جو تیرے منکر ہیں اور تابعین کا ایک گروہ پہلا ہوگا اور ایک گروہ بعد میں ہو جائے گا۔ یہ خدا کا تسلی آمیز کلام اس وقت حضرت عیسیٰ پر اترا تھا جبکہ وہ نہایت گھبراہٹ میں تھے اور ان کو ایسی موت کی دھمکی دی گئی تھی جو جرائم پیشہ لوگوں کے لئے خاص ہے یعنی صلیب کی دھمکی جو لعنتی موت ہے اور یہی الہام اور یہی وعدہ اس عاجز کو ہوا جس سے یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہی ابتلا اس عاجز کو پیش آئے گا اور یہی انجام ہوگا۔ **اسی بنا پر اس عاجز کا نام عیسیٰ رکھا گیا** اور وعدہ دیا گیا کہ **میں تجھے طبعی وفات دوں گا** اور عزت کے ساتھ اٹھاؤں گا۔

غرض اس الہام کے اندر یہ مخفی پیشگوئی ہے کہ حضرت عیسیٰ کی طرح اس عاجز کے دشمن بھی قتل کرنے کے لئے منصوبے کریں گے اور جرائم پیشہ کی موت یعنی پھانسی کے لئے تدبیریں عمل میں لائیں گے مگر ان ارادوں کی تکمیل میں **ناکام** رہیں گے۔غرض **عیسیٰ** کا نام اس عاجز پر اطلاق کرنے سے اس وجہ تسمیہ کی طرف اشارہ ہوا کہ اسی طور پر جیسا کہ حضرت عیسیٰ کی اس موت کے لئے جو جرائم پیشہ کی موتیں ہوتی ہیں تجویزیں اور تدبیریں کی گئیں اس جگہ بھی ایسا ہی وقوع میں آئے گا۔

پھر آگے دوسرے الہامات میں جو اس کے بعد ہیں جن میں صریح اشارہ فرمایا گیا ہے کہ یہ کب اور کس وقت ہوگا اور اس قسم کے ارادے اور قتل کے منصوبے کس زمانہ میں ہوں گے اور اس سے پہلے کیا علامتیں ظاہر

﴿۲۴﴾ ہوں گی۔ اور وہ الہام یہ ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۷ میں ہے **میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اٹھاؤں گا۔ دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کردے گا۔ الفتنة ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم. فلمّا تجلّٰی ربّہ لِلجَبَل جعلہ دکّا۔**

ان الہامات میں صاف فرما دیا کہ وہ قتل کے منصوبے اس وقت ہوں گے جبکہ ایک چمکدار نشان ظاہر ہوگا۔ اسی وجہ سے ان منصوبوں کا نام اخیر کے الہام میں فتنہ رکھا اور فرمایا کہ اس جگہ ایک فتنہ ہوگا پس اولوالعزم نبیوں کی طرح صبر چاہئے۔ اور یہ بھی فرمایا کہ آخر وہ فتنہ نابود ہو جائے گا۔

یہ تین ۳ فتنے ہیں جن کا براہین میں ذکر ہوا اور یہ تینوں ظہور میں بھی آ گئے۔ چمکدار نشان کا فتنہ صرف زبانی شور وغوغا تک محدود نہیں رہا بلکہ ۸/اپریل ۱۸۹۷ء کو ہمارے گھر کی تلاشی بھی ہوگئی تا وہ پیشگوئی پوری ہو جو عیسیٰ کا نام رکھنے میں مخفی تھی۔ اب جیسا کہ براہین احمدیہ کے پڑھنے سے ان تین فتنوں کی خبر ملتی ہے۔ ایسا ہی اگر کوئی ہماری سوانح کا وہ نسخہ پڑھے جو براہین کے وقت سے اس وقت تک مکمل ہوا۔ تب بھی اس کو ماننا پڑتا ہے کہ خارج میں بھی تین ہی فتنے ظہور میں آئے۔ اس تحقیقات سے نہ صرف وہ پیشگوئی جو لیکھرام کی نسبت کی گئی تھی ان تائیدی ثبوتوں سے مضبوط ہوتی ہے بلکہ آتھم کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی وہ بھی ایسی کھل جاتی ہے جیسا کہ دن چڑھ جاتا ہے۔ غرض ان تینوں فتنوں پر نظر غور ڈال کر خدا کی قدرت کاملہ کا پتہ لگتا ہے یہ ایک ایسا مقام ہے کہ اس کو یونہی بیہودہ باتوں سے ٹالنا نہیں چاہیے بلکہ پوری توجہ کے ساتھ اس میں غور کرنی چاہیے۔ بلاشبہ ایک طالب حق کی پاک روح اور پاک کانشنس اس مقام سے اطلاع پا کر بہت سے حجابوں سے نجات پا سکتی ہے اور بیشک اس جگہ طبعاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر آتھم اور لیکھرام کی نسبت پیشگوئی خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں تھی بلکہ کوئی اتفاقی امر تھا تو کیوں کر یہ دونوں پیشگوئیاں آج سے سترہ برس پہلے براہین احمدیہ میں لکھی گئیں؟ اس بات سے کوئی منصف کہاں اور کدھر بھاگ سکتا ہے کہ جیسا کہ خارجی واقعات سے تین فتنوں کا نشان ملتا ہے ایسا ہی براہین احمدیہ

﴿۲۵﴾ بھی ان تینوں فتنوں کی خبر دیتی ہے۔

اب کیا یہ شہادتیں بہت سے قرائن کے ساتھ مضبوط ہو کر اس درجہ تک نہیں پہنچ گئیں جس کو قطعی اور یقینی کہتے ہیں؟ اور کیا یہ سترہ برس کا ممتد سلسلہ الہامات کا جو ہمارے زمانہ سے اس غیر متعلق زمانہ تک جا پہنچتا ہے جہاں منصوبہ بازی کی قلم بکلی ٹوٹ جاتی ہے پوری تسلی پانے کے لئے کافی نہیں ہے؟ کیا اب بھی کوئی شبہ باقی ہے جس پر کوئی وہمی طبیعت کا آدمی زور دے سکتا ہے؟ اور یہ کہنا کہ لیکھرام میعاد کے پانچویں برس میں مرا چھٹے برس میں نہیں مرا۔ کیا اس اعتراض سے زیادہ کوئی اور حماقت بھی ہوگی؟ ایسے معترض نے کہاں سے اور کس سے سن لیا کہ الہام میں چھٹے سال میں مرنا شرط ضروری تھا۔ یہ الہام تو صاف لفظوں میں بتلا رہا ہے کہ خدا تعالیٰ نے موت کے خاص وقت کو مخفی رکھ کر چھ برس کے عرصہ کا نشان دے دیا تھا کہ اس مدت میں جس وقت ارادۂ الٰہی ہوگا لیکھرام کو ہلاک کیا جائے گا۔ کیا خدا پر یہ ممتنع ہے کہ کوئی امر اپنی مصلحت سے مخفی رکھے اور کوئی امر ظاہر کرے۔ ایسے بے ہودہ اعتراض صرف اس بے وقوف کے مونہہ سے نکل سکتے ہیں جس کو الٰہی پیشگوئیوں کی فلاسفی کی خبر نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ دنیا میں جس قدر نبیوں کی معرفت پیشگوئیاں ظہور میں آئیں ان میں یہ منظور رہا ہے کہ کسی قدر پیشگوئی کے ظہور کے وقتوں کو پوشیدہ بھی رکھا جائے۔ سو اکثر سنت الٰہی اس طرح پر واقع ہے کہ ایک بات کے ہونے کے لئے ایک حد مقرر کر دی جاتی ہے۔ آئندہ خدا کا اختیار ہے چاہے تو اس حد کے پہلے حصہ میں ہی اس بات کو پوری کر دے اور چاہے تو آخری حصہ میں پوری کرے اور چاہے کوئی حد نہ لگائے۔ اور کوئی میعاد بیان نہ فرمائے۔ خدا کی کتابوں میں صدہا ایسی پیشگوئیاں پاؤ گے جن کے ظہور کا کوئی وقت نہیں بتلایا گیا۔ یہ نہایت صاف بات ہے کہ اگر خدا تعالیٰ ایک وعدہ فرمائے کہ اس ﴿۲۶﴾ عرصہ تک ایک کام جس وقت چاہوں کر دوں گا۔ تو کیا انسان اس پر اعتراض کر سکتا ہے کہ ایک خاص وقت کیوں نہیں بتلایا؟ ہاں اگر خدا تعالیٰ ایک میعاد مقرر کر کے صاف لفظوں میں یہ فرمائے کہ جب تک یہ کل میعاد گذر نہ جائے اور اس کا آخری منٹ یا آخری سیکنڈ نہ پہنچے تب تک

یہ پیشگوئی ظہور میں نہیں آئے گی۔ تو اس صورت میں ضروری ہوگا کہ اس میعاد کے آخری سیکنڈ میں پیشگوئی کا ظہور ہو لیکن جبکہ خدا اپنی مصلحت سے ایک میعاد مقرر کر کے یہ ظاہر فرمائے کہ اس میعاد کے اندر اندر جس حصہ میں مَیں چاہوں گا فلاں کام کروں گا تو ایسی پیشگوئی پر اعتراض کرنا خدا تعالیٰ کے تمام کارخانہ پر اعتراض ہے اور لیکھرام کے متعلق کی پیشگوئی میں ایک یہ بڑی عظمت ہے کہ اس میں صرف میعاد چھ ۶ سال کی نہیں بتلائی گئی بلکہ یہ بھی تو بتلایا گیا تھا کہ وہ ایسے دن میں اپنی سزا کو پہنچے گا جو عید کے دن سے ملا ہوا ہوگا۔

چنانچہ لیکھرام کا نام **گوسالہ سامری** اسی لئے رکھا گیا کہ گوسالہ عید کے دن جلایا گیا تھا۔ اور صریح الہام میں بھی عید کا دن آ گیا۔ اور ایسا شہرت پا گیا جو صدہا ہندوؤں میں وہ الہام مشہور ہوگیا۔ اور الہام اور کشف نے صاف لفظوں میں یہ بھی بتلا دیا کہ وہ ہیبت ناک موت ہوگی اور قتل کے ذریعہ سے وقوع میں آئے گی۔ اور کشف نے اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا کہ موت کا دن اتوار اور رات کا وقت ہوگا۔

اب دیکھو اس پیشگوئی میں کس قدر اعلیٰ درجہ کی غیب کی باتیں بھری ہوئی ہیں۔ اب کیا یہ صحیح نہیں کہ اگر ان تمام امور کو بہ ہیئت مجموعی اور بنظر یک جائی دیکھا جائے اور براہین کی پیشگوئی کو بھی ساتھ ملایا جائے تو بے شک یہ ضروری نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ پیشگوئیاں فوق العادت اور بالکل انسانی طاقتوں سے برتر ہیں۔ ہاں اگر کسی انسان کو یہ قوت حاصل ہے کہ ایسا دقیق در دقیق غیب بیان کر سکے اور ان امور کی سترہ ۱۷

﴿۲۷﴾ برس پہلے خبر دے جو بیان کرنے کے زمانہ میں معدوم کی طرح ہوں تو ایسے انسان کو بطور نظیر پیش کرنا چاہیے اور اس کے واقعات معائنہ کے طور پر دکھلانے چاہئیں اور صرف پرانے کرم خوردہ قصے اس جگہ کام نہیں آئیں گے۔

نداریم اے یار با نسیہ کار اگر قدرتت ہست نقدے بیار

آپ سن چکے ہیں کہ براہین احمدیہ میں صاف طور پر یہ پیشگوئیاں دکھلائی گئی ہیں۔ پس یہ سلسلہ وار شہادتیں کیوں کر ٹوٹ جائیں گی؟

چونکہ بعض ظالم مولوی جیسا کہ محمد حسین بٹالوی☆ میری دشمنی کے لئے اسلام پر حملہ کرنا چاہتے ہیں اور وہ نشان جو اس دین کی سچائی پر گواہی دینے کے لئے آسمان سے نازل ہوئے ہیں ان کو مٹا دینا ان لوگوں کا مقصود ہے اس لئے یہ **استفتاء** قوم کے معزز اہل نظر کی

☆ اس شیخ دشمن حق کا یہ بھی میرے پر افترا ہے کہ اور بھی بعض پیشگوئیاں جھوٹی نکلیں۔ ہم بجز اس کے کیا کہیں کہ **لعنة اللّٰہ علی الکاذبین**۔ ہم شیخ مذکور کو فی پیشگوئی سَو روپیہ نقد دینے کو تیار ہیں اگر وہ ثابت کر سکے کہ فلاں پیشگوئی خلاف واقعہ ظہور میں آئی مگر کیا وہ یہ بات سن کر تحقیقات کے لئے درخواست کرے گا؟ نہیں اس کو نخوت نے اندھا کر دیا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ یہ شخص نہایت درجہ کا مفسد اور دشمن حق ہے اس کو اسلام سے کچھ خاص دشمنی ہے اس کا دل نہیں چاہتا کہ اس پُر آشوب زمانہ میں اسلام کی عزت اور شوکت اور بزرگی ظاہر ہو مگر یہ اس ارادہ میں **ناکام رہے گا۔ میری بات سن رکھو! اب سے خوب یاد رکھو کہ خدا بہت سے نشان دکھائے گا۔ نہیں چھوڑے گا جب تک ایسے لوگوں کو ذلیل کر کے نہ دکھلائے۔ منہ**

﴿۲۸﴾ خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ تمام واقعات اور شہادتیں ہم نے صحیح صحیح لکھ دیئے ہیں اور کتابیں جن سے لکھے گئے ہیں مدت سے شائع شدہ ہیں۔ ہر ایک اہل الرائے معزز اگر اصل کتابوں کو دیکھنا چاہے تو ہم سے طلب کرسکتا ہے اس لئے ہم معزز اہل الرائے صاحبوں کی خدمت میں ملتمس ہیں کہ وہ اللہ جَلّ شانہٗ اور اس کے رسول کی عظمت اور عزت کیلئے اس فتویٰ کو جو روئداد موجودہ سے پیدا ہوتا ہے کاغذات منسلکہ رسالہ ھٰذا پر لکھ کر اور اپنی اور دوسروں کی گواہی ان پر ثبت فرما کر گم گشتہ لوگوں پر احسان فرماویں اور ایسی تحریریں بذریعہ خط ہمارے پاس بھیج دیں کہ وہ سب مجموعہ کے طور پر چھاپ دی جائیں گی اور میں جانتا ہوں کہ اس بارے میں معزز اہل الرائے کی شہادتیں بڑے جوش سے ہر ایک طرف سے آئیں گی اور سچے ایماندار اس گواہی کو جس میں اسلام کی شان ظاہر ہوتی ہے کبھی پوشیدہ نہیں کریں گے مگر کمینہ طبع ذلیل خیال دنیا پرست۔ سو ایسے لوگ یاد رکھیں کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو سچی گواہی کو چھپائے گا اس کا دل خدا کا گناہ گار ہے۔ جہاں تک میں دیکھتا ہوں سرکاری عہدہ داروں کو بھی کوئی قانون ایسی سچی گواہی سے نہیں روکتا جس میں جائز طور پر سچائی کی مدد ہو۔ انسان میں سچائی کی حمایت بڑی عمدہ صفت ہے۔ ہم کیسی ہی دنیا کی عزت اور وجاہت پاویں خدا کے پنجہ سے باہر نہیں جاسکتے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس زبردست حاکم کا لحاظ نہ رکھنا اور سچی گواہی کو چھپانا اپنے لئے ذلت کی مار خریدنا ہے۔ جو شخص ایسی صاف صاف روئداد کو دیکھ کر پھر سچی گواہی سے پہلوتہی کرے گا اس کی نسبت ہمیں کم سے کم یہ اعتقاد رکھنا پڑے گا کہ یہ شخص خدا اور دین اور رسول مقبول کی حمایت عزت سے لاپرواہ ہے لیکن اگر وہ سچی گواہی دے گا تو ہم **احکم الحاکمین** کے آگے اس کے دین و دنیا کی مرادوں کے لئے دعا کریں گے اور ہم کیا مانگتے ہیں؟ صرف **سچی گواہی**

مبادا دل آں فرو مایہ شاد کہ از بہر دنیا دہد دین بباد

میرا ارادہ ہے کہ ان باتوں کو انگریزی میں ترجمہ کرا کر یورپ کے اہل النظر لوگوں کے سامنے بھی پیش کروں کیونکہ ان میں فطرتاً سچائی کی حمایت کے لئے بڑی جرأت پائی جاتی ہے۔ بشرطیکہ ایک سچائی کافی الواقع سچا ہونا سمجھ لیں مگر اوّل میں اپنے قومی بھائیوں کے سامنے یہ اپیل پیش کرتا ہوں اور ان کو اس مردانہ شہادت کے ادا کرنے کا موقعہ دیتا ہوں جس سے دنیا کے اخیر تک عزت کے ساتھ نیک مردوں کی فہرست میں ان کا نام درج رہے گا۔ **الراقم میرزا غلام احمد قادیانی۔** ۱۲؍مئی ۱۸۹۷ء

نمبر شمار	نام مصدق نشان متعلق لیکھرام	سکونت معہ دیگر پتہ بقید ضلع	عبارت تصدیق

نمبر شمار	نام مصدق نشان متعلق لیکھرام	سکونت معہ دیگر پتہ بقید ضلع	عبارت تصدیق

اس طرح کا ایک اور ورق بھی لکھا ہوا ہے۔ شمس

ٹائیٹل بار اول



اَلإعلانُ فاسمعوا يا أَهل العُدُوَان

أيّها النّاظرون اعلَمُوا، رحِمكم اللّٰه ورزَقكم رزقًا حسنًا من التفضّلات الجليّة والألطاف الخفيّة، أنّ هذه رسالتى قد تمّت بالعناية الإلٰهيّة محفوفةً بالأسرار الأنيقة الرّبّانية، ومشتملةً علٰى محاسن الأدب، والمُلَح البيانيّة؛ فكأنّها حديقة مُخضرّة، تُغرّد فيها بلابل على دوحة الصفاء، وتُصبى ثمراتها قلوب الأدباء .ومَن أمعنَ فيها بإخلاص النيّة، وصدق الطويّة، فلا شكّ أنه يُقرّ بفصاحة كلماتها، وبراعة عباراتها، ويُقرّ بأنها أعلٰى وأملح من التدوينات الرسميّة، وعليها طلاوة أكثر من المقالات الإنسَانيّة .وأمّا الذى جُبِلَ على سيرة النقمة والعناد، فيجحد بفضلها ويترک متعمّدًا طريق القسط والسّداد، ولو كانت نفسه من المستيقنين .فنحن نُقبِل الآن على زُمر تلک المنكرين، ولقد وعيتَ أسماء هم فيما سَبَقَ مِن ذكر المكفّرين والمكذّبين ..أعنى شيخ "البَطالة "وأمثاله من المفسّقين الفاسقين .فليُناضلونى فى هذا ولو متظاهرين بأمثالهم، وليبرهنوا على كمالهم، وإلا كشفتُ عن سبّهم وأخزيتهم فى أَعين جُهّالهم .ومن يكتب منهم كتابا كمثل هٰذه الرسالة، إلى ثلا ثة أشهر أو إلى الأربعة، فقد كذّبنى صدقًا وعدلًا، وأثبتَ أنّنى لستُ من الحضرة الأحدية .فهل فى الحىّ حىٌّ يقضى هذه الخطّة، ويُنجّى مِن التفرقة الأمّةَ؟ وليستظهرُ بالأدباء إن كان جاهلا لا يعرف طرق الإنشآء، وليعلم أنه من المغلوبين .وسيذهب اللّٰه ببصره ببرق من السّماء، فيُعْشِيه كما يُعشِى الهجيرُ عينَ الحِربآء، ويُطفأُ وطيسَ المفترين .أيها المكذّبون الكذّابون! ما لكم لا تجيئون ولا تناضلون، وتدعون ثم لا تُبارِزون؟ ويلٌ لكم ولما تفعلون يٰمعشر الجٰهلين.

المُعْلِنُ غلام احمد القاديَانى

۲۶/مئى ۱۸۹۷ء

ضمیمہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ حجّۃُ اللّٰہ

نحمدہ و نصلی علٰی رسولہ الکریم

قُتِلَ الانسانُ ما اَکفرہ

أیها الناظرون، والأدباء المنقّدون ۔ أنتم تعلمون أنی کتبتُ من قبل هذا کتبًا

اے بینندگان وادیبان درمنقوش وغیر منقوش فرق کنندگان شامی دانید کہ من پیش ازیں چند کتابہا درعربی نوشتہ ام

اے دیکھنے والو اور کلام کے کھوٹے اور کھرے میں فرق کرنے والو تم جانتے ہو کہ میں نے پہلے اس سے چند کتابیں عربی

فی العربیة، وزیّنتُها کالبیوت المشیّدة المزدانة، ورأیتم أنها تحکی الدُرر

وآں کتاب ہا را چناں زینت دادم کہ خانہ ہا زینت دادہ و بلند کردہ میشوند وشما دیدہ اید کہ آن کتابہا

میں لکھی تھیں اور ان کتابوں کو میں نے ایسی زینت دی تھی جیسا کہ گھروں کو زینت دیا جاتا اور بلند کیا جاتا ہے۔ اور تم نے

العمّانیة، وتحسی الدرر العرفانیّة .وکنتُ أتوقع أنّ العلماء یعُدّونها من

در ہائے عمانی را میمانند وشیر ہائے معرفت مینوشانند ومن توقع میداشتم کہ علماء آں تالیف ہا را از

دیکھا ہے کہ وہ کتابیں موتیوں سے مشابہت رکھتی ہیں اور معرفت کا دودھ پلاتی ہیں اور میں امید رکھتا تھا کہ مولوی لوگ

الآیات، ویعقدون لِزَوُری حبّک النِّطاق بصحّة النیّات، وما زِلتُ أسلّی بالی

جملہ نشانہا خواہند شمرد۔ وبرائے دیدن من ازار بند پارچہ کمر خود بصحت نیت خواہند بست ومن ہمیشہ

ان کتابوں کو منجملہ نشانوں کے شمار کریں گے اور میرے دیکھنے کیلئے اپنی کمر کو صحت نیت کے ساتھ باندھیں گے اور میں ہمیشہ

بهذا الأمل، حتی وجدتُهم فاسدَ النیّة والعمل، وبدا أنّ فراستی قد أخطأتْ،

دل خود را بدین امید بے غم میکردم۔ تا آنکہ اوشان را نیت وعمل تباہ یافتم وظاہر شد کہ فراست من

اس امید کے ساتھ دل کو تسلی دیتا تھا۔ یہاں تک کہ میں نے ان کو نیت اور کام میں خراب پایا اور ظاہر ہوگیا کہ میری

وأعین العلماء ما انفتحت، وتراء ی الیأس وآثار الرجاء انقطعتْ، وبلغ الأمر

خطا کرد وچشمہائے علماء کشادہ نشدند ونومیدی ظاہر شد ونشان امید منقطع شدند۔ وکار بجائے رسید

فراست خطا گئی اور مولویوں کی آنکھیں نہیں کھلیں اور نومیدی ظاہر ہوگئی اور امید کی نشانیاں منقطع ہوگئیں اور اس حد تک

﴿۲﴾ إلّٰی حدٍّ أنّ الشیخ الذی هو للطالبین کسَدٍّ زریٰ علٰی مقالی، وتکلّم فی أقوالی، وقال إنْ هو إلا قول رقیق وما هو بکلام جزلٍ، بل کسقطٍ وهزلٍ، ولیس من غرر البیان، ولا من محاسن الکنایات والتبیان وکل ما رصّعتُ فی کتبی من الجواهر العربیّة، والنوادر الأدبیة، والطائف البیانیة، والنکات المبتکرة المصبیة، أراد المفسدُ المذکور أن یُطفی نورها، ویمنع ظهورها، ویجعل الناس من المنکرین أو المرتابین ومع ذٰلک ادّعی أنه فی الأدب رحیب وبسیار مالدار است

کہ شیخ بٹالہ کہ برائے طالبان مثل دیوار مانع است ۔ برکلام من عیب جوئی کرد ۔ ودر نوبت پہنچ گئی کہ شیخ بٹالہ جو طالبوں کے لئے ایک روک ہے میری کلام پر اس نے نکتہ چینی کی سخن من کلام کرد ۔ وگفت شک نیست کہ آں قول زشت است وکلامے خوب نیست ۔ بلکہ اورکہا کہ وہ قول رکیک ہے اچھا نہیں بلکہ

سخن بے فائدہ وبیہودہ است وبیانے واضح ومحاسن کنایات نیست غلط اور بیہودہ ہے اور بیان واضح اور عمدہ کلام نہیں ہے

وآں تمام جواہر عربیہ ونوادر ادبیہ اور وہ تمام جواہر عربیہ اور نوادر ادبیہ اور لطائف بیانیہ اور دلکش نکتے کہ میں نے اپنی کتابوں میں لکھے اس مفسد نے خواست کہ آں ہمہ نور را منطفی کند وازظاہر شدن باز دارد ومردم راازچاہا کہ ان کے نور کو بجھادے اور ظاہر ہونے سے روکے اور لوگوں کو

منکران یا شک کنندگان کند وبا ایں ہمہ دعویٰ کرد کہ او درعلم ادب فراخ دست فراخ دست اور بہت مالدار ہے اوران لوگوں میں سے ہے جو یگانہ ہوتے ہیں اوراسی طرح اپنی حق پوشی سے منکروں یا شک کرنے والوں میں سے کردے ۔ اور پھراس کے ساتھ یہ دعویٰ بھی کیا کہ وہ علم ادب میں

وہمچنیں بہ تلبیس ہائے خود

﴿۳﴾ بتلبيساته، وأضحک الأطفال بخزعبيلاته، وجاء بزُور مبين

مردم رافریب داد وبکار ہائے باطل خود اطفال رابخندانید و دروغ صریح آورد

لوگوں کو دھوکہ دیا اور اپنے باطل کاموں سے لڑکوں کو ہنسایا اور صریح جھوٹ

وجئنا بلؤلوءٍ رَطُب فما استجاد، ونفَضنا عليه عجماتٍ

و ما مروارید تازہ آوردیم پس جیّد وخوب ندانست و بر و درختہائے خرما فشاندیم

لایا۔ اور ہم تازہ موتی لائے پس اس نے ان کو اچھا نہ سمجھا اور ہم نے درخت کھجور

فما استحلى ثمارَنا وما أرَى الوداد، بل زاد بُخلًا وعنادًا كالمستكبرين .

پس بر ما را شیریں ندانست و دوستی ننمود بلکہ در بخل وعناد ہمچو متکبراں زیادہ شد

اس پر جھاڑی پس اس نے ان کو شیریں خیال نہ کیا بلکہ متکبروں کی طرح بخل اور عناد میں

وقال إنّ كُتُبَ هذا الرجل مملوّة من الأغلاط والأغلوطات، ومُبعَّدة

وگفت کہ کتابہائے این شخص از غلطی ہا پر ہستند واز لطائف

بڑھ گیا۔ اور کہا کہ اس شخص کی کتابیں غلطیوں سے پر ہیں اور لطائف

من لطائف الأدب ومُلح المحاورات، وليست كماء مَعين .فما حَكَمَ

ادب ونمکینی محاورات دور داشتہ شدہ اند وہمچو آب رواں نیستند پس بچیزے

ادب اور نمکینی محاورات سے خالی ہیں اور صاف پانی کی طرح نہیں ہیں۔ پس

بما وجب، بل أخفى الحق ومنع وحجب، وتصدّى لخدع العوام

حکم نکرد کہ واجب بود بلکہ حق راپوشیدہ کرد واز مردم باز داشت وبرائے فریب دادن عوام پیش آمد

وہ بات نہ کی جو واجب تھی بلکہ سچ کو چھپایا اور لوگوں کو روکا اور عوام کو دھوکہ دیا

بعد ما شُغف بالكلام .وكان يعلم أنّ كتم الشهادة مأثمة، وتكذيب

بعد ز انکہ بکلام من فریفتہ شد واو میدانست کہ گواہی پوشیدہ کردن گناہ است ۔ وتکذیب

بعد اس کے کہ میری کلام پر فریفتہ ہوا۔ اور وہ خوب جانتا تھا کہ گواہی کا پوشیدہ کرنا گناہ ہے اور

الصادق معصية، ولكنه آثر الدنيا على الآخرة، والنفسَ الأمّارة

صادق معصیت است مگراو دنیا را بر آخرت اختیار کرد و نفس امّارہ را

صادق کی تکذیب معصیت ہے۔لیکن اس نے آخرت کو چھوڑا اور دنیا کو اختیار کیا۔ اور نفس امارہ کو

﴿۴﴾ **علی الحضرة الأحديّة .وأراد اللّٰه أن يرفعه فأخلدَ إلى الأرض**

برحضرت احدیّت مقدم داشت ۔ وخدا تعالیٰ خواست کہ او را بردارد پس او ہمچو فاسقاں سوئے

حضرت احدیت پر مقدم رکھا۔ اور خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اس کو اٹھاوے۔ پس وہ فاسقوں کی طرح

كالفاسقين .وليس في نفسه جوهر من غير تصلّفٍ كالنسوان، و

زمین میل کرد ودر ہرنفس او بجز لاف زنی ہمچو زنان و

زمین کی طرف جھک گیا۔ اوراس میں بجز لاف زنی کے اور بغرض دھوکہ زبان آرائی

خدع الناس بتزويق اللسان، وإنّه من المزوّرين .يريد أن يُطفأ نورًا،

آراستن زبان برائے فریب دادن مردم ہیچ جوہرے نیست واواز دروغ آرایان است ارادہ

کرنے کے اور کوئی جوہر نہیں اور وہ جھوٹ کو آرائش دینے والوں میں سے ہے۔ ارادہ

ظلما وزورًا، ويزيد الناس رهقًا وكفورًا، ويصرف عن

میکند کہ از ظلم وزور نور را بمیراند ومردم را در ظلم وکفران زیادہ کند وجاہلان را زحق

کرتا ہے کہ نور کو بجھادے۔ اور لوگوں کو ظلم اور کفران میں زیادہ کرے۔ اور حق سے

الحق قومًا جاهلين .واللّٰه إنّه لا يعلم ما البلاغة وأفنانها، وكيف

بازگرداند و بخدا کہ او نمی داند کہ بلاغت چیست وشاخہائے آن چیست و چگونہ

جاہلوں کو پھیردے۔ اور بخدا وہ نہیں جانتا کہ بلاغت کسے کہتے ہیں اور اس کی شاخیں

يحق أداء ها وبيانها، وما وصل مقامًا من مقامات فهم الكلام، و

حق بیان او ادا می تواند شد و از مقامات فہم کلام بہ ہیچ مقامے نرسیدہ۔ و

کیا ہیں۔ اور کیونکر اس کے بیان کا حق ادا ہوتا ہے اور فہم کلام کے مقامات میں سے کسی مقام تک

إن هو كالأنعام، ومن المحرومين.

صرف مانند چارپایان ومحرومان است ۔

وہ نہیں پہنچا۔ اور صرف چارپایوں اور محروموں کی طرح ہے۔

فالأمر الذى يُنجّى الناس من غوائل تزويراته، و هباء

پس امرے کہ مردم را از دروغ گوئی او رہائی بخشد ۔

پس وہ بات جو لوگوں کو اس کے جھوٹ سے نجات دے گا☆ یہ ہے کہ

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' دے گی ''ہونا چاہیے۔(ناشر)

﴿۵﴾ مقالا تہ، أن نعرض علیہ کلامًا مِنّا و کلامًا آخر من بعض العرب

این است کہ ما برو کلام خود و کلام دیگران از عرب عربا پیش کنیم

ہم اس پر اپنا کلام اور بعض دوسرے ادیب عربوں کا کلام پیش کریں۔ اور

العرباء، ونلبس علیہ اسمنا واسم تلک الأدباء، ثم نقول أَنْبِئْنا

وبرد نام خود و نام آن ادیباں پوشیدہ داریم۔ بازبگوئیم کہ مارا خبردہ

اپنا اور ان کا نام اس پر پوشیدہ رکھیں۔ اور پھر اس کو کہیں کہ ہمیں بتلا

بقولنا وقول ھؤلاء، إن کنت فی زرایتک من الصادقین.

کہ قول ما کدام است و قول ایناں کدام اگر در عیب گیری راست گو ہستی۔

کہ ان میں سے ہمارا کلام کونسا ہے اور ان کا کلام کونسا ہے اگر تو سچا ہے۔

فإن عرف قولی وقولھم وأصاب فیما نوَی، وفرّق کفلق الحبّ

پس اگر قول مرا و قول اوشاں راشناخت و درشناختن خطا نکرد۔ وچوں دانہ و خستہ آن

پس اگر اس نے میرا قول اور ان کا قول شناخت کرلیا اور گٹھلی اور دانہ کی طرح فرق کرکے

من النویٰ، فنعطیہ خمسین رُوفیة صِلةً منّا

جدا کردہ نمود پس ما او را پنجاہ روپیہ بطور انعام یا

دکھلا دیا پس ہم اس کو پچاس روپیہ بطور انعام یا

أو غرامةً، ونحسب منہ ذٰلک کرامةً، ونعُدّہ من

تاوان خواہیم داد و درین کرامت او خواہیم شمرد و از ادباء

تاوان دیں گے۔ اور یہ اس کی کرامت سمجھی جائے گی۔ اور ہم اس کو ادباء

الأدباء الفاضلین، ونقبل أنہ کان فیما زرٰی من الصّادقین.

فاضل او را خواہیم شمرد و قبول خواہیم کرد کہ او در عیب گیری راست گوبود

فاضلین میں سے شمار کریں گے اور قبول کریں گے کہ وہ عیب گیری میں راست گو تھا

فإن کان راضیا بھذا الاختبار، ومتصدّیًا لھذا المضمار، فلیُخبرُنا

پس اگر بدیں آزمایش راضی باشد و برائے این میدان طیار باشد پس باید کہ

پس اگر اس آزمایش کے ساتھ راضی ہو اور اس میدان کے لئے طیار ہو تو

﴿۶﴾ بنيّة صالحة كالأبرار، وليُشِعْ هذا العزم في الجرائد والأخبار،

ما را ہمچو نیکوکاران خبر دہد و ایں عزم را در اخبار ہمچو یقین کنندگان بھلے مانسوں کی طرح ہمیں خبر دے۔ اور چاہئے کہ اس قصد کو اخباروں میں یقین کرنیوالوں کی طرح

كأهل الحق واليقين.

شائع کناند۔

شائع کردے۔

وأمّا أنا فبعد اطّلاعي على ذٰلك الاشتهار، سأرسل إليه

مگر من پس بعد از اطلاع برین اشتہار چند ورق برائے امتحان سوئے

مگر میں پس میں اشتہار پر اطلاع پانے کے بعد چند ورق امتحان کے لئے

أوراقا للاختبار، ليحكم اللّٰه بَيني وَبَين هذا الكَفّار، وَهُوَ أحكم

او خواہم فرستاد تا کہ خداتعالیٰ درمن و او فیصلہ فرماید و خدا احکم

اس کی طرف بھیج دوں گا۔ تا کہ خداتعالیٰ مجھ میں اور اس میں فیصلہ کردیوے اور وہ احکم

الحاكمين . وإنّي أرىٰ مُذ أعوام، أنّ هذا الرجل لا يمتنع من الهذيان،

الحاکمین است و من از چند سال مے بینم کہ ایں شخص از بیہودہ گوئی بازنمے آید۔

الحاکمین ہے اور میں کئی برس سے دیکھ رہا ہوں کہ یہ شخص بیہودہ گوئی سے باز نہیں آتا

ولا يتّقي أَخْذَ اللّٰه الديّان، فألجأني بخله إلى هذا الامتحان .

و از مواخذہ خداتعالیٰ نمی ترسد پس بخل او مرا برائے ایں امتحان بے قرار کرد

اور خداتعالیٰ کے مواخذہ سے نہیں ڈرتا۔ سو اس کے بخل نے اس امتحان کے لئے مجھے مجبور کیا۔

فإن جاء المضمارَ وأثبت ما ادّعى، و مازَ كَلِمي من كلمات أخرى،فله ما

پس اگر در میدان آمد و آنچہ دعویٰ کرد ثابت نمود و کلمات مرا از کلمات دیگراں جدا کرد پس اورا آں انعام

پس اگر میدان میں آیا اور جو دعویٰ کیا تھا اس کو ثابت کر دکھلایا۔ اور میرے کلموں کو دوسروں کے کلموں سے علیحدہ کر

سمع منّا ووعى، وإن شمّر ذيله وانثنى، وما طالبنا ما وَعَدنا

خواہم داد کہ از ما شنیدہ است و یاد داشتہ است و اگر دامن خود پیچید و برگشت و مطالبہ وعدہ مانکرد

کے دکھلا دیا سو ہم اس کو وہ انعام دیں گے جو ہم سے سن چکا ہے اور اگر اپنا دامن سمیٹ لیا اور پھر گیا اور ہمارے وعدہ

﴿۷﴾ وما انبری، بل انساب ودخل جُحرہ وانزوی، وما ترک التکذیب وما

وپیش نیامد بلکہ برفت وداخل سوراخ خودشد وپوشیدہ گشت وتکذیب راترک نہ کردوباز نیامد۔ پس برائے

کا مطالبہ نہ کیا اور اپنے سوراخ میں داخل ہوگیا اور چھپ گیا اور تکذیب سے باز نہ آیا۔

انتھٰی، فإنّ لہ جھنّم لا یموت فیھا ولا یحیٰی، والسّلام علٰی من اتّبع الھدٰی .

او جہنم است کہ درو نہ زندہ خواہد ماند و نہ خواہد مرد۔ و سلام برآنکہ پیروی ہدایت کرد

پس اس کے لئے وہ دوزخ ہے کہ جس میں وہ نہ مرے گا نہ زندہ رہ سکے گا۔

المعلن

میرزا غلام احمد القادیانی

۲۶/ مئی ۱۸۹۷ء

ایک گواہی

مفصلہ ذیل اشتہار ایک فقیر مجذوب نے جو سیالکوٹ میں قریب بارہ سال سے مقیم ہے ہمارے پاس شائع کرنے کے لئے بھجوایا ہے لہٰذا ہم اس جگہ اس کی نقل مطابق اصل بلفظہ کردیتے ہیں اور وہ یہ ہے۔ ☆

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اشتہار واجب الاظہار

خدا کے فضل اور الہام سے۔ روح جناب رسول مقبول صلعم سے۔ روح کل شہدا سے۔ روح کل ابدالوں سے۔ روح کل اولیاء سے جو زمین پر ہیں۔ اور ان روحوں سے جو چودہ طبقوں کی خبر رکھتی ہیں۔ میں نے ان سب سے الہام اور گواہی پائی ہے کہ حضرت مرزا صاحب کو اللہ جلّ شانہٗ نے بھیجا ہے۔

☆ اس مجذوب کی اس نواح میں بہت عظمت اور شہرت ہے۔

﴿۸﴾ رسول مقبول کے دین میں سخت فتنے برپا ہوگئے۔ وہ حد درجہ کا ضعیف ہوگیا۔ ہزاروں ملعون فرقے جیسے نصاریٰ اور رافضی پیدا ہوکر لوگوں کی گمراہی کا باعث ہوئے۔ اس لئے مسیح موعود کو بھیجنے کی ضرورت ہوئی۔ اس وقت یہ جو خوفناک فتنے پیدا ہوئے ان کی اصلاح ایک بھاری نبی کا کام تھا۔ مگر چونکہ رسول مقبول کے بعد کوئی نبی نہیں آنا تھا خدا تعالیٰ نے حضرت مرزا صاحب کو جو رسول مقبول کی دستار مبارک ہیں بھیجا۔ جو لوگ خیال کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ اس جسم سے زندہ آسمان پر اٹھائے گئے وہ جھوٹے ہیں کوئی آسمان پر موت کا مزہ چکھے بغیر اور جسم کے ساتھ نہیں گیا۔ اے علماء گدی نشینو! اے فقرا گدی نشینو! اے اہل بیت گدی نشینو! سن رکھو! عنقریب آسمان سے بڑی بھاری جلالی گواہی اس سلسلہ کی سچائی کی ظاہر ہونے والی ہے! خود خدا بڑے زور سے گواہی دے گا۔ پھر تم اس مخالفت میں بڑے ذلیل اور شرمندے ہوگے۔ یہ میرا اشتہار سچا ہے۔ یہ لوح محفوظ کی نقل ہے۔ میں دیکھتا ہوں اس مخالفت سے خدا تعالیٰ تم پر سخت ناراض ہے۔ رسول مقبول تم سے حد درجہ بیزار ہے۔

المشتہر

فقیر محمد۔ سیالکوٹ۔ برلب اَیک۔ باغ بستی والا

۲۸ رمئی ۱۸۹۷ء

ایک عمدہ تجویز

ارادہ ہے کہ حضرت اقدس جناب مسیح موعود کے وہ مضامین جو متفرق ہیں مثلاً اشتہارات مطبوعہ۔ قلمی خطوط اور وہ مضامین جو کسی غیر کے رسالہ یا کسی اخبار میں طبع ہوئے ایک جگہ جمع کر کے کتاب کی صورت میں طبع کئے جائیں۔ پس جس صاحب کے پاس ۱۸۹۶ء سے پہلے کا جو کوئی اشتہار (مطبوعہ) ہو اس کے عنوان۔ تاریخ۔ خلاصہ مضمون اور تعداد صفحہ سے اطلاع دیں تا کہ اگر دفتر میں وہ نہ ہو تو ان سے عاریتاً طلب کیا جائے۔ اور جس صاحب کے پاس حضرت اقدس کا کوئی خط جو نجی کے معاملہ کی نسبت نہ ہو اور مفید عام ہو اس کی ایک نقل بلکہ وہ اصل خط ہی عاریتاً چند روز کے لئے بھیج دیں بعد نقل انشاء اللّٰہ و انشاء صاحبہٗ واپس کیا جائے گا۔ یہ بھی واضح رہے کہ خریداران کی کافی درخواستیں بہم پہنچنے پر اس کتاب کی طبع کا انتظام ہوگا۔ پس شائقین ساتھ ہی درخواست خریداری ارسال فرماویں۔ خط و کتابت صاحبزادہ **سراج الحق صاحب** جمالی نعمانی کے نام ہونی چاہیے۔ فقط

المشتہر منظور محمد مہتمم کتب خانہ حضرت اقدس من مقام قادیان دارالامان یکم جون۔

مطبوعہ ضیاء الاسلام پریس قادیان

﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ وسلام علٰی عبادہ الذین اصطفٰی

سخن نزدم مَران از شہر یارے | کہ ہستم بر درے امید وارے
خداوندے کہ جان بخش جہان ست | بدیع و خالق و پروردگارے
کریم و قادر و مشکل کشائے | رحیم و محسن و حاجت برارے
فتادم بر درش زیر آنکہ گویند | بر آید در جہان کارے زِ کارے
چو آن یارِ وفادار آیدم یاد | فراموشم شود ہر خویش و یارے
بغیر او چسان بندم دلِ خویش | کہ بے رویش نمے آید قرارے
دلم در سینۂ ریشم مجوئید | کہ بستیمش بدامانِ نگارے
دل من دلبرے را تخت گاہے | سر من در رہِ یارے نثارے
چگویم فضل او بر من چگون ست | کہ فضل اوست ناپیدا کنارے
عنایت ہائے او را چون شمارم | کہ لطف اوست بیرون از شمارے
مرا کاریست با آن دلستانے | ندارد کس خبر زان کاروبارے
بنالم بر درش زِ انسان کہ نالد | بوقت وضع حملے باردارے
مرا باعشق او وقتے ست معمور | چہ خوش وقتے چہ خرم روزگارے
ثناہا گویمت اے گُلشن یار | کہ فارغ کردی از باغ و بہارے

﴿۲﴾

ذَبُّ الْمُفْتَرِیْنْ

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَنِی لَایُحَارِبُوْنَ اِلَّا اللّٰہَ فَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْن

بُردباری می کند زور آورے جاہلے فہمد کہ ہستم برترے

اس وقت میرے سامنے وہ کاغذ پڑے ہیں جن میں نام کے مسلمانوں نے مجھ کو گالیاں دی ہیں چنانچہ ان میں سے ایک عبدالحق غزنوی ہے جو اپنے اشتہار میں مجھے دجال ٹھہرا کر اپنے اشتہار کے عنوان میں لکھتا ہے کہ ضَرْبُ النّعال عَلٰی وَجْہ الدّجال یعنی اس دجال کے منہ پر جوتی مارتا ہوں۔ سو یہ تو اس نے سچ کہا کیونکہ درحقیقت وہ خود دجال ہے اور آسمان سے اسی کے منہ پر جوتی پڑی نہ کسی اور کے منہ پر۔ ابھی معلوم نہیں کہ کہاں تک اس کا سرنرم کیا جائے گا۔ ابھی تو جلسہ مذاہب سے اس وقت تک صرف دو آسمانی جوتے اس کے سر پر پڑے ہاں ضرب شدید سے پڑے جس سے کچھ ہڈیاں ٹوٹی ہوں گی۔ معلوم نہیں کہ کس وقت اس بدبخت نے یہ کلمہ منہ سے نکالا تھا کہ دعا کی طرح اس کے حق میں قبول ہوگیا۔ پھر اسی اشتہار میں یہ نادان میری نسبت لکھتا ہے کہ لعنت کا طوق اس کے گلے میں ہے مگر اب اسے پوچھنا چاہئے کہ ذرا آنکھیں کھول کر دیکھے کہ کس کے گلے میں ہے؟ ذرہ سمجھ کر بولے کہ مذہبی جلسہ کے الہامی اشتہار نے کس کے منہ کو سیاہ کیا۔ لیکھرام کی موت نے کس کے گلے میں لعنت کا طوق ڈال دیا۔ بار بار یہ شخص آتھم کی پیشگوئی کی نسبت اعتراض کرتا ہے۔ جاہل کو اب تک سمجھ نہیں آتا کہ آتھم کی پیشگوئی☆ جیسا کہ الہام کے الفاظ اور الہام کی شرط تھی کامل صفائی سے پوری

☆ آتھم کے حالات کے بارے میں جو کچھ انوار الاسلام میں چھپا تھا وہ پھر بطور مختصر فائدہ عام کیلئے لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے۔

یہ بات بالکل سچ اور یقینی اور الہام کے مطابق ہے کہ اگر مسٹر عبداللہ کا دل جیسا کہ پہلے تھا ویسا ہی توہین اور تحقیر اسلام پر قائم رہتا اور اسلامی عظمت کو قبول کر کے حق کی طرف

﴿۳﴾ ہوگئی۔ شرط کے موافق خدائے کریم نے اس کی موت میں تاخیر ڈال دی اور پھر الہام کے موافق اس کو ساتے مہینہ کے اندر مار دیا۔ چونکہ آتھم ڈرا اس لئے خدا نے اس کے معاملہ میں اپنی صفت رحم کو دکھلایا اور لیکھرام نہیں ڈرا اس لئے خدا نے اس کے معاملہ میں اپنی صفت قہر کو دکھلایا۔ سو خدا نے ان دونوں پیشگوئیوں سے اپنی **جمالی** اور **جلالی** صفات کا نمونہ دکھلا دیا اور ہر ایک کی حالت کے موافق معاملہ کیا۔ آتھم پیشگوئی کو سن کر تمام شوخیوں سے کنارہ کش ہوگیا مگر لیکھرام نہ ہوا۔ آتھم نے تمام مباحثات مسلمانوں سے چھوڑ دیئے مگر اس نے ہرگز نہ چھوڑے۔ آتھم اس دن تک جو میعاد کے دن پورے ہوئے مردہ کی طرح پڑا رہا اور روتا رہا مگر یہ ہنستا اور ٹھٹھے کرتا رہا۔ اس نے شرم دکھلائی مگر لیکھرام نے بے شرمی اور شوخی ظاہر کی اور اس نے اپنا منہ بند کرلیا اور لیکھرام نے گالیوں سے اپنا منہ کھولا اور خدا نے آتھم کی نسبت مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ **اِطَّلَعَ اللّٰہُ عَلٰی ھَمِّہٖ وَ غَمِّہٖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّۃِ اللّٰہِ تَبْدِیْلًا** یعنی خدا نے دیکھا کہ آتھم کا دل ہم و غم سے بھر گیا اس لئے اس رحیم خدا نے تاخیر ڈال دی اور پھر فرمایا کہ یہ کبھی نہیں ہوگا کہ خدا اپنی عادتوں کو بدل لے یعنی وہ ڈرنے والے کے ساتھ سختی نہیں کرتا مگر لیکھرام نہ ڈرا اور اس کی بدقسمتی سے آتھم کا ڈرنا اس کو دلیر کر گیا یہی وجہ ہے کہ آتھم کی نسبت خدا نے نرمی سے معاملہ کیا کیونکہ وہ نرم رہا اور لیکھرام سے سختی سے کیونکہ اس نے سختی دکھلائی اور یہی وجہ ہے کہ آتھم کی نسبت صرف ایک دفعہ الہام ہوا اور وہ بھی شرط کے ساتھ اور لیکھرام کے عذاب کے بارے میں بار بار قہری الہام ہوئے۔ غرض آتھم

بقیہ حاشیہ

رجوع کرنے کا کوئی حصہ نہ لیتا تو اسی میعاد کے اندر اس کی زندگی کا خاتمہ ہو جاتا لیکن خدا تعالیٰ کے الہام نے مجھے جتلا دیا کہ ڈپٹی عبداللہ آتھم نے اسلام کی عظمت اور اس کے رعب کو تسلیم کر کے حق کی طرف رجوع کرنے کا کسی قدر حصہ لے لیا جس حصہ نے اس کے وعدہ موت اور کامل طور کے ہاویہ میں تاخیر ڈال دی اور ہاویہ میں تو گرا لیکن اس بڑے ہاویہ سے **تھوڑے دنوں کے لئے بچ گیا**۔ جس کا نام موت ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ الہامی لفظوں اور شرطوں میں سے کوئی ایسا لفظ یا شرط نہیں ہے جو بے **تاثیر** ہو یا جس کا کسی قدر موجود ہو جانا اپنی تاثیر پیدا نہ کرے لہٰذا ضرور تھا کہ جس قدر مسٹر عبداللہ آتھم کے دل نے حق کی عظمت کو قبول کیا اس کا فائدہ اس کو پہنچ جائے۔ سو خدا تعالیٰ نے ایسا ہی کیا اور

﴿۴﴾ کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی وہ ایسی عظیم الشان پیشگوئی ہے جو ستّرہ ۱۷ برس پہلے اس وقت سے براہین میں بھی اس کا ذکر موجود ہے۔ اور نیز آثار نبوّیہ میں بھی اس کا ذکر پایا جاتا ہے۔ اس پیشگوئی کی دونوں پہلوؤں کے رو سے تکمیل ہو چکی اور آتھم ایک مدت سے مر چکا۔ پھر کیا اب تک وہ پیشگوئی پوری نہ ہوئی۔ لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین ۔ کیا آتھم باکرہ لڑکی تھا جو بغیر کسی سبب قوی کے مقابل پر آنے سے شرم کی۔ آخر کوئی تو سبب تھا۔ وہ یہی سبب تھا کہ پیشگوئی کو سنتے ہی اسلامی ہیبت اس کو کھا گئی۔ وہ اندر ہی اندر گداز ہو گیا اور کسی جرأت کے لائق نہ رہا نہ قسم کے لائق اور نہ نالش کے لائق۔ جب قسم کیلئے بلایا جاتا تھا تو اس کا کلیجہ کانپ جاتا تھا۔ جب نالش کیلئے ابھارا جاتا تھا تو اس کا کانشنس اس کے منہ پر طمانچے مارتا تھا۔ مسیح نے خود قسم کھائی۔ پولوس نے کھائی۔ اس نے کیوں اشد ضرورت کے وقت نہ کھائی۔ اگر حملے ہوئے تھے تو نالش کرتا اور سزا دلاتا۔ اس کا حق تھا۔ اس نے کیوں نالش نہ کی۔ اے غزنوی لوگو! کس قدر تمہیں سچائی سے دشمنی ہے۔ کیا کوئی حد بھی ہے؟ کیا تمہارا یہی تقویٰ ہے جس کو لے کر تم پنجاب میں آئے؟!! ایک مسلمان کو کافر بناتے ہو اور خدا کے صریح اور کھلے کھلے نشانوں کا انکار کرتے ہو۔ اور پادریوں کو اپنی دجالی باتوں سے مدد دیتے ہو۔ کیا تمہیں ایسا کرنا روا تھا؟ کیا خدا ایک دجال اور کذاب کی عظمت اور قبولیت کو زمین پر پھیلا رہا ہے؟ اور تم جیسے نیک بختوں کو ذلیل کر رہا ہے یا اس کو دھوکہ لگ گیا ہے۔ کیا وہ دلوں کے بھیدوں کو جاننے والا نہیں؟ کیا تم سچائی کو نابود کر دو گے؟ کیا وہ نور جو آسمان

حاشیہ: مجھے فرمایا اطلع اللّٰہ علٰی ھمّہ و غمّہ. و لَن تَجِد لسُنّۃ اللّٰہ تبدیلا و لا تعجبوا و لا تحزنوا و انتم الاعلون ان کنتم مومنین وبعزتی و جلالی انک انت الاعلی. ونمزق الاعداء کل ممزق. ومکر اولئک ھو یَبُور. انا نکشف السرّعن ساقہ یومئذ یفرح المومنون. ثلّۃ من الاولین و ثلۃ من الاٰخرین و ھذہ تذکرۃ فمن شاء اتَّخَذَ الیٰ ربّہ سبیلا. ترجمہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس کے ہم و غم پر اطلاع پائی اور اس کو مہلت دی جب تک کہ وہ بے باکی اور سخت گوئی اور تکذیب کی طرف میل کرے اور خدا تعالیٰ کے احسان کو بھلا دے (یہ معنے فقرہ مذکورہ کے تفہیم الٰہی سے ہیں) اور پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ کی یہی سنت ہے اور تو ربانی سنتوں میں تغیر اور تبدل

﴿۵﴾ سے اترا ہے تم اس کو منہ کی پھونکوں سے بجھا دو گے؟ اگر تم نیک انسان کی ذریت ہو تو بدی میں اپنے تئیں مت ڈالو! سمجھ جاؤ اور سنبھل جاؤ! کہ ابھی وقت ہے اور آیت لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ[1] کو غور سے پڑھو۔ آگے تمہارا اختیار ہے!

پھر اسی اشتہار میں اسی بزرگ عبدالحق نے اور بھی گالیاں دی ہیں۔ چنانچہ صفحہ ۲و۳و۴ میں میری نسبت لکھتا ہے۔ ''بدکار شیطان لعنتی۔ لعن وطعن کا جوت اس کے سر پر ذلیل خوار خستہ خراب اللہ عزّوجلّ کا دشمن۔ خدا کے ولی عبدالحق کا دشمن''۔ پھر اخیر اشتہار میں پیشگوئی کرتا ہے کہ ''عنقریب اللہ کا غضب تیرے پر اترے گا''۔ میں کہتا ہوں کہ اے نااہل نادان تو نے یہ اچھا نہیں کیا کہ خدا پر افترا کیا۔ اب دیکھ! کہ وہ غضب تیرے پر اترا یا کسی اور پر؟ کیا تیرے گلے میں لعنت کا رسہ پڑا یا کسی اور کے گلے میں؟ تو نے اسی اپنے اشتہار میں دعویٰ کیا تھا کہ میں آگ میں جا سکتا ہوں اور نہیں جلوں گا اور دریا پر چلنے کے لئے حاضر ہوں اور نہیں ڈوبوں گا اور ایک مہینہ تک کوٹھڑی میں بند رہنے کے لئے موجود ہوں اور نہیں مروں گا لیکن اے نابکار! انہیں شوخیوں کی وجہ سے اس وقت خدا نے تیرا منہ کالا کیا۔ خدا کے کھلے کھلے نشان نے تجھے عذاب کی آگ میں ڈالا اور تو جل گیا اور بچ نہیں سکا۔ تیرے لئے یہ عذاب تھوڑا نہیں ہوا کہ تمام قوموں میں اس نشان کی عظمت ظاہر ہوئی۔ اس آگ نے بے شک تجھے جلا کر راکھ کر دیا۔ تو ندامت کے دریا میں بھی ڈوب گیا اور اس پر چل نہ سکا اور تو خذلان کی

بقیہ حاشیہ

نہیں پائے گا اس فقرہ کے متعلق یہ تفہیم ہوئی کہ عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ وہ کسی پر عذاب نازل نہیں کرتا جب تک ایسے کامل اسباب پیدا نہ ہو جائیں جو غضب الٰہی کو مشتعل کریں اور اگر دل کے کسی گوشہ میں بھی کچھ خوف الٰہی مخفی ہو اور کچھ دھڑکہ شروع ہو جائے تو عذاب نازل نہیں ہوتا اور دوسرے وقت پر جا پڑتا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ کچھ تعجب مت کرو اور غمناک مت ہو اور غلبہ تمہیں کو ہے اگر تم ایمان پر قائم رہو۔ یہ اس عاجز کی جماعت کو خطاب ہے اور پھر فرمایا کہ مجھے میری عزت اور جلال کی قسم ہے کہ تو ہی غالب ہے (یہ اس عاجز کو خطاب ہے) اور پھر فرمایا کہ ہم دشمنوں کو پارہ پارہ کر دیں گے۔ یعنی ان کو ذلت پہنچے گی اور ان کا مکر ہلاک ہو جائے گا۔ اس میں یہ تفہیم ہوئی کہ تم ہی فتحیاب ہو نہ دشمن اور خدا تعالیٰ بس نہیں کرے گا اور نہ باز آئے گا

[1] بنی اسرائیل:۳۷

﴿۶﴾ اندھیری کوٹھڑی میں بھی بند کیا گیا اور وہیں مر گیا۔ دیکھ! خدا کی غیرت نے تجھے کیا کیا دکھلایا۔ ذرا آنکھ کھول اور دیکھ کہ تیرا تکبر کیسا تجھے پیش آ گیا۔ تو مجھے کہتا تھا کہ تو آگ میں جلے گا۔ اور دریا میں غرق ہوگا اور کوٹھڑی میں مرے گا۔ اے بدقسمت اب دیکھ! کہ یہ تینوں باتیں کس پر وارد ہوئیں؟ تجھ پر یا مجھ پر۔ سچ کہہ! کیا اس عذاب کی آگ نے تجھے نہیں جلایا؟ کیا تو قسم کھا سکتا ہے کہ اس آگ سے تیرا دل کباب نہیں ہوا؟ اور کیوں نہ ہوا جبکہ ایسی کھلی کھلی پیشگوئی پوری ہوئی جس میں تمام ہندوؤں کو خود اقرار ہے کہ یہ وہ اعلیٰ درجہ کی پیشگوئی ہے جس میں پیش از وقت سارے پتے بتلائے گئے تھے۔ میعاد بتلائی گئی۔ موت کا دن بتلایا گیا۔ صورت موت بتلائی گئی۔ اور آیت فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا[1] نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ ایسی کھلی کھلی پیشگوئی صرف خدا کے مرسلوں کو دی جاتی ہے۔ نہ منجموں سے ہو سکتی ہے نہ دجالوں سے۔ پس کیا یہ وہ آگ نہیں جس نے تیرے دل کو جلا دیا؟ کیا تو اب خدا کے کلام سے انکار کرے گا؟ یا خودکشی کر کے مر جائے گا؟ کیا تو قسم کھا سکتا ہے کہ اب تک تو ندامت کے دریا میں غرق نہیں ہوا۔ کیا تجھ پر اور تمام لوگوں پر اب تک نہیں کھلا کہ تو خذلان کی اندھیری کوٹھڑی میں بند کیا گیا؟ اور تیری دعاؤں اور تیرے اس شیطانی الہام کے برخلاف جو تو نے اشتہار کے آخر میں لکھا تھا ظہور میں آیا؟ اے تیرہ بخت! کیا تو اب تک جیتا ہے؟ نہیں نہیں! تیری فضولیوں نے تجھے ہلاک کر دیا۔ تو ان تین عذابوں میں آپ ہی پڑ گیا جن کے ذریعہ سے میری موت تجویز کرتا تھا!!! **فاعتبروا یا اولی الابصار**۔!!

تقدیم حاشیہ

جب تک دشمنوں کے تمام مکروں کی پردہ دری نہ کرے اور ان کے مکر کو ہلاک نہ کر دے یعنی جو مکر بنایا گیا اور مجسم کیا گیا اس کو توڑ ڈالے گا اور اس کو مردہ کر کے پھینک دے گا اور اس کی لاش لوگوں کو دکھا دے گا اور پھر فرمایا کہ ہم اصل بھید کو اس کی پنڈلیوں میں سے ننگا کر کے دکھا دیں گے یعنی حقیقت کو کھول دیں گے اور فتح کے دلائل بینہ ظاہر کریں گے ☆ اور اس دن مومن خوش ہوں گے پہلے مومن بھی اور پچھلے مومن بھی۔ اور پھر فرمایا کہ وجہ مذکورہ سے عذاب موت کی تاخیر ہماری سنت ہے جس کو ہم نے ذکر کر دیا۔ اب جو چاہے وہ راہ اختیار کر لے جو اس کے رب کی طرف جاتی ہے۔ اس میں بدظنی کرنے والوں پر زجر اور ملامت ہے اور نیز اس میں یہ بھی تفہیم ہوئی ہے کہ جو سعادت مند لوگ ہیں اور جو خدا ہی کو چاہتے ہیں اور کسی بخل اور تعصب یا جلد بازی یا سوءفہم

☆ یہ لیکھرام کی موت کی طرف اشارہ تھا۔ منہ

[1] الجنّ: ۲۷

﴿۷﴾ پھر عبدالحق نے لکھا ہے کہ ''آتھم کی پیشگوئی کے نہ پوری ہونے کے وقت میں کس قدر عیسائیوں اور مسلمانوں نے تم پر لعنتیں کیں۔ یہی سزا دجال کذاب کی تھی''۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حکم خواتیم پر ہے نافہموں اور نادانوں نے نبیوں اور رسولوں سے بھی اوائل حال میں ایسا ہی کیا ہے۔ پھر آخر اپنی ناسمجھیوں پر روئے۔ میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس جگہ بھی ایسا ہی ہوگا۔

یہ بھی یاد رہے کہ اس عبدالحق اور اس کی جماعت کا ایک قلمی خط بھی رمضان کے مہینہ کے سر پر میرے پاس پہونچا۔ چونکہ وہ گالیوں سے بھرا ہوا تھا اس لئے میں نے نہ چاہا کہ رمضان میں اس کا جواب لکھوں مگر وہ خط حضرات غزنوی صاحبوں کا اب تک موجود ہے اور گالیاں جو مجھے دی ہیں وہ یہ ہیں ''دس ہزار تیرے پر لعنت لعنت لعنت لعنت عشرہ الف مائۃ۔ کافر اکفر، دجال، شیطان، فرعون، قارون، ہامان، اڑ پو پو، وادی کا وحشی، کلب یلھث یعنی جنگلی کتا''۔ ان افغانوں کی **شیریں زبانی** اور **تقویٰ** کا یہ نمونہ ہے۔

اور ایک اور صاحب جو دشنام دہی میں عبدالحق کے چھوٹے بھائی یا بڑے بھائی ہیں اپنے پرچہ **درّۃ الاسلام** میں بہت سی گندہ زبانی کے ساتھ آتھم کی پیشگوئی کا ذکر کرتے ہیں۔ اب میں کہاں تک ان کو بار بار بتلاؤں کہ آتھم تو پیشگوئی کے موافق زندہ بھی رہا اور مرا بھی۔ اس نے خوف دکھلایا اور بے شرمی ظاہر نہ کی اس لئے خدا نے وعدہ کے موافق اس سے نرمی کی اور کچھ تاخیر کر دی اور لیکھرام نے متواتر شوخیاں ظاہر کیں اس لئے قادر قہار نے

بقیہ حاشیہ

کے اندھیرے میں مبتلا نہیں وہ اس بیان کو قبول کریں گے اور تعلیم الٰہی کے موافق اس کو پائیں گے لیکن جو اپنے نفس اور اپنی نفسانی ضد کے پیرو یا حقیقت شناس نہیں وہ بے باکی اور نفسانی ظلمت کی وجہ سے اس کو قبول نہیں کریں گے۔

الہام الٰہی کا ترجمہ معہ **تفہیمات الٰہیہ** کے کیا گیا۔ جس کا ماحصل یہی ہے کہ قدیم سے الٰہی سنت اسی طرح پر ہے کہ جب تک کوئی کافر اور منکر نہایت درجہ کا بیباک اور شوخ ہو کر اپنے ہاتھ سے اپنے لئے اسباب ہلاکت پیدا نہ کرے تب تک خدا تعالیٰ تعذیب کے طور پر اس کو ہلاک نہیں کرتا اور جب کسی منکر پر عذاب نازل ہونے کا وقت آتا ہے تو اس میں وہ اسباب پیدا ہو جاتے ہیں جن کی وجہ سے اس پر حکمِ ہلاکت لکھا جاتا ہے۔ عذاب الٰہی کے لئے یہی قانون قدیم ہے اور یہی سنت

﴿۸﴾ اس کو پکڑ لیا۔ یہ دونوں نمونے آتھم اور لیکھرام کے معرفت کے بھوکوں پیاسوں کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ خدا کیسا رحیم و کریم ہے جو نرمی کرنے والوں سے نرمی کرتا ہے اور کیسا غیور ہے جو چالاکی کرنے والوں کو جلد پکڑتا ہے۔ آتھم کا پیشگوئی کے سننے سے ٹھنڈا اور سرد ہو جانا اور لیکھرام کا شوخ ہو جانا ضرور چاہتا تھا کہ دو مختلف نتیجے پیدا ہوں۔ اے نادانوں! کیا یہ روا تھا کہ خدا کی الہامی شرط پوری نہ ہوتی؟ یا وہ نرمی کے محل پر نرمی استعمال نہ کرتا اور ڈرنے والے کو فی الفور اٹھا کر پتھر مارتا؟!

یہ بھی سن چکے ہو کہ الہام میں رجوع کی شرط لگا کر آتھم کی فطرتی خاصیت کی طرف اشارہ کر دیا تھا۔ اگر اس کی فطرت میں خوف قبول کرنے کی قوت نہ ہوتی تو خدا رجوع کی شرط الہام میں ظاہر نہ کرتا۔ اور رجوع ایک فعل قلب ہے جس میں ظاہری اسلام شرط نہیں۔ سو آتھم نے اپنے اقوال افعال سے ظاہر کر دیا کہ وہ ضرور اس شرط کا پابند ہو گیا۔ پس وہ رحیم خدا جس نے فرمایا ہے کہ جب کشتی میں بیٹھنے والے غرق ہونے کے وقت میری طرف رجوع کریں تو میں ان کو اس وقت نجات دے دیتا ہوں۔ گو جانتا ہوں کہ بعد میں پھر اپنی شقاوت کی طرف عود کر آئیں گے۔ اسی بردبار خدا نے آتھم کو الہامی شرط کا اس کے رجوع پر فائدہ دے دیا اور پھر آتھم بعد اس کے دین اسلام کے رد کی تالیفات میں مشغول نہیں ہوا اور نہ نالش کی اور نہ قسم کھائی۔ یہاں تک کہ اس دنیا سے گذر گیا اور خوف کا اقرار کیا۔ پس اگرچہ بے ایمانوں کا تو کچھ علاج نہیں مگر ایمان دار آتھم کی اس

حاشیہ: مستمرہ اور یہی غیر تبدل قاعدہ کتاب الٰہی نے بیان کیا ہے اور غور کرنے سے ظاہر ہوگا کہ جو مسٹر عبداللہ آتھم کے بارے میں یعنی سزائے ہاویہ کے بارے میں الہامی شرط تھی وہ درحقیقت اسی سنت اللہ کے مطابق ہے کیونکہ اس کے الفاظ یہ ہیں کہ **بشرطیکہ حق کی طرف رجوع نہ کرے** لیکن مسٹر عبداللہ آتھم نے اپنی مضطربانہ حرکات سے ثابت کر دیا کہ اس نے اس پیشگوئی کو تعظیم کی نظر سے دیکھا جو الہامی طور پر اسلامی صداقت کی بنیاد پر کی گئی تھی۔ اور خدا تعالیٰ کے الہام نے بھی مجھ کو یہی خبر دی کہ ہم نے اس کے ہم اور غم پر اطلاع پائی یعنی وہ اسلامی پیشگوئی سے خوفناک حالت میں پڑا اور اس پر رعب غالب ہوا۔ اس نے اپنے افعال سے دکھا دیا کہ اسلامی پیشگوئی کا کیسا ہولناک اثر اس کے دل پر ہوا اور کیسی اس پر گھبراہٹ اور دیوانہ پن اور دل کی حیرت

﴿۹﴾ کنارہ کشی اور خاموشی سے ضرور رجوع کا نتیجہ نکالیں گے۔ یہ بار ثبوت آتھم کی گردن پر تھا کہ وہ اقرار خوف کے بعد ہم کو اور ہر ایک منصف کو یہ موقعہ نہ دیتا کہ اس کے اقوال اور افعال سے ہم رجوع کا نتیجہ نکال سکتے۔ بلکہ چاہئے تھا کہ وہ قسم سے یا نالش سے یا کسی اور طرح پر اثبات دعویٰ سے اپنی اس بزدلی کو جو پندرہ مہینہ تک اس سے برابر ظہور میں آتی رہی اسلامی ہیبت کے وجوہ سے الگ کر کے دکھلاتا۔ پس یہ بڑی بدذاتی ہے کہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ آتھم کے دل نے پیشگوئی کی عظمت کو ایک ذرہ قبول نہیں کیا تھا اور وہ اپنی سابقہ شوخیوں پر میعاد کے اندر برابر قائم تھا۔ ایڈیٹر درّۃ الاسلام لکھتا ہے کہ ایمان کیلئے اقرار باللسان شرط ہے۔ تو اس کا یہی جواب ہے کہ اے نادان الہام میں لفظ رجوع ہے جو درحقیقت فعل قلب ہے اور اس کے لئے اقرار لسان شرط نہیں۔ اقرار لسان معاد کی نجات کیلئے شرط ہے مگر ایسی نجات کیلئے جو صرف دنیا کیلئے ہو صرف دل کا خوف کافی ہے۔ یہ ضرور نہیں کہ کسی مجمع کو گواہ بنایا جائے بلکہ یَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ[1] بھی تو قرآن میں موجود ہے۔!

پھر یہی شخص لکھتا ہے کہ مارچ ۱۸۸۶ء میں اشتہار دیا تھا کہ لڑکا پیدا ہوگا یعنی بعد اس کے لڑکی پیدا ہوئی لیکن اے نادانو! دل کے اندھو! میں کب تک تمہیں سمجھاؤں گا۔ مجھے وہ اشتہار ۱۸۸۶ء دکھلاؤ میں نے کہاں لکھا ہے کہ اسی سال میں لڑکا پیدا ہونا ضروری ہے۔ پھر یہی شخص لکھتا ہے کہ ''تمہیں اپنے جھوٹے الہام پر ذرہ شرم نہ آئی''۔ پر میں کہتا ہوں کہ اے سیاہ دل! الہام جھوٹا نہیں تھا۔ تجھ میں خود الٰہی کلام کے سمجھنے کا مادہ نہیں۔ الہام میں کوئی ایسا لفظ

بقیہ حاشیہ

غالب آ گئی اور کیسے الہامی پیشگوئی کے رعب نے اس کے دل کو ایک کچلا ہوا دل بنا دیا یہاں تک کہ وہ سخت بیتاب ہوا اور شہر بشہر اور ہر ایک جگہ ہراساں اور ترساں پھرتا رہا اور اس مصنوعی خدا پر اس کا توکل نہ رہا جس کو خیالات کی کجی اور ضلالت کی تاریکی نے الوہیت کی جگہ دے رکھی ہے وہ کتوں سے ڈرا اور سانپوں کا اس کو اندیشہ ہوا اور اندر کے مکانوں سے بھی اس کو خوف آیا۔ اس پر خوف اور وہم اور دلی سوزش کا غلبہ ہوا اور پیشگوئی کی پوری ہیبت اس پر طاری ہوئی اور وقوع سے پہلے ہی اس کا اثر اس کو محسوس ہوا اور بغیر اس کے کہ کوئی امرتسر سے اس کو نکالے آپ ہی ہراساں اور ترساں اور پریشان اور بیتاب ہو کر شہر بشہر بھاگتا پھرا اور خدا نے اس کے دل کا آرام چھین لیا اور پیشگوئی سے سخت متاثر ہو کر سراسیموں اور خوف زدوں کی طرح جا بجا بھٹکتا پھرا اور الہام الٰہی کا رعب اور اثر اس کے دل پر ایسا مستولی ہوا کہ اس کی راتیں ہولناک اور دن بے قراری سے بھر گئے اور حق کی مخالفت کی حالت میں جو جو دہشتیں اور

[1] المؤمن:۲۹

﴿۱۰﴾ نہ تھا کہ اس حمل میں ہی لڑکا پیدا ہو جائے گا۔ اب بجز اس کے میں کیا کہوں کہ **لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین** بے شک مجھے الہام ہوا تھا کہ موعود لڑکے سے قومیں برکت پائیں گی مگر ان اشتہارات میں کوئی ایسا الٰہی الہام نہیں جس نے کسی لڑکے کی تخصیص کی ہو کہ یہی موعود ہے۔ اگر ہے تو لعنت ہے تجھ پر اگر تو وہ الہام **پیش نہ کرے**۔ ہاں دوسرے حمل میں جیسا کہ پہلے سے مجھے ایک اور لڑکے کی بشارت ملی تھی لڑکا پیدا ہوا۔ سو یہ بجائے خود ایک مستقل پیشگوئی تھی جو پوری ہوگئی جس کا ہمارے مخالفوں کو صاف اقرار ہے۔ ہاں اگر اس پیشگوئی میں کوئی ایسا الہام میں نے لکھا ہے جس سے ثابت ہوتا ہو کہ الہام نے اسی کو موعود لڑکا قرار دیا تھا تو **کیوں** وہ الہام پیش نہیں کیا جاتا۔ پس جب کہ تم الہام کے پیش کرنے سے عاجز ہو تو کیا یہ لعنت تم پر ہے یا کسی اور پر اور یہ کہنا کہ اس لڑکے کو بھی مسعود کہا ہے۔ تو اے نابکار مسعودوں کی اولاد مسعود ہی ہوتی ہے الا شاذ نادر۔ کون باپ ہے جو اپنے لڑکے کو سعادت اطوار نہیں بلکہ شقاوت اطوار کہتا ہے۔ کیا تمہارا یہی طریق ہے؟ اور بالفرض اگر میری یہی مراد ہوتی تو میرا کہنا اور خدا کا کہنا ایک نہیں ہے۔ میں انسان ہوں ممکن ہے کہ اجتہاد سے ایک بات کہوں اور وہ صحیح نہ ہو۔ پر میں پوچھتا ہوں کہ وہ خدا کا الہام **کون سا** ہے کہ میں نے ظاہر کیا تھا کہ پہلے حمل میں ہی لڑکا پیدا ہو جائے گا یا جو دوسرے میں پیدا ہوگا وہ درحقیقت وہی موعود لڑکا ہوگا اور وہ الہام پورا نہ ہوا۔ اگر ایسا الہام میرا تمہارے پاس موجود ہے **تو تم پر لعنت ہے اگر وہ الہام شائع نہ کرو!**

بقیہ حاشیہ

قلق اس شخص پر وارد ہوتا ہے جو یقین رکھتا ہے یا ظن رکھتا ہے کہ شاید عذاب الٰہی نازل ہو جائے۔ یہ سب علامتیں اس میں پائی گئیں اور وہ عجیب طور پر اپنی بے چینی اور بے آرامی جا بجا ظاہر کرتا رہا اور خدا تعالیٰ نے ایک حیرت ناک خوف اور اندیشہ اس کے دل میں ڈال دیا کہ ایک پات کا کھڑکا بھی اس کے دل کو صدمہ پہونچاتا رہا اور ایک کتے کے سامنے آنے سے بھی اس کو ملک الموت یاد آیا اور کسی جگہ اس کو چین نہ پڑا اور ایک سخت ویرانے میں اس کے دن گذرے اور سراسیمگی اور پریشانی اور بے تابی اور بے قراری نے اس کے دل کو گھیر لیا اور ڈرانے والے خیال رات دن اس پر غالب رہے اور اس کے دل کے تصوروں نے عظمت اسلامی کو رد نہ کیا بلکہ قبول کیا اس لئے وہ خدا جو رحیم و کریم اور سزا دینے میں دھیما ہے اور انسان کے دل کے خیالات کو جانچتا اور اس کے تصورات کے موافق اس سے عمل کرتا ہے۔ اس نے اس کو اس صورت پر نہ پایا جس صورت میں فی الفور کامل ہاویہ کی سزا

﴿۱۱﴾ اور پھر تمہارا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ ''احمد بیگ کا داماد اب تک زندہ ہے''۔ سو میں کہتا ہوں کہ اے نابکار قوم! کب تک تو اندھی اور گونگی اور بہری رہے گی؟ اور کب تک تیری آنکھیں اس نور کو نہیں دیکھیں گی جو اتارا گیا؟ سن اور سمجھ! کہ اس الہام کے دو ٹکڑے تھے ایک احمد بیگ کے متعلق اور ایک اس کے داماد کے متعلق۔ سو تم سن چکے ہو کہ احمد بیگ میعاد کے اندر فوت ہو گیا اور **وہ دن آتا ہے** کہ تم سن لو گے کہ اس کے داماد کی نسبت بھی پیشگوئی پوری ہوگئی۔ خدا کی باتیں ٹل نہیں سکتیں! اور یہ اعتراض جو تم کرتے ہو نئے نہیں۔ نوشتوں کو پڑھو کہ پہلے بدفہم لوگوں نے بھی ایسے ہی اعتراض نبیوں پر بھی کئے ہیں۔ تمہارے دل ان سے مشابہ ہو گئے۔ اور تمہارا یہ کہنا کہ ''میعاد کے اندر وہ کیوں فوت نہیں ہوا؟''۔ یہ تمہاری بے ایمانی یا ناسمجھی ہے۔ الہام **توبی توبی فانّ البَلاء علٰی عقبک** میں صاف توبہ کی شرط تھی اور یہ الہام احمد بیگ اور اس کے داماد دونوں کے لئے تھا کیونکہ عقب لڑکی اور لڑکی کی اولاد کو کہتے ہیں اور یہ احمد بیگ کی بیوی کی والدہ کو خطاب تھا کہ تیری لڑکی اور لڑکی کی لڑکی پر خاوند مرنے کی بلا ہے۔ اگر توبہ کرو گی تو تاخیر موت کی جائے گی۔ پس احمد بیگ کی زندگی کے وقت کسی نے اس الہام کی پرواہ نہ کی اور جب احمد بیگ فوت ہو گیا تو اس کی بیوہ عورت اور دیگر پس ماندوں کی کمر ٹوٹ گئی وہ دعا اور تضرع کی طرف بدل متوجہ ہو گئے۔ جیسا کہ سنا گیا ہے کہ اب تک احمد بیگ کے داماد کی والدہ کا کلیجہ اپنے حال پر نہیں آیا۔ سو خدا دیکھتا ہے کہ وہ شوخیوں میں کب آگے قدم رکھتے ہیں۔ پس اس وقت وعدہ اس کا پورا ہوگا جب یہ سب کچھ پورا ہوگا۔ تب نہ میں بلکہ ہر ایک دانا تم پر لعنت بھیجے گا **کیونکہ تم نے خدا کا مقابلہ کیا۔!**

تتمہ حاشیہ

یعنی موت بلا توقف اس پر نازل ہوتی اور ضرور تھا کہ وہ کامل عذاب اس وقت تک ٹھہرا رہے جب تک کہ وہ بے باکی اور شوخی سے اپنے ہاتھ سے اپنے لئے ہلاکت کے اسباب پیدا کرے اور الہام الٰہی نے بھی اسی طرف اشارہ کیا تھا کیونکہ الہامی عبارت میں شرطی طور پر عذاب موت کے آنے کا وعدہ تھا نہ مطلق بلا شرط وعدہ لیکن خدا تعالیٰ نے دیکھا کہ مسٹر عبداللہ آتھم نے اپنے دل کے تصورات سے اور اپنے افعال سے اور اپنی حرکات سے اور اپنے خوف شدید سے اور اپنے ہولناک اور ہراساں دل سے عظمت اسلامی کو قبول کیا اور یہ حالت ایک رجوع کرنے کی قسم ہے جو الہام کے استثنائی فقرہ سے کسی قدر تعلق رکھتی ہے۔

﴿۱۲﴾ اور پھر ایک اور صاحب اپنا نام شیخ نجفی ظاہر کر کے میرے مقابل پر آئے ہیں۔ اور مجھے کذاب اور دجال اور جاہل ٹھہراتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ''خسوف وکسوف کا نشان قیامت کو ظاہر ہوگا نہ اب''۔ اس نادان کو یہ بھی خبر نہیں کہ اگر خسوف کسوف بطور نشان مہدی ظاہر ہوگا جیسا کہ دارقطنی وغیرہ کتب حدیث میں درج ہے تو قیامت کو اس نشان سے فائدہ کون اٹھائے گا بلکہ اس وقت تو مہدی کا آنا ہی لاحاصل ہوگا۔ جب خدا نے ہی نظام شمسی کو توڑ کر خلقت کا خاتمہ کرنا چاہا تو کون مہدی اور کہاں کے اس کے نشان۔ وہ تو قیامت کا زمانہ آ گیا۔ اس میں کس کو کلام ہوسکتا ہے کہ مہدی کا زمانہ تجدید کا زمانہ ہے اور خسوف کسوف اس کی تائید کیلئے ایک نشان ہے۔ سو وہ نشان اب ظاہر ہوگیا۔ جس کو قبول کرنا ہو قبول کرے اور جیسا کہ حدیث میں لکھا تھا چاند گرہن اس پہلی رات میں ہوا جو چاند کی تین راتوں میں سے پہلی رات ہے اور سورج گرہن ان دنوں کے نصف میں ہوا جو سورج گرہن کیلئے مقرر ہیں اور اس طرح یہ پیشگوئی نہایت صفائی سے پوری ہوگئی۔ چونکہ زمانہ کے علماء سورج اور چاند کی طرح ہوتے ہیں۔ سو اس پیشگوئی میں یہ اشارہ تھا کہ سورج اور چاند کا کسوف خسوف علماء کے دلوں کی تاریکی پر شاہد ہے کہ **جو کچھ زمین میں ہوتا ہے آسمان اس کو دکھلا دیتا ہے۔**

اور پھر یہی صاحب اپنے خط عربی میں جو ژولیدہ زبانی سے بھرا ہوا ہے مجھ کو لکھتے ہیں کہ ''اگر تو میرے مقابل پر آوے تو میں اپنا علم عربی تجھ کو دکھلاؤں'' حالانکہ ان کے اسی عربی خط سے ان کے علم کا بخوبی اندازہ ہوگیا اور معلوم ہوگیا کہ بجز چند چرائے ہوئے فقروں اور مسروقہ الفاظ کے ان کی

بقیہ حاشیہ

کیونکہ جو شخص عظمت اسلامی کو رد نہیں کرتا بلکہ اس کا خوف اس پر غالب ہوتا ہے وہ ایک طور سے اسلام کی طرف رجوع کرتا ہے اور اگرچہ ایسا رجوع عذاب آخرت سے بچا نہیں سکتا مگر عذاب دنیوی میں بے باکی کے دنوں تک ضرور تاخیر ڈال دیتا ہے۔ یہی وعدہ قرآن کریم اور بیبل میں موجود ہے اور جو کچھ ہم نے مسٹر عبداللہ آتھم کی نسبت اور اس کے دل کی حالت کے بارے میں بیان کیا یہ باتیں بے ثبوت نہیں بلکہ مسٹر عبداللہ آتھم نے اپنے تئیں سخت مصیبت زدہ بنا کر اور اپنے تئیں شدائد غربت میں ڈال کر اور اپنی زندگی کو ایک ماتمی پیرایہ پہنا کر اور ہر روز خوف اور ہراس کی حرکات صادر کر کے اور ایک دنیا کو اپنی پریشانی اور دیوانہ پن دکھلا کر نہایت صفائی سے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ اس کے دل نے اسلامی عظمت اور صداقت کو قبول کر لیا۔ کیا یہ بات جھوٹ ہے کہ اس نے پیشگوئی کے **رعب ناک مضمون کو**

﴿۱۳﴾ گھڑی میں اور کچھ نہیں۔ اور ایسا ہی عبدالحق نے بھی اپنے اشتہار مذکورہ بالا میں یہی لاف زنی کی ہے اور میری نسبت لکھا ہے کہ ’’یہ کتابیں جو وہ شائع کرتا ہے عربی دان لوگوں سے عربی کرا کے چھپواتا ہے اور مجھے یقیناً معلوم ہے کہ اس کو عربی کی ہرگز لیاقت نہیں اگر اس کو ضرور لیاقت دی گئی ہے تو مجھ سے عام علماء کی مجلس میں عربی زبان میں بحث کرے دونوں کی عربی قلمبند ہو جائے گی بعدہ علماؤں پر پیش کی جائے گی۔ اگر فوقیت لے گیا تو مانا جائے گا کہ یہ رسائل عربی اس نے بنائے ہیں اور بحث تقریری بالمشافہ ہوگی۔ اگر بحث میں تجھ سے کچھ نہ بنا تو **لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین**‘‘۔ اس کے جواب میں **ضمیمہ انجام آتھم** میں اس کو لکھا گیا کہ ہم اس مقابلہ کیلئے طیار ہیں لیکن تمہیں یاد رہے کہ ہم بار بار لکھ چکے ہیں کہ یہ عربی کتابیں اس لئے تالیف نہیں ہوئیں کہ لوگ ہمیں عربی دان سمجھیں اور مولوی خیال کریں بلکہ ان کتابوں میں بار بار یہ جتلایا گیا ہے کہ یہ خدا کا نشان ہے اور بطور معجزہ کے مجھ کو دیا گیا ہے تا میرے دعویٰ پر یہ بھی ایک دلیل ہو۔ میں نے کب اور کہاں لکھا ہے کہ عربی کتابوں سے یہ مطلب ہے کہ اگر کوئی مغلوب ہو تو مجھے عربی دان مان لے۔ سو یہ اقرار کرنا چاہیے کہ اگر تم باوجود اتنے دعویٰ فضیلت اور عربی دانی کے میرے جیسے انسان سے صاف شکست کھا جاؤ جس کی نسبت تمہیں اسی اشتہار میں اقرار ہے کہ اس شخص کو عربی دانی کی ہرگز لیاقت نہیں تو یہ نشان تم تسلیم کر لو گے اور یقین دل سے سمجھ لو گے کہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک معجزہ ہے اور اسی وقت توبہ کر کے میری بیعت میں داخل ہو جاؤ گے لیکن دو مہینے کے قریب عرصہ گذر گیا کہ اب تک عبدالحق کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا گویا وہ مر گیا۔

بقیہ حاشیہ

پورے طور پر اپنے پر ڈال لیا اور جس قدر ایک انسان ایک سچی اور واقعی بلا سے ڈر سکتا ہے اسی قدر وہ اس پیشگوئی سے ڈرا۔ اس کا دل ظاہری حفاظتوں سے مطمئن نہ ہو سکا اور حق کے رعب نے اس کو دیوانہ سا بنا دیا۔ سو خدا تعالیٰ نے نہ چاہا کہ اس کو ایسی حالت میں ہلاک کرے کیونکہ یہ اس کے قانون قدیم اور سنت قدیمہ کے مخالف ہے اور نیز یہ الہامی شرط سے مغائر اور برعکس ہے اور اگر الہام اپنی شرائط کو چھوڑ کر اور طور پر ظہور کرے تو گو جاہل لوگ اس سے خوش ہوں مگر ایسا الہام الہام الٰہی نہیں ہو سکتا اور یہ غیر ممکن ہے کہ خدا اپنی قرار دادہ شرطوں کو بھول جائے کیونکہ شرائط کا لحاظ رکھنا صادق کے لئے ضروری ہے اور خدا **اصدق الصادقین** ہے۔ ہاں جس وقت مسٹر عبداللہ آتھم اس شرط کے نیچے سے اپنے تئیں باہر کرے اور اپنے لئے اپنی شوخی اور بے باکی سے ہلاکت کے سامان پیدا کرے تو

﴿۱۴﴾ اب منصفین کو سوچنا چاہیے کہ یہ لوگ حق پوشی کے لئے کیسے دجالی کام کر رہے ہیں اور کس قدر شیطانی جھوٹھوں کو استعمال کر کے لوگوں کو تباہ کرتے ہیں۔ اگر یہ شخص اپنی عربی دانی میں سچا تھا اور فی الواقعہ مجھ کو محض اُمی اور ناخواندہ اور جاہل سمجھتا تھا تو اس کو تو خدا نے موقعہ دیا تھا کہ میں مقابلہ کرنے پر آمادہ ہو گیا تھا اور میں نے حتمی وعدہ سے کہہ دیا تھا کہ اگر میں مغلوب ہو گیا تو میں اپنے تئیں جھوٹھا سمجھوں گا لیکن اگر میں غالب ہوا تو مجھے سچا سمجھنا چاہیے تو پھر کیا سبب تھا کہ وہ گریز کر گیا۔ کیا یہ انصاف کی بات تھی کہ اگر میں مغلوب ہو جاؤں تو مجھے اپنے دعویٰ میں جھوٹھا سمجھا جائے لیکن اگر میں غالب ہو جاؤں تو مجھے صرف ایک عربی دان سمجھا جائے۔ کیا میں نے یہ تمام عربی کتابیں مولوی کہلانے کے شوق سے شائع کی تھیں۔ مجھے تو مولویت کے لفظ سے قدیم سے نفرت ہے اور بدل بیزار ہوں کہ کوئی مجھ کو مولوی کہے۔ میں نے تو ان کتابوں کی تالیف سے صرف خدا کا نشان پیش کیا تھا کیونکہ یہ ولایت کامل طور پر ظل نبوت ہے۔ خدا نے نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اثبات کے لئے پیشگوئیاں دکھلائیں سو اس جگہ بھی بہت سی پیشگوئیاں ظہور میں آئیں۔ خدا[۱] نے دعاؤں کی قبولیت سے اپنے نبی علیہ السلام کی نبوت کا ثبوت دیا۔ سو اس جگہ بھی بہت سی دعائیں قبول ہوئیں۔ یہی نمونہ استجابت دعا کا جو لیکھرام میں ثابت ہوا غور سے سوچو!!! ایسا ہی خدا[۲] نے اپنے نبی کو شق القمر کا معجزہ دیا۔ سو اس جگہ بھی قمر اور شمس کے خسوف کسوف کا معجزہ عنایت ہوا۔ ایسا ہی خدا[۳] نے اپنے نبی کو فصاحت بلاغت کا معجزہ دیا سو اس جگہ بھی فصاحت بلاغت کو اعجاز کے طور پر دکھلایا۔ غرض فصاحت بلاغت کا ایک

بقیہ حاشیہ

وہ دن نزدیک آ جائیں گے اور سزائے ہاویہ کامل طور پر نمودار ہو گی اور پیشگوئی عجیب طور پر اپنا اثر دکھائے گی۔

اور توجہ سے یاد رکھنا چاہیے کہ ہاویہ میں گرائے جانا جو اصل الفاظ الہام ہیں وہ عبداللہ آتھم نے اپنے ہاتھ سے پورے کئے اور جن مصائب میں اس نے اپنے تئیں ڈال لیا اور جس طرز سے مسلسل گھبراہٹوں کا سلسلہ اس کے دامنگیر ہو گیا اور ہول اور خوف نے اس کے دل کو پکڑ لیا یہی **اصل ہاویہ** تھا۔ اور سزائے موت اس کے کمال کے لئے ہے جس کا ذکر الہامی عبارت میں موجود بھی نہیں۔ بے شک یہ مصیبت ایک ہاویہ تھا جس کو عبداللہ آتھم نے اپنی حالت کے موافق بھگت لیا لیکن وہ بڑا ہاویہ جو موت سے تعبیر کیا گیا ہے اس میں کسی قدر مہلت دی گئی کیونکہ حق کا رعب اس نے

﴿۱۵﴾ الٰہی نشان ہے اگر اس کو توڑ کر نہ دکھلاؤ تو جس دعویٰ کے لئے یہ نشان ہے وہ اس نشان اور دوسرے نشانوں سے ثابت اور تم پر خدا کی حجت قائم ہے۔

یہ جواب تھا جو عبدالحق کو لکھا گیا تھا لیکن اب چونکہ وقت حد اور اندازہ سے گذر گیا اور اس طرف سے کوئی جواب نہ آیا اور شیخ نجفی نے بھی چند روز کی مصلحت کیلئے صدیق اکبر اور فاروق اعظم کا پیچھا چھوڑ کر میری طرف اپنے تبروں کے تمام فیروں کو جھکا دیا اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس لاف زن نجدی اور غزنوی کی سرکوبی کے لئے چند مختصر ورق عربی کے بطور نشان لکھے جائیں اور ان پر اپنے صدق اور کذب کا حصر رکھا جائے کیونکہ اگر خدا میرے ساتھ ہے اور میں خوب جانتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ ہے تو وہ ان لوگوں کو مقابلہ کی طاقت نہیں دے گا اس لئے میں نے لیکھرام کی موت کے بعد ۸؍ مارچ ۱۸۹۷ء کو اس مضمون کے لکھنے کا ارادہ کیا لیکن بباعث ضروری اشتہارات کے شائع کرنے میں کچھ توقف ہو گیا۔ اب ۱۷؍ مارچ ۱۸۹۷ء سے لکھنا شروع کیا ہے سو یقین رکھتا ہوں کہ میں اس اردو تمہید کے بعد ایک ہفتہ تک اس قدر عربی مضمون انشاء اللہ القدیر اسی کے فضل اور قوت اور توفیق سے لکھ لوں گا جو مخالفوں کیلئے بصورت نشان تجلی کرے گا اور میں اس وقت وعدہ محکم کرتا ہوں کہ اگر کوئی شخص ان دونوں میں سے یعنی نجفی اور غزنوی میں سے اس میعاد کے اندر جو ۱۷؍ مارچ ۱۸۹۷ء سے اشاعت کے دن تک ہو سکتی ہے یعنی اس دن کہ یہ رسالہ ان کے پاس پہنچ جائے اس مضمون کی نظیر اسی کے حجم اور ضخامت کے مطابق اور اسی کی نظم اور نثر کے موافق بالمقابل شائع کر دے اور پروفیسر عربی مولوی عبداللہ صاحب یا کوئی اور پروفیسر جو مخالف تجویز کریں ایسی قسم کھا کر جو مؤکد بعذاب الٰہی ہو جلسہ عام میں کہہ دیں کہ یہ مضمون تمام مراتب بلاغت اور فصاحت کے رو سے مضمون پیش کردہ سے بڑھ کر یا برابر ہے اور پھر قسم کھانے والا میری دعا کے ﴿۱۶﴾ بعد اکتالیس دن تک عذاب الٰہی میں ماخوذ نہ ہو تو میں اپنی کتابیں جلا کر جو میرے قبضہ میں ہوں گی۔

قبلہ حاشیہ: اپنے سر پر لے لیا۔ اس لئے وہ خدا تعالیٰ کی نظر میں اس شرط سے کسی قدر فائدہ اٹھانے کا مستحق ہو گیا جو الہامی عبارت میں درج ہے۔ اور ضرور ہے کہ ہر ایک امر کا ظہور اسی طور سے ہو جس طور سے خدا تعالیٰ کے الہام میں وعدہ ہوا اور میں یقین رکھتا ہوں کہ اس ہمارے بیان میں وہی شخص مخالفت کرے گا جس کو مسٹر عبداللہ آتھم کے ان تمام واقعات پر پوری اطلاع نہ ہوگی اور یا جو تعصب اور بخل اور سیہ دلی سے حق پوشی کرنا چاہتا ہے۔

ان کے ہاتھ پر توبہ کروں گا اور اس طریق سے روز کا جھگڑا طے ہو جائے گا اور اس کے بعد جو شخص مقابل پر نہ آیا تو پبلک کو سمجھنا چاہیے کہ وہ جھوٹا ہے۔

اور یہ کہنا کہ ممکن ہے کہ تم کسی دوسرے سے لکھوا کر اپنے نام پر پیش کرو گے۔ اس کا جواب اسی قدر کافی ہے کہ ایسا دوسرا عربی دان تمہیں بھی مل سکتا ہے۔ بلکہ تم جو ہر وقت لاف مارتے ہو کہ تمہارے ساتھ ہزاروں علماء ہیں اور حسب زعم تمہارے میرے ساتھ صرف جاہلوں یا منشیوں کا گروہ ہے تو اب تمہیں شرم نہیں آتی کہ ایسی باتیں مونہہ پر لاؤ۔ تمہارے پاس تو مدد دینے کے لئے زیادہ سامان ہیں۔ کسی ادیب کے آگے ہاتھ جوڑو یا ضرورت کے وقت اس کے قدموں پر ہی گر جاؤ۔ آخر وہ رحم کرے گا اور تمہیں کچھ بنا دے گا اور پھر یہ بھی ہے کہ یہ تحریر گو میری ہو یا تمہارے پاگلانہ خیال سے کسی اور کی۔ اس سے تمہیں کیا غرض اور کیا واسطہ جبکہ میں اس پر حصر رکھتا ہوں کہ اس تحریر کی نظیر پیش ہونے سے میں سمجھ لوں گا کہ میں کاذب ہوں تو تمہاری طرف سے کوشش ہونی چاہیے کہ اس کی نظیر پیش کرو۔ اگر تم سچے ہو تو ضرور اپنی کوشش میں کامیاب ہو جاؤ گے کیونکہ خدا سچوں کو ضائع نہیں کرتا اور اس کے عزیز ذلیل نہیں ہوتے اور میں مکرر کہتا ہوں کہ اسی میعاد میں تمہیں بالمقابل رسالہ شائع کر دینا چاہیے جس میعاد میں ابتدائے سترہ مارچ ۱۸۹۷ء سے میرا رسالہ شائع ہو۔ اگر اس میں تخلف ہوگا تو پھر تمہارے بے ہودہ عذرات کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا۔

اب میں عربی رسالہ لکھتا ہوں۔

وَمَا توفیقی الَّا بِاللّٰہ رَبّ انْصُرنِی مِن لدُنک رَبّ ایّدنی مِن لدُنک رَبّ انّ
قومی طردونی فآوِنی مِنْ لدُنک رَبّ انّ قومی لعنونی فارْحمنی
من لدنک. ارحمنی یا ربّ الارض والسّماء. ارحمنی
یا ارحم الرحماء و لا راحم الَّا انت. انّک
انت حِبّی فی الدنیا وَالاٰخرۃ و انت
ارحم الراحمین. توکّلتُ
علیک وانت لا تضیع
المتوکّلین.

﴿۱۷﴾ عذر۔ اس عربی مضمون میں اگر کوئی سخت لفظ ہو تو میاں عبدالحق صاحب غزنوی معذور رکھیں کیونکہ بقول ان کے اس عاجز کو عربی لکھنے کی لیاقت نہیں اور لکھنے والے کوئی اور فاضل ہیں جو عربی کو لکھتے ہیں۔ پس الزام ان نامعلوم آدمیوں پر ہے نہ ایسے شخص پر جو عربی نہیں جانتا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمدُ للّٰه الّذی جعَلنی مَظهَرَ الآیات، وصیَّرنی ظلَّ سیّدِ الکائنات، وجعل

اس خدا کو تمام تعریف ہے جس نے مجھے نشانوں کا جائے ظہور بنایا اور سرور کائنات کا ظل مجھے ٹھہرا دیا اور میرے نام کو

اسمی کاسمه بأنواع التفضّلات، فأتمّ النعم علیّ لأحمَدَه وأکون له أحمَدَ تحت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے مشابہ بنا دیا۔ اس طرح پر کہ اپنی نعمتوں کو میرے پر پورا کیا تا میں اس کی بہت تعریف

السماوات، ونصَّر بی إیمان الناس لیُحمّدونی وأکون مُحمَّدًا بین المخلوقات .

کر کے احمد کے نام کا مصداق بنوں۔ اور میرے سبب سے لوگوں کے ایمان کو تازہ کیا تا وہ میری بہت تعریف کریں اور میں محمد

فأنا أحمَدُ وأنا محمَّد کما جاء فی الروایات، وأُعطیتُ حقیقةَ اسمَیْ نبیِّنا فخرِ

کے نام کا مصداق بنوں۔ پس میں احمد ہوں اور میں محمد ہوں جیسا کہ روایات میں آیا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

الموجودات، کانعکاس الصُّوَر فی المرآة، فنصلّی ونسلِّم علی هذا النبی الأمّیّ

دونوں ناموں کی حقیقت عطا فرمائی گئی ہے جیسا کہ آئینہ میں صورتوں کا انعکاس ہو جاتا ہے۔ پس ہم اس نبی اُمی پر درود اور

الذی تنعکس أنواره فی الصالحین والصالحات، وتُفتَح باسمه أبواب البرکات،

سلام بھیجتے ہیں جس کے انوار نیک مردوں اور نیک عورتوں میں چمکتے ہیں اور اس کے نام کے ساتھ برکتوں کے دروازے کھولے

وتتم بنوره حجّة اللّٰه علی الکافرینَ وَالکافرات؛ وَعلٰی آله الطّاهرین

جاتے ہیں۔ اور اس کے نور کے ساتھ کافروں پر خدا کی حجت پوری ہوتی ہے اور درود اور سلام اس کی آل پر جو پاک مرد اور

والطاهرات، وأصحابه المَحْبُوبین والمَحْبُوبات، وجمیع عباد اللّٰه الصّالحین .

پاک عورتیں ہیں اور اس کے اصحاب پر جو خدا کے پیارے بندے اور پیاری کنیزیں ہیں۔ اور ایسا ہی تمام نیک بندوں پر

﴿۱۸﴾ أمّا بعد. فاعلموا أيها الطالبون، والأخيار المسترشدون، أن الله أتم حجّتي على الأعداء، بعداس کے اے طالبو اور اچھے لوگو جو رشد کو ڈھونڈنے والے ہو تمہیں معلوم ہو کہ خدا نے مری حجت کو دشمنوں پر پورا کر دیا اور میرے لئے اس وأرَى لي الخوارق وأسبغَ من العطاء، ورأيتم كيف نزلت الآيات من السماء، وكيف فُتِحت نے نشان دکھلائے اور میرے پر اپنی بخشش کو کامل کیا اور تم نے دیکھا کہ کیونکر آسمان سے نشان اترے۔ اور کیونکر طالبوں کیلئے دروازے کھولے الأبواب للطلباء، ثم الذين بخلوا يُنكرونني لاعنين، ويتركون الديانةَ والدين. جرّدوا مِن غير گئے۔ پھر وہ جو بخل کرتے ہیں وہ لعنت کرتے ہوئے انکار ظاہر کرتے ہیں۔ اور دین کو بھی چھوڑتے ہیں اور دیانت کو بھی۔ انہوں نے ظلم کی تلوار ناحق حقّ سيفَ العدوان، وشهّروا حُسام السبّ والطغيان، وما كانوا منتهين. إنهم يؤذونني ويسبّونني کھینچ رکھی ہے اور گالی اور زیادہ گوئی کی خنجر ان کے ہاتھ میں برہنہ ہے اور باز نہیں آتے۔ وہ مجھے دکھ دیتے ہیں اور دشنام دہی کرتے ہیں اور مجھے کافر ويكفّرونني، ولا أعلم لِمَ يُكفّرونني. أيكفّرون رجلًا يقول إني من المسلمين؟ يُصرّون على سبل ٹھہراتے ہیں اور میں نہیں جانتا کہ کیوں ٹھہراتے ہیں۔ کیا وہ اس آدمی کو کافر کہتے ہیں جو مسلمان ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ گمراہی اور بے راہی الضلال والنكوب، فأين خوف الله وتقوى القلوب، وأين سِيَر الصالحين؟ أما جاءتهم الآيات؟ کے طریقوں پر اصرار کرتے ہیں۔ پس کہاں ہے خوف خدا اور دلوں کی پرہیزگاری؟ اور کہاں ہیں صلحاء کی خصلتیں؟ کیا ان کے پاس نشان نہیں أما ظهرت البيّنات؟ أما حصحص الحق ورُفع الشبهات؟ أفتَعاهدوا على أنهم لا يرجعون إلى حقّ آئے؟ کیا کھلے کھلے خوارق ظاہر نہیں ہوئے؟ کیا حق نہیں کھل گیا؟ اور شبہات نہیں مٹ گئے؟ کیا انہوں نے باہم عہد کر لیا ہے کہ حق کی طرف مبين؟ أو تقاسموا على أنهم يُصرّون على تكذيبٍ وتوهينٍ؟ أيُخوّفونني بالسبّ والشتم رجوع نہیں کریں گے؟ یا باہم قسمیں کھالی ہیں کہ تکذیب اور توہین پر اصرار کرتے رہیں گے؟ کیا مجھے گالی اور کافر کہنے کے ساتھ ڈراتے والتكفير، ويتربصون بي الدوائر بالحيل والتدابير؟ والله يعلم كيد الخائنين. إنه يعلم ما في ہیں؟ اور تدبیروں اور حیلوں سے میرے پر گردشوں کی امید رکھتے ہیں؟ خدا تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے مکر کو خوب جانتا ہے۔ وہ میرے دل نفسي ونفسهم، وإنه لا يُحب المفسدين. وإني عنده مكين أمين، وإن بيني کی باتوں اور ان کے دل کی باتوں کو جانتا ہے اور وہ مفسدوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور میں اس کے نزدیک بامرتبہ اور امین ہوں اور مجھ میں

وبينه سرّ لا يعلمه إلا هو، فويلٌ للمعتدين .أتحسب الأعداء أن العداوة خيرٌ لهم، بل هي ﴿۱۹﴾

اور اس میں ایک بھید ہے جو اس کو بغیر میرے خدا کے کوئی نہیں جانتا پس حد سے بڑھنے والوں پر واویلا ہو۔ کیا دشمن یہ جانتے ہیں کہ

شرّ لهم، لو كانوا متفكّرين .أيظنّون أنهم يهدّون ما بنتُه أنامل الرحمٰن؟ أو يجوحون ما

دشمنی کرنا ان کے لئے بہتر ہے؟ نہیں! بلکہ بد ہے اگر وہ سوچیں۔ کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی عمارت کو وہ مسمار کر دیں گے؟ یا

غرسته أيدى اللّٰه ذى المجد والسُلطان؟ كلا بل إنهم من المفتونين.

اس درخت کو جڑ سے اکھاڑ دیں گے جو خدا تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا ہے؟ ہرگز نہیں! بلکہ وہ تو آزمائش میں پڑے ہوئے ہیں۔

يا معشر الجهلاء والسفهاء وزُمر الأعداء والأشقياء أ أنتم تطفئون نور حضرة الكبرياء،

اے جاہلوں اور کم عقلوں کے گروہ! اور دشمنوں اور بدبختوں کی جماعتو! کیا تم جناب الٰہی کے نور کو بجھا دو گے؟ یا سچوں کو

أو تدوسون الصّادقين؟ اتّقوا اللّٰه، ثم اتّقوا إن كنتم عاقلين .أيها الناس فارِقوا فُرُشَ الكرٰى،

پیروں کے نیچے کچل دو گے؟ ڈرو خدا سے ڈرو اگر عقلمند ہو۔ اے لوگو خواب کے فرشوں سے الگ ہو جاؤ! کیونکہ وقت نزدیک

فإن الوقت قد دنَا، وإنّ أمر اللّٰه أتٰى، وإنّه يريد ليُحيى الموتٰى .فهل تريدون حياة لا نزع بعده

آ گیا اور خدا کا حکم پہنچ گیا اور وہ ارادہ کرتا ہے کہ مردوں کو زندہ کرے۔ پس کیا تم ایک ایسی زندگی چاہتے ہو جس کے بعد نہ

ولا رَدٰى؟ وهل تحبّون أن يرضٰى عنكم ربكم الأعلٰى، أو تُصعّرون خدَّكم مُعرضين؟

جان کندن ہے نہ موت۔ اور کیا تم پسند کرتے ہو کہ خدا تم سے راضی ہو جائے یا منہ پھیرنا اور کنارہ کرنا تمہیں پسند ہے۔

واعلموا أنّى أُعطِيتُ **قميصَ الخِلافة**، وتَسربلتُ لباسها من حضرة العزّة،

اور جان لو کہ مجھے قمیص خلافت دیا گیا ہے۔ اور جناب الٰہی سے وہ لباس میں نے پہنا ہے۔ پس تم

فارحموا أنفسكم ولا تعتدوا كل الاعتداء، ألا ترون إلى ما تنزل من

اپنے نفسوں پر رحم کرو اور حد سے زیادہ مت بڑھو۔ کیا تم وہ نشان نہیں دیکھتے جو آسمان سے اتر

السماء، أمَا بقي فيكم رَجُل من المتّقين؟ ولو كانّ هذا الأمر من

رہے ہیں؟ کیا تم میں ایک بھی پرہیزگار باقی نہیں رہا؟ اور اگر یہ کام بجز خدا کے اور کسی کا

﴿۲۰﴾ غيرَ الرحمٰن، لمزّقه الله قبل تمزيقكم يَا أهل العُدوان .اُنظروا كيف عَنِتُّم بل مُتُّم فى جُهد
ہوتا تو تمہارے کاٹنے سے پہلے خدا اس کو کاٹ دیتا۔ دیکھو تم نے کیسی تکلیف اٹھائی بلکہ صبح شام کی کوشش میں مر گئے۔ اور خدا کی
الصباح والمساء ، ومددتم إلى الله يد المسألة والدعاء ، فرُدِدْتم مخذولين فى الحافرة، وما
طرف سوال اور دعا کا ہاتھ پھیلایا۔ پس تم ناکام و نامراد رد کئے گئے۔ اور تمہیں بجز وقت ضائع کرنے اور حسرت کی آہوں کے اور کچھ
حصل إلا إضاعة الوقت وزفرات الحسرة .فما لكم لا تتفكّرون فى أقدار تنزل، ولا ترغبون
حاصل نہ ہوا۔ پس کیا سبب کہ تم اس قضاوقدر میں فکر نہیں کرتے جو اتر رہی ہے؟ اور ان نوروں کیلئے خواہش نہیں کرتے جو کامل ہو
فى أنوار تُستكمل، أهذا فعل الإنسان؟ أهذا من الكاذب الدجّال الشيطان؟ فلا تُهلكوا
رہے ہیں؟ کیا یہ انسان کا فعل ہے؟ اور کیا یہ کاذب اور دجال اور شیطان کی طرف سے ہے؟ پس تم زبان کی جہالت کے ساتھ اپنے
أنفسكم بجهلات اللسان، واستعينوا متضرّعين. يا حسرة عليكم! إنّكم لا تنظرون متوسّمين،
نفسوں کو ہلاک مت کرو۔ اور تضرع کرتے ہوئے خدا سے مدد چاہو۔ تم پر افسوس! کہ تم فراست کی نگاہ سے نہیں دیکھتے اور جب دیکھتے ہو تو
وإذا نظرتم نظرتم لاعبين، ولا تُمعِنون خاشعين. أتُترَكون فى هذا اللهو واللعب، ولا تُقادون
کھیل کے طور پر دیکھتے ہو اور دل کی غربت سے نہیں سوچتے۔ کیا تم اسی لہو ولعب میں چھوڑے جاؤ گے! اور ایک بھڑکنے والی آگ کی طرف
إلى نارٍ ذات اللهب، ولا تُسألون عمّا عملتم مستكبرين؟ لا تُلْهِكم أموالكم وأولادكم، فإن
کھینچے نہیں جاؤ گے۔ اور ان کاموں سے پوچھے نہیں جاؤ گے جو تکبر کی حالت میں تم نے کئے۔ تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں دھوکہ نہ
الحِمام ميعادكم، ثم قهرُ الله يصطادكم، وأين المفرّ من ربّ السّماوات والأرضين؟
دے کیونکہ موت تمہارا وعدہ ہے۔ پھر تم قہر الٰہی کے شکار ہو جاؤ گے۔ آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے سے تم کہاں بھاگ سکتے ہو۔
وقد رأيتم آية الكسوف فنسيتموها، ثم رأيتم آية اللّٰه فى "آتم "فكذّبتموها،
تم نے کسوف کا نشان دیکھا اور اس کو بھلا دیا۔ پھر تم نے خدا کا نشان آتھم میں دیکھا اور اس کی تکذیب کی۔
وتجلّت لكم آية موت "أحمد بيك "فما قبلتموها، وقرأتم كتبَ بلاغةٍ
اور تمہارے لئے موت احمد بیگ کا نشان ظاہر ہوا اور تم نے اس کو قبول نہ کیا۔ اور تم نے ان کتابوں کو

﴿۲۱﴾ رائعةٍ فيها آية فصاحةٍ مُعجبة، فكأنكم مَا قرأتموها، وظَهَرت فى ندوة المذاهب آياتٌ

پڑھا جن کی بلاغت تعجب میں ڈالنے والی تھی۔ پس گویا تم نے انکو نہیں پڑھا اور جلسہ مذاہب میں کئی نشان ظاہر ہوئے سو تم نے ان کو

فنبذتموها، وقد كانت معها أنباء الغيب فما باليتموها، وكأيّنْ من آياتٍ شاهدتموها، فكأنّكم ما

ہاتھ سے پھینک دیا اور ان نشانوں کے ساتھ غیب کی خبریں تھیں سو تم نے کچھ پروانہ کی اور کئی اور نشان تم نے دیکھے۔ پس گویا نہ دیکھے اور

شاهدتموها، وكم من عجائب آنستموها، فما ظلّت لها أعناقكم خاضعين .والآن أشرقتْ آية

کئی عجائب کاموں کا تم نے مشاہدہ کیا۔ پس تمہاری گردنیں ان کیلئے نہ جھکیں اور اب لیکھرام میں جو گوسالہ بے جان تھا نشان ظاہر

فى "عِجل جسد له خُوار "، فهل فيكم من يقبلها كالأحرار، أو تولّون مُدبرين؟وتقولون إنّ "آتم"

ہوا۔ پس کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے جو آزادوں کی طرح اس کو قبول کرے یا تم پیٹھ پھیر دو گے۔ اور تم کہتے ہو کہ آتھم میعاد کے اندر

ما مات فى الميعاد، وتعلمون أنه خاف فيه قهر رب العباد .ففكّروا ألم يجِبْ أن تُرْعَى شريطة

نہیں مرا۔ اور تم جانتے ہو کہ وہ خدا کے قہر سے ڈرا۔ پس سوچ لو کہ کیا واجب نہ تھا کہ الہامی شرط کی رعایت کی جاتی اور اس وقت تک اس کو

الإلهام، ويؤخَّر أجله إلى يوم يُنكِر كاللئام؟ وقد سمعتم أنه ما تألّى إذا دُعِىَ للأقسام، وما ذهب

مہلت دی جاتی جو انکار کرے۔ اور تم سن چکے ہو کہ جب وہ قسم کیلئے بلایا گیا تو اس نے قسم نہ کھائی اور نہ نالش کی۔ اب غور کرو کہ کیا اس کا

مستغيثا إلى الحكّام، فانظروا أما تحقّقَ كذبه؟ أما بلغ الأمر إلى الإفحام؟ إنّه زجّى الزمانَ فى

جھوٹھ ثابت نہ ہوا۔ کیا یہ امر اتمام حجت تک نہیں پہونچا۔ اس نے پیشگوئی کا زمانہ خاموشی میں گزارا اور بیقراری اور سرگردانی میں

صمتٍ وسكوت، وأتمّ الميعاد كمضطرب مبهوت، وألقى نفسه فى متاعب وشوائب، وتراءى

میعاد کے زمانہ کو بسر کیا اور اپنے نفس کو طرح طرح کی تکالیف میں ڈالا اور ایسا شکستہ حال اپنے تئیں ظاہر کیا کہ گویا وہ مصیبتوں کا

مُنكسرًا كأنّه رأى نوائب، وما تفوّه بكلمة يخالف الإسلام، حتى أكمل الأيام. فهذه القرائن تحكم

مارا ہوا ہے اور وہ ایک بھی ایسا کلمہ زبان پر نہ لایا جو اسلام کے مخالف ہو یہاں تک کہ اس نے پیشگوئی کی میعاد کو پورا کیا۔ پس یہ

ببداهةٍ أنه خشِى عظمة الإسلام بكمال خشية، وكان مِنْ قَبْل يُجادل المُسلمين، ويُخاصم

تمام قرائن ببداہت حکم کرتے ہیں کہ وہ عظمت اسلام سے ضرور ڈرا۔ اور پہلے اس سے وہ مسلمانوں سے بحث و مباحثہ کیا کرتا تھا اور

﴿۲۲﴾ كالمَوذيّين، وأمّا بعد نبأ الإلهام، فامتنع من النزاع والخصام، وصار كقلمٍ ردىّ، وسيف صدىّ،

موذیوں کی طرح لڑتا تھا مگر اس پیشگوئی کے بعد وہ چپ ہو گیا اور تمام بحث ومباحثہ اس نے چھوڑ دیا اور ایک ناکارہ قلم کی طرح یا ایک زنگ خوردہ

وجَهِلَ أوصافَ المَصافّ وأخلافَ الخِلاف، وكنتُ أعطيه أربعة آلاف، إذا قمت لإحلاف، فما

تلوار کی طرح بن گیا اور لڑائی کی تعریف کو بھول گیا اور مخالفت کے پستانوں کو فراموش کر دیا اور میں نے اس کو قسم کھانے پر چار ہزار روپیہ دینا کیا مگر

تألّى، بل ولّى؛ فانظروا أهذه علامة الصادقين؟ ثم إذا انقضت أشهر الميعاد، فقسّى قلبه ورجع

اس نے قسم نہ کھائی بلکہ منہ پھیر دیا۔ پس دیکھو کیا یہ سچوں کی علامتیں ہیں۔ پھر جب میعاد کے مہینے گزر گئے تو اس کا دل سخت ہو گیا اور انکار اور

إلى الإنكار والعناد، فلذٰلك مَاتَ بَعْدَ ما أنكر وأبٰى، ولو أنكر فى الميعاد لمات فيها وفنٰى .فلا

عناد کی طرف اس نے رجوع کر لیا۔ پس وہ اسی لئے مر گیا کہ اس نے انکار کرنا شروع کیا اور اگر میعاد کے اندر انکار کرتا تو میعاد کے اندر ہی مر جاتا۔

شكّ أنّ هذا النبأ سوّد وجوه المنكرين، وأرغَمَ مَعاطِسَ المكذّبين، وإنّ فيه آيات للطالبين، وإنّه

پس کچھ شک نہیں کہ اس پیشگوئی نے منکروں کے منہ کو کالا کر دیا اور ان کی ناک کو خاک کے ساتھ رگڑ دیا اور اس میں ڈھونڈنے والوں کیلئے نشان ہیں اور یہ

مكتوب فى كتابى "البراهين"، وإنه يوجد فى أخبار خاتم النبيين،فآمنوا به إن كنتم مؤمنين.

پیشگوئی میری کتاب براہین احمدیہ میں لکھی ہوئی ہے اور نیز احادیث خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی ہے۔ پس ایمان لاؤ اگر ایمان لا سکتے ہو۔

ومن آياتى أنّ الأحرار نافسوا فى مُصافاتى، وآثروا لعن الخَلق لموالاتى، وتركوا

اور میرے نشانوں میں سے ایک یہ ہے کہ شریف لوگوں نے میری دوستی میں رغبت کی اور میری دوستی کیلئے لعنت خلق کو قبول کیا۔

أنفسهم لنفائس نكاتى، وصَبَوا إلى رؤيتى وجاءوا تحت راياتى، إنّ فى ذلك

اور اپنے عزیزوں کو میرے معارف کیلئے چھوڑا اور میرے دیکھنے کی طرف مائل ہوئے اور میرے جھنڈے کے نیچے آ گئے۔ اس میں

لآيات للمتدبّرين. ومن آياتى أن العدا رغبوا عن معارضتى، بعد ما رأوا

تدبر کرنے والوں کے لئے نشان ہیں اور منجملہ میرے نشانوں کے یہ ہے کہ دشمنوں نے میرے مقابلہ سے کنارہ کیا بعد اس کے کہ

عارضتى، ووَجَدوا كالبخيل القالى، بعد ما وجدوا عذوبة مقالى،

میری قوت کلام کو پایا۔ اور بخیل دشمنی رکھنے والے کی طرح غصہ کیا بعد اس کے جو میری شیریں کلامی کو پایا۔

﴿۲۳﴾ وَ اَلِفوا بالحسد كاللئام، بعد ما أَلَّفوا دُرَرَ الكلام، إنّ فى ذلك لآيات للمتعمّقين .ومن آياتى

اور ناکسوں کیطرح حسد سے الفت کی۔ بعد اسکے جو میری کلام کے موتی انہیں معلوم ہوئے اس میں غور کرنیوالوں کیلئے نشانیاں ہیں اور میرے نشانوں میں

أنى لبثتُ على ذلك عُمُرًا من الزمان، ولا يُمهَل مَن افترى على الله الديّان، إنّ فى ذلك

سے ایک یہ ہے کہ میں اس دعویٰ الہام پر ایک عمر سے قائم ہوں اور مفتری کو خدا تعالیٰ کی طرف سے مہلت نہیں دی جاتی۔ اس میں اہل فراست

لآيات للمتوسّمين .ومن آياتى أنّى أُعطيتُ عقيدةً يدرَأ عن الطالب كلَّ شبهة، ويكشف عن

لوگوں کیلئے نشان ہیں۔ اور میرے نشانوں میں سے ایک یہ ہے کہ میں ایسا عقیدہ دیا گیا ہوں کہ جو طالب کا ہر یک شبہ دور کرتا ہے۔ اور بھید کے

بيضة السرّ مُحَّ حقيقة، إنّ فى ذلك لآيات للمستبصرين .ومن آياتى أن الزمان نُظِمَ لى فى

انڈے میں سے حقیقت کا زردہ ظاہر کرتا ہے۔ اس میں دیکھنے والوں کے لئے نشان ہیں۔ اور میرے نشانوں میں سے ایک یہ ہے کہ زمانہ میرے

سِلك الرفاق، وأُنشِئ المناسباتُ فى الأنفس والآفاق، وكذلك أُرسِلتُ عند خفوق راية

رفیقوں میں منسلک کیا گیا۔ اور انفسی اور آفاقی مناسبات پیدا ہوگئیں۔ اور اسی طرح میں اس وقت بھیجا گیا کہ جب نامرادی کا جھنڈا جنبش کر رہا تھا۔ اس

الإخفاق، إنّ فى ذلك لآيات للمتفرّسين .ومن آياتى أن الله شحّذ سيف بيانى، وأرى

میں فراست والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور میرے نشانوں میں سے ایک یہ ہے کہ خدا نے میرے بیان کی تلوار کو تیز کیا۔ اور میرے برہان کی تیزی

جواهره بغِرارِ بُرهانى، إنّ فى ذلك لآيات للناظرين .ومن آياتى أن الحقّ ما استسرّ عنى

کے ساتھ اسکے جوہر دکھلائے۔ بہ تحقیق اس میں دیکھنے والوں کیلئے نشان ہیں اور میری نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دم بھی سچائی مجھ سے پوشیدہ نہیں

حينًا، وجُعِل قلبى له عَرِينًا، وجُعِلتُ له مُجدِّدًا مُبينًا، إنّ فى ذٰلك لآيات للمتأمّلين.

ہوئی اور میرا دل اس کا نزول گاہ بنایا گیا اور میں اس کے لئے تازہ کرنیوالا اور کھول کر بیان کرنیوالا مقرر کیا گیا۔ اس میں فکر کرنیوالوں کیلئے نشان ہیں۔

أيها الناس. قد جاء كم لطفُ ربّ العباد، وتعهَّدَكم فضله تعهُّد العِهاد،

اے لوگو! تمہارے پاس خدا کی مہربانی آئی۔ اور اس کے فضل نے تمہاری خبر گیری کی جیسا کہ وقت کی بارش

عند إمحال البلاد، فلا تردّوا نعم اللّٰه إن كنتم شاكرين . أَأَنْتم

خشک سالی کے وقت خبر گیری کرتی ہے۔ پس اگر تم شکر گذار ہو تو خدا کی نعمتوں کو رد نہ کرو۔ کیا تم اس کی

﴿۲۴﴾ تهدّون ما شاد، أَوْ تمنعون ما أراد؟ وقد رأيتم أنكم لم تستطيعوا أَنْ تأتوا بكلامٍ مِنْ مثل

بنا کردہ کو مسمار کردو گے یا جو کچھ اس نے ارادہ کیا اس کو روک دو گے اور تم نے دیکھ لیا کہ تمہیں طاقت نہیں ہوئی کہ میری کلام جیسی

كلامي، حتى سكتّم وصمتّم متندّمين من إفحامي .وأشيع الكتب المملوّة بالنكات

کلام بنالاؤ یہاں تک کہ تم خود شرمندہ ہو کر چپ ہو گئے اور لاجواب ہو گئے اور وہ کتابیں شائع کی گئیں جو برگزیدہ نکتوں کے ساتھ

النُخَب، ولطائف النظم وبدائع النثر ومحاسن الأدب، فما كان جوابكم إلا أن قلتم إنها

پُر تھیں اور لطائف نظم اور نثر سے لبالب تھیں اور محاسن ادب سے مملوّ تھیں۔ پس تمہارا بجز اس کے کچھ جواب نہ تھا کہ یہ کتابیں اور

من قوم آخرين .فانظروا كيف عجزتم ثم صُرفتْ قلوبكم عن الحق فصرتم قومًا عمين .

لوگوں کی بنائی ہوئی ہیں۔ پس دیکھو تم کس طرح عاجز ہو گئے پھر تمہارے دل حق سے پھیر دیئے گئے۔ پس تم ایک اندھی قوم ہو گئے

حتٰى إذا احتدّ منكم الحِجاج، وامتدّ اللَجاج، ونبَح النجفيّ والغزنويّ، وقالا إنه جاهل

یہاں تک کہ جب تم تیزی سے حجت بازی کرنے لگے اور تمہاری لڑائی لمبی ہو گئی اور نجفی اور غزنوی نے یاوہ گوئی کی اور کہا کہ یہ ایک

غويّ، كتبتُ رسالتي هذه لتكون حُجّة على المفترين، وليفتح الله بيني وبينكم وهو

جاہل گمراہ ہے۔ تب میں نے یہ رسالہ لکھا تا افتراء کرنے والوں پر حجت ہو۔ اور تا مجھ میں اور تم میں خدا تعالیٰ فیصلہ کر دے اور وہ

خير الفاتحين.

بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

وقال الذى آذانى من جماعةِ عبد الجبّار، إن هذا دجّال وأكفر الكفّار، وجاهل لا يعلم

اور عبدالجبار کی جماعت میں سے ایک موذی نے کہا کہ یہ شخص دجال اور اکفر الکفار ہے اور ایک جاہل ہے جو عربی کو نہیں جانتا اور

العربيّة ولا شيئا من النكات والأسرار، وأعانه عليه قوم من العلماء المتبحّرين .وكذٰلك ظنَّ

نہ نکات اور اسرار سے خبر رکھتا ہے۔ اور اس تالیف پر بڑے بڑے علماء نے مدد کی ہے۔ اور اسی طرح نجفی نے ظن کیا پس دیکھ کہ کیونکر

النجفيّ، فانظرْ كيف تشابهت قلوب المعتدين .وما أثبتَ أحدٌ منهم أنّهُم أُرضعوا ثَدْيَ الأدب،

تجاوز کرنے والوں کے دل باہم مشابہ ہو گئے اور ان میں سے کسی نے ثابت نہ کیا کہ وہ پستان ادب سے دودھ پلائے گئے ہیں

﴿۲۵﴾ أو أُعطوا مّن العلوم النخب، وما جاءونی بالدبیب ولا بالخبیب، بل تکلّموا کالنساء متستّرین.

یا علوم برگزیدہ دیئے گئے ہیں اور میرے پاس نہ نرم رفتار میں آئے اور نہ تیز رفتار میں بلکہ عورتوں کی طرح چھپی چھپی باتیں کیں اور صحت نیت

وما أنکروا بصحّة النیّة، بل کبخیل خاطِبِ الدنیا الدنیّة .ونبّههم اللّٰه فما تنبّهوا، وأیقظتهم

سے انکار نہیں کیا بلکہ اس بخیل کی طرح جو دنیا کا چاہنے والا ہو اور ان کو خدا تعالیٰ نے خبردار کیا پس خبردار نہیں ہوئے اور نشانوں نے ان کو جگایا

الآیات فما استیقظوا .ألم یروا آیة کبریٰ، إذ أهراقَ قاتلٌ دمًا وأولغَ فیه المُدَی؟ وکان المقتول

پس وہ نہیں جاگے کیا انہوں نے ایک بڑا نشان نہ دیکھا جب قاتل نے ایک خونریزی کی اور اس کے اندر اپنی چھری کو داخل کیا اور مقتول ایک آریہ

"آریة "خبیثا ومن العدا .فأبکی اللّٰه مَن سخِر من الدّین وسبّ وهجا، وألقاه فی عذاب لا

خبیث اور دشمنوں میں سے تھا۔ پس خدا نے ایک ایسے شخص کو رلایا جو دین اسلام سے ٹھٹھا کرتا اور گالیاں نکالتا تھا۔ اور اس کو ایسے عذاب میں ڈال دیا۔ جس

یتقضّی، ونارٍ لا یموت فیها ولا یحیٰی، وضیَّع کل ما صنع وهدّم کل ما علا، إنّ فی ذلک لآیات

کا کبھی خاتمہ نہیں اور ایسی آگ میں جھونک دیا جس میں نہ مریگا اور نہ زندہ رہے گا اور اسکے تمام کاروبار کو ضائع کیا اور اسکی ہر ایک بلند کردہ کو مسمار کیا۔ اس

لأولی النهٰی .وکان نبأ "آتم "یَحکِی السُها، بما خفِی من أعین العُمی وما تجلّی، فألقت هذه

میں عقلمندوں کیلئے نشان ہیں اور آتھم کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی وہ خفا میں ستارہ سہا کے مشابہ تھی اور اندھوں کی نظر سے بہت پوشیدہ تھی اور ظاہر نہ تھی۔

الأیاةُ علیه رداء ها، فأشرقا کشمس الضحی، وأضاء ا عقول العاقلین وجذبا إلی الحق من أتی.

پس اس روشنی نے اس پر چادر ڈال دی۔ پس دونوں دوپہر کے آفتاب کی طرح چمک اٹھیں اور عقلمندوں کی عقلوں کو روشن کیا اور آنے والے کو حق کی طرف کھینچ

وهذه آیة عذراء ، وشمس بیضاء ، فلیهتدِ من شاء ، إنّ اللّٰه یُحِبّ التّوابین ویحبّ المتطهّرین.

لیا۔ اور یہ ایک نیا نشان ہے۔ اور آفتاب روشن ہے۔ پس چاہئے کہ ہدایت قبول کرے جو چاہے خدا توبہ کرنیوالوں اور پاکی طلب کرنیوالوں سے پیار کرتا ہے۔

وإنها تشفی النفس، وتنفی اللَبُس، وتوضح المُعمَّی، وتکشف السر عن ساقه

اور یہ لیکھرام کے قتل کا نشان جان کو تسلی دیتا ہے اور شبہ کو دور کرتا ہے اور معمّٰی کو کھولتا ہے۔ اور بھید کی پنڈلی

والغُمَّی، وتُتمّ الحجّة علی المُجرمیُن. فیا حَسُرة علَی المخالفین !إنّهم

اور امر پوشیدہ کی ساق دکھلاتا ہے۔ اور مجرموں پر حجت پوری کرتا ہے۔ پس افسوس مخالفوں پر کہ وہ

﴿۲۶﴾ يتّر كون أحكم الحاكمين .فكأنّ اللّٰه شرّق وهم غرّبوا، ودعا لجمع الثمار وهم

احکم الحاکمین کو چھوڑے جاتے ہیں۔پس گویا خدا مشرق کی طرف گیا اور یہ لوگ مغرب کی طرف۔اور اس نے پھلوں کے جمع کرنے کے لئے کہا

احتطبوا، وأمر أن يؤتونى عَذْبًا فعذَّبوا، وما اجتنبوا الأذى بل كادوا أن يُجنِّبوا، فردّ اللّٰه

اورانہوں نے خشک لکڑیاں جمع کیں اور حکم کیا کہ مجھے میٹھا پانی دیں اور انہوں نے عذاب کیا اور دکھ دینے سے پرہیز نہ کی بلکہ نزدیک ہوئے کہ

نيّاتهم عليهم فانقلبوا مخذولين.

پسلی توڑ ڈالیں۔پس خدا نے ان کی نیتیں ان پر ڈال دیں۔سو انجام ان کا نامرادی تھی۔

ومنهم رجل من الغزنى يسمّونه عَبُد الحق، وإنه سبّ وشتَم ووثَب سفاهةً كالبقّ .وإنه

اور ان میں سے ایک غزنوی شخص ہے جس کو عبدالحق کہتے ہیں اور اس نے گالیاں دیں اور پشہ کی طرح اچھلا اور وہ ایک چوہا ہے

فُوَيسقةٌ يُذعِر الأسودَ فى جُحره بالغقّ .وإنّ الخنّاس زقَّه فبالغَ فى الزقّ .وإنه كذّب آية

شیروں کو اپنے سوراخ میں آواز سے ڈراتا ہے اور شیطان نے اس کو غذا دی پس پوری غذا دی اور اس نے کسوف خسوف کے نشان کی

الكسوف كما كُذِّبَ مِن قبل آيةُ القمر المنشق .وَإنّ الشيطان لقَّ عينَه فذهب ببصره باللقّ.

تکذیب کی جیسا کہ کفار نے شق القمر کی تکفیر کی اور شیطان نے اس کی آنکھ پر ماری پس آنکھ نکال دی اور وہ مرغی کی طرح آواز کر رہا ہے

وَمَا نَقَّ إلَّا كدجاجة فنذبحه بمُدَى الحق، ونُريه جزاء النقّ، فما ينجو منّا بالهرب والهقّ، ولا

پس ہم سچائی کی چھری سے اس کو ذبح کر دیں گے اور اس کی آواز کی اس کو جزا چکھائیں گے۔پس ہم سے بھاگنے کے ساتھ نجات نہیں پائے

ينفعه كيد الكائدين .وإنّه أرسل إلىّ كتابه المملوّ من السبّ والتكفير، وخدع الناس بأنواع

گا اور کوئی مکر اس کو فائدہ نہیں دے گا اور اس نے اپنی وہ کتاب جو گالیوں اور تکفیر سے پُر تھی میری طرف بھیجی اور طرح طرح کے جھوٹوں سے

الدقارير، وذكر فيه كتابى وهذَى، وقال أهذا من هذا؟ كلَّا بل إنه من النُوكَى، ولا يكاد يُبِين.

لوگوں کو دھوکا دیا۔اور میری کتاب کا ذکر کیا اور بکواس کی اور کہا کیا ایسی کتاب اس شخص کی تالیف ہے۔ہرگز نہیں بلکہ یہ تو جاہل ہے اور بلیغ

وخاطبنى وادّعى كعارف الحقيقة، وقال إنك لست مؤلّف هذه الكتب الأنيقة، ولا أبا عُذر

بات کہنے پر قادر نہیں اور مجھے مخاطب کر کے ایک حقیقت شناس کی طرح دعویٰ کیا اور کہا کہ تو ان عمدہ کتابوں کا مؤلّف نہیں ہے اور نہ ان لطیف

﴿۲۷﴾ تلكَ الرسائل الرشيقة، والنكات الدقيقة العميقة، بل استمليتَها مِن رجال هذه الصناعة،

رسالوں کا موجد اور نہ ان نکات عمیقہ کا نکالنے والا بلکہ تو نے ان کتابوں کو اس صناعت کے مردوں سے لکھوایا ہے۔ پھر تو

ثم عزوتَها إلى نفسك لتُحمَد بالفضل والبراعة، وإنّا نعرف مبلغ علمك

نے ان کو اپنے نفس کی طرف نسبت دے دی ہے تا بزرگی اور کمال عقلمندی کے ساتھ تعریف کیا جائے اور ہم تیرا اندازہ علم

وما كنّا غافلين.

جانتے ہیں اور ہم غافل نہیں۔

وشابَهَه في قوله شيخ طويل اللسان، كثير الهذيان، وزعم أنه من فضلاء الزمان، وأنه

اور ایک شیخ لمبی زبان والا بہت ہذیان والا عبدالحق سے مشابہ ہے۔ اس نے گمان کیا ہے کہ وہ زمانہ کے فاضلوں میں سے ہے اور یہ شیخ نجفی ہے

نَجَفيٌّ ومن المتشيّعين .وإنه أرسل إليّ مكتوبه في العربية، ليخدع الناس بالكلم الملفّقة،

اور شیعہ ہے۔ اور اس نے عربی میں میری طرف ایک خط لکھا تا اپنے پر تکلف جوڑے ہوئے فقروں کے ساتھ لوگوں کو دھوکا دے اور تا کہ عوام الناس کے دل اس کی

ولتعظّمه قلوب العامة وليستميل إليه زُمرَ الجاهلين .وما كان قوله إلا فُضلة قول الفضلاء ،

بزرگی کریں اور تا کہ جاہلوں کو اپنی طرف میل دے۔ اور اس کا قول صرف فاضلوں کے قول کا ایک فضلہ تھا۔ اور ان کے کلمہ

وعَذِرةُ كلمتهم العذراء .فالعجب من جهله، إنه ما خاف إزراء القادحين، ووقف موقف

باکرہ کی ایک نجاست تھی۔ پس اس کی جہالت سے تعجب ہے کہ وہ عیب گیروں کی عیب گیری سے نہیں ڈرا۔ اور ندامت کی

مندمة، وما أرى الوجه كالمتندّمين .بل إنه مع ذالك بلّغ السبّ والشتم إلى الكمال، وما

جگہ پر کھڑا ہوا اور شرمندوں کی طرح منہ نہ دکھلایا بلکہ اس نے باوجود اس کے سبّ اور شتم کو کمال تک پہنچا دیا اور کسی گالی کو

غادر سبًّا إلا كتبه كالسفيه الرزال، ولا يعلم ما الإيمان وما شِيَم المؤمنين. ومثل قلبه

نہ چھوڑا جس کو کمینہ رذیلوں کی طرح نہ لکھا اور نہیں جانتا کہ ایمان کیا ہے اور مومنوں کی خصلتیں کیا ہیں اور اسکے منقبض دل کی

المنقبض كمثل يومٍ جَوُّه مُزمَهِرٌّ ودَجُنُه مُكفهرٌّ، عارى الجِلدة، بادى الجُردة، شقيٌّ

مثال ایسی ہے جیسا کہ وہ دن جو سخت سرد ہو اور اس کا بادل تہ بہ تہ جما ہوا ہو۔ برہنہ پوست اور آشکارا برہنگی ایک بدبخت ہے

﴿۲۸﴾ خسِرَ فی الدُنیا والدّین یسُبّنی ویشتمنی بطغواہ، ولا ینظر إلی مآل سابٍّ من "الآریة"

جو دین اور دنیا میں نقصان اٹھانیوالا ہے اپنے حد سے گذر جانیکے سبب سے مجھے گالیاں دیتا ہے اور نہیں دیکھتا کہ آریہ گالیاں دینے والے کا

ومأواہ، وإنّ السعید من اتّعظ بسواہ .وأنّی لہ الرشد والھدیٰ، وإنہ لا یعلم ما التُّقیٰ، ولا

کیا انجام ہوا۔ اور نیک بخت وہ ہوتا ہے جو دوسرے کے حال سے نصیحت پکڑتا ہے اور اس کو رشد اور ہدایت کہاں نصیب ہو وہ تو نہیں جانتا

الأدب المُنتقَی، وإنہ سلک سُبل الھالکین .لا یُبالی الحشر وأھوالہ، ولا قَھْرَ اللّٰہ ونکالہ،

کہ پرہیزگاری کس کو کہتے ہیں اور نہ ادب برگزیدہ کی اس کو خبر ہے۔ اور وہ مرنیوالوں کی راہ چلا ہے قیامت اور اس کے خوفوں کی کچھ پروا نہیں رکھتا۔

وکل ما کتب فلیس إلّا ککیدٍ، أو أحبولة صیدٍ، أراد أن یفتن قلوب الجماعة، بافتنانہ فی

اور نہ خدا کے قہر اور وبال سے ڈرتا ہے۔ اور جو کچھ اس نے لکھا وہ ایک مکر ہے۔ یا دام صید ہے۔ اس نے

البراعة، وأرعفَ کفُّہ الیَراعَ، لیُرِیَ السفھاء البَعاعَ، ولکنّہ ھتک أستارہ، وأری فی کل قدمٍ

ارادہ کیا کہ اپنی جماعت کے دلوں کو تفنن کلام کے ساتھ فریفتہ کرے۔ اور اس کے ہاتھ نے قلم کو رواں کیا تا نادانوں کو اپنی متاع دکھلائے مگر اس نے اپنے

عثارہ، وأفضی فی حدیث یُفضِحہ، ودخل نارًا تلفَحہ، فمثلہ کمثل رجل شھّر خزیَہ بدفّہ، أو

پردے پھاڑ دیئے اور ہر ایک قدم میں اپنی لغزش دکھلائی اور اس بات کو شروع کیا جو اس کو رسوا کرے گی اور اس آگ میں داخل ہوا جو اس کو جلادے گی پس اس

جدَع مارنَ أنفہ بکفّہ، فلحق بالملومین المخذولین .ومع ذلک سبّنی لیجیر فُقدانَ فضلٍ

کی اس شخص کی مثال ہے جس نے اپنی رسوائی کو اپنے دف کے ساتھ مشہور کیا یا اپنی ناک کو اپنے ہاتھ کیساتھ کاٹا۔ پس ملامت اٹھانیوالے اور گمنام لوگوں میں

بیانہ بفضول لسانہ، وأمّا نحن فلا نتأسّف علی ما قلَی وقال، ولا نُطیل فیہ المقال، فإنہ من

جاملا۔ اور باوجود اس کے مجھ کو گالیاں دیں تا اپنی بیہودہ گوئی سے اپنی ژولیدہ بیانی کو پناہ دیوے۔ مگر ہم اس کی دشمنی اور قول پر کچھ تاسف نہیں کرتے اور نہ اس میں

قوم تعوّدوا السبّ والانتصاب للإزراء ات، وحسبوہ لأنفسھم من أعظم الکمالات،

کچھ زیادہ کہنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ ایک ایسی قوم میں سے ہے جن کو گالیاں دینے اور عیب گیری کی عادت ہے۔ اور اس عادت کو انہوں نے اپنا کمال سمجھا ہوا ہے۔

فنستکفی باللّٰہ الافتنانَ بمفترایاتہ، ونعوذ بہ من نیّاتہ وجھلاتہ، وما نعطف إلی السبّ

پس ہم ان کے فتنہ میں مبتلا ہونے سے خدا کو اپنے لئے کافی جانتے ہیں اور اس کی نیتوں سے خدا کی پناہ ڈھونڈتے ہیں اور ہم گالی کی طرف رجوع نہیں کرتے

﴿۲۹﴾ کمآ عطف هو من العناد، ونُفوِّض أمرنا إلٰی ربّ العباد، وهو أحكم الحاكمين.

جیسا کہ اس نے عناد سے کیا اور ہم اپنا امر خدا تعالیٰ کو سونپتے ہیں اور وہ احکم الحاکمین ہے۔ اور کیونکر یہ شخص تکذیب کرتا ہے

وكيف يكذّبني مع أنّه ما نقض براهيني، وما دوّن كتدويني، وما تصدّيتُ لدعوى ما كان

حالانکہ اس نے میرے دلائل کو نہیں توڑا اور میرے مقابلہ پر کچھ لکھ نہیں سکا اور میں نے ایسے دعویٰ کو پیش نہیں کیا جس کے ساتھ

معه الدلائل، بل عرضتُ دلائل أزيدَ مما يسأل السائل، وما كان كلامي بالغيب بضنين.

دلائل نہ ہوں بلکہ میں نے زیادہ سے زیادہ جو لوگ پوچھتے ہیں دلائل پیش کر دیئے ہیں اور میرا کلام غیب گوئی سے بخیل نہیں ہے۔

وقد ثبت عند جميع الحُكّام، وولاة الأحكام، أن الدعاوى تجب قبولها بعد الأدلّة، كما

اور تمام حکام اور والیان حکم کے نزدیک یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بعد دلائل کے دعووں کا قبول کرنا واجب ہو

تجب الأعياد بعد الأهلّة، وكنتُ ادّعيت أنّي أنا المسيح الموعود، والإمام المهدى المعهود،

جاتا ہے جیسا کہ بعد ہلال عید کے عید کرنا واجب ہو جاتا ہے اور میں نے دعویٰ کیا تھا کہ میں مسیح موعود اور مہدی موعود ہوں

فأرى الله آياته على ذالك الادّعاء، وسَكَّتَ وبَكَّتَ زُمرَ الأعداء، وأرى آيةً تارةً في زيّ

پس اللہ تعالیٰ نے اس دعویٰ پر اپنے نشان دکھلائے اور تمام دشمنوں کو ساکت اور لاجواب کیا اور کبھی نشان کو

الإيجاد، وأخرى في صورة الإعدام والإفناد، وأعجزَ الأعداءَ مرّة بخوارق الأقوال،

ایجاد کی صورت پر دکھلایا اور کبھی معدوم کرنے کی صورت پر ظاہر کیا اور کبھی قولی نشان کے ساتھ مخالفوں کو عاجز کیا اور

وأخرى أخزاهم بعجائب الأفعال و أيّدني ربّي في كل موطن و مقام، و ما بقِي دقيقة

کبھی فعلی نشان کے ساتھ ان کو رسوا کیا۔ اور میرے رب نے ہر ایک مقام اور میدان میں میری مدد کی اور کوئی دقیقہ اتمام

من تبكيت وإفحام، ومُزِّقوا كل ممزّق من الله مُخزي المفسدين. ثم قيّض

حجت کا باقی نہیں رہا اور خدا تعالیٰ کی طرف سے خوب پارہ پارہ کئے گئے پھر ان کی بدتقدیر کیوجہ سے خدا کی مشیت نے

قدر اللّٰه لنصبهم ووصبهم، أنهم طعنوا في علمي وفخروا ببراعتهم

ان کو اس طرف کھینچا کہ انہوں نے میرے علم اور لیاقت میں طعن کیا اور اپنی بلاغت اور ادب پر ناز کیا

﴿۳۰﴾ وأدبهم، وكانوا عليها مُصرّين، ومكروا ومكر اللّٰه واللّٰه خير الماكرين.

اوراس پر اصرار کیا۔ اورانہوں نے مکر کیا اور خدا نے بھی مکر کیا اور خدا سب سے بہتر مکر کرنے والا ہے۔

فواللّٰه ما فكّرتُ في الإملاء والإنشاء، وما كنتُ من الأدباء والفصحاء، وما احتاج يَراعي

پس بخدا میں نے املا اور انشاء میں کچھ فکر نہیں کیا اور میں ادیبوں میں سے نہیں تھا اور میری قلم کسی مددگار کی محتاج نہیں ہوئی۔

إلى من يُراعي كالرفقاء، بل كنتُ لا أعلم ما البلاغة والبراعة، ولا أدري كيف تحصل هذه

بلکہ میں نہیں جانتا تھا کہ بلاغت کسے کہتے ہیں اور نہیں جانتا تھا کہ یہ صناعت کیونکر حاصل ہوتی ہے۔ پس اس حالت میں کہ میں اس

الصناعة .فبينما أنا في حيرة من هذه الإزراء، وقد تواترَ طعنهم كالسفهاء، إذ صُبّ على قلبي

نکتہ چینی سے حیرت میں تھا اور ان کا طعن سفیہوں کی طرح تواتر تک پہنچ چکا تھا پس یکدفعہ ایک نور میرے دل پر ڈالا گیا اور ایک چیز

نورٌ من السّماء، ونزل عليّ شيء كنزول الضياء، فصرتُ ذا مَقْوَل جريٍّ، وقولٍ سحبانيٍّ،

روشنی کی طرح اتری۔ پس میں صاحب زبان رواں اور صاحب قول سحبان وائل ہوگیا۔ پس مبارک ہے وہ خدا جو احسن الخالقین ہے

فتبارك اللّٰه أحسن الخالقين .ولكن ما تسلّتْ به عمايات هذه العلماء، وظنّوا أن رجلا

لیکن اس کے ساتھ ان علماء کی نابینائی دور نہ ہوئی اور گمان کیا کہ ایک شخص نے میری مدد کی ہے یا ایک گروہ نے فضلاء میں سے مدد کی

أعانني أو جمعًا من الفضلاء، وأنها ثمرة شجرة الآخرين .ثم بدا لهم أن يُعارضوني مُشافهين،

ہے اور وہ فصاحت اوروں کے درخت کا پھل ہے۔ پھر ان کو یہ سوجھی کہ دوبدو مجھ سے مقابلہ کریں۔ پس جب میں کھڑا ہوا تو گویا وہ

فإذا قمتُ فكأنّهم كانوا من الميّتين .والآن ما بقي في كفّهم إلا الرفث والإيذاء، وكذالك

میت تھے اور اب ان کے ہاتھ میں بجز گالیوں اور ایذا کے اور کچھ باقی نہیں رہا اور اسی طرح نجفی نے مجھے گالیاں دیں اور نہیں جانتا کہ حیا

سبَّني النجفيّ وما يدري ما الحياء .ولكنّا لا ندفع السبّ بالسبّ، وما كان لِحَمامٍ أن يُحجِر

کیا چیز ہے مگر ہم گالی کو گالی کے ساتھ جواب نہیں دیتے اور کبوتر کی شان میں یہ داخل نہیں کہ اس سوراخ میں داخل ہو جس میں سوسمار

نفسه كالضبّ، أو كالتنّين .وما نشكوه علٰى ما فعل، ولا نتأسّف علٰى ما افتعل، فإنهم قوم

داخل ہوتی ہے یا سانپ اور ہم اس شخص کا اسکے کام پر کچھ شکوہ نہیں کرتے اور نہ اسکے بہتان پر کچھ افسوس کرتے ہیں کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں

﴿۳۱﴾ مَا عُصم من ألسنهم خاتم النبيّين، بل اللّٰه الذى هو أحكم الحاكمين، و لا خلفاء

جوان کی زبان سے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم بھی بچ نہیں سکے بلکہ وہ خدا بھی جو احکم الحاکمین ہے اور نہ رسول اللہ ﷺ

نبى اللّٰه و لا أمّهات المؤمنين.

کے خلیفے ان کی زبان سے بچے اور نہ ازواج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو امہات المومنین تھیں۔

ألا ترى كيف ظنّوا ظنّ السوء فى حضرة أصدق الصادقين، وكذّبوا نبأ "الاستخلاف"

کیا تو نہیں دیکھتا کہ ان لوگوں نے حضرت اصدق الصادقین میں کس طرح ظن بد کیا۔ اور استخلاف کی پیشگوئی کی تکذیب کی۔ اور کہا کہ علی

وقالوا إنّ عليًّا من المظلومين، فأرادوا هدم ما شاد الرحمٰن، وكفروا بما جاء به القرآن، وما

مظلوم ہے۔ پس ان لوگوں نے اس عمارت کو مسمار کرنا چاہا جس کو خدا نے بنایا اور قرآنی اخبار کی تکذیب کی اور یہ صریح ظلم ہے اور ان

هذا إلا ظلم مبين .وقالوا إنّ عليًّا أنفد عمره مُبتلًى بلَقْوَةِ النفاق، وما خُلِقَ فى طينته جرأةُ

لوگوں نے کہا کہ علی تمام عمر نفاق کے لقوہ میں مبتلا رہا اور اس کی طینت میں راست گوئی کی جرأت پیدا نہیں کی گئی تھی اور اس نے ظاہر و باطن

الصدق وما تفوَّقَ دَرَّ إخلاصِ الأخلاق، وإذا استُخلفَ الكفّارُ فما أبى، بل أطاعهم وعقد

ایک بنانے کا دودھ نہیں پیا تھا اور جب کفار کو خلافت ملی تو اس نے انکار نہ کیا بلکہ اطاعت کی اور پیٹھ اور پنڈلی کو معہ اپنے رفیقوں کے

لهم مع رفقته الحُبا .أَمَرَ أمرُ الإسلام فآثرَ الإنصات، وأُمِّرَ الفُسّاق فمعهم أكل و بات، وما

ان کے لئے باندھا۔ اسلام کا امر مشکل ہو گیا پس اس نے خاموشی کو اختیار کیا اور فاسق امیر کئے گئے پس اس نے ان کے ساتھ کھایا اور

ذمّهم بل أنشد فى حمدهم الأبيات، وكان هذا خُلقه حتى مات، أهذا هو أسدُ المتشيّعين؟

شب باشی اختیار کی اور ان کی بدگوئی نہ کی بلکہ ان کی تعریف میں شعر بنائے اور یہی اس کا خلق تھا یہاں تک کہ مر گیا کیا یہی شیعوں کا شیر ہے؟

وقالوا إنه عارضَ أُمَّه الصدّيقةَ، وما بالى الشريعة و لا الطريقة، ولم يكن

اور کہتے ہیں کہ اس نے اپنی ماں صدیقہ کا مقابلہ کیا اور نہ شریعت کی کچھ پروا رکھی اور نہ طریقت کی

بَرًّا بوالدته و لا تقيًّا، بل أعقَّ وصار جبّارًا شقيًّا. آثرَ النفاق ولم يصبر

اور اپنی ماں سے نیکوکار نہیں تھا بلکہ عاق اور جبّار اور شقی تھا۔ نفاق کو اختیار کیا اور سختی

﴿۳۲﴾ علٰی ضرّ ومسغبة، واتّبعَ النفس وترَک التُّقی کأرض مُعطّلة .أسرَّ الغِلَّ ولکن ما نظر بعینٍ

اور بھوکھ پر صبر نہ کرسکا اور نفس کی پیروی کی اور پرہیزگاری کو زمین خالی کی طرح چھوڑ دیا اور کینہ کو پوشیدہ رکھا مگر خشمگین آنکھ سے نہ

غَضُبَی، واختار النفاق فی کل قدم وحابَی، سجد لکل مَن تبرّعَ باللُّهَی، ولو کان عدوَّ الدین

دیکھا اور نفاق کو ہر ایک قدم میں اختیار کیا اور خاص کیا جس نے بخشش کے ساتھ احسان کیا اسی کو سجدہ کردیا اگرچہ وہ دین اور تقویٰ کا دشمن

والتُّقی، وإذا عُرِض علیه حُطامٌ فقال لنفسه :ها .وأثنی علی الکافرین طمعًا فی المَوات، لا

ہو اور جب کوئی مال دنیا اس پر پیش کیا گیا تو اپنے نفس کو کہا کہ لے لے اور زمین کے حاصل کرنے کیلئے کافروں کی تعریف کی نہ اس خیال

خوفا من عقوبات المُوات، وصلّی خلفهم للصِّلات، لا لبرکات الصَّلٰوة. اتّخذَ النفاق

سے کہ ان کی مخالفت سے عقوبت مرگ کا اندیشہ ہے۔ اور ان کے انعام کیلئے ان کے پیچھے نماز پڑھتا رہا نہ نماز کی برکتوں کیلئے نفاق کو طریقہ

شِرْعة، والاقتباس منه نُجْعة، وصرف الله عنه المعارف، ولو کان زُمَرٌ مِن مَعارف . فما بقی

پکڑا اور اس کسب کو اپنی غذا پکڑی اور خدا نے اس سے لوگوں کے منہ پھیر دیئے اور اگرچہ وہ آشنا تھے۔ پس اس کے ساتھ صحابہ کے جوانمردوں

معه من سَروات الصحابة ولا سرایا الملّة، حتی رجع مضطرًّا ومخذولًا إلٰی باب الصدّیق،

میں سے کوئی نہ رہا اور نہ اسلام کے لشکر میں سے کوئی اس کا ساتھی ہوا یہاں تک کہ بیقرار اور ناکام ہوکر ابوبکر صدیق کے دروازے پر آیا اور جانتا

وکان یعلم أنه کالزندیق لکن البطن ألجأه إلیه، وما وجد حطبَ تَنُّورِ المَعِدة إلا لدیه .وإنّ

تھا کہ یہ زندیقوں کی طرح ہے۔ مگر پیٹ نے اس کو اس کی طرف جانے کیلئے بیقرار کردیا اور اپنے معدہ کے تنور کا ایندھن اس نے اسی کے

صاحِبَه اغتال بعضَ ولده، فما امتنع من التردد إلیه، وفجَعه بالفَدَک فما غارَ علیه، بل کان

پاس پایا اور عمرؓ نے اسکی بعض اولاد کو قتل کردیا مگر وہ پھر بھی اس کی طرف جانے سے باز نہ آیا اور ابوبکر نے فدک کے معاملہ میں اس کو درد

علٰی بابه کالمعتکفین .وتواترَ علیه جور الشیخَین، حتی جرت عبرة العینَین کالعینَین، فما

پہونچایا مگر پھر بھی اس کو غیرت نہ آئی اور ابوبکر کے دروازے پر اعتکاف کرنیوالوں کی طرح پڑا رہا اور اس پر شیخین کا ظلم متواتر ہوا یہاں

انتهی من الرجوع إلی هذین الکافرَین، بل أبدی الإطاعة بالنفاق والمَین.

تک کہ آنکھوں سے آنسوؤں کے چشمے جاری ہوئے مگر وہ ان کے پاس جانے سے باز نہ آیا بلکہ نفاق اور جھوٹھ سے اطاعت کو ظاہر کیا۔

﴿۳۳﴾ واشتدّ عَلَيْه غصبهم ونهبهم حتى صفَرت الراحة، وفُقدت الراحة، فما ترک لُقيّاهم، وما

اورانہوں نے غارتگری سے اس کو تباہ کیا یہاں تک کہ ہتھیلی خالی ہوگئی اور آرام جاتا رہا مگر اس نے ان کا ملنا

كره رَيّاهم، بل كان يستمرّ على بابهم، ويستمرى فُضْلةَ أنيابهم، وَما باعدَهم

نہ چھوڑا اور ان کی خوشبو سے بیزار نہ ہوا بلکہ لازمی طور پر حاضر ہوتا رہا اور ان کے دانتوں کے فُضلہ کو ہضم کرتا

كالمُستنكفين، بل كان يُخلِقُ لهم ديباجته، ويُعرِض عليهم حاجته، ويدور على أبوابهم

رہا اور عار رکھنے والوں کی طرح ان سے علیحدہ نہ ہوا بلکہ ان کی خدمت میں اپنی آبرو کو بٹہ لگاتا تھا اور اپنی

كالسّائلين الملحفين وكان عليه أن يترک المدينة وأهلها الكافرين المرتدّين، ولو

حاجت ان کے پاس پیش کرتا تھا اور ان کے دروازوں پر سوالیوں کی طرح پھرتا تھا اور اس کو چاہیے تھا کہ مدینہ کو اور

كانوا من المترَفين والمخصِبين، بل كان من الواجب أن يقتعد مَهْرِيّا، ويعتقل سَمْهَرِيّا،

اس کے باشندوں کو جو کافر اور مرتد تھے چھوڑ دیتا اور اگرچہ وہ لوگ خوشحال ہوتے بلکہ واجب تو یہ تھا کہ ایک

ويُهاجر من أرضٍ إلى أرض، ويطلب رفعًا مِن خفض، ويُنادى بين الناس أن الصحابة

مضبوط اونٹ پر سوار ہو جاتا اور نیزہ لٹکا لیتا اور ایک زمین سے دوسری زمین میں چلا جاتا اور پستی کے بعد

ارتدوا كلهم أجمعون، ثم إذا أحسّ الإيمان من قوم فكان عليه أن يُلقى بأرضهم جِرانه،

بلندی طلب کرتا اور لوگوں میں بلند آواز سے کہتا کہ صحابہ سب مرتد ہوگئے۔ پھر جب کسی قوم میں ایمان کو پاتا

ويتخذهم جيرانه، ويجعلهم لنفسه معاونين، ويقتل أهلَ المدينة كلهم إن لم يكونوا

پس مناسب تھا کہ اس زمین میں بود و باش کرتا اور ان کو اپنا ہمسایہ اور معاون بناتا اور تمام مدینہ کے لوگوں کو

مسلمين. فكيف تمضمضت مُقلته بنومها، وكان يرى الملّة قد اكفهرّ

قتل کر ڈالتا اگر وہ مسلمان نہیں تھے۔ پس کیونکر اس کو نیند پڑی اور وہ دیکھتا تھا کہ جو اسلام کا دن تھا اس کا چہرہ تاریک

وجه يومها، وأمحلتْ بلاد الإيمان والمؤمنين. لِمَ لم يُهاجر ولم يلق نفسه

ہوگیا اور ایمان اور مومنوں کے بلاد پر خشک سالی غالب آ گئی۔ کیوں ہجرت نہ کی اور کیوں اپنے نفس کو دوسروں کے

﴿۳۴﴾ فی أرجاء آخرین، وکان أُعطِیَ منطق البلاغة، وکان یُزیِّن الکلمَ ویلوّنها کالدباغة، فما

کناروں میں نہ ڈال دیا اور اس کو بلاغت زبان دی گئی تھی اور کلمات کو خوب زینت دیتا تھا اور رنگین کرتا تھا جیسا کہ چمڑہ کی

نزل علیه لَمْ یستعمل فی استمالة الناس صناعته، وما أری فی الإصباء براعته، بل تمائل

دباغت کی جاتی ہے۔ پس اس پر یہ بلا کیا نازل ہوئی کہ اس نے لوگوں کو اپنی طرف کھینچنے میں بلاغت اور فصاحت سے کام نہ لیا اور

کل التمائل علی النفاق والتقیّة، وحسبه للعدا کالرقیة؟ أهذا فعلُ أسدِ اللّٰه ؟ کلَّا

دلوں کو اپنی طرف پھیرنے میں اپنے حسن بیان کو نہ دکھلایا بلکہ نفاق اور تقیہ کی طرف جھک گیا اور نفاق کو دشمنوں کیلئے مثل

بل هو افتراؤکم یا معشر الکذّابین ۔ إنه کان حاز من الفضائل مغنمًا، وکان بقوی الإیمان

افسوں کے سمجھا کیا یہ فعل شیر خدا کا ہے ہرگز نہیں بلکہ یہ تو اے کاذبوں کے گروہ تمہارا افترا ہے۔ علی تو جامع فضائل تھا اور ایمانی قوتوں

تَوْأمًا، فما اختار نفاقًا أینما انبعث، وما نافق فی کل ما فعل ونفث، وما کان من المرائین.

کے ساتھ توام تھا۔ پس اس نے کسی جگہ نفاق کو اختیار نہیں کیا اور اپنے قول اور فعل میں کبھی منافقانہ طریق نہیں برتا اور ریاکاروں

فلما نضنضتم فی شأنه نضنضة الصلّ، وحملقتم إلیه حملقة البازی المطلّ، مع دعاوی

میں سے نہ تھا۔ پس جبکہ تم اس کی شان میں ایسی زبان ہلاتے ہو جیسا کہ سانپ اور ایسا اس کی طرف دیکھتے ہو جیسا کہ باز جو

الحبّ والمصافاة، فکیف تقصّرون فی غیره مع جذبات المعاداة؟

شکار پر گرتا ہے اور یہ سب کچھ باوجود اس محبت کے ہے جس کا تمہیں دعویٰ ہے تو پھر کیونکر تم اس کے غیر میں کچھ کوتاہی کر سکتے

وکذٰلک استحقرتم خاتم الأنبیاء، وقلتم دُفن معه الکافران من الأشقیاء، یمینا

ہو کیونکہ وہاں تو دشمنی کے جذبات بھی ہیں۔ اور اسی طرح تم نے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی تحقیر کی اور کہا کہ اس کے ساتھ دو کافر دائیں

وشمالا کالإخوان والأبناء. فانظروا إلی توهینکم یا معشر المجترئین. ونحن نستفسر

بائیں بھائیوں اور بیٹوں کی طرح دفن کئے گئے۔ سو تم اے گروہ بے باکان اس توہین کی طرف جو تم کر رہے ہو نظر کرو اور

منک أیها النجفیّ الضال، فأجب متحملا ولا یکبر علیک السؤال. أترضٰی

ہم تجھ سے اے نجفی گمراہ ایک بات پوچھتے ہیں۔ سوٹھہر کر جواب دے اور تیرے پر سوال بھاری نہ ہو۔ کیا تو اس بات پر

﴿۳۵﴾ بأن تُدفَن أُمُّک المتوفّاة بين البغيّتين الزانيتين الميّتين؟ أو يُقبَر أبوک في قبر المجذومَين

راضی ہوسکتا ہے کہ تیری ماں دو زنا کار عورتوں کے درمیان دفن کر دی جائے یا تیرا باپ دو مجذوم بدکاروں کے درمیان گاڑا

الفاسقين؟ فإن كرهتَ فكيف رضيتَ بأن يُدفَن سيّد الكونَين بين جنبي الكافرَين الملعونَين؟

جائے۔ پس اگر تو اس سے کراہت کرتا ہے تو تُو کس طرح اس بات پر راضی ہوگیا کہ سید الکونین دو کافروں ملعونوں کے

ولا يعصمه فضل اللّٰه من جوار الجارَين الجائرَين الخبيثَين والكفر أكبر من الزنا وأشنع

درمیان دفن کر دیا جائے اور خدا تعالیٰ کا فضل اس کو دو ظالم اور ناپاک کی ہمسائیگی سے نہ بچائے۔ اور کفر زنا سے بہت بڑا

عند ذوي العينين .ففكّرْ كيف تحقّرون خاتم النبيين، وتسوّغون له مكروهات لا تسوّغون

اور آنکھوں کے نزدیک زیادہ زبوں ہے۔ پس سوچ کہ تم لوگ کیوں کر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بے ادبی کر رہے ہو اور وہ

لأنفسكم ولا بنات وأمّهات ولا بنين.

مکروہات اس کے لئے جائز رکھتے ہو جو اپنے بیٹوں اور ماؤں اور بیٹیوں کے لئے جائز نہیں رکھتے۔

تبًّا لكم ولما تعتقدون يا حُماةَ الفسق والمَيْن. بل دُفن بجوار رسول الله رجلان

خدا تمہیں ہلاک کرے اے جھوٹھ اور دروغ کی حمایت کرنے والو! بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمسایہ میں دو ایسے آدمی دفن کئے

كانا صالحَين مطهّرَين مقرّبَين طيّبَين، وجعلهما اللّٰه رفقاء رسوله في الحياة وبعد

گئے ہیں جو نیک تھے، پاک تھے، مقرب تھے، طیب تھے اور خدا نے ان کو زندگی میں اور بعد مرگ اپنے رسول کے رفقاء ٹھہرایا۔ پس

الحَيْن، فالرفاقة هذه الرفاقة وقلَّ نظيره في الثقَلَين. فطوبى لهما أنهما معه عاشا، وفي

رفاقت یہی رفاقت ہے جو اخیر تک نبھی اور اس کی نظیر کم پاؤ گے۔ پس ان کو مبارک ہو جو انہوں نے اس کے ساتھ زندگی بسر کی اور اس

مدينته وفي مأواه استُخلِفا، وفي حُجر روضته دُفِنا، ومِن جنّة مزاره أُدْنِيا، ومعه يُبعثان

کے شہر میں اور اس کی جگہ میں خلیفے مقرر کئے گئے اور اس کے کنار روضہ میں دفن کئے گئے اور اس کے مزار کے بہشت سے نزدیک

في يوم الدين. وانظرْ إلى عليّ أنه إذا أُعطِيَ منصب الخلافة، فما بعَّد تربةَ

کئے گئے اور قیامت کو اس کے ساتھ اٹھیں گے اور علی کی طرف نظر کر کہ جب اس کو منصب خلافت دیا گیا۔ پس اس نے ان دونوں

﴿۳۶﴾ هٰذين الإمامَيْن مِن روضة خير البريّة .فإن كان يزعم أنهما ليسا مؤمنَيْن طيّبَيْن، فكيف

اماموں کی قبر کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ سے علیحدہ نہ کیا۔ پس اگر وہ یہ گمان کرتا تھا کہ وہ دونوں مومن پاک دل نہیں

ترَكهما ولم يُنزِّه قبر رسول اللّٰه عن هٰذين القبرين؟ فالذنب كلّ الذنب على عنق ابن أبى

ہیں تو کیوں کر ان کی قبروں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے ساتھ شامل رہنے دیا۔ پس تمام گناہ علی کی گردن پر ہے۔

طالب، كأنه لَمْ يبال عِرض رسول اللّٰه مِن نفاق غالب، وما أرى الصدق كالمخلصين. أهذا

گویا اس نے بوجہ نفاق کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آبرو کی کچھ پروا نہ کی اور صدق نہ دکھلایا۔ آیا یہی

أسد اللّٰه وضرغام الدين؟ أهذا هو الذى يُحسَب من أكابر المتّقين؟

شیر خدا اور اسد اللہ ہے؟ کیا یہ وہی شخص ہے جو اکابر پرہیزگاروں میں سے سمجھا گیا ہے؟

فاعلموا أن تُقاةَ علىّ لا تثبت إلّا بعد تقاة الصدّيق، ففكّرْ ولا تعتدِ كالزنديق، ولا تُلق

پس جان لو کہ علی کی پرہیزگاری تب ثابت ہوتی ہے کہ ابوبکر صدیق کی پرہیزگاری ثابت ہو۔ پس سوچو اور ایک زندیق

بأيديك إلى حُفرة الهالكين .وإنكم تحبّون أن تُدفَنوا فى أرض الكربلاء ، وتظنّون أنكم

کی طرح حد سے تجاوز مت کرو اور اپنے ہاتھوں سے ہلاکت کے گڑھے میں مت پڑو۔ اور تم دوست رکھتے ہو کہ خاک کربلا میں

تُغفَرون بمجاورة الأتقياء ، فما ظنّكم بالسعيدَيْن الذين دُفِنا إلى جنبَىْ نَبيِّهِ القدر

دفن کئے جاؤ اور گمان کرتے ہو کہ پرہیزگاروں کی ہمسائیگی سے تم بخشے جاؤ گے۔ پس ان دو سعیدوں کی نسبت تمہارا کیا گمان

خاتم النبيين وإمام المتقين. وسيّد الشافعين؟ ويل لكم لا تتفكّرون كالخاشعين، ولا يسفر عنكم

ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں دفن کئے گئے جو امام المتقین اور امام الشافعین اور خاتم النبیین ہے۔ تم پر افسوس کہ تم

زحام التعصّبات، ولا تُعطَون حسن التوفيقات، ولا تُمعِنون كالمستبصرين .وكيف

عاجزی اور غربت کے ساتھ فکر نہیں کرتے اور تعصّبات کا اژدحام تم سے دور نہیں ہوتا۔ اور نیک کاموں کی تمہیں توفیق نہیں ملتی اور

نشكوكم على سبّكم وإنكم تلعنون الصحابة كلّهم إلّا قليلا كالمعدومين،

دانشمندوں کی طرح تم نہیں سوچتے اور ہم تمہاری گالیوں کا شکوہ کیا کریں کیونکہ تم تمام صحابہ کو گالیاں دیتے ہو مگر قدر قلیل

﴿۳۷﴾ وتلعنون أزواج رسول اللّٰه أمّهات المؤمنين، وتحسبون كتاب اللّٰه

اور نیز تم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں امہات المومنین کو لعنت سے یاد کرتے ہو اور گمان کرتے ہو کہ خدا کی

كلاما زِيْدَ عليه ونقص، وتقولون إنه بياض عثمان وأنه ليس من ربّ العالمين.

کتاب میں کچھ زیادہ اور کم کیا گیا ہے اور کہتے ہو کہ وہ بیاض عثمان ہے۔ اور خدا کی طرف سے نہیں ہے

فلعَنكم اللّٰه بفسقكم وصرتم قومًا عمين .وحسبتم الإسلام كواد غير ذى زرع

پس خدا نے بباعث فسق تمہارے کے تم پر لعنت کی اور تم اندھے ہو گئے اور تم نے اسلام کو ایسا سمجھ لیا جیسا کہ ایک بیابان جس کی زمین خشک

خاليا من رجال الله المقرّبين .فأىُّ عِرض بقى مِن أيديكم يا معشر المُسرفين؟

اور زراعت سے خالی ہے یعنی خدا کے مقربوں سے خالی ہے۔ پس کون سی عزت تمہارے ہاتھوں سے باقی رہی اے حد سے نکلنے والو!؟

وأَرَيتُم تصوير علىّ كأنه أجبن الناس، وأطوع للخنّاس. اعتلق بأهداب الكافرين

اور تم نے علی کی تصویر ایسی ظاہر کی کہ گویا وہ سب سے زیادہ نامرد ہے اور نعوذ باللہ شیطان کا تابع ہے۔ کافروں کے دامن کو اس نے

اعتلاق الحرباء بالأعواد، وآثر نار النفاق ليفيض عليه عُباب المراد. أخزى نفسه بتنافى

ایسا پکڑا اور ایسا ان سے آویزاں ہوا جیسا کہ آفتاب پرست شاخوں کے ساتھ اور نفاق کی آگ اس نے اختیار کی تا اس پر مراد کا بہت سا پانی

قوله وفعله، ورضى بشىء لم يكن من أهله. وحمد الكافرين فى المحافل، وأثنى عليهم

ڈالا جائے۔ اپنے قول و فعل کے تناقض سے اپنے تئیں رسوا کیا اور اس چیز سے راضی ہو گیا جس کا وہ اہل نہیں تھا۔ اور کافروں کی اس نے محفل

فى المجامع والقوافل، وحضر جنابهم وما ترك الطمع، حتى انزوى التأميل وانقمع،

میں تعریف کی اور مجمعوں اور قافلوں میں ان کی ثنا خوانی کی اور انکی جناب میں حاضر ہوا اور طمع کو نہ چھوڑا یہاں تک کہ امید گم ہو گئی اور اس

فما آووا لِمَفاقره، وما فرحوا بمحامد أُترعتْ فى فقره، بل اغتصبوا حديقة فَدَكِه،

کا قلع قمع ہو گیا پس انہوں نے اسکی قسما قسم کی تہی دستی پر رحم نہ کیا اور ان تعریفوں کے ساتھ خوش نہ ہوئے جو اسکی کلام کے فقروں میں بھری ہوئی

وقاموا لفتكِه، وما أبرزوا له دينارًا، ليُطعِم بطنًا أمّارًا، وما كانوا

تھیں بلکہ انہوں نے اس کا باغ فدک چھین لیا اور اسکے قتل کرنے کیلئے کھڑے ہو گئے اور اس کو ایک مہر نہ دی تا اپنے شکم حکمران کو طعام دیتا

﴿۳۸﴾ راحمين .وما نزلت عليه من السماء مائدة، وما ظهرت من الخَلق فائدة، ودِيسَ تحت أقدام

اور رحم کرنے والے نہیں تھے اور آسمان سے اس پر کوئی مائدہ نہ اترا اور نہ خلقت سے کچھ فائدہ ہوا اور ظالموں کے قدموں

الجائرين .وكان لم يزل يدعو ويفتكر، ويصوغ ويكسر، ولم يكن من الفائزين .إلى أن

کے نیچے کچلا گیا اور ہمیشہ دعا کرتا تھا اور سوچتا تھا اور زرگری کرتا تھا اور توڑتا تھا اور کامیاب نہیں ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ تمام

انقطعت الحِيَل وركد النسيم، وحصحص التسليم، فخرَّ تقيةً على بابهم، وطلب القوة من

حیلے منقطع ہو گئے اور ہوا ٹھہر گئے۔ اور سر جھکانا پڑا۔ پس ان کے دروازے پر تقیہ کے طور پر گر پڑا اور انکی جناب سے قوت

جنابهم، وهم كانوا مستكبرين .وغُلّقتْ عليه أبواب إجابة الدعاء ، وسُدّتْ طرق الحيل

طلب کیا اور وہ متکبر تھے۔ اور اسپر دعا کے قبول کرنے کے دروازے بند کئے گئے اور حیلہ اور ہدایت پانے کی راہ مسدود کی

والاهتداء . فانظر أهذه علامات عباد اللّٰه المؤيَّدين، وأمارات الصادقين المقبولين،

گئی پس دیکھ کہ کیا یہ ان لوگوں کی علامتیں ہیں جو خدا سے تائید یافتہ ہوتے ہیں اور کیا یہ صادقوں اور مقبولوں کی نشانیاں

وآثار المخلصين المتوكّلين؟ ثم انظرْ كيف حقّرتم شأن المرتضى الذى كان من

ہیں؟ اور مخلصوں اور متوکلوں کے آثار ہیں پھر دیکھ کہ تم لوگوں نے کس طرح مرتضٰی علی کی تحقیر کی ہے وہ علی جو محبوبوں اور

المحبوبين الموفّقين؟

توفیق یافتوں میں سے تھا۔

وأمّا ما طلبتَ منّى آية من الآيات، فانظُرْ كيف أراك الله أجلَّ الكرامات، وهو أنى كنتُ

مگر تو نے جو مجھ سے کوئی نشان مانگا ہے۔ پس دیکھ کہ خدا نے کیسا تجھے بزرگ نشان دکھلایا اور وہ یہ کہ میں نے ایک مفسد کیلئے جو

دعوت على رجل مفسد مُغْوى كالشيطان، وتضرّعتُ فى الحضرة ليذيقه جزاء العدوان،

شیطان کی طرح بہکانے والا تھا بددعا کی تھی اور جناب الٰہی میں مَیں نے تضرع کیا تا اس کو ظلم کا مزہ چکھاوے۔ پس میرے رب نے

فأخبرنى ربّى أنه سيُقتَل ويُبعَّد من الإخوان، وكان اسمه "ليكهرام" وكان من البراهمة، وكان معتديا

مجھے خبر دی کہ وہ قتل کیا جائے گا اور اپنے بھائیوں سے دور ڈال دیا جائے گا اور اس کا نام لیکھرام تھا اور برہمنوں میں سے تھا اور گالی دینے میں

﴿۳۹﴾ فَی السبّ والشتم وجاوز الحد فی الخباثة .فلما دعوتُ علیه وتضرّعتُ فی حضرة

حد سے بڑھ گیا تھا۔ پس جبکہ میں نے اس پر بددعا کی اور جناب باری میں تضرع کیا اور پوری توجہ کے ساتھ

الباری، وأقبلت کل الإقبال علی جبّاری، سُمِع دعائی فی الحضرة، ومَنّ علیّ ربّی

حضرت احدیت میں متوجہ ہوا۔ پس جناب الٰہی میں میری دعا سنی گئی اور خدا نے رحمت اور مدد کے ساتھ میرے پر

بالرحمة والنصرة، وبشّرنی ربی بأنه یموت فی ستّ سنة، فی یوم دنا من یوم العید بلا

احسان کیا اور میرے خدا نے مجھے خوشخبری دی کہ وہ چھ برس کے عرصہ میں مرجائے گا اور اس دن مرے گا جو عید کے

تفاوة، وأومأَ إلی لیلةِ یومِ الأحد، وإلی أنه یُقتَل بحکم الربّ الصمد، ولا یموت

بعد کا دن ہوگا اور اتوار کی رات کا اشارہ کیا۔ اور یہ کہ بحکم خدا تعالیٰ وہ قتل کیا جائے گا اور ہیبت ناک قتل کے ساتھ

بمرضة، ویموت بقتلٍ مهیب مع حسرة، لیکون آیة للطالبین .فلما انقضٰی من المیعاد

مرے گا اور حسرت کے ساتھ اور کوئی بیماری نہیں ہوگی تا کہ طالبوں کیلئے نشان ہو۔ پس جب کہ میعاد قریب پانچ برس

قریبًا من خمسة أعوام، واطمأن الهالک وزعم أن النبأ کان کأوهام، نزل أمر اللّٰه علیه

کے گزر گئی اور مرنے والا مطمئن ہوگیا کہ پیشگوئی ایک وہم تھا خدا کا امر اس پر نازل ہوا اور فتح عظیم ظاہر کی۔ پس میں

وأتی بفتح مبین. **ففرحتُ** فرحةَ المطلَق من الاسار، وهزّةَ الناجی من حفرة التبار. وقبل

ایسا خوش ہوا جیسا کہ ایک قیدی چھوٹ کر خوش ہوتا ہے اور جیسا کہ ایک شخص ہلاکت کے گڑھے سے نجات پاتا ہے

أن یأتینی أحد بفصِّ خبر وفاته، بشّرنی ربی بمماته، وکنتُ أفکّر فی هذه البشارات،

اور قبل اس کے جو کوئی شخص اس کی وفات کی خبر میرے پاس لائے میرے خدا نے اس کی موت کے بارے میں مجھے

فإذا عبد اللّٰه جاء بالتبشیرات، وحصحص الحق وزهق الباطل وقُضِیَ الأمر من ربّ

خوشخبری دی اور میں ان بشارتوں کو سوچ رہا تھا اتنے میں عبداللہ بشارت لے کر آیا۔ اور ظاہر ہوگیا حق اور نابود ہوگیا

الکائنات، وفرح المؤمنون کما وُعد من قبل واسودّ وجوه أهل المعادات، وظهر

باطل اور خدا نے فیصلہ کر دیا اور مومن خوش ہوگئے جیسا کہ وعدہ دیا گیا تھا اور دشمنوں کے مونہہ کالے ہوگئے اور خدا کا امر

﴿۴۰﴾ أمر اللّٰه وهم كانوا كارهين .وكان هذا الرجل وقاحا طويل اللسان، كثير السب والهذيان،

ظاہر ہوااور وہ کراہت کرتے رہ گئے۔اور یہ شخص نہایت بے شرم دراز زبان تھا بہت گالیاں دیتااور بکواس کیا کرتا تھااس نے مجھ سے ایک نشان

طلب مني آية ملحّحًا في طلبه، وشرط لي أن أصرّح الميعاد في عُلَبِه، وأُصرّح يوم موته،

طلب کیااور طلب کرنے میں بہت اصرار کیااور یہ شرط لگائی کہ میں اس کے نشان میں میعاد کو کھول کر بتلادوں اور اس کے موت کے دن کی

مع إظهار شهر فوته، وأبيّن كيفية وفاته، ووقت مماته، وكتب كلها ثم طالب

تصریح کروں اور مرنے کا مہینہ بتلاؤں اور جس طرز سے مرے گا وہ کیفیت بیان کروں اور مرنے کا وقت بتاؤں اور ان سب باتوں کو لکھا اور

كالمُصرّين .فلبّيتُه ممتطيا شملة عناية الرحمٰن، ومنتضيا سيف قهر الديّان .وكنت

پھر اصرار کرنیوالوں کی طرح مجھ سے مطالبہ کیا۔پس میں نے اسکے سوال کا قبول کے ساتھ جواب دیا اس حالت میں کہ میں عنایت الٰہی کی تیز رو

لفرط اللهج بظهور الآية، والطمعِ في إعلاء كلمة الملّة، أجاهد في الحضرة الأحدية،

اونٹنی پر سوار تھا اور نیز اس حالت میں جبکہ میں سزا دہندہ کی قہری تلوار کو کھینچ رہا تھا۔اور میں از بسکہ نشان کے ظاہر ہونے کیلئے حریص تھا اور اعلاء

وأصرف في الدعاء ما جلّ وعظُم من القوّة، ثم تركت الدعاء بعد نزول السكينة،

کلمہ اسلام کیلئے طمع رکھتا تھا حضرت جناب باری میں مجاہدہ کرتا تھا اور جس قدر مجھ میں عظمت قوت تھی دعا میں خرچ کرتا تھا۔پھر میں نے سکینہ

وتواتُر الوحي الدالّ على الإجابة .فلما انقضى أربع سنة من الميعاد، ودنا منّا عيد من

کے نازل ہونے کے بعد دعا کو ترک کر دیا۔اور نیز اس لئے کہ ایسا متواتر الہام جو قبولیت دعا پر دلالت کرتا تھا پس جب میعاد میں سے

الأعياد، أُلقيَ في نفسي أن أتوجّه مرّة ثانية إلى الدعاء ، وكذالك أشار بعض الأصدقاء

چار برس گذر گئے اور ایک عید ہم سے قریب آ گئی۔ پس میرے دل میں ڈالا گیا کہ میں پھر دعا کروں اور ایسا ہی بعض دوستوں نے اشارہ

فصبرت أنتظر الوقت والمحلَّ، وأتعلل بعسٰى ولعلَّ، **إلى أن أدركتُ ليلة القدر** في

کیا۔پس میں نے صبر کیا اور میں وقت اور محل کا منتظر تھا اور اب کرتا ہوں اب کرتا ہوں کا گھونٹ پی رہا تھا یہاں تک کہ آخر رمضان میں

أواخر رمضان، فعرفتُ أن الوقت قد حان، ورأيت ليلةً نشرت أردية الاستجابة،

میں نے لیلۃ القدر کو پایا۔پس میں نے جان لیا کہ وقت آ گیا اور میں نے ایک ایسی رات کو دیکھا جس نے قبولیت کی چادریں بچھادی تھیں۔

﴿۴۱﴾ وَدعت الداعين إلىٰ المأدبة، ونادت كل من خاف نابَ النُوَب، وبشّرت كل من أسلمه

اور دعا کرنیوالوں کو دعوت کی طرف بلایا تھا اور ہر ایک کو جو مصیبتوں کے دانتوں سے ڈرتا تھا بلایا اور ہر ایک کو جس کو نومیدی

اليأس للكرب .فنهضتُ للدعاء نهوض البطل للبِراز، وأَصلتُ لسان التضرّع كالعَضْب

نے غموں کے حوالہ کر رکھا تھا بشارت دی۔ پس میں دعا کے واسطے ایسا اٹھا جیسا کہ ایک دلیر لڑنے کے واسطے اٹھتا ہے اور میں

الجُراز، حتى أحلَّنى التذلل مقعد العلاء ، وبُشّرتُ بالإجابة من حضرة الكبرياء .فجلستُ

نے تضرع کی زبان ایسی کھینچی جیسا کہ شمشیر بران۔ یہاں تک کہ فروتنی نے بلندی کی جگہ پر مجھ کو بٹھایا اور قبولیت دعا کی مجھ کو

كرجل يرجع برُدْنٍ ملآن، وقلبٍ جَذْلان، وسجدتُ لربّ يُجيب دعاء المضطرين .وكان

خوشخبری دی گئی۔ پس میں اس شخص کی طرح بیٹھا جو پر آستین کے ساتھ رجوع کرتا ہے اور دل خوش ہوتا ہے اور میں نے اس

فى هذه الآية إعلاءَ كلمة الملّة، وإتمامَ الحجّة على الكَفَرة الفَجَرة، ولكن الذين ملكوا

پروردگار کو سجدہ کیا جو بیقراروں کی دعا سنتا ہے۔ اور اس نشان میں کلمہ اسلام کی بلندی تھی۔ اور کافروں پر حجت پوری ہوتی ہے

أثاث عقل صغير، واتّسموا بحمق شهير، ما آمنوا بهذه البيّنات، وتركوا النور واتّبعوا سبل

مگر وہ لوگ جو تھوڑی سی عقل کے مالک ہیں اور وصف حماقت میں مشہور ہیں وہ ان کھلے کھلے نشانوں پر ایمان نہیں لائے اور نور

الظلمات، وجحدوا بآيات اللّٰه ظلمًا وزورًا، وكانوا قومًا بُورًا، ومن المستكبرين.

کو چھوڑ دیا اور ظلمات کی پیروی کی اور ظلم اور جھوٹ سے خدا کے نشانوں سے انکار کیا اور وہ ہلاک شدہ قوم تھی اور تکبر کرنیوالے

ويقولون إنّا نحن المسلمون. وليس فيهم سِيَر المسلمين .فى قلوبهم مرض فيزيد اللّٰه

تھے اور انہوں نے کہا کہ ہم مسلمان ہیں اور ان میں مسلمانوں کی خصلتیں نہیں ہیں۔ ان کے دلوں میں مرض ہے پس خدا ان

مرضهم ويموتون محجوبين، إلَّا قليل منهم فإنهم من الراجعين .

کے مرض کو زیادہ کرے گا اور حجاب کی حالت میں مریں گے مگر ان میں سے تھوڑے کہ وہ رجوع کریں گے۔ اور یہ لوگ دنیا

ويبغون عَرَض الدنيا وعِرضها ولا يتّقون اللّٰه ربّ العالمين .فسيُضرَب

کا مال اور دنیا کی عزت چاہتے ہیں اور خدا سے جو ربّ العالمین ہے نہیں ڈرتے۔ پس عنقریب ان پر

﴿۴۲﴾ عليهم الذلّة ويُمسُون أخا عَيلة، يسألون الناس ولا يملكون بِيتَ ليلةٍ، كذٰلك

ذلت ماردی جائے گی اور بھوکے ننگے ہو جائیں گے۔ لوگوں سے مانگیں گے اور رات کا قوت ان کے پاس نہیں ہوگا اسی طرح

يجزى اللّٰه الفاسقين.

خدا تعالیٰ فاسقوں کو سزا دیتا ہے۔

وإذا قيل لهم آمِنوا بما أنزل اللّٰه من الآيات، قالوا لن نؤمن ولو كان إحياء الأموات، وطبَع

اور جب ان کو کہا جائے کہ جو خدا نے نشان اتارے ان پر ایمان لاؤ کہتے ہیں کہ ہم کبھی ایمان نہیں لائیں گے اگرچہ مردے زندہ کئے جائیں

اللّٰه على قلوبهم بما كانوا مفترين .وكانوا يستفتحون مِن قبل، فلمّا جاء هم الفتح وصاب النَبل،

اور ان کے دلوں پر خدا نے مہر لگا دی کیونکہ وہ مفتری تھے اور اس سے پہلے وہ کفار پر فتح چاہتے تھے۔ پس جبکہ فتح آئی اور تیر نشانہ پر لگا۔ اس سے انہوں

أعرضوا عنه، فويل للمعرضين .وجحدوا بها واستيقنتها أنفسهم، فما بالهم إذا ماتوا ظالمين.

نے کنارہ کیا پس ان پر واویلا ہے اور انہوں نے انکار کیا اور دل ان کے یقین کر گئے پس کیا حال ہے ان کا جب ایسی حالت میں مریں گے کیا ان کے

أبَقِيَ في كنانتهم مرماة، أو في قلوبهم مماراة؟ كلَّا بل مزّقهم اللّٰه كل ممزّق فلا يتحرّكون إلا

تیر دان میں کوئی تیر باقی رہ گیا ہے؟ یا ان کے دلوں میں کوئی خصومت باقی ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ خدا نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور اب تو ایک حرکت

كالمذبوحين .ألا يرون كيف يُفحَمون الفينة بعد الفينة، ويُخزَون كل عام مع رقصهم كالقينة،

مذبوحی ہے۔ کیا نہیں دیکھتے کہ کیسے وہ وقتاً فوقتاً لاجواب کئے جاتے ہیں اور ہر ایک سال باوجود متکبرانہ رقص کے ذلیل کئے جاتے ہیں اور انکے بادل

وتراءت سُحُبُهم جَهاما، ونُخُبُهم لئاما، ولمعانُهم ظلاما، وجَنانهم عَباما، فبأيّ آية بعده يؤمنون؟

بغیر پانی کے نکلے اور انکے برگزیدہ لئیم ثابت ہوئے اور انکی روشنی اندھیرا اور انکے دل بے عقل اور بے ادب ثابت ہو گئے۔ پس کس نشان پر اسکے بعد

أما أحلّني ربي محلَّ مَن يبلغ قصوى الطلب، ونقلني مِن وَقْدِ الكُرب إلى رَوح الطَرب، وأيّدني

ایمان لائیں گے۔ کیا میرے خدا نے مجھے اس محل پر نہیں اتارا جو مراد یابی کا محل ہے اور مجھے بیقراریوں کی آگ سے خوشی کی آسائش تک پہنچایا اور میری

وأعانني، وأهان كل من أهانني، وأراني العيد، ووفّى المواعيد، وأرى الفتح كل مَن فتَح

تائید کی اور میری مدد کی اور ہر ایک جو میری ذلت چاہتا تھا اس کو ذلیل کیا اور مجھے عید دکھلائی اور وعدوں کو پورا کیا اور ہر ایک آنکھ کھولنے والے کے لئے

العیّن، وطوَی قصة کیف وأین، وأتمّ الحجّة علی المنکرین .فالحمد للّٰه الذی کفانی من ﴿۴۳﴾

فتح کو دکھلا دیا اور کیونکر اور کہاں کے قصہ کو لپیٹ دیا اور منکروں پر حجت پوری کر دی۔ پس اس خدا کو تعریف ہے کہ بغیر میری تدبیر

اور دنیا میں کوئی مال پرہیز گار دل کی طرح نہیں
وإن الفتٰى بعد البصيرة يَعْتَقِى
اور مرد آدمی بصیرت کے بعد بدگوئی سے ٹھہر جاتا ہے
حديث صحيح لا كقولٍ مُلفَّقِ
یہ حدیث صحیح ہے کوئی بناوٹی کا قول نہیں
وقد عصمنى ربُّ الورى مِن تخَلُّقِ
اور خدا نے مجھے جھوٹ بولنے سے بچایا ہوا ہے

﴿۹۴﴾

نشأتُ أحِبُّ الصّدقَ طفلاً ویافِعًا
میں بچپن سے جوانی اور کہولت کے زمانہ تک

وکھلاً ولو مُزِّقتُ کلَّ الممزَّقِ
سچائی سے دوستی رکھتا ہوں اگرچہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جاؤں

شربنا زُلالاً لا یُکدَّر صفوُہ
ہم نے وہ پانی پیا ہے جس کی صفائی مکدر نہیں ہوتی

وذُقنا شرابا محییًا مِن تذوُّقِ
اور ہم نے وہ شربت پیا ہے جو وقتاً فوقتاً پینے سے زندہ کر دیتا ہے

عجبتُ لعقلک یا أسیرَ ضلالةٍ!
تیری عقل پر اے گرفتار ضلالت تعجب ہے

ترکتَ نمیرَ الماءِ مِن حُبِّ غَلْفَقِ
تو نے اچھا پانی کائی کی خواہش سے ترک کر دیا

أتُبصِر فی عَیْنَیْ مخالفک القَذی
کیا تو اپنے مخالف کی آنکھ میں ایک تنکا دیکھتا ہے

وعینُک مِن جِذْلٍ عتا تتشقَّقِ
اور تیری آنکھ ایک موٹی جڑ کے اندر جانے سے پھٹ رہی ہے

تموت بوادٍ ذی حِقافٍ عَقَنْقَلٍ
تو ایک ریتلے اور تہ بتہ ریت کے جنگل میں مرتا ہے

وتکرہ روضًا مِن عُذَیْقٍ مُلبَّقِ
اور کھجوروں کے باغ سے پرہیز کرتا ہے

تجلّی الهُدی والشمسُ نضَّتْ نقابَها
ظاہر ہو گئی ہدایت اور سورج نے برقع اتار ڈالا

وأنت کخفّاش الدُّجی تتأبَّقِ
اور تو خفاش کی طرح چھپتا ہے

وسمّیتَنی أشقی الرّجال تعصّبًا
اور میرا نام تو نے اشقی الرجال رکھا ہے

فتعلَم إنْ مِتنا غدًا أیُّنا الشّقی
پس مرنے کے بعد تجھے معلوم ہوگا کہ ہم دونوں میں سے کون شقی ہے

ولا یستوی المرءانِ هذا محقِّقٌ
اور ایسے دو آدمی برابر نہیں ہو سکتے کہ ایک ان میں سے محقق ہے

وآخر یتبَع کلَّ قولٍ مُلفَّقِ
اور دوسرا ہر ایک رطب و یابس کی پیروی کرتا ہے

أری رأسک المنحوس قَفْرًا من النُّهی
میں تیرے منحوس سر کو عقل سے خالی دیکھتا ہوں

وقلبًا کمَوماةٍ ونفسًا کسَلْمَقِ
اور تیرے دل کو بے آب و دانہ جنگل کی طرح اور تیرے نفس کو بنجر زمین کی طرح

متی ضلَّ عقلُ المَرْءِ ضلَّت حواسُهُ
جب انسان کی عقل گمراہ ہو جاتی ہے تو ساتھ ہی حواس بھی گمراہ ہو جاتے ہیں

فلا یُؤنِس الوَحْلَ المُزِلَّ ویزْمِقِ
پس وہ پھسلانے والے کیچڑ کو نہیں دیکھتا اور پھسل جاتا ہے

کذلک متّمُ مِن عنادٍ وّ نقمةٍ
اسی طرح تم عناد اور کینہ سے مر گئے

فأنّٰی لکم تأییدُ رَبٍّ مُوفِّقِ
پس خدا کی تائید تمہیں کہاں ہے

أفی الکفر أمثالٌ جفاءً وّغلظةً
کیا کافروں میں ظلم اور درشتی میں تمہارا کوئی نمونہ پایا جاتا ہے

لکم أیها الرامون رَمْیَ التخَلُّقِ
اے وے لوگو جو محض دروغگوئی سے گالیاں دے رہے ہو

أهٰذا هو التقوى الذى فى جموعكم
کیا یہی تمہاری جماعتوں کا تقویٰ ہے
وَقُلتُ لكم توبوا وكُفُّوا لسَانَكُم
اور میں نے تمہیں کہا کہ توبہ کرو اور زبان کو بند رکھو
ولِلّٰهِ آياتٌ لتأييد أمرنا
اور خدا نے ہمارے امر کی تائید میں کئی نشان ظاہر کئے ہیں
على قلبِ أهلِ اللّٰه نزلتْ سَكينةٌ
اہل اللہ کے دل پر سکینت نازل ہو گئی
أيا لاعِنِى إن السعادة فى التُّقَى
اے میرے لعنت کرنے والے سعادت نیک بختی میں ہے
إذا كُتِبَ أنّ الموت لا بد تُدرِكُ
جب لکھا گیا کہ موت ضرور ہے
ولا يفلح الإنسان إلّا بصدقهِ
اور انسان محض صدق سے نجات پاتا ہے
وما انفتحتْ شدقاك بالسبّ والهجا
اور تو نے گالیوں کے ساتھ اس لئے منہ کھولا ہے
وإنّ سِقام الجسم ملتمَسُ الشفا
اور جسم کی بیماری قابل شفا ہے
وَوَاللّٰهِ لو لا حَربتى لم تكُدْ ترٰى
اور بخدا اگر میرا حربہ نہ ہوتا
وإنى كتبتُ قصيدتى هٰذه لكم
اور میں نے یہ قصیدہ تمہارے مقابلہ کیلئے لکھا ہے
كَبُكْمٍ أراكم أو كأَحْمِرَةِ الفلا
میں گونگوں کی طرح تمہیں دیکھتا ہوں یا جنگل کے گدھوں کی طرح

﴿۹۵﴾

أتلك الأمور ومثلها شأنُ متّقى
کیا یہ امور اور ان کی مانند متقی کی شان کے لائق ہیں
فما كان فيكم مَن يتوب ويتّقى
پس تم میں کوئی بھی ایسا نہ تھا کہ توبہ اور تقویٰ اختیار کرتا
وإنا كتبنا بعضها للمُحقّقِ
اور بعض کو ہم نے محققوں کے لئے لکھ دیا
وقلبك يا مفتونُ يَعوِى وينهَقِ
اور تیرا دل اے فتنہ میں پڑے ہوئے گدھے کی طرح آواز کر رہا ہے
فخَفْ قهرَ ربٍّ حافظِ الحقّ وَاتَّقِ
پس خود نگہدارندۂ حق سے ڈر اور تقویٰ اختیار کر
فموت الفتى خير له مِن تَخلُّقِ
پس مرد کا مرنا جھوٹ بولنے سے بہتر ہے
وكل كَذُوبٍ لا محالةَ يُوبَقِ
اور ہر ایک دروغگو آخر ہلاک ہوتا ہے
وتكذيبِ أهل الحق إلّا لِتُمْلَقِ
اور اس لئے تکذیب کرتا ہے کہ تا محو کیا جائے
وليس دواء فى الدكاكين للشقى
مگر شقاوت کی کسی دوکان میں دوا نہیں
نَهيكًا تَحُطُّ ضلالةً حين تَسْمُقِ
تو تو کوئی ایسا بہادر نہ پاتا کہ گمراہی کو بلند ہونے سے روکتا
فمِن حَيِّكم مَن كان حيًّا ليَنْمُقِ
پس تمہارے گروہ میں سے جو زندہ ہے وہ بھی لکھے
غدًا طَلْقُ ألسُنِكم كزوجٍ تُطلَّقِ
اور تمہاری زبان کی روانگی ایسی کھوئی گئی جیسا کہ عورت کو طلاق دی جاتی ہے

﴿۹۶﴾

أتحسبُ أن القول قولُ الأجانبِ
کیا تو گمان کرتا ہے کہ یہ قول غیروں کا قول ہے

وقد صُبَّ مِن عینی کماءٍ مُدَغْفِقِ
حالانکہ یہ میرے چشمہ سے پانی ٹپکنے والے کی طرح گرایا گیا ہے

فما هی إلّا کلمةٌ قیل مثلها
پس یہ تو ایسا کلمہ ہے کہ پہلے ایسا کہا گیا ہے

فقالوا أعانَ علیه قومٌ کمُشْفِقِ
اور لوگوں نے کہا کہ اس کی دوسروں نے مدد کی ہے

ففکّرْ أتَعلمُ مُنشئًا لی کتَمْتُه
پس فکر کر کیا ایسا منشی تجھے معلوم ہے جو میں نے چھپا رکھا ہے

فیملوا ☆ القصائد لی بحِجْرِ التأبُّقِ
پس وہ میرے لیے پوشیدہ بیٹھ کر قصیدہ لکھتا ہے

أتنحَتُ کذبًا لیس عندک شاهدٌ
کیا تو ایسا جھوٹ تراشتا ہے کہ اس پر تیرے پاس کوئی گواہ نہیں

علیه وتنبَح کالکلاب وتَزْعَقِ
اور کتوں کی طرح بھونکتا اور فریاد کرتا ہے

رضیتَ بحگَاکاتِ إبلیس شقوةً
شیطانی وساوس کے ساتھ تو راضی ہو گیا

وآثرتَ سبل الغیّ یا أیّها الشّقی
اور گمراہی کی راہیں اے شقی تو نے اختیار کیں

أتنکر آیاتی وقد شاهدتَها
کیا تو دیدہ ودانستہ میرے نشانوں سے اعراض کرتا ہے

أتُعرِض عن حق مبین مُزَوَّقِ
کیا تو کھلے کھلے اور آراستہ حق سے انکار کرتا ہے

وقد مات "آتم" عمُّک المتنصّرُ
اور آتھم تیرا چچا نصرانی مر گیا

وقد حُقَّ أن تُمحٰی لُحاکُم وتُحلَقِ
اور واجب ہوا کہ تمہاری داڑھیاں نابود کی جائیں اور منڈائی جائیں

رأیتم جوازیکم من اللّٰه ربِّنا
لو تم نے خدا تعالیٰ کی طرف سے اپنی سزائیں دیکھ لیں

ومُتّمْ کموت المفسد المتخلِّقِ
اور تم اس طرح مر گئے جس طرح مفسد دروغ گو مرتا ہے

وقد قطع ربّی آنُفَ الجمع کلِّهم
اور میرے خدا نے تمام مخالفوں کی ناک کاٹ دی

وأخزی العِدا وأبادَ کُلاًّ بمأزِقِ
اور دشمنوں کو رسوا کیا اور سب کو میدان میں ہلاک کر دیا

تکنَّفَ قلبَک صَدأُ ظلماتِ الشقا
تیرے دل پر انکار شقاوت محیط ہو گیا ہے

فما إنْ أَرَی فیک الهدایةَ تُشرِقِ
پس میں نہیں دیکھتا کہ ہدایت تجھ میں چمکے

وقد ضاع ما عُلِّمتَ إن کنتَ عالمًا
اگر تو عالم تھا تو تیرا سب علم برباد ہو گیا

کزُبُرٍ إذا حُمِلتْ علی ظهرِ زِهْلِقِ
ان کتابوں کی طرح جبکہ گدھے پر لادی جائیں

أراک ومَن ضاهاک رَبْرَبَ جهلةٍ
میں تجھے اور تیرے امثال کو جاہلوں کا ریوڑ دیکھتا ہوں

تلا بعضُکم بعضا کأحمقَ أنْزَقِ
بعض بعض کے پیچھے لگے جیسے نادان شتاب کار

☆ یبدو انه سهو والصحیح ''فیملی''. (ناشر)

رأيتم عواقبكم بترك سفينتي
تم نے میرے سفینہ کے ترک سے اپنا انجام دیکھ لیا
وعندي عيونٌ جاريات من الهُدى
اور میرے پاس ہدایت کے چشمے جاری ہیں
وأُعطيتُ علمًا يملأ العَين قُرّةً
اور میں خدا تعالیٰ کی طرف سے علم دیا گیا ہوں جو آنکھ کو ٹھنڈا کرتا ہے
وإني أرى العادين في تيهة الشقا
اور میں ظالموں کو شقاوت کے جنگل میں دیکھتا ہوں
ولو كنتُ دجّالًا كذوبا لضرَّني
اور اگر میں دجال اور دروغگو ہوتا تو مجھے اس شخص کی
دعَوا ثم سبُّوا ثم كادُوا فخُيِّبوا
انہوں نے بددعائیں کیں پھر گالیاں دیں پھر مکر کیا پھر نا اُمید ہو گئے
ينازع أقوامٌ ويشتدّ حَربهم
قومیں جھگڑتی ہیں اور ان کی لڑائی سخت ہوتی ہے
فليتَ عقولَ الزّمر قبلَ افتضاحها
پس کاش کہ مخالف جماعتوں کی عقلیں ان کی رسوائی سے پہلے
وما أنا إلا منذرٌ عند فتنةٍ
اور میں فتنہ کے وقت ایک منذر ہو کر آیا ہوں
ولي قِربة شدُّوا عليَّ عِصامَها
اور میری ایک مشک ہے جس کا بند میرے پر مضبوط کیا گیا ہے
فمَن يأتِني صدقًا كعطشانَ ساعيًا
پس جو شخص صدق کے ساتھ پیاسے کی طرح دوڑتا ہوا میرے پاس آئیگا
فقُمْ شاهدًا لِلّٰهِ إن كنتَ خاشِعًا
پس اگر تو خدا کے لئے خشوع رکھتا ہے تو لِلّٰہ گواہی کے لئے کھڑا ہو جا

﴿۹۷﴾
وضاعتْ خلاياكم ومُتّم كمُغرَقِ
اور تمہاری بڑی بڑی کشتیاں تباہ ہو گئیں اور تم غرق شدہ انسان کی طرح مر گئے
هنيئًا لرجلٍ قد دناها ليستقي
اس آدمی کو وہ چشمے گوارا ہوں کہ ان سے نزدیک ہوا تا پانی پیئے
ونورًا على وجه المخالف يَبزُقِ
اور نور دیا گیا ہوں جو مخالف کے منہ پر تھوکتا ہے
ومن جاءني صدقًا فقد دخل جَوسَقِي
اور جو صدق کے ساتھ میرے پاس آیا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو گیا
عداوةُ مَن يّدعو عليَّ لِأُوبَقِ
عداوت ضرر پہنچاتی جو مجھ پر میرے ہلاک ہونے کے لئے بددعا کرتا تھ
لِما حفظتْني عينُ ربٍّ مُرَمِّقِ
کیونکہ خدا تعالیٰ کی آنکھ نے مجھے بچالیا وہ خدا جو ہمیشہ مجھے اپنی نظر میں رکھتا ہے
فيُعلِي المهيمن كلَّ مَن كان أصدَقِ
پھر خدا تعالیٰ اس شخص کا غلبہ ظاہر کرتا ہے جو اس کے نزدیک صادق ہوتا ہے
يَصِلُنَ إلى حقٍّ مبين مُحقَّقِ
کھلے کھلے حق کو پا لیں
وقد جئتُ مِن ربّي كراعٍ مُعَفِّقِ
اور میں اپنے رب کی طرف سے ایسا چرواہا ہوں جو بکریوں پر آلودہ کو اپنی طرف لاتا ہے
لأُروِيَ أقواما بماءٍ أغدَقِ
تا کہ میں قوموں کو بہت سے پانی سے سیراب کروں
يَجِدُ كاهلي هذا ذَلولًا لمُستَقِي
میرے اس موہنڈے کو پانی کے طلب کرنیوالے کیلئے جھکا ہوا پائیگا
وأكرَمُ ناسٍ عنده فاتِكٌ تقِي
اور خدا کے نزدیک بزرگ آدمی وہی ہے جو دلیر اور نیک بخت ہے

﴿۹۸﴾ وقد كنتُ لِلّٰهِ الّذى كَانَ مَلْجَأِىْ
اور میں اس خدا کے لئے ہو گیا جو میری پناہ ہے
رأيتُ وجوهًا ثم آثرتُ وَجْهَهٗ
میں نے کئی منہ دیکھے پس اس کا منہ اختیار کر لیا
أُحِبُّ بروحى فالِقَ الحبِّ والنّوٰى
میں اپنی جان کے ساتھ اس کو دوست رکھتا ہوں جو دانہ اس کے جرم سے علیحدہ کرنے والا ہے
وللهِ أسرار بعاشق وجهه
اور خدا کو اس کے عاشق کے ساتھ بھید ہیں
لِحِبِّى خواصٌّ فِى الوصَالِ وفُرقةٍ
میرے دوست کے لئے وصال اور جدائی میں خواص ہیں
وأُعطيتُ مِن حِبِّى قميصَ خلافةٍ
اور میں اپنے پیارے کی طرف سے قمیص خلافت دیا گیا ہوں
وأُعطيتُ عَلَمَ الفتح عَلَمَ محمَّدٍ
اور میں فتح کا جھنڈا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا ہے دیا گیا ہوں
فتلك علاماتٌ علٰى صدق دعوتى
پس میرے صدق دعویٰ پر یہ علامتیں ہیں
وإنّ صراطى مثل جَسْرٍ على اللظى
اور میری راہ دوزخ پر پُل ہے
إذا ما تحامَتْنى الأراذلُ كلهم
اور جب تمام رزیلوں نے مجھے چھوڑ دیا
أرى اللهَ يُخزى الفاسقين ويصطفى
میں دیکھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے گا اور اپنے
ويأتى زمانٌ إنّ ربّى بفَضْلِهٖ
اور وہ زمانہ آتا ہے کہ میرا رب اپنے فضل سے

وذٰلك سرٌّ بين روحى ومُزعِقى
اور یہ بھید ہے مجھ میں اور میری فریادگاہ میں
فواهًا له ولوجهه المتألِّقِ
پس کیا اچھا وہ ہے اور کیا اچھا ہے اس کا منہ چمکنے والا
وإنّى لَأَوَّلُ مَن نَوَى كلَّ مُلْزَقِ
اور میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے ہر ایک پیوستہ کو پھینک کر دیا☆ ہے
فسَلْ مَن يشاهد بعضَ هذا التعلُّقِ
پس اس شخص سے پوچھ جو اس تعلق کو دیکھنے والا ہے
ففى القُرْب يحيينى وفى البُعْد يُوبِقِ
پس وہ قرب میں زندہ کرتا ہے اور دوری میں ہلاک کرتا ہے
قميصَ رسول اللّٰه أبيضَ أَمْهَقِ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قمیص جو بہت سفید ہے
وأُعْطِيتُ سيفًا جَذَّ أصلَ التَّخَلُّقِ
اور میں وہ تلوار دیا گیا ہوں جس نے جڑ دروغگوئی کی کاٹ دی
فإن كنتَ تطلبها ففَتِّشْ وعَمِّقِ
پس اگر تو ان علامتوں کو طلب کرتا ہے پس تفتیش کر اور سوچ
حفافاه نارٌ فَأْتِنى أيّها التّقى
اور دونوں کنارے اس کے آگ ہے پس اے پرہیزگار میرے پاس آ جا
فأيقنتُ أن شريفَ قومى سيلتقى
پس میں نے یقین کیا کہ جو میری قوم کا شریف ہے وہ ضرور مجھ سے ملے گا
عبادًا لهٗ قُتِلوا بسَيْفِ التعشُّقِ
بندوں کو جو عشق کی تلوار سے قتل کئے گئے چن لے گا
يَجُذُّ رؤوس المُفْسدين ويفرُقِ
مفسدوں کے سر کاٹے گا اور جدا کرے گا

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ پھینک دیا ‘‘ ہونا چاہیے۔ (ناشر)

وقد صُقِلَتْ كَلِمي كمثلِ سَجَنْجَلٍ
اور میرے کلمے آئینہ کی طرح صاف کئے گئے ہیں

أرى غِيَدَ أسرارٍ نَضَضْنَ لِرَمْقِنا
میں دیکھتا ہوں کہ نرم اندام عورتیں اسرار کی ہمارے لئے ننگی ہوگئیں

إذا ما خرَجنَ من الغَبِيط بزينة
اور جبکہ وہ ہودہ سے زینت کے ساتھ نکلیں

إذا ما تجلّى حسنُهن بنوره
اور جب ان کا حسن اپنے نور کے ساتھ چمکا

وقَلَّ مِن الأخْدانِ مَن كان حُسنُه
اور معشوقوں میں سے بہت کم ہوگا جس کا حسن ہمارے

فجُعِلَتْ به ذاتُ الكسور لنا السُّوَى
پس ہمارے لئے ان کے ساتھ نشیب وفراز کی راہ سیدھی کی گئی

وليس كشرح الصدر للمرء نِعْمَةٌ
اور انسان کے لئے شرح صدر جیسی اور کوئی نعمت نہیں

ونفسٌ كمَوماةِ السباع مُبيدةٌ
اور بہت ایسے نفس ہیں کہ جنگل کے درندوں کی طرح ہلاک کرنیوالے

فما خفتُ صولتَهم وحقَّرتُ أمرَهم
پس میں ان کے حملہ سے نہیں ڈرا اور ان کے کاروبار کو حقیر جانا

وكائِنْ ترىٰ مِن مفسدٍ هو صائلٌ
اور بہت مفسد تو دیکھے گا کہ وہ مجھ پر حملہ کرنیوالے ہیں

تجلّتْ من الرحمٰن أنوارُ حجّتي
خدا کی طرف سے میری حجت کے نور ظاہر ہو گئے ہیں

سينصرني ربي ويُعلِي عمارتي
عنقریب خدا مجھے مدد دیگا اور میری عمارت کو بلند کرے گا

فترنو إليها مُقْلةُ المتأنِّقِ ﴿۹۹﴾
پس تعجب کرنیوالے کی نظر اس کو ٹکٹکی لگا کر دیکھتی ہے

ومِن غيرنا باعَدْنَ كالمتأبِّقِ
اور غیروں سے وہ چھپنے والیوں کی طرح دور ہو گئیں

فأصبى رَشاقتُهنّ قلبَ مُرَمِّقِ
پس ان کا حسن اندام دیکھنے والوں کا دل لے گیا

فرحَلتُ كجاليةٍ ظلامٌ يَغْسِقِ
پس اندھیرا یوں چلا گیا جیسا کہ وہ لوگ جو اپنے گھروں سے آوارہ پھرتے ہیں

كحسنِ عذارانا وخَدِّ أبرَقِ
ان باکرہ مضامین کی طرح ہوگا اور رخسار روشن ہوں گے

وآنستُ وَهْدَ الجائرين كصَمْلَقِ
اور میں نے ظلم کرنیوالوں کے گڑھوں کو برابر زمین کی طرح دیکھا

ومِن أردءِ الأوقاتِ وقتُ التأزُّقِ
اور سب وقتوں سے زیادہ ردی وقت تنگدلی کا وقت ہے

بها الذئب يعوى كالأسير المخَنَّقِ
انمیں بھیڑیا چیخیں مارتا ہے جیسا کہ قیدی جس کا گلا گھونٹا گیا ہو

بما صانني ربّي بعين التومُّقِ
کیونکہ خدا نے مجھے اپنی محبت کی آنکھ سے بچا لیا

علىّ فيدفعه الحفيظ ويَغْفِقِ
پس خدا ایسے دشمن کو دفع کرتا اور اس کو تازیانہ مارتا ہے

فما الخوف إن تُعْرِضْ وإنْ تتعزَّقِ
پس کچھ خوف کی جگہ نہیں اگر تو کنارہ کرے یا بخل کرے

فهُدُّوا ورُضُّوا مِن أُكُفٍّ وأسْوُقِ
پس اگر ممکن ہے تو اُس عمارت کو ہتھیلیوں اور پنڈلیوں سے مسمار کردو

﴿۱۰۰﴾

تبصَّرْ خصيمي هل ترى مِن علامةٍ بها يُعرَف الكذّابُ عند المحقِّقِ
اے میرے دشمن خوب دیکھ کیا تو کوئی علامت پاتا ہے جس سے جھوٹا پہچانا جاتا ہے

إذا ما نقول هلُمَّ لا تنبرى لنا وفى بيتك المنحوس تهذى وترتقى
جب کہیں آ تو ہمارے مقابل پر آتا نہیں اور اپنے منحوس گھر میں لکھتا اور اوپر چڑھتا ہے

دعوتَ فأكثرتَ الدعاء لنَكْبَتى فوالله زِدْنا بعده فى التفَنُّقِ
تو نے بددعا کی اور میرے ادبار کیلئے بہت بددعا کی پس بخدا ہم بعد اس کے تنعم میں زیادہ ہوئے

عرَضْنا عليكم رحمةً أمرَ ربِّنا فلم تحفِلوا كِبرًا وقد كنتُ أُشْفِقِ
ہم نے مہربانی سے اپنا☆ رب کا امر تمہارے پیش کیا پس تم نے کچھ پرواہ نہ کی اور میں ڈرتا تھا

وقلتُ لكم توبوا ولا تتركوا الحيا فزدتم عنادا واعتديتم كأفسَقِ
اور میں نے کہا کہ توبہ کرو اور حیا کو مت چھوڑو پس تم عناد کی رو سے بڑھ گئے اور حد سے زیادہ گذر گئے جیسا کہ فاسق ہوتے ہیں

وإنى حبَستُ النفسَ عند فضولِكم صَبورًا على سبٍّ وشتمٍ مُحرِّقِ
اور میں نے تمہاری بکواس کے وقت اپنے تئیں روکا اور تمہاری گالیوں پر صبر کیا

ووالله لا يُخزَى الصدوقُ بقولكم أيُرْهِقُ قتَرٌ وجهَ مَن كانَ أصْدَقِ
اور بخدا صادق تمہاری بات کے ساتھ رسوا نہیں کیا جائیگا کیا صادق کے منہ پر غبار آسکتی ہے

فتوبوا إلى الربّ الورىٰ۞ واستغفروا ولا تشتروا بالحق عيشًا مُرَمَّقِ
پس خدا کی طرف توبہ کرو اور گناہ کی معافی چاہو اور تھوڑے عیش کے لئے حق کو مت چھوڑو

خَاتمة الكتاب

إنّ كتابى هٰذا آخر الوصَايا للعُلَمَاء ، الذين تَصدَّوا للتكذيب والاستهزاء يا حسرة عليهم وعلىٰ ما أروا من حالةٍ ! إنّهم فتحوا على الناس أبواب ضلالةٍ، فى زمنٍ تطايرت فيه الفتن كشُعلةٍ جَوّالةٍ، والناس كانوا تائهين فى مَوماةٍ بَطالةٍ، فألقاهم العلماء فى وهدٍ مُغتالةٍ، وجمعوا لهم قذائفَ جهالةٍ، ثم أوقدوا قذائفهم بقَبسٍ وذُبالةٍ، وصاروا لهم كضِغْثٍ علىٰ إبّالةٍ، واختارُوا مَدرَج اليهود، وسلكوا مَسلكَ الغىّ والعنود، وما كانوا مُنْتَهِيْن.

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ اپنے ‘‘ ہونا چاہیے۔(ناشر)

۞ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ’’ رَبِّ الورىٰ ‘‘ ہونا چاہیے۔(ناشر)

﴿۱۰۱﴾ فغلّظتُ عليهم بعد ما أكدَى الاستعطافُ، ولم ينفع التملّق والائتلاف، ولم أر فيهم أهل قلبٍ صافٍ، ولا فتًى مُصافٍ .وإنهم رغبوا من العِلم فى المَشُوف المُعْلَم، ومن الدَّر فى الدرهم، وتركوا طوائفَ أسرارٍ فاقت فى السَّناعة، كرجُلٍ يتخطّى رقابَ نُخب الجماعة، أو كامرء ة تتحرّى طرق الشناعة، وكانوا يعرفون شأنى ومقامى، ورأوا آياتى وسمعوا كلامى .وإنى أكثرتُ لهم وصيّتى حتى قيل أنّى مِكثارٌ، وما عُفْتُ أن يسبّنى أشرارٌ، فما نفعهم كلامى ومقالى، وما انتفعوا بتفصيلى وإجمالى، وكان هٰذا أعظمَ المصائب على الإسلام، لو لا رحمة الله ذو الجلال والإكرام .فالحمد للّٰه على مَا رحم وأرسل عبده بالآيات، وأنزل من البيّنات المفحِمات، وقَطَعَ دابر المفسدين.إنّه أَحْسَن إلى الخَلْق وأتمّ حُجّتى، وأظهر لهم ايتى، وأعلا لهم رايتى، وأماط جلباب الشبهات، وما بقى إلا جَهام التعصّبات .وأبدَى فى تأييدى أنواع العُجاب، ونجّى أولى الألباب من حُجُبِ الارتياب .وحان أن أطوى البيان وأقصّ جناح القصّة، وأُعرِض عن قوم لا يبالون الحق بعد إتمام الحجّة، فاعلموا أننى الآن أصرف وجهى عن كلّ من أهان، من الظالمين المتجاهلين، وأُبعِدُ نفسى من المنكرين الخائنين، وأعاهد اللّٰه أن لا أخاطبهم من بعد وأحسبهم كالميّتين المدفونين، ولا أكلّم المكفّرين المكذّبين، ولا أسُبّ السابّين المعتدين، ولا أضيّع وقتى لقومٍ مُسرفين، إلّا الذين تابوا وأصلحوا وجاء ونى مسترشدين، ودقُّوا باب طلب الهداية، واستفسروا لثلجِ القلب لا كأهل الغواية، وامنوا مع المؤمنين .

وهذا اٰخر ما كتبنا فى هٰذا الباب، وندعو اللّٰه أن يفتح لعباده سبل الصدق والصّواب، والحمد لله فى المبدأ والمآب .وعليه توكّلنا، وإليه أنبنا، وإياه نستعين .

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ، آمين.

تمّت

الرَّاقم ميرزا غُلام أَحمد القادياني ۲۶/مئى سنة ۱۸۹۷ء

ٹائیٹل بار اول



﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

یہ عریضہ مبارکبادی

اس شخص کی طرف سے ہے جو یسوع مسیح کے نام پر طرح طرح کی بدعتوں سے دنیا کو چھڑانے کے لئے آیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ امن اور نرمی کے ساتھ دنیا میں سچائی قائم کرے اور لوگوں کو اپنے پیدا کنندہ سے سچی محبت اور بندگی کا طریق سکھائے۔ اور اپنے بادشاہ ملکہ معظّمہ سے جس کی وہ رعایا ہیں سچی اطاعت کا طریق سمجھائے اور بنی نوع میں باہمی سچی ہمدردی کرنے کا سبق دیوے۔ اور نفسانی کینوں اور جوشوں کو درمیان سے اٹھائے اور ایک پاک صلح کاری کو خدا کے نیک نیت بندوں میں قائم کرے جس کی نفاق سے ملونی نہ ہو اور یہ نوشتہ ایک ہدیہ شکرگذاری ہے کہ **جو عالی جناب قیصرہ ہند ملکہ معظّمہ والی انگلستان و ہند دام اقبالہا بالقابہا** کے حضور میں بتقریب جلسہ **جوبلی شصت سالہ** بطور مبارکباد پیش کیا گیا ہے۔

مبارک! مبارک!! مبارک!!!

﴿۲﴾ اس خدا کا شکر ہے جس نے آج ہمیں یہ عظیم الشان خوشی کا دن دکھلایا کہ ہم نے اپنی ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند وانگلستان کی شصت سالہ جوبلی کو دیکھا۔ جس قدر اس دن کے آنے سے مسرت ہوئی کون اس کو اندازہ کرسکتا ہے؟ ہماری محسنہ قیصرہ مبارکہ کو ہماری طرف سے خوشی اور شکر سے بھری ہوئی مبارکباد پہنچے۔ خدا ملکہ معظّمہ کو ہمیشہ خوشی سے رکھے!

وہ خدا جو زمین کو بنانے والا اور آسمانوں کو اونچا کرنے والا اور چمکتے ہوئے سورج اور چاند کو ہمارے لئے کام میں لگانے والا ہے۔ اس کی جناب میں ہم دعا کرتے ہیں کہ وہ ہماری ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کو جو اپنی رعایا کی مختلف اقوام کو کنار عاطفت میں لئے ہوئے ہے جس کے ایک وجود سے کروڑہا انسانوں کو آرام پہنچ رہا ہے تا دیرگاہ سلامت رکھے اور ایسا ہو کہ جلسۂ جوبلی کی تقریب پر (جس کی خوشی سے کروڑہا دل برٹش انڈیا اور انگلستان کے جوش نشاط میں ان پھولوں کی طرح حرکت کر رہے ہیں جو نسیم صبا کی ٹھنڈی ہوا سے شگفتہ ہوکر پرندوں کی طرح اپنے پروں کو ہلاتے ہیں) جس زور شور سے زمین مبارکبادی کیلئے اچھل رہی ہے ایسا ہی آسمان بھی اپنے آفتاب و ماہتاب اور تمام ستاروں کے ساتھ مبارکبادیاں دیوے! اور عنایت صمدی ایسا کرے کہ جیسا کہ ہماری عالی شان محسنہ ملکہ معظّمہ والی ہند وانگلستان اپنی رعایا کے تمام بوڑھوں اور بچوں کے دلوں میں ہردلعزیز ہے ویسا ہی آسمانی فرشتوں کے دلوں میں بھی ہردلعزیز ہو جائے۔ وہ قادر جس نے بے شمار دنیوی برکتیں اس کو عطا کیں دینی برکتوں سے بھی اسے مالا مال کرے۔ وہ رحیم جس نے اس جہان میں اس کو خوش رکھا اگلے جہان میں بھی خوشی کے سامان اس کے لئے عطا کرے۔ خدا کے کاموں سے کیا بعید ہے کہ ایسا مبارک وجود جس سے کروڑہا بلکہ بے شمار نیکی کے کام ہوئے اور ہو رہے ہیں اس کے ہاتھ سے یہ آخری نیکی بھی ہو جائے

﴿۳﴾ کہ انگلستان کو رحم اور امن کے ساتھ انسان پرستی سے پاک کر دیا جائے تا فرشتوں کی روحیں بھی بول اٹھیں کہ اے موحدہ صدیقہ تجھے آسمان سے بھی مبارکباد جیسا کہ زمین سے!!

یہ دعا گو کہ جو دنیا میں عیسیٰ مسیح کے نام سے آیا ہے اسی طرح وجود ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند اور اس کے زمانہ سے فخر کرتا ہے جیسا کہ سیّدالکونین حضرت **محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم نے نوشیروان عادل کے زمانہ سے فخر کیا تھا۔ سو اگرچہ جلسۂ جوبلی کی مبارک تقریب پر ہر ایک شخص پر واجب ہے کہ ملکہ معظّمہ کے احسانات کو یاد کر کے مخلصانہ دعاؤں کے ساتھ مبارکباد دے اور حضور قیصرہ ہند و انگلستان میں شکرگذاری کا ہدیہ گذرانے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ مجھ پر سب سے زیادہ واجب ہے۔ میرے لئے خدا نے پسند کیا کہ میں آسمانی کارروائی کیلئے ملکہ معظّمہ کی پُرامن حکومت کی پناہ لوں۔ سو خدا نے مجھے ایسے وقت میں اور ایسے ملک میں مامور کیا جس جگہ انسانوں کی آبرو اور مال اور جان کی حفاظت کیلئے حضرت قیصرہ مبارکہ کا عہد سلطنت ایک فولادی قلعہ کی تاثیر رکھتا ہے۔ جس امن کے ساتھ میں نے اس ملک میں بودوباش کر کے سچائی کو پھیلایا اس کا شکر کرنا میرے پر سب سے زیادہ واجب ہے۔ اور اگرچہ میں نے اس شکرگزاری کیلئے بہت سی کتابیں اردو اور عربی اور فارسی میں تالیف کر کے اور ان میں جناب ملکہ معظّمہ کے تمام احسانات کو جو برٹش انڈیا کے مسلمانوں کے شامل حال ہیں اسلامی دنیا میں پھیلائی ہیں اور ہر ایک مسلمان کو سچی اطاعت اور فرمانبرداری کی ترغیب دی ہے لیکن میرے لئے ضروری تھا کہ یہ تمام کارنامہ اپنا جناب ملکہ معظّمہ کے حضور میں بھی پہنچاؤں۔ سو اسی بناء پر آج مجھے جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کی جوبلی کے مبارک موقعہ پر جو سچی وفادار رعایا کے لئے بے شمار شکر اور خوشی کا محل ہے اس

﴿۴﴾ دلّی مدعا کے پورا کرنے کے لئے جرأت ہوئی ہے۔

میں اس بات کو ظاہر کرنا بھی اپنی روشناسی کرانے کی غرض سے ضروری دیکھتا ہوں کہ میں حضرت ملکہ معظّمہ کی رعایا میں سے پنجاب کے ایک معزز خاندان میں سے ایک شخص ہوں جو **میرزا غلام احمد قادیانی** کے نام سے مشہور ہوں۔ میرے والد کا نام میرزا غلام مرتضٰی اور ان کے والد کا نام میرزا عطا محمد اور ان کے والد کا نام میرزا گل محمد تھا۔ یہ آخر الذکر اس زمانہ سے پہلے والیان ملک میں سے تھے۔ مجھے خدا نے جیسا کہ آگے بیان ہوگا اپنی خدمت میں لے لیا اور جیسا کہ وہ اپنے بندوں سے قدیم سے کلام کرتا آیا ہے مجھے بھی اس نے اپنے مکالمہ اور مخاطبہ کا شرف بخشا اور مجھے اس نے نہایت پاک اصولوں پر جو نوع انسان کے لئے مفید ہیں قائم کیا چنانچہ منجملہ ان اصولوں کے جن پر مجھے قائم کیا گیا ہے ایک یہ ہے کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے کہ دنیا میں جس قدر نبیوں کی معرفت مذہب پھیل گئے ہیں اور استحکام پکڑ گئے ہیں اور ایک حصۂ دنیا پر محیط ہو گئے ہیں اور ایک عمر پا گئے ہیں اور ایک زمانہ ان پر گذر گیا ہے ان میں سے کوئی مذہب بھی اپنی اصلیت کے رو سے جھوٹا نہیں اور نہ ان نبیوں میں سے کوئی نبی جھوٹا ہے کیوں کہ خدا کی سنت ابتدا سے اسی طرح پر واقع ہے کہ وہ ایسے نبی کے مذہب کو جو خدا پر افترا کرتا ہے اور خدا کی طرف سے نہیں آیا بلکہ دلیری سے اپنی طرف سے باتیں بناتا ہے کبھی سرسبز ہونے نہیں دیتا۔ اور ایسا شخص جو کہتا ہے کہ میں خدا کی طرف سے ہوں حالانکہ خدا خوب جانتا ہے کہ وہ اس کی طرف سے نہیں ہے خدا اس بے باک کو ہلاک کرتا ہے اور اس کا تمام کاروبار درہم برہم کیا جاتا ہے اور اس کی تمام جماعت متفرق کی جاتی ہے اور اس کا پچھلا حال پہلے سے بدتر ہوتا ہے کیوں کہ اس نے خدا پر جھوٹ بولا اور دلیری سے خدا پر

﴿۵﴾ افترا کیا۔ پس خدا اُس کو وہ عظمت نہیں دیتا جو راستبازوں کو دی جاتی ہے اور نہ وہ قبولیت اور استحکام بخشتا ہے جو صادق نبیوں کے لئے مقرر ہے۔

اور اگر یہ سوال ہو کہ اگر یہی بات سچ ہے تو پھر دنیا میں ایسے مذہب کیوں پھیل گئے جن کی کتابوں میں انسانوں یا پتھروں یا فرشتوں یا سورج اور چاند اور ستاروں اور یا آگ اور پانی اور ہوا وغیرہ مخلوق کو خدا کر کے مانا گیا ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے مذہب یا تو ان لوگوں کی طرف سے ہیں جنہوں نے نبوّت کا دعویٰ نہیں کیا اور نہ الہام اور وحی کے مدعی ہوئے بلکہ اپنی فکر اور عقل کی غلطی سے مخلوق پرستی کی طرف جھک گئے۔ اور یا بعض مذہب ایسے تھے کہ درحقیقت خدا کے کسی سچّے نبی کی طرف سے ان کی بنیاد تھی لیکن مرور زمانہ سے ان کی تعلیم لوگوں پر مشتبہ ہوگئی۔ اور بعض استعارات یا مجازات کو حقیقت پر حمل کر کے وہ لوگ مخلوق پرستی میں پڑ گئے۔ لیکن دراصل وہ نبی ایسا مذہب نہیں سکھاتے تھے۔ سو ایسی صورت میں ان نبیوں کا قصور نہیں کیونکہ وہ صحیح اور پاک تعلیم لائے تھے بلکہ جاہلوں نے بدفہمی سے ان کی کلام کے الٹے معنی کئے۔ سو جن جاہلوں نے ایسا کیا انہوں نے یہ دعویٰ تو نہیں کیا کہ ہم پر خدا کا کلام نازل ہوا ہے اور ہم نبی ہیں بلکہ نبوت کی کلام کو اجتہاد کی غلطی سے انہوں نے الٹا سمجھا۔ سو یہ غلطیاں اور گمراہیاں اگرچہ گناہ میں داخل ہیں اور خدا تعالیٰ کی نظر میں مکروہ ہیں مگر ان کے پھیلنے کو خدا تعالیٰ اس طرح پر نہیں روکتا جس طرح اس مفتری کی کارروائی کو روکتا ہے جو خدا پر افترا کرتا ہے۔ کوئی سلطنت خواہ زمینی ہے خواہ آسمانی ایسے مفتری کو مہلت نہیں دیتی جو ایک جھوٹا قانون بنا کر پھر سلطنت کی طرف منسوب کرتا ہے کہ وہ قانون اس گورنمنٹ سے پاس ہو کر نکلا ہے اور نہ کوئی سلطنت جائز رکھتی ہے کہ کوئی شخص جھوٹے طور پر سرکاری

﴿۶﴾ ملازم بن کر ناجائز حکومت کو عمل میں لاوے۔ اور ایسا ظاہر کرے کہ وہ گورنمنٹ کا کوئی عہدہ دار ہے حالانکہ وہ عہدہ دار کیا کسی ادنیٰ درجہ کا ملازم بھی نہیں۔

سو یہی قانون خدا تعالیٰ کی قدیم سنت میں داخل ہے کہ وہ نبوت کے جھوٹا دعویٰ کرنے والے کو مہلت نہیں دیتا بلکہ ایسا شخص جلد پکڑا جاتا اور اپنی سزا کو پہنچ جاتا ہے۔ اس قاعدہ کے لحاظ سے ہمیں چاہیے کہ ہم ان تمام لوگوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھیں اور ان کو سچا سمجھیں جنہوں نے کسی زمانہ میں نبوت کا دعویٰ کیا اور پھر وہ دعویٰ ان کا جڑ پکڑ گیا اور ان کا مذہب دنیا میں پھیل گیا اور استحکام پکڑ گیا اور ایک عمر پا گیا اور اگر ہم ان کے مذہب کی کتابوں میں غلطیاں پائیں یا اس مذہب کے پابندوں کو بدچلنیوں میں گرفتار مشاہدہ کریں تو ہمیں نہیں چاہئے کہ وہ سب داغ ملالت ان مذاہب کے بانیوں پر لگاویں۔ کیونکہ کتابوں کا محرف ہو جانا ممکن ہے۔ اجتہادی غلطیوں کا تفسیروں میں داخل ہو جانا ممکن ہے لیکن یہ ہرگز ممکن نہیں کہ کوئی شخص کھلا کھلا خدا پر افترا کرے اور کہے کہ میں اس کا نبی ہوں اور اپنا کلام پیش کرے اور کہے کہ ''یہ خدا کا کلام ہے'' حالانکہ وہ نہ نبی ہو اور نہ اس کا کلام خدا کا کلام ہو۔ اور پھر خدا اس کو سچوں کی طرح مہلت دے اور سچوں کی طرح اس کی قبولیت پھیلائے۔

لہٰذا یہ اصول نہایت صحیح اور نہایت مبارک اور باوجود اس کے صلح کاری کی بنیاد ڈالنے والا ہے کہ ہم ایسے تمام نبیوں کو سچے نبی قرار دیں۔ جن کا مذہب جڑ پکڑ گیا اور عمر پا گیا اور کروڑہا لوگ اس مذہب میں آ گئے۔ یہ اصول نہایت نیک اصول ہے اور اگر اس اصل کی تمام دنیا پابند ہو جائے تو ہزاروں فساد اور توہین مذہب جو مخالف امن عامہ خلائق ہیں اٹھ جائیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ جو لوگ کسی مذہب کے پابندوں کو

ایک ایسے شخص کا پیرو خیال کرتے ہیں جو ان کی دانست میں دراصل وہ کاذب اور مفتری ہے تو وہ اس خیال سے بہت سے فتنوں کی بنیاد ڈالتے ہیں اور وہ ضرور توہین کے جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں اور اس نبی کی شان میں نہایت گستاخی کے الفاظ بولتے ہیں اور اپنے کلمات کو گالیوں کی حد تک پہنچاتے ہیں اور صلح کاری اور عامہ خلائق کے امن میں فتور ڈالتے ہیں حالانکہ یہ خیال ان کا بالکل غلط ہوتا ہے اور وہ اپنے گستاخانہ اقوال میں خدا کی نظر میں ظالم ہوتے ہیں۔ خدا جو رحیم و کریم ہے وہ ہرگز پسند نہیں کرتا جو ایک جھوٹے کو ناحق کا فروغ دے کر اور اسکے مذہب کی جڑ جما کر لوگوں کو دھوکہ میں ڈالے اور نہ جائز رکھتا ہے کہ ایک شخص باوجود مفتری اور کذاب ہونے کے دنیا کی نظر میں سچے نبیوں کا ہم پلہ ہو جائے۔

پس یہ اصول نہایت پیارا اور امن بخش اور صلح کاری کی بنیاد ڈالنے والا اور اخلاقی حالتوں کو مدد دینے والا ہے کہ ہم ان تمام نبیوں کو سچا سمجھ لیں جو دنیا میں آئے۔ خواہ ہند میں ظاہر ہوئے یا فارس میں یا چین میں یا کسی اور ملک میں اور خدا نے کروڑہا دلوں میں ان کی عزت اور عظمت بٹھا دی اور ان کے مذہب کی جڑ قائم کر دی۔ اور کئی صدیوں تک وہ مذہب چلا آیا۔ یہی اصول ہے **جو قرآن نے ہمیں سکھلایا**۔ اسی اصول کے لحاظ سے ہم ہر ایک مذہب کے پیشوا کو جن کی سوانح اس تعریف کے نیچے آ گئی ہیں عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں گو وہ ہندوؤں کے مذہب کے پیشوا ہوں یا فارسیوں کے مذہب کے یا چینیوں کے مذہب کے یا یہودیوں کے مذہب کے یا عیسائیوں کے مذہب کے مگر افسوس کہ ہمارے مخالف ہم سے یہ برتاؤ نہیں کر سکتے اور خدا کا یہ پاک اور غیر متبدل قانون ان کو یاد نہیں کہ وہ جھوٹے نبی کو وہ برکت

﴿۸﴾ اور عزت نہیں دیتا جو سچے کو دیتا ہے اور جھوٹے نبی کا مذہب جڑ نہیں پکڑتا اور نہ عمر پاتا ہے جیسا کہ سچے کا جڑ پکڑتا اور عمر پاتا ہے۔ پس ایسے عقیدہ والے لوگ جو قوموں کے نبیوں کو کاذب قرار دے کر برا کہتے رہتے ہیں ہمیشہ صلح کاری اور امن کے دشمن ہوتے ہیں کیونکہ قوموں کے بزرگوں کو گالیاں نکالنا اس سے بڑھ کر فتنہ انگیز اور کوئی بات نہیں۔ بسا اوقات انسان مرنا بھی پسند کرتا ہے مگر نہیں چاہتا کہ اس کے پیشوا کو بُرا کہا جائے۔ اگر ہمیں کسی مذہب کی تعلیم پر اعتراض ہو تو ہمیں نہیں چاہیے کہ اس مذہب کے نبی کی عزت پر حملہ کریں اور نہ یہ کہ اس کو برے الفاظ سے یاد کریں بلکہ چاہیے کہ صرف اس قوم کے موجودہ دستورالعمل پر اعتراض کریں اور یقین رکھیں کہ وہ نبی جو خدا تعالیٰ کی طرف سے کروڑہا انسانوں میں عزت پا گیا اور صدہا برسوں سے اس کی قبولیت چلی آتی ہے یہی پختہ دلیل اس کے منجانب اللہ ہونے کی ہے۔ اگر وہ خدا کا مقبول نہ ہوتا تو اس قدر عزت نہ پاتا۔ مفتری کو عزت دینا اور کروڑہا بندوں میں اس کے مذہب کو پھیلانا اور زمانہ دراز تک اس کے مفتریانہ مذہب کو محفوظ رکھنا خدا کی عادت نہیں ہے۔ سو جو مذہب دنیا میں پھیل جائے اور جم جائے اور عزت اور عمر پا جائے وہ اپنی اصلیت کے رو سے ہرگز جھوٹا نہیں ہوسکتا۔ پس اگر وہ تعلیم قابل اعتراض ہے تو اس کا سبب یا تو یہ ہوگا کہ اس نبی کی ہدایتوں میں تحریف کی گئی ہے اور یا یہ سبب ہوگا کہ ان ہدایتوں کی تفسیر کرنے میں غلطی ہوئی ہے اور یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ خود ہم اعتراض کرنے میں حق پر نہ ہوں۔ چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ بعض پادری صاحبان اپنی کم فہمی کی وجہ سے قرآن شریف کی ان باتوں پر اعتراض کر دیتے ہیں جن کو توریت میں صحیح اور خدا کی تعلیم مان چکے ہیں۔ سو ایسا اعتراض خود اپنی غلطی یا شتاب کاری ہوتی ہے۔

﴿۹﴾ خلاصہ یہ کہ دنیا کی بھلائی اور امن اور صلح کاری اور تقویٰ اور خداترسی اسی اصول میں ہے کہ ہم ان نبیوں کو ہرگز کاذب قرار نہ دیں جن کی سچائی کی نسبت کروڑہا انسانوں کی صدہابرسوں سے رائے قائم ہوچکی ہواور خدا کی تائیدیں قدیم سے ان کے شامل حال ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں کہ ایک حق کا طالب خواہ وہ ایشیائی ہو یا یوروپین ہمارے اس اصول کو پسند کرے گا اور آہ کھینچ کر کہے گا کہ افسوس ہمارا اصول ایسا کیوں نہ ہوا۔

میں اس اصول کو اس غرض سے حضرت ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند و انگلستان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ امن کو دنیا میں پھیلانے والا صرف یہی ایک اصول ہے جو ہمارا اصول ہے اسلام فخر کرسکتا ہے کہ اس پیارے اور دلکش اصول کو خصوصیت سے اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ کیا ہمیں روا ہے کہ ہم ایسے بزرگوں کی کسرشان کریں جو خدا کے فضل نے ایک دنیا کو ان کے تابعدار کردیا اور صدہابرسوں سے بادشاہوں کی گردنیں ان کے آگے جھکتی چلی آئیں؟ کیا ہمیں روا ہے کہ ہم خدا کی نسبت یہ بدظنی کریں کہ وہ جھوٹوں کو سچوں کی شان دے کر اور سچوں کی طرح کروڑہا لوگوں کا ان کو پیشوا بنا کر اور ان کے مذہب کو ایک لمبی عمر دے کر اور ان کے مذہب کی تائید میں آسمانی نشان ظاہر کر کے دنیا کو دھوکا دینا چاہتا ہے؟ اگر خدا ہی ہمیں دھوکا دے تو پھر ہم راست اور ناراست میں کیونکر فرق کرسکتے ہیں؟

یہ بڑا ضروری مسئلہ ہے کہ جھوٹے نبی کی شان وشوکت اور قبولیت اور عظمت ایسی پھیلنی نہیں چاہیے جیسا کہ سچے کی اور جھوٹوں کے منصوبوں میں وہ رونق پیدا نہیں ہونی چاہیے جیسا کہ سچے کے کاروبار میں پیدا ہونی چاہیے۔ اسی لئے سچے کی اوّل علامت یہی ہے کہ خدا کی دائمی تائیدوں کا سلسلہ اس کے شامل حال ہو اور خدا اس کے مذہب کے پودہ کو کروڑہا دلوں میں لگادیوے اور عمر بخشے۔ پس جس نبی کے مذہب

﴿۱۰﴾ میں ہم یہ علامتیں پاویں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی موت اور انصاف کے دن کو یاد کر کے ایسے بزرگ پیشوا کی اہانت نہ کریں بلکہ سچی تعظیم اور سچی محبت کریں۔ غرض یہ وہ پہلا اصول ہے جو ہمیں خدا نے سکھلایا ہے جس کے ذریعہ سے ہم ایک بڑے اخلاقی حصہ کے وارث ہو گئے ہیں۔

اور دوسرا اصول جس پر مجھے قائم کیا گیا ہے وہ جہاد کے اس غلط مسئلہ کی اصلاح ہے جو بعض نادان مسلمانوں میں مشہور ہے۔ سو مجھے خدا تعالیٰ نے سمجھا دیا ہے کہ جن طریقوں کو آج کل جہاد سمجھا جاتا ہے وہ قرآنی تعلیم سے بالکل مخالف ہیں۔ بے شک قرآن شریف میں لڑائیوں کا حکم ہوا تھا جو موسیٰ کی لڑائیوں سے زیادہ معقول اور یشوع بن نون کی لڑائیوں سے زیادہ پسندیدگی اپنے اندر رکھتا تھا اور اس کی بنا صرف اس بات پر تھی کہ جنہوں نے مسلمانوں کے قتل کرنے کے لئے ناحق تلواریں اٹھائیں اور ناحق کے خون کئے اور ظلم کو انتہا تک پہنچایا ان کو تلواروں سے ہی قتل کیا جائے مگر پھر بھی یہ عذاب موسیٰ کی لڑائیوں کی طرح بہت سختی اپنے اندر نہیں رکھتا تھا بلکہ جو شخص قبول اسلام کے ساتھ اگر وہ عربی ہے یا جزیہ کے ساتھ اگر وہ غیر عربی ہے پناہ لیتا تھا تو وہ عذاب ٹل جاتا تھا اور یہ طریق بالکل قانون قدرت کے موافق تھا کیونکہ خدا تعالیٰ کے عذاب جو وباؤں کے رنگ میں دنیا پر نازل ہوتے ہیں وہ صدقہ خیرات اور دعا اور توبہ اور خشوع اور خضوع کے ساتھ بیشک زوال پذیر ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے جب شدت سے وبا کی آگ بھڑکتی ہے تو طبعًا دنیا کی تمام قومیں دعا اور توبہ اور استغفار اور صدقہ خیرات کی طرف مشغول ہو جاتی ہیں اور خدا کی طرف رجوع کرنے کے لئے ایک طبعی حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ پس اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عذاب کے نزول کے وقت طبائع

﴿۱۱﴾ انسانیہ کا اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ایک طبعی امر ہے اور توبہ اور دعا کرنا عذاب کے وقتوں میں انسان کے لئے فائدہ مند ثابت ہوا ہے یعنی توبہ اور استغفار سے عذاب ٹل بھی جاتا ہے جیسا کہ یونس نبی کی قوم کا عذاب ٹل گیا ایسا ہی حضرت موسیٰ کی دعا سے کئی دفعہ بنی اسرائیل کا عذاب ٹل گیا۔ سو خدا تعالیٰ کا ان کفار کو جنہوں نے اسلام اور مسلمانوں پر بہت سختی کی تھی یہاں تک کہ عورتیں اور بچے بھی قتل کئے تھے۔ تلوار کے عذاب سے شکنجہ میں گرفتار کرنا اور پھر ان کی توبہ اور رجوع اور حق پذیری سے نجات دے دینا یہ وہی خدا کی قدیم عادت ہے جس کا مشاہدہ ہر زمانہ میں ہوتا چلا آیا ہے۔

غرض ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں اسلامی جہاد کی جڑ یہی تھی کہ خدا کا غضب ظلم کرنے والوں پر بھڑکا تھا لیکن کسی عادل گورنمنٹ کے سایہ معدلت کے نیچے رہ کر جیسا کہ ہماری ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کی سلطنت ہے پھر اس کی نسبت بغاوت کا قصد رکھنا اس کا نام جہاد نہیں ہے بلکہ یہ ایک نہایت وحشیانہ اور جہالت سے بھرا ہوا خیال ہے۔ جس گورنمنٹ کے ذریعہ سے آزادی سے زندگی بسر ہو اور پورے طور پر امن حاصل ہو اور فرائض مذہبی کما حقہٗ ادا کر سکیں اس کی نسبت بدنیتی کو عمل میں لانا ایک مجرمانہ حرکت ہے نہ جہاد۔ اسی لئے ۱۸۵۷ء میں مفسدہ پرداز لوگوں کی حرکت کو خدا نے پسند نہیں کیا اور آخر طرح طرح کے عذابوں میں وہ مبتلا ہوئے کیونکہ انہوں نے اپنی محسن اور مربی گورنمنٹ کا مقابلہ کیا۔ سو خدا تعالیٰ نے مجھے اس اصول پر قائم کیا ہے کہ محسن گورنمنٹ کی جیسا کہ یہ گورنمنٹ برطانیہ ہے سچی اطاعت کی جائے اور سچی شکرگزاری کی جائے۔ سو میں اور میری جماعت اس اصول کے پابند ہیں۔ چنانچہ میں نے اس مسئلہ پر عمل درآمد کرانے کے لئے بہت سی کتابیں عربی اور فارسی اور اردو میں تالیف کیں اور ان میں

﴿۱۲﴾ تفصیل سے لکھا کہ کیوں کر مسلمانان برٹش انڈیا اس گورنمنٹ برطانیہ کے نیچے آرام سے زندگی بسر کرتے ہیں اور کیوں کر آزادگی سے اپنے مذہب کی تبلیغ کرنے پر قادر ہیں اور تمام فرائض منصبی بے روک ٹوک بجالاتے ہیں۔ پھر اس مبارک اور امن بخش گورنمنٹ کی نسبت کوئی خیال بھی جہاد کا دل میں لانا کس قدر ظلم اور بغاوت ہے۔ یہ کتابیں ہزار ہا روپیہ کے خرچ سے طبع کرائی گئیں اور پھر اسلامی ممالک میں شائع کی گئیں اور میں جانتا ہوں کہ یقیناً ہزار ہا مسلمانوں پر ان کتابوں کا اثر پڑا ہے۔ بالخصوص وہ جماعت جو میرے ساتھ تعلق بیعت و مریدی رکھتی ہے وہ ایک ایسی سچی مخلص اور خیر خواہ اس گورنمنٹ کی بن گئی ہے کہ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ اُن کی نظیر دوسرے مسلمانوں میں نہیں پائی جاتی۔ وہ گورنمنٹ کے لئے ایک وفادار فوج ہے جن کا ظاہر و باطن گورنمنٹ برطانیہ کی خیر خواہی سے بھرا ہوا ہے۔

میں نے اپنی تالیف کردہ کتابوں میں اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ جو کچھ نادان مولوی تلوار کے ذریعہ سے حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ امر سچے مذہب کیلئے دوسرے رنگ میں گورنمنٹ برطانیہ میں حاصل ہے یعنی ہر ایک شخص بتمام تر آزادی اپنے مذہب کا اثبات اور دوسرے مذہب کا ابطال کرسکتا ہے اور میری رائے میں مسلمانوں کیلئے مذہبی خیالات کے اظہار میں قانونی حد تک وسیع اختیارات ہونے میں بڑی پُر خیر مصلحت ہے کیونکہ وہ اس طور سے اپنی اصل غرض کو پا کر جنگجوئی کی عادات کو جو کتاب اللہ کی غلط فہمی سے بعضوں میں پائی جاتی ہیں بھلا دیں گے۔ وجہ یہ کہ جیسا کہ ایک منشّی چیز کا استعمال کرنا دوسری منشّی چیز سے فارغ کر دیتا ہے ایسا ہی جب ایک مقصد ایک پہلو سے نکلتا ہے تو دوسرا پہلو خود دست ہو جاتا ہے۔

انہیں اغراض سے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ مذہبی مباحثات کے بارے میں

﴿۱۳﴾ انگریزی آزادی سے فائدہ اٹھاؤں اور نیز اسلامی جوش کے لوگوں کو اس جائز امر کی طرف توجہ دے کر ناجائز خیالات اور جوشوں سے ان کے جذبات کو روک دوں۔ مسلمان لوگ ایک **خونی مسیح** کے منتظر تھے اور نیز ایک **خونی مہدی** کی بھی انتظار کرتے تھے۔ اور یہ عقیدے اس قدر خطرناک ہیں کہ ایک مفتری کاذب مہدی موعود کا دعویٰ کر کے ایک دنیا کو خون میں غرق کر سکتا ہے کیوں کہ مسلمانوں میں اب تک یہ خاصیت ہے کہ جیسا کہ وہ ایک جہاد کی رغبت دلانے والے فقیر کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔ شاید وہ ایسی تابعداری بادشاہ کی بھی نہیں کر سکتے۔ پس خدا نے چاہا کہ یہ غلط خیالات دور ہوں اس لئے اس نے مجھے **مسیح موعود** اور **مہدی معہود** کا خطاب دے کر میرے پر ظاہر فرمایا کہ کسی خونی مہدی یا خونی مسیح کی انتظار کرنا سراسر غلط خیال ہے بلکہ خدا ارادہ فرماتا ہے کہ آسمانی نشانوں کے ساتھ سچ کو دنیا میں پھیلاوے۔ سو میرا اصول یہ ہے کہ دنیا کے بادشاہوں کو اپنی بادشاہیاں مبارک ہوں ہمیں ان کی سلطنت اور دولت سے کچھ غرض نہیں ہمارے لئے آسمانی بادشاہی ہے۔ ہاں نیک نیتی سے اور سچی خیرخواہی سے بادشاہوں کو بھی آسمانی پیغام پہنچانا ضروری ہے لیکن اس گورنمنٹ برطانیہ کی نسبت نہ صرف اس قدر ہے بلکہ چونکہ ہم اس دولت کے سایہ عاطفت کے نیچے بامن زندگی بسر کرتے ہیں اس لئے اس دولت کے لئے ہمارا یہ بھی فرض ہے کہ اس کی دنیا اور آخرت کے لئے دعا بھی کریں۔

افسوس کہ جس وقت سے میں نے ہندوستان کے مسلمانوں کو یہ خبر سنائی ہے کہ کوئی خونی مہدی یا خونی مسیح **دنیا میں آنے والا نہیں** ہے بلکہ ایک شخص صلح کاری کے ساتھ آنے والا تھا جو **میں ہوں** اس وقت سے یہ نادان مولوی مجھ سے بغض رکھتے ہیں اور مجھ کو کافر اور دین سے خارج ٹھہراتے ہیں۔ عجیب بات ہے

﴿۱۴﴾ کہ یہ لوگ بنی نوع کی خونریزی سے خوش ہوتے ہیں مگر یہ قرآنی تعلیم نہیں ہے اور نہ سب مسلمان اس خیال کے ہیں۔ یہ پادریوں کی بھی خیانت ہے کہ ناحق دائمی جہاد کے مسئلہ کو قرآن شریف کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اور اس طرح پر بعض نادانوں کو دھوکہ میں ڈال کر نفسانی جوشوں کی طرف ان کو توجہ دیتے ہیں۔ اور میں نہ اپنے نفس سے اور نہ اپنے خیال سے بلکہ خدا سے مامور ہوں کہ جس گورنمنٹ کے سایہ عطوفت کے نیچے میں امن کے ساتھ زندگی بسر کر رہا ہوں اس کے لئے دعا میں مشغول رہوں اور اس کے احسانات کا شکر کروں اور اس کی خوشی کو اپنی خوشی سمجھوں اور جو کچھ مجھے فرمایا گیا ہے نیک نیتی سے اس تک پہنچاؤں۔ لہٰذا اس موقعہ جوبلی پر **جناب ملکہ معظّمہ** کے **ان متواتر احسانات** کو یاد کر کے جو ہماری جان اور مال اور آبرو کے شامل حال ہیں **ہدیہ شکرگزاری** پیش کرتا ہوں اور وہ ہدیہ **دعائے سلامتی و اقبال ملکہ ممدوحہ** ہے جو دل سے اور وجود کے ذرّہ ذرّہ سے نکلتی ہے۔

اے قیصرہ و ملکہ معظّمہ! ہمارے دل تیرے لئے دعا کرتے ہوئے جناب الٰہی میں جھکتے ہیں اور ہماری روحیں تیرے اقبال اور سلامتی کے لئے حضرت احدیت میں سجدہ کرتی ہیں۔ **اے اقبال مند قیصرہ ہند!** اس جوبلی کی تقریب پر ہم اپنے دل اور جان سے تجھے مبارکباد دیتے ہیں اور خدا سے چاہتے ہیں کہ خدا تجھے ان نیکیوں کی بہت بہت جزا دے جو تجھ سے اور تیری بابرکت سلطنت سے اور تیرے امن پسند حکام سے ہمیں پہنچی ہیں۔ ہم تیرے وجود کو اس ملک کے لئے خدا کا ایک بڑا فضل سمجھتے ہیں اور ہم ان الفاظ کے نہ ملنے سے شرمندہ ہیں جن سے ہم اس شکر کو پورے طور پر ادا کر سکتے۔ ہر ایک دعا جو ایک سچا شکرگزار تیرے لئے کر سکتا ہے ہماری طرف سے تیرے

﴿۱۵﴾ حقّ میں قبول ہو۔ خدا تیری آنکھوں کو مرادوں کے ساتھ ٹھنڈی رکھے اور تیری عمر اور صحت اور سلامتی میں زیادہ سے زیادہ برکت دے اور تیرے اقبال کا سلسلہ ترقیات جاری رکھے اور تیری اولاد اور ذرّیت کو تیری طرح اقبال کے دن دکھاوے۔ اور فتح اور ظفر عطا کرتا رہے۔ ہم اس کریم ورحیم خدا کا بہت بہت شکر کرتے ہیں جس نے اس مسرت بخش دن کو ہمیں دکھایا۔ اور جس نے ایسی محسنہ رعیت پرور دادگستر بیدار مغز ملکہ کے زیر سایہ ہمیں پناہ دی۔ اور ہمیں اس کے مبارک عہد سلطنت کے نیچے یہ موقعہ دیا کہ ہم ہر ایک بھلائی کو جو دنیا اور دین کے متعلق ہو حاصل کر سکیں۔ اور اپنے نفس اور اپنی قوم اور اپنے بنی نوع کے لئے سچی ہمدردی کے شرائط بجا لاسکیں اور ترقی کی ان راہوں پر آزادی سے قدم مار سکیں جن راہوں پر چلنے سے نہ صرف ہم دنیا کی مکروہات سے محفوظ رہ سکتے ہیں بلکہ ابدی جہان کی سعادتیں بھی ہمیں حاصل ہوسکتی ہیں۔

جب ہم سوچتے ہیں کہ یہ تمام نیکیاں اور ان کے وسائل جناب قیصرہ ہند کی عہد سلطنت میں ہم کو ملی ہیں اور یہ سب خیر اور بھلائی کے دروازے اسی ملکہ معظّمہ مبارکہ کے ایام بادشاہت میں ہم پر کھلے ہیں تو اس سے ہمیں اس بات پر قوی دلیل ملتی ہے کہ جناب قیصرہ ہند کی نیت رعایا پروری کے لئے نہایت ہی نیک ہے کیونکہ یہ ایک مسلّم مسئلہ ہے کہ بادشاہ کی نیت رعایا کے اندرونی حالات اور ان کے اخلاق اور چال چلن پر بہت اثر رکھتی ہے یا یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ جب کسی حصہ زمین پر نیک نیت اور عادل بادشاہ حکمرانی کرتا ہے تو خدا تعالیٰ کی یہی عادت ہے کہ اس زمین کے رہنے والے اچھی باتوں اور نیک اخلاق کی طرف توجہ کرتے ہیں اور خدا اور خلقت کے ساتھ اخلاص کی عادت ان میں پیدا ہوجاتی ہے۔ سو یہ امر ہر ایک آنکھ کو بدیہی طور پر نظر آرہا ہے کہ برٹش انڈیا

﴿۱۶﴾ میں اچھی حالتوں اور اچھے اخلاق کی طرف ایک انقلاب عظیم پیدا ہو رہا ہے اور وحشیانہ جذبات ملکوتی حالات کی طرف انتقال کر رہے ہیں اور نئی ذرّیت نفاق کی جگہ اخلاص کو زیادہ پسند کرتی جاتی ہے اور لوگوں کی استعدادیں سچائی کے قبول کرنے کے لئے بہت نزدیک آتی جاتی ہیں۔ انسانوں کی عقل اور فہم اور سوچ میں ایک بڑی تبدیلی پیدا ہوگئی ہے اور اکثر لوگ ایک سادہ اور بے لوث زندگی کے لئے طیار ہو رہے ہیں۔ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عہد سلطنت ایک ایسی روشنی کا پیش خیمہ ہے جو آسمان سے اتر کر دلوں کو روشن کرنے والی ہے۔ ہزاروں دل اس طرح پر راستی کے شوق میں اچھل رہے ہیں کہ گویا وہ ایک آسمانی مہمان کے لئے جو سچائی کا نور ہے پیشوائی کے طور پر قدم بڑھاتے ہیں۔ انسانی قویٰ کے تمام پہلوؤں میں اچھے انقلاب کا رنگ دکھائی دیتا ہے اور دلوں کی حالت اس عمدہ زمین کی طرح ہو رہی ہے جو اپنا سبزہ نکالنے کے لئے پھول گئی ہو۔ ہماری ملکہ معظّمہ اگر اس بات سے فخر کریں تو بجا ہے کہ روحانی ترقیات کے لئے خدا اسی **زمین سے ابتدا کرنا چاہتا ہے** جو برٹش انڈیا کی زمین ہے۔ اس ملک میں کچھ ایسے روحانی انقلاب کے آثار نظر آتے ہیں کہ گویا خدا بہتوں کو سفلی زندگی سے باہر نکالنا چاہتا ہے۔ اکثر لوگ بالطبع پاک زندگی کے حاصل کرنے کے لئے میل کرتے جاتے ہیں اور بہت سی روحیں عمدہ تعلیم اور عمدہ اخلاق کی تلاش میں ہیں اور خدا کا فضل امید دے رہا ہے کہ وہ اپنی ان مرادوں کو پائیں گے۔

اگرچہ اکثر قومیں ابھی ایسی کمزور ہیں کہ سچائی کی گواہی صفائی کے ساتھ دے نہیں سکتیں بلکہ سچائی کو سمجھ نہیں سکتیں اور ان کی تحریر اور تقریر میں کم و بیش تعصب کی رنگ آمیزی پائی جاتی ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ انصاف پسند انسانوں میں حق شناسی کی قوت بڑھ گئی ہے۔ وہ راستی کی چمک کو بہت سے پردوں میں سے بھی دیکھ لیتے ہیں۔ یہ ایک بڑی قابل قدر

﴿۱۷﴾ بات ہے کہ اکثر لوگ عرفانی روشنی کی تلاش میں لگ گئے ہیں۔ ہاں تلاش کی دُھن میں غلطیوں میں بھی پڑ رہے ہیں اور غیر معبود کو حقیقی معبود کی جگہ بھی دیتے ہیں مگر کچھ شک نہیں کہ ایک حرکت پیدا ہوگئی ہے اور باتوں کی حقیقت اور اصلیت اور جڑ تک پہنچنا اور سطحی خیالات تک رکے نہ رہنا قابل تعریف خلق سمجھا گیا ہے جس سے آئندہ کی امیدیں مضبوط ہوگئی ہیں۔ پس اس میں کیا شک ہے کہ یہ بھی بادشاہ وقت کا ایک پرتوہ ہے اور کچھ شک نہیں کہ یہ گورنمنٹ ہندوستان میں داخل ہوتے ہی ایک روحانی سرگرمی اور حق کی تلاش کا اثر ساتھ لائی ہے اور بلاشبہ یہ اس ہمدردی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے جو ہماری ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے دل میں برٹش انڈیا کی رعیت کی نسبت مرکوز ہے۔

اور اگرچہ میں ان احسانوں کا بھی بدرجہ غایت قدر کرتا ہوں جو جسمانی طور پر جناب ملکہ معظّمہ کی توجہات سے شامل حال مسلمانان ہند ہیں لیکن ایک بڑا حصہ عنایات حضرت قیصرہ ہند کا یہی ہے کہ ان کے ایام دولت میں ہندوستان کی بہت سی وحشیانہ حالتیں روبہ اصلاح ہوگئی ہیں اور ہر ایک شخص نے روحانی ترقیات کا بڑا موقعہ پایا ہے۔ ہم صریح دیکھتے ہیں کہ گویا زمانہ ایک سچی اور پاک صلاحیت کے نزدیک آتا جاتا ہے اور دلوں کو حقیقت شناسی کی طرف توجہ پیدا ہوتی جاتی ہے۔ مذہبی امور میں بوجہ تبادل خیالات کے ہر ایک حق کی تلاش کرنے والے کو آگے قدم رکھنے کی جرأت ہوگئی ہے اور وہ سچا اور اکیلا خدا جو بہتوں کی نظر سے پوشیدہ تھا اب اپنی تجلّیات کے دکھلانے کے لئے صریح ارادہ کرتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ میرے خیال میں یہ بھی گزرتا ہے کہ اس سے پہلے اس ملک کی فارغ البالی اور دولتمندی اس کی روحانی ترقی کی بہت مانع تھی اور ہر ایک مال اور دولت رکھنے والا عیاشی اور آرام پسندی کی طرف اعتدال سے زیادہ جھک گیا تھا۔ اگر ہندوستان کی وہی صورت رہتی تو آج شاید

﴿۱۸﴾ اس ملک کے رہنے والے وحشیوں سے بھی بدتر ہوتے۔ یہ اچھا ہوا کہ بہ سبب احسن تدبیر گورنمنٹ برطانیہ کے اس ملک کے اسباب تنعم و آرام طلبی کچھ مختصر کئے گئے تا لوگ فنون اور علوم کی طرف متوجہ ہوں اور روحانی ترقیات کا بھی دروازہ کھلے اور نفسانی جذبات کے وسائل کم ہو جائیں۔ سو یہ سب کچھ عہد سعادت مہد ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند میں ظہور میں آیا۔ میں خوب جانتا ہوں کہ مصیبت اور محتاجگی بھی انسان کی انسانیت کے لئے ایک کیمیا ہے بشرطیکہ انتہا تک نہ پہنچے اور تھوڑے دن ہو۔ سو ہمارا ملک اس کیمیا کا بھی محتاج تھا۔ میرا اس میں ذاتی تجربہ ہے کہ ہم نے اس کیمیا سے بہت فائدہ اٹھایا ہے اور بہت سے روحانی جواہرات ہم کو اس ذریعہ سے ملے ہیں۔ میں پنجاب کے ایک ایسے خاندان میں سے ہوں جو سلاطین مغلیہ کے عہد میں ایک ریاست کی صورت میں چلا آتا تھا اور بہت سے دیہات زمینداری ہمارے بزرگوں کے پاس تھے اور اختیارات حکومت بھی تھے۔ پھر سکھوں کے عروج سے کچھ پہلے یعنی جبکہ شاہان مغلیہ کے انتظام ملک داری میں بہت ضعف آ گیا تھا۔ اور اس طرف طوائف الملوک کی طرح خودمختار ریاستیں پیدا ہوگئی تھیں۔ میرے پڑدادا صاحب میرزا گل محمد بھی طوائف الملوک میں سے تھے اور اپنی ریاست میں من کل الوجوہ خودمختار رئیس تھے۔ پھر جب سکھوں کا غلبہ ہوا تو صرف اسّی ۸۰ گاؤں ان کے ہاتھ میں رہ گئے اور پھر بہت جلد اسّی ۸۰ کے عدد کا صفر بھی اڑ گیا اور پھر شاید آٹھ یا سات گاؤں باقی رہے۔ رفتہ رفتہ سرکار انگریزی کے وقت میں تو بالکل خالی ہاتھ ہو گئے چنانچہ اوائل عملداری اس سلطنت میں صرف پانچ گاؤں کے مالک کہلاتے تھے اور میرے والد میرزا غلام مرتضٰی صاحب دربار گورنری میں کرسی نشین بھی تھے اور سرکار انگریزی کے ایسے خیرخواہ اور دل کے بہادر تھے کہ مفسدہ ۱۸۵۷ء میں پچاس گھوڑے اپنی گرہ سے خرید کر اور پچاس جوان جنگجو بہم پہنچا کر اپنی حیثیت سے زیادہ اس گورنمنٹ عالیہ

﴿۱۹﴾ کو مدد دی تھی۔ غرض ہماری ریاست کے ایام دن بدن زوال پذیر ہوتے گئے یہاں تک کہ آخری نوبت ہماری یہ تھی کہ ایک کم درجہ کے زمیندار کی طرح ہمارے خاندان کی حیثیت ہوگئی۔ بظاہر یہ بات بہت غم دلانے والی ہے کہ ہم اوّل کیا تھے اور پھر کیا ہوگئے لیکن جب میں سوچتا ہوں تو یہ حالت نہایت قابل شکر معلوم ہوتی ہے کہ خدا نے ہمیں بہت سے ان ابتلاؤں سے بچالیا کہ جو دولت مندی کے لازمی نتائج ہیں جن کو ہم اس وقت اس ملک میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں مگر میں اس ملک کے امیروں اور رئیسوں کے نظائر پیش کرنا نہیں چاہتا جو میری رائے کی تائید کرتے ہیں اور میں مناسب نہیں دیکھتا کہ اس ملک کے سست اور کاہل اور آرام پسند اور دین و دنیا سے غافل اور عیاشی میں غرق امیروں اور دولتمندوں کے نمونے اپنی تائید دعویٰ میں پیش کروں کیوں کہ میں نہیں چاہتا کہ کسی کے دل کو دکھ دوں۔ اس جگہ میرا مطلب صرف اس قدر ہے کہ اگر ہمارے بزرگوں کی ریاست میں فتور نہ آتا تو شاید ہم بھی ایسی ہی ہزاروں طرح کی غفلتوں اور تاریکیوں اور نفسانی جذبات میں غرق ہوتے۔ سو ہمارے لئے جناب باری تعالیٰ جلّ جلالہٗ نے دولت عالیہ برطانیہ کو نہایت ہی مبارک کیا کہ ہم اس بابرکت سلطنت میں اس ناچیز دنیا کی صدہا زنجیروں اور اس کے فانی تعلقات سے فارغ ہوکر بیٹھ گئے۔ اور خدا نے ہمیں ان تمام امتحانوں اور آزمائشوں سے بچالیا کہ جو دولت اور حکومت اور ریاست اور امارت کی حالت میں پیش آتے اور روحانی حالتوں کا ستیاناس کرتے ہیں یہ خدا کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں ان گردشوں اور طرح طرح کے حوادث میں جو حکومت کے بعد تحکم کے زمانہ سے لازم حال پڑی ہوئی ہیں برباد کرنا نہیں چاہا بلکہ زمین کی ناچیز حکومتوں اور ریاستوں سے ہمیں نجات

﴿۲۰﴾ دے کر آسمان کی بادشاہت عطا کی جہاں نہ کوئی دشمن چڑھائی کر سکے اور نہ آئے دن اس میں جنگوں اور خونریزیوں کے خطرات ہوں اور نہ حاسدوں اور بخیلوں کو منصوبہ بازی کا موقعہ ملے۔ اور چونکہ اس نے مجھے یسوع مسیح کے رنگ میں پیدا کیا تھا اور تواردِ طبع کے لحاظ سے یسوع کی روح میرے اندر رکھی تھی اس لئے ضرور تھا کہ گم گشتہ ریاست میں بھی مجھے یسوع مسیح کے ساتھ مشابہت ہوتی سو ریاست کا کاروبار تباہ ہونے سے یہ مشابہت بھی متحقق ہوگئی جس کو خدا نے پورا کیا کیوں کہ یسوع کے ہاتھ میں داؤد بادشاہ نبی اللہ کے ممالک مقبوضہ میں سے جس کی اولاد میں سے یسوع تھا ایک گاؤں بھی باقی نہیں رہا تھا صرف نام کی شہزادگی باقی رہ گئی تھی۔

ہر چند میں اس قدر تو مبالغہ نہیں کر سکتا کہ مجھے سر رکھنے کی جگہ نہیں لیکن میں شکر کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے ان تمام صعوبتوں اور شدتوں کے بعد جن کا اس جگہ ذکر کرنا بے محل ہے مجھے ایسے طور سے اپنی مہربانی کی گود میں لے لیا جیسا کہ اس نے اس مبارک انسان کو لیا تھا جس کا نام **ابراہیم** تھا۔ اس نے میرے دل کو اپنی طرف کھینچ لیا اور وہ باتیں میرے پر کھولیں جو کسی پر نہیں کھل سکتیں جب تک اس پاک گروہ میں داخل نہ کیا جائے جن کو دنیا نہیں پہچانتی کیوں کہ وہ دنیا سے بہت دور اور دنیا ان سے دور ہے۔ اس نے میرے پر ظاہر کیا کہ وہ اکیلا اور غیر متغیر اور قادر اور غیر محدود خدا ہے جس کی مانند اور کوئی نہیں اور اس نے مجھے اپنے مکالمہ کا شرف بخشا۔ اور اس نے بلاواسطہ اپنے راہ کی مجھے تعلیم دی ہے اور مرور زمانہ سے جو قوموں کے عقیدہ میں غلطیاں واقع ہوئیں ان سب پر مجھے مطلع فرمایا ہے۔

اس نے مجھے اس بات پر بھی اطلاع دی ہے کہ درحقیقت یسوع مسیح خدا کے نہایت پیارے اور نیک بندوں میں سے ہے۔ اور ان میں سے ہے جو خدا کے برگزیدہ لوگ ہیں اور ان میں سے ہے جن کو خدا اپنے ہاتھ سے صاف کرتا اور اپنے نور کے سایہ کے نیچے

﴿۲۱﴾ رکھتا ہے لیکن جیسا کہ گمان کیا گیا ہے خدا نہیں ہے۔ ہاں خدا سے واصل ہے اور ان کاملوں میں سے ہے جو تھوڑے ہیں۔

اور خدا کی عجیب باتوں میں سے جو مجھے ملی ہیں ایک یہ بھی ہے جو میں نے عین بیداری میں جو کشفی بیداری کہلاتی ہے یسوع مسیح سے کئی دفعہ ملاقات کی ہے اور اس سے باتیں کر کے اس کے اصل دعویٰ اور تعلیم کا حال دریافت کیا ہے۔ یہ ایک بڑی بات ہے جو توجہ کے لائق ہے کہ حضرت یسوع مسیح ان چند عقائد سے جو **کفارہ** اور **تثلیث** اور **ابنیت** ہے ایسے متنفر پائے جاتے ہیں کہ گویا ایک بھاری افترا جو ان پر کیا گیا ہے وہ یہی ہے۔ یہ مکاشفہ کی شہادت بے دلیل نہیں ہے بلکہ میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر کوئی طالب حق نیت کی صفائی سے ایک مدت تک میرے پاس رہے اور وہ حضرت مسیح کو کشفی حالت میں دیکھنا چاہے تو میری توجہ اور دعا کی برکت سے وہ ان کو دیکھ سکتا ہے ان سے باتیں بھی کر سکتا ہے اور ان کی نسبت ان سے گواہی بھی لے سکتا ہے کیوں کہ میں وہ شخص ہوں جس کی روح میں بروز کے طور پر یسوع مسیح کی روح سکونت رکھتی ہے۔ یہ ایک ایسا **تحفہ** ہے جو حضرت ملکہ معظّمہ قیصرہ انگلستان و ہند کی خدمت عالیہ میں پیش کرنے کے لائق ہے۔

دنیا کے لوگ اس بات کو نہیں سمجھیں گے کیونکہ وہ آسمانی اسرار پر کم ایمان رکھتے ہیں لیکن تجربہ کرنے والے ضرور اس سچائی کو پائیں گے۔

میری سچائی پر اور بھی آسمانی نشان ہیں جو مجھ سے ظاہر ہو رہے ہیں اور اس ملک کے لوگ ان کو دیکھ رہے ہیں۔ اب میں اس آرزو میں ہوں کہ جو مجھے یقین بخشا گیا ہے وہ دوسروں کے دلوں میں کیوں کر اتارا جائے۔ میرا شوق مجھے بے تاب کر رہا ہے

﴿۲۲﴾ کہ میں ان آسمانی نشانوں کی حضرت عالی قیصرہ ہند میں اطلاع دوں۔ میں حضرت یسوع مسیح کی طرف سے ایک سچے سفیر کی حیثیت میں کھڑا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ جو کچھ آجکل عیسائیت کے بارے میں سکھایا جاتا ہے یہ حضرت یسوع مسیح کی حقیقی تعلیم نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر حضرت مسیح دنیا میں پھر آتے تو وہ اس تعلیم کو شناخت بھی نہ کر سکتے۔

ایک اور بڑی بھاری مصیبت قابل ذکر ہے اور وہ یہ ہے کہ اس خدا کے دائمی پیارے اور دائمی محبوب اور دائمی مقبول کی نسبت جس کا نام **یسوع** ہے یہودیوں نے تو اپنی شرارت اور بے ایمانی سے **لعنت** کے برے سے برے مفہوم کو جائز رکھا لیکن عیسائیوں نے بھی اس بہتان میں کسی قدر شراکت اختیار کی کیونکہ یہ گمان کیا گیا ہے کہ گویا یسوع مسیح کا دل تین دن تک لعنت کے مفہوم کا مصداق بھی رہا ہے۔ اس بات کے خیال سے ہمارا بدن کانپتا ہے اور وجود کے ذرہ ذرہ پر لرزہ پڑ جاتا ہے۔ کیا مسیح کا پاک دل اور خدا کی لعنت!!! گو ایک سیکنڈ کے لئے ہی ہو۔ افسوس! ہزار افسوس کہ یسوع مسیح جیسے خدا کے پیارے کی نسبت یہ اعتقاد رکھیں کہ کسی وقت اس کا دل لعنت کے مفہوم کا مصداق بھی ہو گیا تھا۔

اس وقت ہم یہ عاجزانہ التماس کسی مذہبی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک کامل انسان کی حفظ عزت کے لئے پیش کرتے ہیں اور یسوع کی طرف سے رسول کی طرح ہو کر جس طرح کشفی عالم میں اس کی زبان سے سنا حضور قیصرہ ہند میں پہنچا دیتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ جناب ممدوحہ اس غلطی کی اصلاح فرمائیں۔ یہ اس زمانہ کی ایک فاحش غلطی ہے کہ جبکہ لوگوں نے لعنت کے مفہوم پر غور نہیں کی تھی لیکن اب ادب تقاضا کرتا ہے کہ نہایت جلدی اس غلطی کی اصلاح کر دی جائے اور خدا کے اس اعلیٰ درجہ کے پیارے اور برگزیدہ کی عزت کو بچایا جائے۔ کیونکہ زبان عرب اور عبرانی میں لعنت کا لفظ خدا سے دور اور برگشتہ ہونے کیلئے آتا ہے۔ اور کسی شخص کو اس وقت لعین کہا جاتا ہے کہ جب

﴿۲۳﴾ وہ بالکل خدا سے برگشتہ اور بے ایمان ہو جائے اور خدا اس کا دشمن اور وہ خدا کا دشمن ہو جائے۔ اسی لئے لغت کے رو سے لعین شیطان کا نام ہے یعنی خدا سے برگشتہ ہونے والا اور اس کا نافرمان۔ پس یہ کیوں کر ممکن ہے کہ خدا کے ایسے پیارے کی نسبت ایک سیکنڈ کے لئے بھی تجویز کر سکیں کہ نعوذ باللہ کسی وقت دل اس کا درحقیقت خدا سے برگشتہ اور اس کا نافرمان اور دشمن ہو گیا تھا؟ کس قدر بے جا ہوگا کہ ہم اپنی نجات کا ایک فرضی منصوبہ قائم کرنے کے لئے خدا کے ایسے پیارے پر نافرمانی کا داغ لگاویں اور یہ عقیدہ رکھیں کہ کسی وقت وہ خدا سے باغی اور برگشتہ بھی ہو گیا تھا۔ اس سے بہتر ہے کہ انسان اپنے لئے دوزخ قبول کرے مگر ایسے برگزیدہ کی پاک عزت اور بے لوث زندگی کا دشمن نہ بنے۔

جس قدر عیسائیوں کو حضرت یسوع مسیح سے محبت کرنے کا دعویٰ ہے وہی دعویٰ مسلمانوں کو بھی ہے۔ گویا آنجناب کا وجود عیسائیوں اور مسلمانوں میں ایک مشترک جائیداد کی طرح ہے اور مجھے سب سے زیادہ حق ہے کیونکہ میری طبیعت یسوع میں مستغرق ہے اور یسوع کی مجھ میں۔ اسی دعویٰ کی تائید میں آسمانی نشان ظاہر ہو رہے ہیں اور ہر ایک کو بلایا گیا ہے کہ اگر چاہے تو نشانوں کے ذریعہ سے اس دعویٰ میں اپنی تسلی کرے۔ اور اس جگہ اس قدر لکھنے کی میں نے اس لئے جرأت کی ہے کہ حضرت یسوع مسیح کی سچی محبت اور سچی عظمت جو میرے دل میں ہے اور نیز وہ باتیں جو میں نے یسوع مسیح کی زبان سے سنیں اور وہ پیغام جو اس نے مجھے دیا ان تمام امور نے مجھے تحریک کی کہ میں جناب ملکہ معظّمہ کے حضور میں یسوع کی طرف سے ایلچی ہو کر باادب التماس کروں کہ جس طرح خدا تعالیٰ کی طرف سے جناب ممدوحہ کروڑہا انسانوں کی جان و مال و آبرو کی محافظ ٹھہرائی گئی ہیں بلکہ چرندوں اور پرندوں کے آرام کے لئے بھی حضرت موصوفہ نے قوانین جاری کئے ہیں کیا خوب ہو کہ جناب کو اس **چھپی ہوئی توہین** پر بھی نظر ڈالنے کے لئے توجہ پیدا ہو جو یسوع مسیح کی شان میں کی جاتی ہے۔ کیا خوب ہو کہ جناب ممدوحہ دنیا کی تمام لغات کے رو سے عموماً اور عربی اور عبرانی کے رو سے خصوصاً لفظ

﴿۲۴﴾ لعنت کے مفہوم کی تفتیش کریں اور تمام لغات کے فاضلوں کی اس امر کیلئے گواہیاں لیں کہ کیا یہ سچ نہیں کہ ملعون صرف اس حالت میں کسی کو کہا جائے گا جب کہ اس کا دل خدا کی معرفت اور محبت اور قرب سے دور پڑ گیا ہو اور جبکہ بجائے محبت کے اس کے دل میں خدا کی عداوت پیدا ہوگئی ہو۔ اسی وجہ سے لغت عرب میں لعین شیطان کا نام ہے۔ پس کس طرح یہ ناپاک نام جو شیطان کے حصہ میں آ گیا ایک پاک دل کی طرف منسوب کیا جائے۔ میرے مکاشفہ میں مسیح نے اپنی بریت اس سے ظاہر کی ہے اور عقل بھی یہی چاہتی ہے کہ مسیح کی شان اس سے برتر ہے۔ لعنت کا مفہوم ہمیشہ دل سے تعلق رکھتا ہے اور یہ نہایت صاف بات ہے کہ ہم خدا کے مقرب اور پیارے کو کسی تاویل سے ملعون اور لعنتی کے نام سے موسوم نہیں کر سکتے۔ یہ یسوع مسیح کا **پیغام** ہے جو میں پہنچاتا ہوں۔ اس میں میرے سچے ہونے کی یہی نشانی ہے جو مجھ سے وہ نشان ظاہر ہوتے ہیں جو انسانی طاقتوں سے برتر ہیں۔ اگر حضور ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند و انگلستان توجہ کریں تو میرا خدا قادر ہے کہ ان کی تسلی کے لئے بھی کوئی نشان دکھاوے۔ جو **بشارت** اور **خوشی** کا نشان ہو **بشرطیکہ** نشان دیکھنے کے بعد میرے پیغام کو قبول کر لیں اور میری سفارت جو یسوع مسیح کی طرف سے ہے اس کے موافق ملک میں عملدرآمد کرایا جائے مگر نشان خدا کے ارادہ کے موافق ہوگا نہ انسان کے ارادہ کے موافق ہاں فوق العادت ہوگا اور عظمت الٰہی اپنے اندر رکھتا ہوگا۔☆

حضور ملکہ معظّمہ اپنی روشن عقل کے ساتھ سوچیں کہ کسی کو خدا سے برگشتہ اور خدا کا دشمن

☆ اگر حضور ملکہ معظّمہ میرے تصدیق دعویٰ کے لئے مجھ سے نشان دیکھنا چاہیں تو میں یقین رکھتا ہوں کہ ابھی ایک سال پورا نہ ہو کہ وہ نشان ظاہر ہو جائے اور نہ صرف یہی بلکہ دعا کر سکتا ہوں کہ یہ تمام زمانہ عافیت اور صحت سے بسر ہو لیکن اگر کوئی نشان ظاہر نہ ہو اور میں جھوٹا نکلوں تو میں اس سزا میں راضی ہوں کہ حضور ملکہ معظّمہ کے پایہ تخت کے آگے پھانسی دیا جاؤں۔ یہ سب الحاح اس لئے ہے کہ کاش ہماری محسنہ ملکہ معظّمہ کو اس آسمان کے خدا کی طرف خیال آ جائے جس سے اس زمانہ میں عیسائی مذہب بے خبر ہے۔ منہ

نام رکھنا جو لعنت کا مفہوم ہے۔ کیا اس سے بڑھ کر دنیا میں کوئی اور بھی توہین ہوگی؟ پس جس کو خدا کے تمام فرشتے مقرب مقرب کہہ رہے ہیں اور جو خدا کے نور سے نکلا ہے اگر اس کا نام خدا سے برگشتہ اور خدا کا دشمن رکھا جائے تو اس کی کس قدر اہانت ہے؟!! افسوس اس توہین کو یسوع کی نسبت اس زمانہ میں چالیس کروڑ انسان نے اختیار کر رکھا ہے۔ اے ملکہ معظّمہ! یسوع مسیح سے تو یہ نیکی کر خدا تجھ سے بہت نیکی کرے گا۔ میں دعا مانگتا ہوں کہ اس کارروائی کیلئے خدا تعالیٰ آپ ﴿۲۵﴾ ہماری محسنہ ملکہ معظّمہ کے دل میں القا کرے۔ پیلاطوس نے جس کے زمانہ میں یسوع تھا ناانصافی سے یہودیوں کے رعب کے نیچے آ کر ایک مجرم قیدی کو چھوڑ دیا اور یسوع جو بے گناہ تھا اس کو نہ چھوڑا لیکن اے ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند ہم عاجزانہ ادب کے ساتھ تیرے حضور میں کھڑے ہو کر عرض کرتے ہیں کہ تو اس خوشی کے وقت میں جو شصت سالہ جوبلی کا وقت ہے **یسوع کے چھوڑنے کیلئے کوشش کر**۔ اس وقت ہم اپنی نہایت پاک نیت سے جو خدا کے خوف اور سچائی سے بھری ہوئی ہے تیری جناب میں اس التماس کے لئے جرأت کرتے ہیں کہ یسوع مسیح کی عزت کو اس داغ سے جو اس پر لگایا جاتا ہے اپنی مردانہ ہمت سے پاک کر کے دکھلا۔ بے شک شہنشاہوں کے حضور میں ان کی استمزاج سے پہلے بات کرنا اپنی جان سے بازی ہوتی ہے لیکن اس وقت ہم یسوع مسیح کی عزت کے لئے ہر ایک خطرہ کو قبول کرتے ہیں اور محض اس کی طرف سے رسالت لے کر بحیثیت ایک سفیر کے اپنے عادل بادشاہ کے حضور میں کھڑے ہو گئے ہیں۔ اے ہماری ملکہ معظّمہ! تیرے پر بے شمار برکتیں نازل ہوں۔ خدا تیرے وہ تمام فکر دور کرے جو تیرے دل میں ہیں۔ جس طرح ہو سکے اس سفارت کو قبول کر۔ تمام مذہبی مقدمات میں یہی ایک قانون قدیم سے چلا آیا ہے کہ جب کسی بات میں دو فریق تنازعہ کرتے ہیں تو اوّل منقولات کے ذریعہ سے اپنے تنازعہ کو فیصلہ کرنا چاہتے ہیں اور جب منقولات سے وہ فیصلہ نہیں ہو سکتا تو معقولات کی طرف توجہ کرتے ہیں اور عقلی دلائل سے تصفیہ کرنا چاہتے ہیں۔ اور جب کوئی مقدمہ عقلی دلائل سے بھی طے ہونے میں نہیں آتا تو آسمانی فیصلہ کے خواہاں

ہوتے ہیں۔اور آسمانی نشانوں کو اپنا حَکَم ٹھہراتے ہیں لیکن اے مخدومہ ملکہ معظّمہ یسوع مسیح کی بریّت کے بارے میں یہ تینوں ذریعے شہادت دیتے ہیں۔منقول کے ذریعہ سے اس طرح کہ تمام نوشتوں سے پایا جاتا ہے کہ یسوع دل کا غریب اور حلیم اور خدا سے پیار کرنے والا اور ہردم خدا کے ساتھ تھا پھر کیوں کر تجویز کیا جائے کہ کسی وقت نعوذ باللہ اس کا دل خدا سے برگشتہ اور خدا کا منکر اور خدا کا دشمن ہو گیا تھا جیسا کہ **لعنت** کا مفہوم دلالت کرتا ہے اور عقل کے ذریعہ سے اس طرح پر کہ عقل ہرگز باور نہیں کرتی کہ جو خدا کا نبی اور خدا کا وحید اور اس کی محبت سے بھرا ہوا ہو اور جس کی سرشت نور سے **مخمّر** ہو اس میں نعوذ باللہ بے ایمانی اور نافرمانی کی تاریکی آجائے یعنی وہی تاریکی جس کو دوسرے لفظوں میں **لعنت** کہتے ہیں اور آسمانی نشانوں کے رو سے اس طرح پر کہ خدا اب آسمانی نشانوں کے ذریعہ سے خبر دے رہا ہے کہ مسیح کی نسبت جو قرآن نے بیان کیا کہ وہ **لعنت** سے محفوظ رہا اور ایک سیکنڈ کے لئے بھی اس کا دل لعنتی نہیں ہوا **یہی سچ ہے**۔وہ نشان اس عاجز کے ذریعہ سے ظاہر ہو رہے ہیں اور بہت سے نشان ظاہر ہو چکے ہیں اور بارش کی طرح برستے ہیں۔ سوائے ہماری عالم پناہ ملکہ خدا تجھے بے شمار فضلوں سے معمور کرے۔اس مقدمہ کو اپنی قدیم منصفانہ عادت کے ساتھ **فیصلہ کر**۔ ﴿۲۶﴾

میں باادب ایک اور عرض کرنے کے لئے بھی جرأت کرتا ہوں کہ تواریخ سے ثابت ہے کہ قیاصرہ روم میں سے جب تیسرا قیصر روم تخت نشین ہوا اور اس کا اقبال کمال کو پہنچ گیا تو اسے اس بات کی طرف توجہ پیدا ہوئی کہ دو مشہور فرقہ عیسائیوں میں جو ایک مؤحد اور دوسرا حضرت مسیح کو خدا جانتا تھا باہم بحث کراوے چنانچہ وہ بحث قیصر روم کے حضور میں بڑی خوبی اور انتظام سے ہوئی اور بحث کے سننے کے لئے معزز ناظرین اور ارکان دولت کی صدہا کرسیاں بلحاظ رتبہ و مقام کے بچھائی گئیں اور دونوں فریق کے پادریوں کی چالیس دن تک بادشاہ کے حضور میں بحث ہوتی رہی اور قیصر روم بخوبی فریقین

کے دلائل کو سنتا رہا اور ان پر غور کرتا رہا۔ آخر جو مؤحد فرقہ تھا اور حضرت یسوع مسیح کو صرف خدا کا رسول اور نبی جانتا تھا وہ غالب آ گیا اور دوسرے فرقہ کو ایسی شکست آئی کہ اسی مجلس میں قیصر روم نے ظاہر کر دیا کہ میں نہ اپنی طرف سے بلکہ دلائل کے زور سے مؤحد فرقہ کی طرف کھینچا گیا۔ اور قبل اس کے جو اس مجلس سے اٹھے توحید کا مذہب اختیار کر لیا۔ اور اُن مؤحد عیسائیوں میں سے ہو گیا جن کا ذکر قرآن شریف میں بھی ہے۔ اور بیٹا اور خدا کہنے سے دستبردار ہو گیا اور پھر تیسرے قیصر تک ہر ایک وارث تخت روم مؤحد ہوتا رہا۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ ایسے مذہبی جلسے پہلے عیسائی بادشاہوں کا دستور تھا اور ﴿۲۷﴾ بڑی بڑی تبدیلیاں ان سے ہوتی تھیں۔ ان واقعات پر نظر ڈالنے سے نہایت آرزو سے دل چاہتا ہے کہ ہماری قیصرہ ہند دام اقبالہا بھی قیصر روم کی طرح ایسا مذہبی جلسہ پایہ تخت میں انعقاد فرماویں کہ یہ روحانی طور پر ایک یادگار ہو گی مگر یہ جلسہ قیصر روم کی نسبت زیادہ توسیع کے ساتھ ہونا چاہیے کیوں کہ ہماری ملکہ معظّمہ بھی اس قیصر کی نسبت زیادہ وسعت اقبال رکھتی ہیں۔ اور اس التماس کا ایک یہ بھی سبب ہے کہ جب سے کہ اس ملک کے لوگوں نے امریکہ کے جلسہ مذاہب سے اطلاع پائی ہے طبعًا دلوں میں یہ جوش پیدا ہو گیا ہے کہ ہماری ملکہ معظّمہ بھی خاص لندن میں ایسا جلسہ منعقد فرمائیں تا کہ اس تقریب سے اس ملک کی خیر خواہ رعایا اور ان کے رئیسوں اور عالموں کے گروہ خاص لندن پایہ تخت میں شرف لقاء حضور حاصل کر سکیں اور اس تقریب سے ملکہ معظّمہ کو بھی اپنے برٹش انڈیا کی وفادار رعایا کے ہزار ہا چہروں پر یک دفعہ نظر پڑ سکے اور چند ہفتہ تک لندن کے کوچوں اور گلیوں میں ہندوستان کے معزز باشندے سیر کرتے ہوئے نظر آئیں۔ ہاں یہ ضروری ہو گا کہ اس جلسہ مذاہب میں ہر ایک شخص اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرے دوسروں سے کچھ تعلق نہ رکھے۔ اگر ایسا ہوا تو یہ جلسہ بھی ہماری ملکہ معظّمہ کی طرف سے ہمیشہ کے لئے ایک روحانی یادگار ہو گا۔ اور انگلستان جس کے کانوں تک بڑی خیانتوں

کے ساتھ اسلامی واقعات پہنچائے گئے ہیں ایک سچے نقشہ پر اطلاع پا جائے گا بلکہ انگلستان کے لوگ ہر ایک مذہب کی سچی فلاسفی سے مطلع ہو جائیں گے۔ یہ بات بھروسہ کرنے کے لائق نہیں ہے کہ پادریوں کے ذریعہ سے ہندوستان کے مذاہب کی حقیقت انگلستان کو پہنچتی رہتی ہے کیونکہ پادریوں کی کتابیں جن میں وہ دوسرے مذاہب کا ذکر کرتے ہیں اس کثیف نالی کی طرح ہیں جس کا پانی بہت سی میل کچیل اور خس و خاشاک ساتھ رکھتا ہے پادری صاحبان سچائی کی حقیقت کو کھولنا نہیں چاہتے بلکہ چھپانا چاہتے ہیں اور ان کی تحریروں میں تعصب کی ایسی رنگ آمیزی ہے جس کی وجہ سے انگلستان تک مذاہب کی اصل حقیقت پہنچنا مشکل بلکہ محال ہے۔ اگر ان میں نیک نیتی ہوتی تو وہ قرآن پر ایسے اعتراض نہ کرتے ﴿۲۸﴾ جو موسیٰ کی توریت پر بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر ان کو خدا کا خوف ہوتا تو وہ ان کتابوں کو اعتراض کے وقت **تمسّک بِها** نہ ٹھہراتے جو مسلمانوں کے نزدیک غیر مسلّم اور یقینی سچائیوں سے خالی ہیں۔ اس لئے انصاف یہی حکم دیتا ہے کہ اگر سارا یورپ فرشتہ سیرت بھی ہو مگر پادری اس سے مستثنیٰ ہیں۔ یورپ کے عیسائی جو اسلام کو نفرت اور حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اس کا یہی سبب ہے کہ قدیم سے یہی پادری صاحبان خلاف واقعہ قصوں کو پیش کر کے تحقیر کا سبق ان کو دیتے چلے آئے ہیں۔ ہاں میں قبول کرتا ہوں کہ بعض نادان مسلمانوں کا چال چلن اچھا نہیں اور نادانی کی عادات ان میں موجود ہیں جیسا کہ بعض وحشی مسلمان ظالمانہ خونریزیوں کا نام جہاد رکھتے ہیں اور انہیں خبر نہیں کہ رعیت کا **عادل** بادشاہ کے ساتھ مقابلہ کرنا اس کا نام بغاوت ہے نہ کہ جہاد۔ اور عہد توڑنا اور نیکی کی جگہ بدی کرنا اور بے گناہوں کو مارنا اس حرکت کا مرتکب ظالم کہلاتا ہے نہ غازی۔

سو یہ خیالات پادریوں کی بدفہمی سے پیدا ہوئے ہیں خدا کی کتاب میں اس کا نشان نہیں۔ خدا کا کلام ظالمانہ تلوار اٹھانے والوں کے لئے تلوار کی سزا بیان فرماتا ہے نہ کہ امن قائم کرنے والوں، رعیت پرور اور ہر ایک قوم کو آزادی کے حقوق دینے والوں

کی نسبت سرکشی کی تعلیم کرتا ہے۔ خدا کی کلام کو بدنام کرنا یہ بددیانتی ہے۔ لہٰذا انسانوں کی بھلائی کے لئے یہ بات نہایت قرین مصلحت ہے کہ جناب قیصرہ ہند کی طرف سے اصلیت مذاہب شائع کرنے کے لئے **جلسہ مذاہب ہو۔**

یہ بھی عرض کر دینے کے لائق ہے کہ اسلامی تعلیم کے رو سے دین اسلام کے حصے صرف دو ہیں یا یوں کہہ سکتے ہیں کہ یہ تعلیم دو بڑے مقاصد پر مشتمل ہے۔ **اوّل** ایک خدا کو جاننا جیسا کہ وہ فی الواقعہ موجود ہے اور اس سے محبت کرنا اور اس کی سچی اطاعت ﴿۲۹﴾ میں اپنے وجود کو لگانا جیسا کہ شرط اطاعت و محبت ہے۔ **دوسرا مقصد** یہ ہے کہ اس کے بندوں کی خدمت اور ہمدردی میں اپنے تمام قویٰ کو خرچ کرنا اور بادشاہ سے لے کر ادنیٰ انسان تک جو احسان کرنے والا ہو شکرگزاری اور احسان کے ساتھ معاوضہ کرنا۔ اسی لئے ایک سچا مسلمان جو اپنے دین سے واقعی خبر رکھتا ہو اس گورنمنٹ کی نسبت جس کی ظل عاطفت کے نیچے امن کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے ہمیشہ اخلاص اور اطاعت کا خیال رکھتا ہے اور مذہب کا اختلاف اس کو سچی اطاعت اور فرمانبرداری سے نہیں روکتا لیکن پادریوں نے اس مقام میں بھی بڑا دھوکہ کھایا ہے اور ایسا سمجھ لیا ہے کہ گویا اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس کا پابند دوسری قوموں کا بدخواہ اور بداندیش بلکہ ان کے خون کا پیاسا ہوتا ہے۔ ہاں یہ قبول کر سکتے ہیں کہ بعض مسلمانوں کی عملی حالتیں اچھی نہیں ہیں اور جیسا کہ ہر ایک مذہب کے بعض لوگ غلط خیالات میں مبتلا ہو کر نالائق حرکات کے مرتکب ہو جاتے ہیں اسی قماش کے بعض مسلمان بھی پائے جاتے ہیں مگر جیسا کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے یہ خدا کی تعلیم کا قصور نہیں ہے بلکہ ان لوگوں کی سمجھ کا قصور ہے جو خدا کی کلام میں تدبر نہیں کرتے اور اپنے نفس کے جذبات کے تابع رہتے ہیں۔ خاص کر جہاد کا مسئلہ جو بڑے نازک شرائط سے وابستہ تھا بعض نادانوں اور کم عقلوں نے ایسا الٹا سمجھ لیا ہے کہ اسلامی تعلیم سے بہت ہی دور جا پڑے

ہیں۔ اسلام ہمیں ہرگز یہ نہیں سکھلاتا کہ ہم ایک غیر قوم اور غیر مذہب والے بادشاہ کی رعایا ہو کر اور اس کے زیر سایہ ہر ایک دشمن سے امن میں رہ کر پھر اسی کی نسبت بداندیشی اور بغاوت کا خیال دل میں لاویں بلکہ وہ ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ اگر تم اس بادشاہ کا شکر نہ کرو جس کے زیر سایہ تم امن میں رہتے ہو تو پھر تم نے خدا کا شکر بھی نہیں کیا۔ ﴿۳۰﴾
اسلام کی تعلیم نہایت پُر حکمت تعلیم ہے اور وہ اسی نیکی کو حقیقی نیکی قرار دیتا ہے جو اپنے موقعہ پر چسپاں ہو۔ وہ صرف رحم کو پسند نہیں کرتا جب تک انصاف اس کے ساتھ نہ ہو۔ اور صرف انصاف کو پسند نہیں کرتا جب تک اس کا ضروری نتیجہ رحم نہ ہو۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ قرآن نے ان باریک پہلوؤں کا لحاظ کیا ہے جو انجیل نے نہیں کیا۔ انجیل کی تعلیم ہے کہ ایک گال پر طمانچہ کھا کر دوسری بھی پھیر دی جائے مگر قرآن کہتا ہے۔ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ[1] یعنی اصول انصاف یہی ہے کہ جس کو دکھ پہنچایا گیا ہے وہ اسی قدر دکھ پہنچانے کا حق رکھتا ہے لیکن اگر کوئی معاف کر دے اور معاف کرنا بے محل نہ ہو بلکہ اس سے کوئی اصلاح پیدا ہوتی ہو تو ایسا شخص خدا سے اجر پائے گا۔ ایسا ہی انجیل کہتی ہے کہ ''کسی نامحرم کی طرف شہوت سے مت دیکھ'' مگر قرآن کہتا ہے کہ نامحرم کی طرف ہرگز نہ دیکھ نہ شہوت سے اور نہ غیر شہوت سے کیوں کہ پاک دل رہنے کے لئے اس سے عمدہ تر کوئی ذریعہ نہیں ہے۔

اسی طرح قرآن عمیق حکمتوں سے پُر ہے۔ اور ہر ایک تعلیم میں انجیل کی نسبت حقیقی نیکی کے سکھلانے کے لئے آگے قدم رکھتا ہے۔ بالخصوص سچے اور غیر متغیر خدا کے دیکھنے کا چراغ تو قرآن ہی کے ہاتھ میں ہے۔ **اگر وہ دنیا میں نہ آیا ہوتا** تو خدا جانے دنیا میں مخلوق پرستی کا عدد کس نمبر تک پہنچ جاتا۔ سو شکر کا مقام ہے کہ خدا کی وحدانیت جو زمین سے گم ہو گئی تھی دوبارہ قائم ہو گئی۔

[1] الشوریٰ:۴۱

﴿۳۱﴾ اور پھر دوسرا **شکر** یہ ہے کہ وہ خدا جو کبھی اپنے وجود کو بے دلیل نہیں چھوڑتا وہ جیسا کہ تمام نبیوں پر ظاہر ہوا اور ابتدا سے زمین کو تاریکی میں پا کر روشن کرتا آیا ہے **اس نے اس زمانہ کو بھی اپنے فیض سے محروم نہیں رکھا** بلکہ جب دنیا کو آسمانی روشنی سے دور پایا تب اس نے چاہا کہ زمین کی سطح کو ایک **نئی معرفت** سے منور کرے اور نئے **نشان** دکھائے اور زمین کو روشن کرے۔

سو اس نے مجھے بھیجا

اور میں اس کا شکر کرتا ہوں کہ اس نے مجھے ایک ایسی گورنمنٹ کے سایۂ رحمت کے نیچے جگہ دی جس کے زیر سایہ میں بڑی آزادی سے اپنا کام نصیحت اور وعظ کا ادا کر رہا ہوں۔ اگرچہ اس محسن گورنمنٹ کا ہر ایک پر رعایا میں سے شکر واجب ہے مگر میں خیال کرتا ہوں کہ مجھ پر سب سے زیادہ واجب ہے کیونکہ یہ میرے اعلیٰ مقاصد جو جناب قیصرہ ہند

﴿۳۲﴾ کی حکومت کے سایہ کے نیچے انجام پذیر ہو رہے ہیں ہرگز ممکن نہ تھا کہ وہ کسی اور گورنمنٹ کے زیر سایہ انجام پذیر ہو سکتے اگرچہ وہ کوئی اسلامی گورنمنٹ ہی ہوتی۔

اب میں حضور ملکہ معظّمہ میں زیادہ مصدع اوقات ہونا نہیں چاہتا اور اس دعا پر یہ عریضہ ختم کرتا ہوں کہ

اے قادر و کریم اپنے فضل و کرم سے ہماری ملکہ معظّمہ کو خوش رکھ جیسا کہ ہم اس کے سایۂ عاطفت کے نیچے خوش ہیں اور اس سے نیکی کر جیسا کہ ہم اس کی نیکیوں اور احسانوں کے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اور ان معروضات پر کریمانہ توجہ کرنے کے لئے اس کے دل میں آپ الہام کر کہ ہر ایک قدرت اور طاقت تجھی کو ہے۔

آمین ثم آمین

الملتمس

خاکسار **میرزا غلام احمد از قادیان**

ضلع گورداسپورہ پنجاب

﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ

جلسۂ احباب

برتقریب جشن جوبلی بغرض دعا وشکر گذاری

جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند دام ظلّہا

ہم بڑی خوشی سے اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند دام ظلّہا کے جشن جوبلی کی خوشی اور شکریہ کے ادا کرنے کے لئے میری جماعت کے اکثر احباب دور دور کی مسافت قطع کر کے ۱۹؍جون ۱۸۹۷ء کو ہی قادیان میں تشریف لائے اور یہ سب ۲۲۵ آدمی تھے۔ اور اس جگہ کے ہمارے مرید اور مخلص بھی ان کے ساتھ شامل ہوئے جن سے ایک گروہ کثیر ہو گیا اور وہ سب ۲۰؍جون ۱۸۹۷ء کو اس مبارک تقریب میں باہم مل کر دعا اور شکر باری تعالیٰ میں مصروف ہوئے اور جیسا کہ اشتہار وائس پریذیڈنٹ جنرل کمیٹی اہل اسلام ہند جناب خانصاحب محمد حیات خان صاحب سی ایس آئی میں اس بارے میں ہدایتیں تھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ اسی کے موافق سب مراسم خوشی عمدہ طور پر ظہور میں آئیں چنانچہ ۲۰؍جون ۱۸۹۷ء کو ہماری طرف سے مبارکباد کی تار برقی بحضور وائسرائے گورنر جنرل کشور ہند بمقام شملہ روانہ کی گئی اور اسی روز سے ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء تک غریبوں اور درویشوں کو برابر کھانا دیا گیا مگر ۲۱؍جون ۱۸۹۷ء کو اس خوشی کے اظہار کے لئے

﴿۲﴾ ایک بڑی دعوت کا سامان ہوا۔ اور اس قصبہ کے غربا اور درویش دعوت کے لئے بلائے گئے اور جیسا کہ شادیوں کے موقع پر کھانے پکائے جاتے ہیں ایسا ہی بڑے تکلف سے کھانے طیار ہوئے اور تمام حاضرین کو کھلائے گئے۔ اس روز تین سو سے زیادہ آدمی تھے جو دعوت میں شریک ہوئے پھر ۲۲؍جون کی رات کو چراغاں ہوئی اور کوچوں اور گلیوں اور مسجدوں اور گھروں میں شام ہوتے ہی نظرگاہ عام پر چراغ روشن کرائے گئے اور غریبوں کو اپنے پاس سے تیل دیا گیا اور علاوہ اس کے اظہار مسرت کے لئے عام دعوت میں لوگوں کو شامل کیا گیا۔

غرض یہ مبارک جلسہ تمام احباب کا جنہوں نے بڑی خوشی سے باہم چندہ کر کے اس کا اہتمام کیا۔ ۲۰؍جون ۱۸۹۷ء سے شروع ہوا اور ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء کی شام تک بڑی دھوم دھام سے اس کا اہتمام رہا چنانچہ پہلے روز میں تمام جماعت نے جو ہمارے مریدوں کی جماعت ہے جن کے ذیل میں نام درج ہوں گے بڑے صدق دل سے حضور قیصرہ اور خاندان شاہی اور برٹش گورنمنٹ کے حق میں اقبال اور شمول فضل الٰہی کی دعائیں کیں اور پھر جیسا کہ بیان کیا گیا وقتاً فوقتاً تمام مراسم ادا کئے گئے اور خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہماری جماعت نے جس میں معزز ملازم سرکاری بھی شامل تھے ایسے صدق دل اور محبت اور پوری ارادت اور پورے شوق اور انبساط سے دعائیں کیں اور شکرگزاری ظاہر کی اور اہتمام غرباء کی دعوت میں چندے دیئے اور ایک رقم کثیر باہمی چندہ سے جمع کر کے بڑی سرگرمی اور مستعدی اور دلی خوشی سے تمام تجاویز جنرل کمیٹی کو انجام تک پہنچایا کہ اس سے بڑھ کر خیال میں نہیں آ سکتا۔

اور وہ تقریر جو دعا اور شکرگذاری جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند میں سنائی گئی جس پر لوگوں نے بڑی خوشی سے آمین کے نعرے مارے وہ چھ زبانوں میں بیان کی گئی تا ہمارے پنجاب کے ملک میں جس قدر مسلمان

﴿۳﴾ کسی زبان میں دسترس رکھتے ہیں ان تمام زبانوں سے شکر ادا ہو۔ ان میں سے ایک اردو میں تقریر تھی جو شکر اور دعا پر مشتمل تھی جو عام جلسہ میں سنائی گئی اور پھر عربی اور فارسی اور انگریزی اور پنجابی اور پشتو میں تقریریں قلمبند ہو کر پڑھی گئیں۔ اردو میں اس لئے کہ وہ عدالت کی بولی اور شاہی تجویز کے موافق دفتروں میں رواج یافتہ ہے۔ اور عربی میں اس لئے کہ وہ خدا کی بولی ہے جس سے دنیا کی تمام زبانیں نکلیں اور جو اُمّ الالسنہ اور دنیا کی تمام زبانوں کی ماں ہے جس میں خدا کی آخری کتاب قرآن شریف خلقت کی ہدایت کے لئے آیا۔ اور فارسی میں اس لئے کہ وہ گذشتہ اسلامی بادشاہوں کی یادگار ہے جنہوں نے اس ملک میں قریباً سات سو برس تک فرمان روائی کی اور انگریزی میں اس لئے کہ وہ ہماری جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند اور اسکے معزز ارکان کی زبان ہے جس کے عدل اور احسان کے ہم شکر گذار ہیں اور پنجابی میں اس لئے کہ وہ ہماری مادری زبان ہے جس میں شکر کرنا واجب ہے اور پشتو میں اس لئے کہ وہ ہماری زبان اور فارسی زبان میں ایک برزخ اور سرحدی اقبال کا نشان ہے۔

اسی تقریب پر ایک کتاب شکر گذاری جناب قیصرہ ہند کے لئے تالیف کر کے اور چھاپ کر اس کا نام **تحفہ قیصریہ** رکھا گیا اور چند جلدیں اس کی نہایت خوبصورت مجلد کرا کے ان میں سے ایک حضرت قیصرہ ہند کے حضور میں بھیجنے کیلئے بخدمت صاحب ڈپٹی کمشنر بھیجی گئی اور ایک کتاب بحضور وائسرائے گورنر جنرل کشور ہند روانہ ہوئی اور ایک بحضور جناب نواب لیفٹنٹ گورنر پنجاب بھیج دی گئی۔ اب وہ دعائیں جو چھ زبانوں میں کی گئیں ذیل میں لکھی جاتی ہیں۔ اور بعد اس کے ان تمام دوستوں کے نام درج کئے جائیں گے جو تکالیف سفر اٹھا کر اس جلسہ کے لئے قادیان میں تشریف لائے اور اس سخت گرمی میں اس خوشی کے جوش میں مشقتیں اٹھائیں یہاں تک کہ بباعث ایک گروہ کثیر جمع ہونے کے اس قدر چارپائیاں نہ مل سکیں تو بڑی

﴿۴﴾ خوشی سے تین دن تک اکثر احباب زمین پر سوتے رہے۔ جس اخلاص اور محبت اور صدق دل کے ساتھ میری جماعت کے معزز اصحاب نے اس خوشی کی رسم کو ادا کیا میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ میں بیان کرسکوں۔

میں اپنے پہلے بیان میں یہ ذکر بھول گیا تھا کہ اس تقریب جلسہ میں ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء کو ہماری جماعت کے چار مولوی صاحبان نے اٹھ کر عام لوگوں کو جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کی اطاعت اور سچی وفاداری کی ترغیب دی۔ چنانچہ پہلے اخویم مولوی عبدالکریم صاحب نے اٹھ کر اس بارے میں بہت تقریر کی پھر اخویم حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی نے تقریر کی اور پھر بعد ان کے اخویم مولوی برہان الدین صاحب جہلمی اٹھے اور انہوں نے پنجابی میں تقریر کر کے عام لوگوں کو اطاعت ملکہ معظّمہ کے لئے بہت ترغیب دی بعد ان کے مولوی جمال الدین صاحب سیدوالہ ضلع منٹگمری نے اٹھ کر پنجابی میں تقریر کی مگر انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام جن کو نادان مسلمان اب تک خونریز کی صورت میں انتظار کر رہے ہیں وہ درحقیقت فوت ہوگئے ہیں۔ یعنی ایسے خیال کہ کسی وقت مہدی اور مسیح کے آنے سے مسلمان خونریزیاں کریں گے صحیح نہیں ہے اور عام لوگوں کو نیک بختی اور نیک چلنی کی ترغیب دی گئی اور اس مبارک موقعہ پر ساٹھ ستر آدمیوں نے ہر ایک گناہ اور بدچلنی سے رو رو کر توبہ کی یہاں تک کہ ان کی گریہ وزاری سے مسجد گونج رہی تھی۔

اب ذیل میں وہ دعائیں چھ۶ زبانوں میں درج کی جاتی ہیں:

الراقم میرزا **غلام احمد** قادیانی ۲۳؍جون ۱۸۹۷ء

دعا اور آمین اردو زبان میں

اے مخلصان باصدق وصفا ومحبان بے ریا جس امر کے لئے آپ سب صاحبان تکلیف فرما ہو کر اس عاجز کے پاس قادیان میں پہنچے ہیں وہ یہ ہے کہ ہم جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے احسانات کو یاد کر کے ان کی سلطنت

﴿۵﴾ درازشصت سالہ کے پوری ہونے پر اس خدائے عــزّوجــل کا شکر کریں جس نے محض لطف واحسان سے ایک لمبے زمانہ تک ایسی ملکہ محسنہ کے زیرسایہ ہمیں ہرایک طرح کے امن سے رکھا جس سے ہماری جان و مال وآبرو جابروں اور ظالموں کے حملہ سے امن میں رہی اور ہم تمام تر آزادی سے خوشی اور راحت کے ساتھ زندگی بسر کرتے رہے اور نیز اس وقت ہمیں بغرض ادائے فرض شکرگذاری جناب ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے لئے جناب الٰہی میں دعا کرنی چاہیے کہ جس طرح ہم نے ان کی سلطنت میں امن پایا اوران کے زیرسایہ رہ کر ہرایک شریر کی شرارت سے محفوظ رہے اسی طرح خداتعالیٰ جناب ممدوحہ کو بھی جزاءِ خیر بخشے اوران کو ہرایک بلا اورصدمہ سے محفوظ رکھے اوراقبال اور کامیابی میں ترقیات عطا فرمائے اوران سب مرادوں اوراقبالوں اورخوشیوں کے ساتھ ایسا فضل کرے کہ انسان پرستی سے ان کے دل کو چھڑا دیوے۔اے دوستو! کیاتم خدا کی قدرت سے تعجب کرتے ہو اور کیا تم اس بات کو بعید سمجھتے ہو کہ ہماری ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے دین اور دنیا دونوں پر خدا کا فضل ہو جائے۔اے عزیزو! اس ذات قادرمطلق کی عظمتوں پر کامل ایمان لاؤ جس نے وسیع آسمانوں کو بنایا اور زمین کو ہمارے لئے بچھایا اور دو چمکتے ہوئے چراغ ہمارے آگے رکھ دیئے جوآفتاب اور ماہتاب ہے۔سوسچے دل سے حضرت احدیت میں اپنی محسنہ ملکہ قیصرہ ہند کے دین اور دنیا دونوں کے لئے دعا کرو۔میں سچ سچ کہتا ہوں کہ جب تم سچے دل سے اورروح کے جوش کے ساتھ اور پوری امید کے ساتھ دعا کروگے تو خداتمہاری سنے گا۔سوہم دعا کرتے ہیں اورتم آمین کہو کہ اے قادرتوانا جس نے اپنی حکمت اورمصلحت سے اس محسنہ ملکہ کے زیرسایہ ایک لمبا حصہ ہماری زندگی کا بسر کرایا اوراس کے ذریعہ سے ہمیں صدہا آفتوں سے بچایا اس کو بھی آفتوں سے بچا کہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔اے قادرتوانا! جیسا کہ ہم اس کے زیرسایہ رہ کر کئی صدموں سے

﴿۶﴾ بچائے گئے اس کو بھی صدمات سے بچا کہ سچی بادشاہی اور قدرت اور حکومت تیری ہی ہے۔ اے قادر توانا ہم تیری بے انتہا قدرت پر نظر کر کے ایک اور دعا کے لئے تیری جناب میں جرأت کرتے ہیں کہ ہماری محسنہ قیصرہ ہند کو مخلوق پرستی کی تاریکی سے چھڑا کر لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ پر اس کا خاتمہ کر۔ اے عجیب قدرتوں والے! اے عمیق تصرفوں والے! ایسا ہی کر۔ یا الٰہی یہ تمام دعائیں قبول فرما۔ تمام جماعت کہے کہ آمین۔ اے دوستو اے پیارو۔ خدا کی جناب بڑی قدرتوں والی جناب ہے۔ دعا کے وقت اس سے نومید مت ہو کیونکہ اس ذات میں بے انتہا قدرتیں ہیں اور مخلوق کے ظاہر اور باطن پر اسکے عجیب تصرف ہیں سو تم نہ منافقوں کی طرح بلکہ سچے دل سے یہ دعائیں کرو۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ بادشاہوں کے دل خدا کے تصرف سے باہر ہیں؟ نہیں بلکہ ہر ایک امر اس کے ارادہ کے تابع اور اس کے ہاتھ کے نیچے ہے۔ سو تم اپنی محسنہ قیصرہ ہند کے لئے سچے دل سے دنیا کے آرام بھی چاہو اور عاقبت کے آرام بھی۔ اگر وفادار ہو تو راتوں کو اٹھ کر دعائیں کرو اور صبح کو اٹھ کر دعائیں کرو۔ اور جو لوگ اس بات کے مخالف ہوں ان کی پرواہ نہ کرو۔ چاہیے کہ ہر ایک بات تمہاری صدق اور صفائی سے ہو اور کسی بات میں نفاق کی آمیزش نہ ہو۔ تقویٰ اور راستبازی اختیار کرو۔ اور بھلائی کرنے والوں سے سچے دل سے بھلائی چاہو تا تمہیں خدا بدلہ دے کیونکہ انسان کو ہر ایک نیکی کے کام کا نیک بدلہ ملے گا۔

اب زیادہ الفاظ جمع کرنے کی ضرورت نہیں۔ یہی دعا ہے کہ خدا ہماری یہ دعائیں سنے۔ والسلام

الدّعَاءُ والتّامين فی العَرَبيَّة

ايّها الاحبّاء المخلصون. والاصدقاء المسترشدون. جزاكم اللّٰه خير الجزاء. وحفظكم فی الكونين من البلاء. انكم قاسيتم متاعب السّفر و شوائبه. و ذُقتم شدائد الحرّ ونوائبه. وجئتمونی مُدلجين

﴿۷﴾ مدّلجین مُکابدین. لتشکروا اللّٰہ فی مکانی ھٰذا مجتمعین. وتکثروا الدّعاء لقیصرۃ الھند شاکرین ذاکرین. وتدعون دعوۃ المخلصین. یاعباد اللّٰہ لا تعجبوا لدعواتنا وشکرنا فی تقریب الجوبلی. وتعلمون ماقال سیّدنا امام کل نبیّ وولی ۔ وخاتم النبیّین . انہ مَنْ لم یشکر الناس فما شکر اللّٰہ وَ اللّٰہ یحبّ المحسنین. ثمّ تعلمون انّ اموالنا واعراضنا ودماءنا قد حفظتھا العنایۃ الالٰھیّۃ بھٰذہ الملکۃ المعظمۃ. وجعلھا اللّٰہ مؤیّدۃ لنا فی المھمّات الدنیویّۃ والدّینیّۃ. فالشکر واجب علٰی مافعل ربّنا ذوالجلال والعزۃ ومن اعرض فقد کفر بالنعم الرحمانیۃ. واللّٰہ یحبّ الشاکرین. ایّھا النّاس ھذا یوم یجب فیہ اظھار الشکر والمسرّۃ مع الدّعاء باخلاص النیّۃ. فاردنا اَنْ نقبلہ بمراسم التھانی والتبریک والتھنیّۃ. ورفع اکفّ الابتھال والضراعۃ. وتذلّل یلیق بحضرۃ الاحدیۃ. وانارۃ الماٰذن والمساجد والسکک والبیوت بالمصابیح والشھب النورانیّۃ. وانما الاعمال بالنیات المخفیۃ من اعین العامۃ . واللّٰہ یری مافی قلوب العالمین . یاعباد اللّٰہ الرحمان. ھل جزاء الاحسان الّا الاحسان. فلا تظنوا ظنّ السوء . مستعجلین والاٰن ادعو للقیصرۃ بخلوص النیّۃ. فامّنو علٰی دعائی یامعشر الاحبّۃ. واتّقوا اللّٰہ ولا تنسوا منّ اللّٰہ و منّ عبادہ من الخواص والعامۃ . ولا تعثوا مفسدین.

یا ربّ اَحسِنْ الٰی ھٰذہ الملکۃ. کما احسنت الینا بانواع العطیّۃ. واحفظھا مِن شرّ الظالمین . یاربّ شیّد واعضد دعائم سریرھا. واجعلھا فائزۃ فی مھمّاتھا وصُنھا من نوائب الدنیا وآفاتھا. وبارک فی عمرھا و حیاتھا

﴿۸﴾ یاآ ارحم الراحمین . یاربّ ادخل الایمان فی جذر قلبها ونجّها و ذراریها مِن ان یعبدوا المسیح ویکونوا من المشرکین . یاربّ لا تتوفّها الّا بعد ان تکون من المسلمین . یاربّ انا ندعو لها بأَلسنة صادقة وقلوب ملئت اخلاصا وحسن طویّة فاستجب یااَحُکم الحاکمین.

اجد الانام ببهجة مستکثره عید اتٰی او جوبلی القیصرة
نشر التهانی فی المحافل کلها فاری الوجوه تهللت مُستبشره
انّی اراها نعمةً من رَبّنا فالشکر حق واجب لا بربره
لا شک ان سرورنا من شکرها خیر فمن یعمله اخلاصًا یره
اَمَرَ النّبیُّ لشکر رجل محسن قُتل العنود المعتدی ما اکفره

دعا و آمین در زبانِ فارسی

اے گروہ دوستان و جماعت مخلصان خدا شما را جزاءِ خیر دہد شما تکالیف گرمی موسم و صعوبت سفر برداشتہ نزد من در قادیان بدین غرض رسیدہ اید کہ تا بر تقریب جشن جوبلی باجتماع اخوان خود شکر خدائے عزّ وجل بجا آرید و برائے خیر دُنیا و دین ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند دعا ہا کنید ۔ می دانم کہ موجب ایں تکالیف و آنچہ برائے انعقاد ایں جلسہ با ہم چندہ فراہم کردہ رسوم جلسہ بجا آوردہ اید باعث ایں ہمہ بجز اخلاص ومحبّت چیزے دیگر نبودہ ۔ پس دعا می کنم کہ خدا تعالےٰ شما را پاداش ایں تکالیف دہد کہ محض برائے حصول مرضات او کشیدہ اید ۔ اے دوستان می دانید کہ ما در عہد سعادت مہد قیصرہ ہند چہ آرا مہا دیدیم و می بینیم و چہ قدر زندگی خود در امن و عافیت گذرانیدہ ایم و می گذرانیم ۔ پس شرط انصاف این است کہ ما برائے ایں ملکہ مبارکہ از تہ دل دعا کنیم چرا کہ ہر کہ شکر مردم محسن نہ کند شکر خدا بجا نیاوردہ است ۔ پس ایں دعا ہا میکنم شما آمین بگوئید ۔ اے قادر توانا بدیں ملکہ تو نیکی کن چنانکہ او بما کرد ۔ و

﴿۹﴾ از شر ظالمان او را محفوظ دار۔ اے قادر توانا ستونہائے سریر او بلند کن و در مہمات خود او را فائز گردان و از حوادث دنیا و دین او را نگہ دار۔ و در عمر و زندگی او برکت بخش۔ اے قادر توانا اسلام در دِل او داخل کُن و اُو را و اولاد اُو را از پرستش مسیح کہ بندۂ عاجز است نجات دِہ و از مشرکان او را بیرون آر کہ ہمہ قدرت تو داری۔ اے قادر توانا او را تا آن وقت وفات مدہ کہ بر راہِ راست اسلام ثابت قدم بودہ باشد۔ اے ربّ جلیل دعاہائے ما قبول کُن۔ آمین۔

دعا نورُ آمِیُن پُو پَشُتو ژبَہ کِیُ

اَیُ دمابُلُ دِخُدای دُوستُونُ خُدا تاسِتَہ دِ خَیُر جَزا ورُ کے تاسِہ خَلُق تکلیُفُون پُخُپُلُ زَان بَاندِ آخِسُتیُ دَہُ دِمَا خُخہ پوُ قَادِیَان لِپَارہ دِ دِغرَضُ رَاغُلِے وُہ کِہ دِ مَلِکہُ مُعظّمہ اِشُپُے تِیُ کالُ جَشُن اِسُتَاسُو اوُرُوُ رُوُن سَرہُ دِ ے خُدائے عزَّوَجَلّ شُکرَ اَدا وُکروُاَوُر دِے مَلِکہُ معظّمہ قَیُصرہ ہِنُد دُنُیائی خَیُر لِپَارَہُ دُعا وکُوز پوُئے گمُ کِہ دِدِ تکلیفونَ سَبَبُ خُہ جَلسَہُ دِپَارَہُ چِنُدَہ تِولہ کَرَ ے وُہ بُلُ دِجَلسَہ رَسُم بَھَمُ پُوُرَہُ کَرَ ے وُہ دِ اِخُلاص اَور دِے محبّتُ سِوا بُل شیُ نِدَے نورُ زِ دُعاکَوُمُ کِہُ خُدا صاحِبُ تاسُتَہ دِدِ تکلیفونَ اَجر وَرُکِيُ چہ صرُف دِ آغَہُ لِپَارَہُ تاسوُ آخِسُتَیُ دَہ . اَے دوسُتونَ پویُگیُ چہ مُنگہُ دِ مَلِکہ کِے پوُ زمَانِے مِیُن سِرِنُگہُ آرام مُنُگہُ لِیُدِلَیُ دَہُ اَوُرَہ سِرِنگہُ دِخپُلُ زِندگی سَرہُ بَسَرُ کَرِیُ ھَمُ دَہُ اَوُر بَسَرُبَہ اوکُوُبَیا اِنُصَافُ دَادَہُ چہُ مُنگہُ دِ مَلِکہُ دِ پارَہُ دُعا وَکُوُ وَلِے چہ ھَرُچَاچہ دِ نیک سَرَیُ شُکرنَکيُ اَغَہُ دِ خُدای شُکر سِرِنَگہ کَوُلیُ شِیُ. پَسُ زِ دُعَا کَوُمُ تَاسِہُ آمِیُن وَہ وَائی اے لوُئے خُدایا دِ مَلِکہُ سَرَہُ نِیکیُ وُہ کہُ اَغَہُ سِیُ چہ مُنَگہُ سَرِہُ اَغَہُ کَرِ ے دِے اَوُر دِ ظالمون دِشَرَہ اَغَہ اُوسَاتَہ یالوئے خُدایَادِ اَغہ دِ تَخُت اِسُتِنِ تہُ بِلُنُد

﴿۱۰﴾ اُو کرِہ بُل دَدین اَورُدَ دنیا شَرُونَ اَغہ اُوسَاتَہ اَوُر پوُعُمُر بُلُ پُو اغَہَ زِنُدگی بَرَکتُ کَرَہُ یا لوئے خُدَایَا اِسُلَامُ پوُ اَغَہ زِرَہُ نَنَہُ کَرِہ یا لوِ ے خُدایا مَلِکَہُ بُلُ دِ اَغَہ زوِ ے بُلُ دِ اَغَہَ عَیَال دِ ے مَسیحُ دِ ے پَرسُتش چہ یَوُ عَاجِزُ سَرِ ے دَہ اوسَاتَہ اَورِدِ مُشرِ کُونَ دِ گرُوھُنَہ اَغَہ اوباسَہُ چہ تَہ قُدرَتُ لَرِ ے اَیُ لوئے خُدایَا تِرُاَغَہ وقُت مَلِکَہ مُرِ مُکَہُ چہ مُسُلمَان شِیُ یالوئے خَدایَا اِمنگ دُعَاتہ قبَول کَرِہ.

مہارانی قیصرہ ہند دیاں ساریاں مُراداں پوریاں ہون دی

پنجابی وِچہ بینتی

سنو میریو سچے دوستو تے پکے یارو جس گل واسطے تُسیں سارے پھائی اپنے سارے کم کُسا کے تے کشالہ کر کے میرے کول قادیان وچہ آئے او اوہ اک پھارا متبل ایہ ئے جے اسیں سارے دربار رانی ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند دیاں احساناں تے مہربانیاں نوں یاد کر کے اوہدے سٹھ ورھیاں دے راج دے پورا ہونے دی اپنے ربّ دے درگاہے شکر کریئے تے ایس دے بے اوڑک کرم دا گاون گائیے جس نے آپنیاں فضلاں تے کرماں دے نال ایڈے لمّے زمانے توڑیں سانوں اجیہی ملکہ معظّمہ دے راج دے چھاویں پھاگاں سہاگاں نال رکھیا۔ جس تھیں اساں غریباں مسلماناں دیاں جاناں تے پُتّاں تے مال ہتھیاریاں تے انیائیاں دے پنجیاں تھیں بچ گئے تے اسیں ہُن توڑیں من پھاؤ ندیاں خوشیاں تے انگنیاں چیناں دے نال اپنی زندگانی پوری کر دے رہے۔ تے دوجا متبل وڈا ایہ جے ہن اسیں اس ویلے جناب ملکہ معظّمہ دا شکر پورا کرنے واسطے سچّے رب صاحب دی سچّی درگاہے ترلیاں تے جھیر گیان نال دعا کریئے کہ جس طرح ایس جگت دی رانی تے دھرمی تے لاڈلڈیانے والی ماتا دے راج وچہ رہ کے اساں آرام پایا تے اوس دی بادشاہی دی ٹھنڈی تے سنگھنی چھاں وچ ہر انرتھی دے انرتھوں بچکے مٹھّیاں نیندراں سُتّے ہاں اوسے طرح دھرتی انبر دا راجا سچّا ربّ ایسی ملکہ معظّمہ نوں اینہاں پُتّاں دا نانداں بدلہ دے۔ تے اوہنو ہر اک تھکے تھوڑے تے ساریاں درداں تھیں آپنا ہتھ دے کے بچا رکھے۔ تے اقبال تے وڈیائی تے آساں امیداں دے پورا ہوون وِچہ وادھا بخشے تے ساریاں مُراداں پوریاں کرنے

﴿۱۱﴾ سمیت اوستے ایسا فضل کرے تے اجیہا ترٹھے جے بندہ پرستی تھیں اوسدے دِل نوں مٹھی نیندروں جگاوے تا ایہ ماتا آپنی جاؤ واسمیت اک وحدہٗ لاشریک لہٗ جیوندے جاگدے دھرتی انبر تے ایس سارے اڈنبر دے سائیں دی پوجا ول آوے۔ تے دوہاں جگاں دا سدا سرگ پاوے۔ میریو پیاریو یارو تسیں خدا دی قدرت تھیں اوپرا جاندے ہو۔ بھلا تسیں ایسی گل نوں اچرج تے انہونی سمجھدے ہو جے ساڈی جگ رانی ملکہ معظّمہ دے دین تے دُنیاں تے خدا دا فضل ہو جائے۔ او پیاریو اُس ذات سگت واندیاں وڈیائیاں تے پُورا ایمان لیاؤ جس نے ایڈا چوڑا تے اُچّا آسمان بنایا تے دھرتی نوں ساڈے واسطے وچھایا تے دو چمکدے دیوے انملے جگ چمکان والے ساڈیاں اکھیاں اگے رکھے۔ اک چندر ماہ دوجا سورج ماہ سوتر لیاں تے ہاڑیاں تے دندیاں لہلکنے نال ربّ صاحب سچّے دی درگاہ وچہ اپنے سدا پُنّاں داناں والی ملکہ معظّمہ دے دین تے دُنیاں واسطے دُعا منگو۔

میں سچو سچ کہنا ہاں جیکر تُسیں کچیاں تے دو۲ گلّیاں نوں سنگوں ہٹا کے تے سچّیاں تے اکولّیاں نوں ساتھ لے کے تے پوری امید نال نیہچہ بنّہ کے دُعا کرو گے تاں جگاں داسچّا داتا تہاڈی دُعا ضرور سُنے گا۔ سو اسیں دُعا کرنے ہاں تے تسیں آمین آکھو۔ ہے سچّیا سکتاں والیا سچیا سائیاں جدتوں آپنی حکمت تے مصلحت نال ایس دیاوان رانی دے راج دے ٹھنڈی چھاویں ساڈے جیونیدا اک لمّا حصّہ پورا کیتائی تے اوس دے سبّوں ہزاراں آفتاں تے بلاواں تھیں سانوں بچایائی۔ تُوں اُوسنو بھی آفتاں تھیں بچا جے توں ہر شَے تے سگت تے وسّ رکھنائیں۔ ہے قدرتاں والیاں جس طرح اسیں اوسدے راج وچہ دھکیاں دھوڑیاں تے ٹھینے ڈگنے تھیں بچائے گئے ہاں اوسنوں بھی ساریاں چنتاں تے چھوریاں تھیں بچا جے سچّی بادشاہی تے پکّی زور آوری تے پوری حکومت تیری ئیے۔ ہے جتناں والیا مالکا اسیں تیری بے انت قدرت تے تہان رکھ کے اک ہور دُعا دے واسطے تیری درگاہ ہے دلیری کرنے ہاں جے توں ساڈی اَن گنت دَیاوان رانی ملکہ معظّمہ نوں بندہ پوجن دی انھیری کوٹھڑی تھیں باہر کڈھ کے اُچّے تے سنہری

﴿۱۲﴾ تے لاٹاں مارنے والے لا الٰہ اِلّا اللّٰہ محمّد رسول اللّٰہ دے چبوترے تے موجاں ماننے والی کر کے اوسے تے اوہدا پورن کر۔ ہے اچرج زورانوالیا۔ ہے ڈوھنگیاں نگاہاں والیا۔ ہے پوریاں پہچان والیا۔ ہے بےاوڑک کا بواں والیا اینویں کر۔ ہے ربّاں دیا ربّا ایہ ساریاں دُعاواں منظور کر۔ سارے دوست آمین آکھو۔ اے پیاریو سچّے ربّدی درگاہ وَڈّی قدرتاں تے پہنیاں والی درگاہ ئے دعا دے ویلے اوس تھیں بے امید نہ ہو وو۔ کیوں جی اوس دے دربار دے بے اوڑ سدا درتوں کسے سمے کوئی پھکھا را پھکھا تے خالی ہتھ نہیں گیا۔ تے اپنے سر بت جیا جنت دے اندر باہر اوہدے اچرج کا بوتے قبضے ہین۔ تسیں دوگلیاں تے دورنگیاں تے کھوٹیاں وانگر دعا نہ کرو۔ سگوں سچیاں چیلیاں تے سوچیاں چیریاں وانگوں اوہدے من دھن تے جت ست تے پت واسطے دھن شاوا کھو تے سدا سُکھ منگو۔ ہین تسین سمجھدے ہو جے سر بت راجیاندے دِل اُس مہاراج سرب شکتی مان سدا دیاوان دے کا بوؤں باہر نہیں سگوں سارے کم تے انیک تے ان گنی کرتب اُسیدے اوڈاؤ ہتھ وچہ نے۔ سو تسیں اپنے ان گنت دانا نوالی مہارانی ملکہ معظّمہ دے دُنیا تے عاقبت واسطے آنند تے آرام منگو جے تسیں وفادار ٹھیلیے تے مَن وارنے والے چاکر ہوتاں شامیں تے پہر راتیں تے پچھلی راتیں نیندراں گنوا کے اوبھڑ وائی اُٹھ اُٹھ کے بینتیاں کرو تے جہڑے مُنکھ اس گلدے دوتی تے دوکھی ہون اُنہاں ہتھ یا ریا ندی پرواہ نہ کرو۔

لوڑ یدائی جے سبھّو گلاں تہاڈیاں نتریاں ہوئیاں تے سُتھریاں ہون تے کسے گل تھہاڈّی وچہ رلا رول نہ ہووے سُرت تے سچ ملّو پھلا کرن والیاں دا پھلا چاہوتاں تھہانوں تھہاڈا جانی جان سچّا رب صاحب چنگا بدلہ دیوے۔ کیوں جے ہر منکھ بے حیائی کپدائی تے کیتائی پاندائے۔ نریاں گلاں کجھ پھل نہیں دیندیاں۔ تھڑیاں تے تُھڑیاں نوں پکڑنے والیا بَھوڑ یدا ویلائی۔

Almighty God! As Thy Wisdom & Providence has been pleased to put us under the rule of our blessed Empress enabling us to lead lives of peace and prosperity, we pray Thee that our ruler may in return be saved from all evils and dangers as thine is the kingdom, glory and power. Believing in Thy unlimited powers we earnestly ask Thee all powerful Lord to grant us one more prayer that our benefactoress the Empress, before leaving this world. May probe her way out of the darkness of man-worship with the light of "La-ilaha-illallaho Muhammad-al-Rasul-ullah." {There is no God but Allah & Muhammad is His Prophet}, Do Almighty God as we desire, and grant us this humble prayer of ours as Thy will alone governs all minds. Amen!

My Friends! Trust in God and feel not hopeless. Do not even imagine that ﴿۱۶﴾ the minds of wordly potentates and earthly kings are beyond His control. Nay, They are all subservants to His Holy Will. Let therefore your prayers for the welfare of your Empress in this world and the next, come from the bottom of your hearts. If you are loyal subjects remember Her Majesty in your night and morning prayers. Pay no heed to opposition. Let Your words and deeds be true and free from hypocrisy. Lead lives of virtue and righteousness, and pray for the good of your well-wishers, because no virtue goes unrewarded. I conclude with earnest desire that God may grant our prayer. Amen.

Dated 23-6-1897

﴿۱۳﴾

English Translation of the prayer recited by Mirza Ghulam Ahmad Rais of Qadian on the occasion of the Diamond Jubilee

My friends - The object which has brought you here is to convene a meeting of thanksgiving on the happy occasion of the Diamond Jubilee of Her Majesty's reign in rememberance of the manifold blessings enjoyed by us during Her Majesty's time. We offer our heartfelt thanks to God who out of His special kindness has been pleased to place us under this sovereign rule, protecting thereby our life, property and honour from the hands of tyranny and persecution and enabling us to live a life of peace and freedom. We have also to tender our thanks to our gracious Empress, and this we do by our prayers for Her

﴿۱۴﴾

Majesty's welfare. May God protect our beneficient sovereign from all evils and hardships as Her Majesty's rule has protected us from the mischief of evil doers. May our blessed ruler be graced with glory and success and be saved at the same time from the evil consequences of believing in the divinity of a man and his worship. My friends do not wonder at this, nor entertain any doubt as to the wonderful powers of the Almighty, because it is quite possible for him to confer His choicest blessings upon our gracious Queen in this world and the next. Hence the strong and firm belief in the omnipotence of the Supreme Being who made this spacious firmament on high and spread the earth beneath our feet illuminating them both with the sun and the moon. Let your sincere prayers as to the good of Her Majesty in matters spiritual and temporal, reach His holy throne. And I assure you that prayers that come from hearts sincere

﴿۱۵﴾

earnest and hopeful are sure to be listened to. Let me pray then & you may say Amen:

﴿۱۷﴾

فہرست

اسمائے حاضرین جلسۂ ڈائمنڈ جوبلی بمقام قادیان ضلع گورداسپورہ بحضور امام ہمام حضرت مسیح موعود ومہدی مسعود معہ چندہ وبلا چندہ و اسمائے غیر حاضرین جنہوں نے چندہ دیا از ۲۰؍جون ۱۸۹۷ تا ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء

نمبر	نام	سکونت	رقم چندہ	کیفیّت
۱	حضرت اقدس جناب میرزا غلام احمد صاحب مہدی و مسیح موعود رئیس قادیان۔ معہ اہل بیت	قادیان	۱۰۱	
۲	حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی	//	۱۰۰	
۳	مولوی عبدالکریم صاحب	سیالکوٹ	۴۰	
۴	مولوی بُرہان الدین صاحب	جہلم	۰	
۵	مولوی محمد احسن صاحب	امروہا ضلع مرادآباد	۴۰	بباعث مجبوری حاضر نہ ہوسکے
۶	حکیم فضل الدین صاحب معہ ہر دو قبائل	بھیرہ	۵۰	
۷	خواجہ کمال الدین صاحب بی۔اے پروفیسر اسلامیہ کالج	لاہور	۱۰۰	
۸	مفتی محمد صادق صاحب بھیروی کلرک اکونٹنٹ جنرل	//	۱۰	
۹	میرزا ایوب بیگ صاحب بی اے کلاس لاہور کالج معہ قبیلہ خود	کلانور	۱۰/۱۲	
۱۰	خلیفہ رجب الدین صاحب تاجر برنج	لاہور	للہ	
۱۱	حکیم محمد حسین صاحب	//	۵۰	
۱۲	خواجہ جمال الدین صاحب بی۔اے رنبیر کالج ریاست جموں	//	۱۰	
۱۳	حکیم فضل الٰہی صاحب	//	۱۰۰	
۱۴	منشی مولا بخش صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	۵۰	
۱۵	منشی نبی بخش صاحب // // //	لاہور	۴۰	
۱۶	منشی محمد علی صاحب // //	//	۵۰	
۱۷	منشی محمد علی صاحب ایم اے پروفیسر اورینٹل کالج	//	۱۰۰	
۱۸	شیخ رحمت اللہ صاحب سوداگر رخت	//	۱۵۰	
۱۹	منشی کرم الٰہی صاحب مہتمم مدرسہ نصرت اسلام	//	۴۰	

﴿۱۸﴾

۲۰	میاں محمد عظیم صاحب کلرک دفتر ریلوے	لاہور	۸ر	
۲۱	حافظ فضل احمد صاحب معہ فرزند	//	عہ ر	
۲۲	حافظ علی احمد صاحب //	//	عہ ر	
۲۳	شیخ عبداللہ صاحب نومسلم منصرم شفاخانہ انجمن حمایت اسلام	//	۸ر	
۲۴	علی محمد صاحب طالب علم بی اے کلاس کالج	//	.	
۲۵	منشی عبدالرحمٰن صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	صہ ر	
۲۶	منشی معراج الدین صاحب جنرل ٹھیکہ دار	//	عہ ۳ر	
۲۷	منشی تاج الدین صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	صہ ر	
۲۸	شیخ دین محمد صاحب	//	۸ر	
۲۹	حکیم شیخ نور محمد صاحب نومسلم	//	عہ ر	
۳۰	حکیم محمد حسین صاحب پروپرائٹر کارخانہ رفیق الصحت	//	عہ ر	
۳۱	تاج الدین صاحب طالب علم مدرسہ اسلامیہ	//	.	
۳۲	عبداللہ صاحب //	//	.	
۳۳	مولا بخش صاحب پٹولی	//	عہ ر	بباعث مجبوری حاضر نہ ہو سکے
۳۴	قاضی غلام حسین صاحب بھیروی طالب علم آرٹ سکول	//	۸ر	//
۳۵	حاجی شہاب الدین صاحب	//	للعہ ر	//
۳۶	چراغ الدین صاحب وارث میاں محمد سلطان	//	عہ ر	//
۳۷	احمد الدین صاحب ڈوری باف	//	عہ ر	//
۳۸	جمال الدین صاحب کاتب	//	عہ ر	//
۳۹	محمد اعظم صاحب کاتب	//	۸ر	//
۴۰	سیف الملوک صاحب	//	عہ ر	//
۴۱	میاں سلطان صاحب ٹیلر ماسٹر	//	سے ر	//
۴۲	میاں غلام محمد صاحب کلرک چھاپہ خانہ	//	عہ	//
۴۳	مظفر الدین صاحب	//	عہ	//
۴۴	خواجہ محی الدین صاحب تاجر پشمینہ	//	عہ	//
۴۵	محمد شریف صاحب طالب علم اسلامیہ کالج	//	۸ر	//

۴۶	عبدالحق صاحب۔اسلامیہ کالج	لاہور	عدد ۱	بباعث مجبوری شامل نہ ہوسکے
۴۷	عبدالمجید صاحب	//	۸	//
۴۸	غلام محی الدین صاحب جلد بند سول ملٹری گزٹ	//	معہ ۱	//
۴۹	تاج الدین صاحب	//	عدد	//
۵۰	بشیر احمد صاحب	//	۴	//
۵۱	نذیر احمد صاحب	//	۴	//
۵۲	ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب	//	صد	
۵۳	شیر محمد خان صاحب طالب العلم بی اے کلاس	//	عدد	
۵۴	غلام محی الدین صاحب طالب علم بی اے کلاس	//	صد ۱	
۵۵	شیر علی صاحب	// // //	عدد	
۵۶	صاحبزادہ سراج الحق صاحب جمالی نعمانی ابن حضرت شاہ حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم سجادہ نشین چہار قطب ہانسوی حال وارد قادیان	سرساوہ	.	
۵۷	قاضی محمد یوسف علی صاحب نعمانی معہ اہل بیت سارجنٹ پولس ریاست جنید۔اولاد حضرت امام اعظم صاحب	توسام ضلع حصار	عدد	
۵۸	شیخ فیض اللہ صاحب خالدی القریشی نائب داروغہ	ریاست نابہ	عدد	غیر حاضر
۵۹	سیدنا صر نواب صاحب دہلوی پنشنر	قادیان	۱	
۶۰	میر محمد اسماعیل صاحب طالب علم اسلامیہ کالج لاہور	//	۱	
۶۱	محمد اسمٰعیل صاحب سرساوی طالب علم	//	.	
۶۲	شیخ عبدالرحیم صاحب نومسلم	//	.	
۶۳	شیخ عبدالرحمٰن صاحب	// //	.	
۶۴	شیخ عبدالعزیز صاحب	// //	.	
۶۵	خدا یار صاحب	// //	.	
۶۶	گلاب الدین صاحب لوئی باف	//	.	
۶۷	اسمٰعیل بیگ صاحب پریسمین	//	.	
۶۸	امام الدین صاحب	//	.	

﴿۱۹﴾

﴿۲۰﴾ ۶۹	صاحبزادہ افتخار احمد صاحب لدھیانوی	قادیان	۔	
۷۰	صاحبزادہ منظور محمد صاحب //	//	۔	
۷۱	صاحبزادہ مظہر قیوم صاحب	//	۔	
۷۲	مولوی عبدالرحمٰن صاحب	کھیوال ضلع جہلم	۔	
۷۳	سید خصیلت علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر	ڈنگہ ضلع گجرات	۱۰	
۷۴	سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ اوّل	سیالکوٹ	۱۰	
۷۵	حکیم محمد الدین صاحب نقل نویس صدر	//	۱۰	
۷۶	منشی عبدالعزیز صاحب ٹیلر ماسٹر	//	۱۰	
۷۷	شیخ فضل کریم صاحب عطّار	//	۱۲	
۷۸	غلام محی الدین صاحب تاجر چوب	//	۔	
۷۹	شیخ حسین بخش خیاط	قادیاں	۔	
۸۰	عبداللہ صاحب //	//	۔	
۸۱	عبدالرحمٰن صاحب //	//	۔	
۸۲	حافظ احمداللہ خان صاحب	//	۔	
۸۳	کرم داد صاحب	//	۔	
۸۴	سیّد ارشاد علی صاحب طالب علم	سیالکوٹ	۔	
۸۵	مولوی محمد عبداللہ خان صاحب وزیر آبادی مدرس کالج	ریاست پٹیالہ	۸	
۸۶	حافظ نور محمد صاحب سارجنٹ پلٹن نمبر۴	//	۱۰	
۸۷	محمد یوسف صاحب خراطی	//	۱۰	
۸۸	حافظ ملک محمد صاحب //	//	۔	
۸۹	عبدالحمید صاحب طالب علم	//	۴	
۹۰	محمد اکبر خان صاحب سنوری	//	۔	
۹۱	خلیفہ نورالدین صاحب تاجر کتب	ریاست جموں	۳	
۹۲	اللہ دتا صاحب //	//	۱	
۹۳	مولوی محمد صادق صاحب مدرس	//	۱	
۹۴	میاں نبی بخش صاحب رفوگر	امرتسر	۵	

﴿۲۱﴾

۹۵	محمد اسمٰعیل صاحب تاجر پشمینہ کٹڑہ اہلووالیہ	امرتسر	سے ر	
۹۶	میاں محمد الدین صاحب اپیل نویس	سیالکوٹ	عہ ر	
۹۷	میاں الٰہی بخش صاحب۔ محلّہ ماشکیاں	گجرات	عہ	
۹۸	میاں چراغ الدین صاحب کٹڑہ اہلووالیہ	امرتسر	ع	
۹۹	منشی روڑا صاحب نقشہ نویس عدالت	ریاست کپورتھلہ	ع	
۱۰۰	منشی ظفر احمد صاحب اپیل نویس	//	ع	
۱۰۱	منشی رستم علی صاحب کورٹ انسپکٹر	گورداسپور	معہ ر	
۱۰۲	نواب خاں صاحب	جموں	عہ ر	
۱۰۳	میاں عبدالخالق صاحب رفوگر	امرتسر	۸ ر	
۱۰۴	شیخ عبدالحق صاحب ٹھیکہ دار	لدھیانہ	عہ ر	
۱۰۵	محمد حسن صاحب عطار	//	عہ ر	
۱۰۶	منشی محمد ابراہیم صاحب تاجر لنگی گبرون	//	عہ ر	
۱۰۷	مستری حاجی عصمت اللہ صاحب	//	عہ ر	
۱۰۸	قاضی خواجہ علی صاحب ٹھیکہ دار شکرم	//	صہ ر	
۱۰۹	مولوی ابو یوسف مبارک علی صاحب امام مسجد صدر	سیالکوٹ	عہ ر	
۱۱۰	عبدالعزیز خاں طالب علم بن عبدالرحمٰن خان صاحب اتالیق سردار ایوب خان صاحب	راولپنڈی	۔	
۱۱۱	شیخ نور احمد صاحب مالک مطبع ریاض ہند	امرتسر	۔	
۱۱۲	شیخ ظہور احمد صاحب سنگساز مطبع	//	۔	
۱۱۳	میرزا رسول بیگ صاحب	کلانور ضلع گورداسپور	۔	
۱۱۴	حافظ عبدالرحیم صاحب	بٹالہ	عہ ر	
۱۱۵	ڈاکٹر فیض قادر صاحب	//	ع	
۱۱۶	شیخ محمد جان صاحب تاجر	وزیرآباد	صہ ر	
۱۱۷	منشی نواب الدین صاحب ماسٹر	دینانگر	۔	
۱۱۸	خلیفہ اللہ دتا صاحب	//	۔	
۱۱۹	میاں خدا بخش صاحب خیاط	چھوکر ضلع گجرات	۔	

﴿۲۲﴾ ۱۲۰	مولوی حافظ احمد الدین صاحب۔ چک سکندر	ضلع گجرات	۔	
۱۲۱	میاں احمد الدین صاحب امام مسجد قلعہ دیدار سنگھ	گوجرانوالہ	۔	
۱۲۲	میاں جمال الدین صاحب پشمینہ باف	سیکھواں ضلع گورداسپور	عہ	
۱۲۳	محمد اکبر صاحب ٹھیکہ دار	بٹالہ	للہ	
۱۲۴	ماسٹر غلام محمد صاحب بی اے مدرس	سیالکوٹ	عہ	
۱۲۵	میاں باغ حسین صاحب	بٹالہ	۔	
۱۲۶	میاں نبی بخش صاحب پاندہ	//	عہ	
۱۲۷	چودھری منشی نبی بخش صاحب نمبردار	//	صہ	
۱۲۸	مولوی خان ملک صاحب کھیوال	ضلع جہلم	۔	
۱۲۹	میاں خیر الدین صاحب پشمینہ باف سیکھواں	ضلع گورداسپورہ	عہ	
۱۳۰	حکیم محمد اشرف صاحب	بٹالہ //	عہ	
۱۳۱	شیخ غلام محمد صاحب طالب علم	ضلع جالندھر	۔	
۱۳۲	حافظ غلام محی الدین صاحب جلد ساز	قادیاں	۔	
۱۳۳	میاں امام الدین صاحب پشمینہ باف	سیکھواں	عہ	
۱۳۴	اللہ دین صاحب۔ بٹھیاں	ضلع گورداسپور	۔	
۱۳۵	شیخ عبد الرحیم صاحب ملازم ریاست	کپورتھلہ	ع	
۱۳۶	شیخ محمد الدین صاحب بوٹ فروش	جموں	ع	
۱۳۷	محمد شاہ صاحب ٹھیکہ دار	//	۸	
۱۳۸	نظام الدین صاحب دوکاندار تھہ غلام نبی	ضلع گورداسپورہ	۔	
۱۳۹	امام الدین صاحب // //	//	۔	
۱۴۰	شیخ فقیر علی صاحب زمیندار //	//	۔	
۱۴۱	شیخ شیر علی صاحب //	//	۔	
۱۴۲	شیخ چراغ علی صاحب //	//	۔	
۱۴۳	شہاب الدین صاحب دوکاندار //	//	۔	
۱۴۴	منشی عبد العزیز پٹواری سیکھواں	ضلع گورداسپور	۔	
۱۴۵	میاں قطب الدین صاحب خیاط بدہیچہ	//		

﴿۲۳﴾

۱۴۶	میاں سلطان احمد طالب علم	گجرات	۔	
۱۴۷	شیخ امیر بخش۔تھہ غلام نبی	ضلع گورداسپور	۔	
۱۴۸	سید نظام شاہ صاحب بازید چک	//	۔	
۱۴۹	حافظ محمد حسین صاحب ڈنگہ	ضلع گجرات	۔	
۱۵۰	بابو گل حسن صاحب کلرک دفتر ریلوے	لاہور	عہ ر	
۱۵۱	حافظ نور محمد صاحب۔فیض اللہ چک	ضلع گورداسپورہ	۔	
۱۵۲	حسن خاں صاحب ملازم توپخانہ ریاست	کپورتھلہ	۔	
۱۵۳	مرزا جھنڈا بیگ۔پیرووال	ضلع گورداسپور	۔	
۱۵۴	محمد حسین طالب علم۔مدہ	ضلع امرتسر	۔	
۱۵۵	میاں محمد امیر۔کنڈ	تحصیل خوشاب	۔	
۱۵۶	غلام محمد طالب علم	امرتسر	۔	
۱۵۷	محمد اسمٰعیل۔تھہ غلام نبی	ضلع گورداسپورہ	۔	
۱۵۸	شیخ قطب الدین صاحب کوٹلہ فقیر	ضلع جہلم	عہ ر	
۱۵۹	میاں غلام حسین نانبائی ڈیرہ حضرت اقدس	قادیان	۸ ر	
۱۶۰	شیخ مولا بخش صاحب تاجر چرم۔ڈنگہ	ضلع گجرات	۴ ر	
۱۶۱	قاضی محمد یوسف صاحب قاضی کوٹ	ضلع گوجرانوالہ	عہ ر	
۱۶۲	عبداللہ سوداگر برنج	لاہور	۔	
۱۶۳	مولوی حافظ کرم الدین صاحب۔پوڑان والہ	ضلع گجرات	عہ ر	
۱۶۴	حافظ احمد الدین خیاط۔ڈنگہ	//	۸ ر	
۱۶۵	عبادت علی شاہ سوداگر۔ڈوڈہ	ضلع گورداسپورہ	۔	
۱۶۶	محمد خان صاحب نمبردار۔جسروال	ضلع امرتسر	۴ ر	
۱۶۷	میاں علم الدین صاحب۔کالوسائی	ضلع گجرات	۔	
۱۶۸	میاں کرم الدین صاحب۔ڈنگہ	//	عہ ر	
۱۶۹	شیخ احمد الدین صاحب //	//	۔	
۱۷۰	میاں احمد الدین صاحب //	//	۔	
۱۷۱	میاں محمد صدیق صاحب پشمینہ باف	سیکھواں	۸ ر	

﴿۲۴﴾ ۱۷۲	میاں صادق حسین صاحب	ریاست پٹیالہ	عہ	
۱۷۳	مولوی فقیر جمال الدین صاحب سیّدوالہ	ضلع منٹگمری	۔	
۱۷۴	مولوی عبداللہ صاحب ٹھٹھہ شیر کا	//	۔	
۱۷۵	میاں عبدالعزیز طالب علم	قادیاں	۔	
۱۷۶	میاں عبداللہ۔ تھہ غلام نبی	ضلع گورداسپور	۔	
۱۷۷	مہرالدین صاحب خانساماں۔ لالہ موسیٰ	ضلع گجرات	ع	
۱۷۸	کرم الدین صاحب خانساماں //	//	ع	غیر حاضر
۱۷۹	امام الدین صاحب پٹواری۔ لوچب	ضلع گورداسپور	عہ	
۱۸۰	فضل الٰہی صاحب نمبردار۔ چک فیض اللہ	//	عہ	
۱۸۱	غلام نبی صاحب //	//	عہ	
۱۸۲	چراغ الدین معمار۔ موضع منڈی کراں	//	۔	
۱۸۳	قاضی نعمت علی صاحب۔ خطیب بٹالہ	//	عہ	
۱۸۴	احمد علی صاحب نمبردار چک وزیر	//	عہ	
۱۸۵	امام الدین صاحب۔ تھہ غلام نبی	//	۔	
۱۸۶	میاں فقیر دری باف۔ چک فیض اللہ	//	۔	
۱۸۷	میاں امیر دری باف //	//	۔	
۱۸۸	شیخ برکت علی دوکاندار //	//	۔	
۱۸۹	برکت علی صاحب پٹواری //	//	۔	
۱۹۰	میاں امام الدین //	//	۔	
۱۹۱	سیّد امیر حسین چک بازید	//	۔	
۱۹۲	شیخ فیروز الدین صاحب//	//	۔	
۱۹۳	شیخ شیر علی //	//	۔	
۱۹۴	شیخ عطا محمد صاحب //	//	۔	
۱۹۵	سید محمد شفیع صاحب //	//	۔	
۱۹۶	عمر چوکیدار //	//	۔	
۱۹۷	مولوی امیر الدین صاحب۔ محلّہ خوجہ والہ	گجرات	۔	

﴿۲۵﴾

۱۹۸	مستری محمد عمر	جموں	۔	
۱۹۹	سید وزیر حسین صاحب۔ بازید چک	ضلع گورداسپور	۔	
۲۰۰	مہر اللہ شاہ	ڈوڈاں	//	۔
۲۰۱	سلطان بخش	بدیچہ	//	۔
۲۰۲	منشی عبدالعزیز صاحب عرف وزیر خان سب اوورسیر	بلب گڈہ	عہ	
۲۰۳	نور محمد صاحب۔	دھونی	ضلع منٹگمری	۔
۲۰۴	عبدالرشید۔	سیّد والہ	//	۔
۲۰۵	مولوی احمد الدین صاحب امام مسجد۔ نامدار		ضلع لاہور	۔
۲۰۶	حافظ معین الدین صاحب		قادیان	۔
۲۰۷	عبدالمجید صاحب		کپورتھلہ	۔
۲۰۸	محمد خان صاحب		//	عہ بباعث مجبوری شامل نہ ہو سکے
۲۰۹	مولوی محمد حسین صاحب۔ بھاگورائین		//	عہ
۲۱۰	نظام الدین	//	//	۔
۲۱۱	فیض محمد نجّار		سیالکوٹ	۔
۲۱۲	سیّد گوہر شاہ صاحب	پھیرو چیچی	ضلع گورداسپور	۔
۲۱۳	حکیم دین محمد طالب علم		قادیان	۔
۲۱۴	شیخ فضل الٰہی صاحب چٹھی رسان		//	۲
۲۱۵	سلطان محمد صاحب۔	بکرالہ	ضلع جہلم	۔
۲۱۶	اللہ دیا صاحب	کمبو	ضلع امرتسر	۔
۲۱۷	سید عالم شاہ صاحب	موضع سید ملو	ضلع جہلم	۔
۲۱۸	مستری حسن الدین صاحب		سیالکوٹ	۔
۲۱۹	میراں بخش صاحب چوڑی گر		بٹالہ	۔
۲۲۰	مہر سانون صاحب سیکھواں		ضلع گورداسپور	عہ
۲۲۱	حکیم جمال الدین صاحب تاجر		قادیاں	عہ
۲۲۲	محمد اسمٰعیل صاحب طالب علم		//	۔
۲۲۳	محمد اسحٰق صاحب	//	//	۔

﴿۲۶﴾	۲۲۴	عبداللہ خان صاحب	ہریانہ	ضلع ہوشیار پور	؏
	۲۲۵	کریم بخش مستری	بیل چک	ضلع گورداسپور	؍؍
	۲۲۶	مرزا بوٹا بیگ		قادیان	؍؍
	۲۲۷	مرزا احمد بیگ		//	؍؍
	۲۲۸	محمد حیات صاحب		بٹالہ	؍؍
	۲۲۹	نور محمد ملازم ڈاکٹر فیض قادر صاحب		//	؍؍
	۲۳۰	شیخ غلام محمد صاحب تاجر		امرتسر	؍؍
	۲۳۱	برکت علی صاحب نیچہ بند		بٹالہ	؍؍
	۲۳۲	غلام حسین صاحب ککہ زئی		//	؍؍
	۲۳۳	رحیم بخش صاحب شانہ گر		جہلم	؍؍
	۲۳۴	شیخ غلام احمد صاحب امام مسجد بھڑیال		ضلع سیالکوٹ	؍؍
	۲۳۵	شیخ اسمٰعیل امام مسجد	//	//	؍؍
	۲۳۶	شیخ کریم بخش صاحب کاہنے چک		ریاست جموں	؍؍
	۲۳۷	شیخ چراغ الدین صاحب		//	؍؍
	۲۳۸	میاں کنو تیلی	تتلا	ضلع گورداسپور	؍؍
	۲۳۹	شیخ مولا بخش صاحب تاجر بوٹ		سیالکوٹ	؏
	۲۴۰	مرزا نظام الدین		قادیان	؍؍
	۲۴۱	سید عبدالعزیز صاحب		انبالہ	؍؍
	۲۴۲	مولوی فضل الدین صاحب۔ کھاریاں		ضلع گجرات	؏	بباعث مجبوری شامل نہ ہو سکے
	۲۴۳	مولوی فضل الدین صاحب۔ خوشاب		ضلع شاہپور	؏	//
	۲۴۴	حافظ رحمت اللہ صاحب۔ کرن پور		ضلع ڈیرہ دون	؏	//
	۲۴۵	نور الدین صاحب نقشہ نویس بارگ ماسٹری		جہلم	؏	//
	۲۴۶	میاں عبداللہ صاحب پٹواری سنوری		ریاست پٹیالہ	؏	//
	۲۴۷	میاں عبدالعزیز صاحب محرر دفتر نہر جمن غربی		دہلی	؏	//
	۲۴۸	ڈاکٹر بوڑے خاں صاحب اسسٹنٹ سرجن		قصور	؏	//
	۲۴۹	مولوی محمد حسین مدرسہ اسلامیہ		راولپنڈی	؏	//

۲۵۰	مولوی خادم حسین صاحب۔ اسلامیہ سکول	راولپنڈی	عہ	حاضر نہ ہوسکے
۲۵۱	بابو اللہ دین صاحب فائرس محکمہ روشنی	//	عہ	//
۲۵۲	سید عنایت علی شاہ صاحب	لدھیانہ	۵	//
۲۵۳	منشی غلام حیدر صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولس	نارووال	عہ	//
۲۵۴	مولوی علم الدین صاحب	//	۵	//
۲۵۵	منشی محرم علی صاحب محرر سارجنٹ پولس	//	۵	//
۲۵۶	بابو شاہ دین صاحب سٹیشن ماسٹر دینہ	ضلع جہلم	للعہ	//
۲۵۷	منشی اللہ دتا صاحب	سیالکوٹ	لہ عہ	//
۲۵۸	منشی فتح محمد صاحب بزدار پوسٹ ماسٹر لیّہ	ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان	عہ	//
۲۵۹	شیخ غلام نبی صاحب دوکاندار	راولپنڈی	عہ	//
۲۶۰	منشی مظفر علی صاحب برادر مولوی محمد احسن صاحب امروہی	ڈیرہ دون	عہ	//
۲۶۱	میاں احمد حسین صاحب ملازم میاں محمد حنیف سوداگر	//	عہ	//
۲۶۲	مولوی محمد یعقوب صاحب	//	عہ	//
۲۶۳	منشی علی گوہر خاں صاحب برانچ پوسٹ ماسٹر	جالندھر	عہ	//
۲۶۴	منشی محمد اسمٰعیل صاحب نقشہ نویس کالکا ریلوے	انبالہ چھاؤنی	عہ	//
۲۶۵	مولوی غلام مصطفےٰ صاحب مالک مطبع شعلہ طور	بٹالہ	عہ	//
۲۶۶	بابو محمد افضل صاحب ملازم ریلوے ممباسہ	ملک افریقہ	عہ	//
۲۶۷	چودھری محمد سلطان صاحب والد مولوی عبدالکریم صاحب	سیالکوٹ	۵	//
۲۶۸	سید حامد شاہ صاحب قائم مقام سپرنٹنڈنٹ ڈپٹی کمشنر بہادر	//	۵	//
۲۶۹	سید حکیم حسام الدین صاحب رئیس	//	عہ	//
۲۷۰	فضل الدین صاحب زرگر	//	عہ	//
۲۷۱	حکیم احمد الدین صاحب	//	عہ	//
۲۷۲	شیخ نور محمد صاحب کلاہ ساز	//	عہ	//
۲۷۳	محمد الدین صاحب پٹواری۔ ترگڑی	ضلع گوجرانوالہ	عہ	//
۲۷۴	سید نواب شاہ صاحب مدرس	سیالکوٹ	عہ	//
۲۷۵	سید چراغ شاہ صاحب	//	عہ	//

﴿۲۷﴾

﴿۲۸﴾ ۲۷۶	چودھری نبی بخش صاحب سارجنٹ پولس	سیالکوٹ	عہ	حاضر نہ ہوسکے
۲۷۷	محمد الدین صاحب	//	۴	//
۲۷۸	محمد الدین صاحب جلد ساز	//	۸	//
۲۷۹	اللہ بخش صاحب	//	۴	//
۲۸۰	شادی خاں صاحب سوداگر	//	عہ	//
۲۸۱	چودھری الہ بخش صاحب	//	عہ	//
۲۸۲	چودھری فتح دین صاحب	//	عہ	//
۲۸۳	اللہ رکھا صاحب شالباف	بٹالہ	عہ	
۲۸۴	کرم الٰہی صاحب کانسٹبل	لدھیانہ	عہ	حاضر نہ ہوسکے
۲۸۵	پیر بخش صاحب	//	ع	//
۲۸۶	منشی الہ بخش صاحب	سیالکوٹ	عہ	//
۲۸۷	کرم الدین صاحب۔ بھپال والہ	//	للعہ	//
۲۸۸	منشی کرم الٰہی صاحب ریکارڈ کلرک	پٹیالہ	صہ	//
۲۸۹	مرزا نیاز بیگ صاحب ضلعدار نہر۔ رشیدہ	ضلع ملتان	صہ	//
۲۹۰	اللہ دتا صاحب شالباف	بٹالہ	عہ	
۲۹۱	ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب	ریاست پٹیالہ	ع	حاضر نہ ہوسکے
۲۹۲	عزیز اللہ صاحب سرہندی برانچ پوسٹماسٹر	نادون	عہ	//
۲۹۳	نواب خان صاحب تحصیلدار	جہلم	عہ	//
۲۹۴	عبدالصمد صاحب ملازم نواب خان صاحب موصوف	//	عہ	//
۲۹۵	مولوی نور محمد صاحب موکل	ضلع لاہور	عہ	//
۲۹۶	سید مہدی حسن صاحب پنسال نویس چوکی لوہلہ	//	۳	//
۲۹۷	مولوی شیر محمد صاحب ہجن	ضلع شاہ پور	۸	//
۲۹۸	بابو نواب الدین صاحب ہیڈ ماسٹر سکول دینا نگر	ضلع گورداسپور	ع	
۲۹۹	والدہ خیر الدین سیکھواں	//	۴	
۳۰۰	رحیم بخش صاحب محرر اصطبل	سنگرور	صہ	حاضر نہ ہوسکے
۳۰۱	قاری محمد صاحب امام مسجد	جہلم	ع	//

﴿۲۹﴾

۳۰۲	شرف الدین صاحب۔کوٹلہ فقیر	ضلع جہلم	عہ	غیر حاضر
۳۰۳	علم الدین صاحب //	//	عہ	//
۳۰۴	مولوی محمد یوسف صاحب سنور	پٹیالہ	عہ۱۳	//
۳۰۵	احمد بخش صاحب //	//	عہ۱۳	//
۳۰۶	محمد ابراہیم صاحب //	//	عہ۱۳	//
۳۰۷	امام الدین پٹواری //	حلقہ لوچپ	عہ	//
۳۰۸	غلام نبی عرف نبی بخش۔فیض اللہ چک	ضلع گورداسپور	عہ	//
۳۰۹	منشی احمد صاحب محرر باڑہ سرکاری	پٹیالہ	عہ	//
۳۱۰	مولوی محمود حسن خان صاحب مدرس	//	۴	//
۳۱۱	شیخ محمد حسین صاحب مراد آبادی	//	عہ	//
۳۱۲	مستری احمد الدین صاحب	بھیرہ	للہ	//
۳۱۳	مستری اسلام احمد	//	عہ	//
۳۱۴	میاں فیاض علی صاحب	کپورتھلہ	عہ	//
۳۱۵	میاں صاحب دین صاحب کھاریاں	ضلع گجرات	عہ	//
۳۱۶	میاں عالم دین حجام	بھیرہ	۴	//
۳۱۷	بابو کرم الٰہی صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پاگل خانہ معرفت شیخ رحمت اللہ صاحب	لاہور	صہ	//
۳۱۸	بابو غلام محمد صاحب	لدھیانہ	للہ	//

﴿۳۰﴾

بقیہ اسماء حاضرین جلسہ جوبلی

عبدالرحمٰن[۱] نومسلم جالندھری۔ سید ارشاد علی[۲] صاحبزادہ سید خصیلت علی شاہ صاحب، ڈنگہ۔ اللہ دتا[۳] ولد نور محمد کمبوہ۔ عبداللہ[۴] ولد خلیفہ رجب دین لاہور۔ غلام محمد[۵] طالب علم ڈیرہ بابا نانک۔ روشن الدین[۶] بھیرہ، اللہ ودھایا[۷] صاحب پنڈی بھٹیاں۔ شیخ احمد علی[۸]، چک بازید۔ نور محمد[۹]، ڈھونی۔ عبدالرشید[۱۰]، سیّد والہ۔ غلام قادر[۱۱]، قادیان۔ شیخ امیر[۱۲]، تھہ غلام نبی۔ غلام غوث[۱۳]، قادیان۔ گلاب ولد محکم[۱۴] احمد آباد ضلع گورداسپور۔ شاہ نواز[۱۵]، ڈنگہ۔ عیدا ولد شادی[۱۶]، قادیان۔ دین محمد[۱۷]، قادیان۔ صدر الدین[۱۸]، قادیان۔ بدھا[۱۹] قادیان۔ حسینا[۲۰]، قادیان۔ امام الدین[۲۱]، قادیان۔ خواجہ نور محمد[۲۲]، قادیان۔ حامد علی[۲۳] ارائیں، قادیان۔ میراں بخش[۲۴]، قادیان۔ لسّو[۲۵]، قادیان۔ فقیر محمد[۲۶]، فیض اللہ چک۔ شیخ محمد[۲۷]، قادیان۔ خواجہ کھیون[۲۸]، قادیان۔ شرف دین[۲۹]، قادیان۔ فتح دین[۳۰]، کہارڈلہ۔ عبداللہ[۳۱] قادیان۔ لبّھو، قادیان۔ لبّھا[۳۲] ڈوگر، کھارا۔ نتھو[۳۳]، قادیان۔ بوٹا[۳۴]، قادیان۔

نواب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ کے خط کی نقل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

طبیب روحانی مسیح الزمان مکرم معظم سلمکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم۔ حسب الحکم حضور کل حال متعلق جوبلی عرض کرتا ہوں:

۲۱و۲۲ جون یعنی دو دن جشن جوبلی کے لئے مقرر ہوئے تھے چونکہ گورنمنٹ کا حکم تھا کہ کل رسوم متعلق جوبلی ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء کو پوری کی جائیں اس لئے سب کچھ ۲۲ کو کیا جانا قرار پایا۔

ریاست مالیر کوٹلہ میں جیسے رئیس اعظم وفادار رہے ہیں ویسے ہی خوانین بھی وفادار اور عقیدت مند گورنمنٹ کے رہے ہیں اور بہت مواقع میں اس کا ثبوت دیا ہے بلکہ بعض جگہ خود لڑائی میں شریک ہوکر گورنمنٹ کی اعانت کی ہے۔ اب

﴿۳۱﴾ چونکہ لڑائی کا موقع تو جاتا رہا ہے اب بموجب حالت زمانہ ہم لوگ ہر طرح خدمت کے لئے حاضر ہیں اور ہم ایسا کیوں نہ کریں جبکہ اس گورنمنٹ کا ہم پر خاص احسان ہے وہ یہ کہ سکھوں کے عروج کے زمانہ میں سکھوں نے اس ریاست کو بہت دق کیا تھا اور اگر وقت پر جنرل اختر لونی صاحب ابر رحمت کی طرح تشریف نہ لے آتے تو یہ ریاست کبھی کی اس خاندان سے نکل کر سکھوں کے ہاتھ میں ہوتی۔ پس ہمارا خاندان تو ہر طرح گورنمنٹ کا مرہون منّت ہے۔ اور اب یہ سلسلہ بہ سبب حضور اور زیادہ مستحکم ہو گیا اور جو احسانات گورنمنٹ کے ہماری جماعت پر ہیں وہ قندمکرر کا لطف دینے لگے تو مجھ کو ضروری ہوا کہ اپنے ہمسروں سے بڑھ کر کچھ کیا جائے۔

اوّل۔ چراغانہ قریب کی مسجد پر اور اپنے رہائشی مکان پر بہت زور سے کیا گیا بلکہ ایک مکان بیرون شہر جو ایک گاؤں سروانی کوٹ نام میں میرا ہے اُس پر بھی کیا گیا کل مکانوں پر اوّل سفیدی کی گئی اور مختلف طرز پر چراغ نصب کئے گئے اور ایک دیوار پر چراغوں میں یہ عبارت لکھی گئی۔

God save our Empress

یعنی خدا تعالیٰ ہماری قیصرہ کو سلامت رکھے۔ قریباً تمام شہر سے بڑھ کر ہمارے ہاں روشنی کا اہتمام تھا۔ مگر عین وقت پر ہوا کے ہونے سے ۲۲ر کو وہ روشنی نہ ہو سکی اس لئے تمام شہر میں ۲۳ر کو روشنی ہوئی مگر اُس روز بھی ہوا کے سبب اونچی جگہ روشنی نہ ہو سکی۔

دوم۔ تین ٹرائنفل آرچ۔ ایک برسر کوچہ اور دو اپنے مکان کے سامنے بنائے گئے اور ان پر مندرجہ ذیل عبارات سنہری لکھ کر لگائی گئیں۔ اوّل برسر کوچہ ''جشن ڈائمنڈ جوبلی مبارک باد''۔ دوم اپنے رہائشی مکان کے دروازہ پر انگریزی میں Welcome یعنی خوش آمدید لکھا تھا۔ سوم دروازہ کے مقابل تیسری محراب پر لکھا تھا۔ ''قیصرہ ہند کی عمر دراز'' اور سروانی کوٹ میں بھی ایک ٹرائنفل آرچ بنائی گئی تھی۔

سوم۔ ۲۲ر جون کو شام کے چھ بجے اپنی جماعت کے اصحاب کو جمع کر کے

﴿۳۲﴾ خداوند تعالیٰ سے حضور ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے بقائے دولت اور درازی عمر اور یہ کہ جس طرح حضور ممدوحہ نے ہم پر احسان کیا ہے خداوند تعالیٰ بھی حضور ممدوحہ پر احسان کرے اور الذین آمنوا میں داخل کرے یعنی اسلام کے آفتاب سے وہ بھی فیضیاب ہوں دعا کی گئی۔

چہارم۔ میں نے ایک نوٹس اپنی جماعت کے لوگوں کو دے دیا تھا کہ سب صاحب جو کم سے کم مقدرت رکھتے ہوں وہ بھی سو چراغ سے کم نہ جلائیں اور جن کے پاس اتنا خرچ کرنے کو نہ ہو وہ مجھ سے لے لیں۔ چنانچہ پانچ اصحاب کو میں نے خرچ چراغانہ دیا اور باقیوں نے خود چراغانہ کیا۔

پنجم۔ میرے متعلق جو سروانی کوٹ میں معافیدار تھے اُن کو بھی میں نے حکم دیا کہ چراغانہ کریں۔ چنانچہ انہوں نے بھی کیا اور یہ ایسا امر ہے کہ ریاست کے اور دیہات میں غالباً ایسا نہیں ہوا۔

ششم۔ ۲۳؍جون کو اس خوشی میں آتش بازی چھوڑی گئی۔

ہفتم۔ ۲۲؍جون کی شام کو معزز احباب کی دعوت کی گئی۔

ہشتم۔ ۲۳؍کو مساکین کو غلہ اور نقد خیرات کیا گیا۔

نہم۔ ایک یادگار کے قائم کرنے کی بھی تجویز ہے۔ جب اس کی بابت فیصلہ ہوگا وہ بھی عرض کروں گا۔

راقم محمد علی خان {مالیر کوٹلہ ۲۵؍جون ۱۸۹۷ء

نوٹ۔ ہم نے اپنی طرف سے سب احباب کے نام کوشش سے درج کرا دیئے ہیں۔ اب اگر ایک دو نام رہ گئے ہوں تو سہو بشریت ہے۔

مطبوعہ ضیاء الاسلام قادیان باہتمام حکیم فضل الدین صاحب مالک مطبع
مورخہ ۲۸؍جون ۱۸۹۷ء

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ



محمودی آمین

سنہ ۱۳۱۹ھ

جلد

ڈاکٹر عباد اللہ ایم بی نے مطبع بشیر ہند ہال بازار
امرتسر میں طبع کرایا
بار ثانی

﴿۲﴾

قرآن کریم کی مدح میں عاشقانہ ترانہ اور اس امر کے بیان میں کہ قول خداوندی اور قول بشر میں فرق بیّن ہونا ضروری ہے اور اس لئے قرآن کریم لاریب قول خداوندی ہے

جمال وحسن قرآں نور جان ہر مسلمان ہے
قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے

نظیر اسکی نہیں جمتی نظر میں غور کر دیکھا
بھلا کیونکر نہ ہو یکتا کلام پاک رحماں ہے

بہار جاوداں پیدا ہے اسکی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے

کلام پاک یزداں کا کوئی ثانی نہیں ہرگز
اگر لولوئے عماں ہے وگر لعلِ بدخشاں ہے

خدا کے قول سے قول بشر کیونکر برابر ہو
وہاں قدرت یہاں درماندگی فرق نمایاں ہے

ملائک جس کی حضرت میں کریں اقرار لاعلمی
سخن میں اسکے ہمتائی کہاں مقدور انساں ہے

بنا سکتا نہیں اک پاؤں کیڑے کا بشر ہرگز
تو پھر کیونکر بنانا نور حق کا اس پہ آساں ہے

ارے لوگو کرو کچھ پاس شان کبریائی کا
زباں کو تھام لو اب بھی اگر کچھ بوئے ایماں ہے

خدا سے غیر کو ہمتا بنانا سخت کفراں ہے
خدا سے کچھ ڈرو یارو یہ کیسا کذب وبہتاں ہے

اگر اقرار ہے تم کو خدا کی ذات واحد کا
تو پھر کیوں اس قدر دل میں تمہارے شرک پنہاں ہے

یہ کیسے پڑ گئے دل پر تمہارے جہل کے پردے
خطا کرتے ہو باز آؤ اگر کچھ خوف یزداں ہے

ہمیں کچھ کیں نہیں بھائیو نصیحت ہے غریبانہ
کوئی جو پاک دل ہووے دل وجاں اس پہ قرباں ہے

دیگر

نور فرقاں ہے جو سب نوروں سے اَجلیٰ نکلا
پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا

حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودہ
ناگہاں غیب سے یہ چشمۂ اصفیٰ نکلا

یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا

سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفان کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا ﴿۳﴾

کس سے اُس نور کی ممکن ہو جہاں میں تشبیہ
وہ تو ہر بات میں ہر وصف میں یکتا نکلا

پہلے سمجھے تھے کہ موسیٰ کا عصا ہے فرقاں
پھر جو سوچا تو ہر ایک لفظ مسیحا نکلا

ہے قصور اپنا ہی اندھوں کا وگرنہ وہ نور
ایسا چمکا ہے کہ صد نیر بیضا نکلا

زندگی ایسوں کی کیا خاک ہے اس دنیا میں
جن کا اس نور کے ہوتے بھی دل اعمیٰ نکلا

جلنے سے آگے ہی یہ لوگ تو جل جاتے ہیں
جن کی ہر بات فقط جھوٹ کا پتلا نکلا

محمود کی آمین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

حمد و ثنا اُسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اُس کا کوئی نہ کوئی ثانی

باقی وہی ہمیشہ غیر اُس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی

سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں میرے یہی ہے سُبۡحَانَ مَنۡ یَّرَانِیۡ

ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اُسکی عظمت
لرزاں ہیں اہل قربت کروبیوں پہ ہیبت

ہے عام اُس کی رحمت کیونکر ہو شکر نعمت
ہم سب ہیں اسکی صنعت اس سے کرو محبت

غیروں سے کرنا اُلفت کب چاہے اُسکی غیرت
یہ روز کر مبارک سُبۡحَانَ مَنۡ یَّرَانِیۡ

جو کچھ ہمیں ہے راحت سب اُسکی جود و منّت
اُس سے ہے دل کی بیعت دل میں ہے اُسکی عظمت

بہتر ہے اُسکی طاعت طاعت میں ہے سعادت
یہ روز کر مبارک سُبۡحَانَ مَنۡ یَّرَانِیۡ

سب کا وہی سہارا رحمت ہے آشکارا
ہم کو وہی پیارا دلبر وہی ہمارا

اُس بن نہیں گذارا غیر اُس کے جھوٹ سارا
یہ روز کر مبارک سُبۡحَانَ مَنۡ یَّرَانِیۡ

﴿۴﴾ یارب ہے تیرا احساں میں تیرے در پہ قرباں
تونے دیا ہے ایماں تو ہر زماں نگہباں

تیرا کرم ہے ہر آں تو ہے رحیم و رحماں
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

کیونکر ہو شکر تیرا تیرا ہے جو ہے میرا
تونے ہر اک کرم سے گھر بھر دیا ہے میرا

جب تیرا نور آیا جاتا رہا اندھیرا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تونے یہ دن دکھایا محمود پڑھ کے آیا
دل دیکھ کر یہ احساں تیری ثنائیں گایا

صد شکر ہے خدایا صد شکر ہے خدایا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

ہو شکر تیرا کیونکر اے میرے بندہ پرور
تونے مجھے دیئے ہیں یہ تین تیرے چاکر

تیرا ہوں میں سراسر تو میرا رب اکبر
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

ہے آج ختم قرآں نکلے ہیں دل کے ارماں
تونے دکھایا یہ دن میں تیرے منہ کے قرباں

اے میرے رب محسن کیونکر ہو شکر احساں
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تیرا یہ سب کرم ہے تو رحمت اتم ہے
کیونکر ہو حمد تیری کب طاقت قلم ہے

میں تیرا ہوں ہمیشہ جب تک کہ دم میں دم ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اے قادر و توانا آفات سے بچانا
ہم تیرے در پہ آئے ہم نے ہے تجھ کو مانا

غیروں سے دل غنی ہے جب سے کہ تجھ کو جانا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

احقر کو میرے پیارے اک دم نہ دور کرنا
بہتر ہے زندگی سے تیرے حضور مرنا

واللہ خوشی سے بہتر غم سے تیرے گذرنا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

سب کام تو بنائے لڑکے بھی تجھ سے پائے
سب کچھ تیری عطا ہے گھر سے تو کچھ نہ لائے

تونے ہی میرے جانی خوشیوں کے دن دکھائے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

یہ تین جو پسر ہیں تجھ سے ہی یہ ثمر ہیں
یہ میرے بار و بر ہیں تیرے غلام در ہیں

تو سچے وعدوں والا منکر کہاں کدھر ہیں ﴿۵﴾ یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
کر انکو نیک قسمت دے انکو دین و دولت کر انکی خود حفاظت ہو ان پر تیری رحمت
دے رشد اور ہدایت اور عمر اور عزت یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
اے میرے بندہ پرور کر انکو نیک اختر رتبہ میں ہوں یہ برتر اور بخش تاج و افسر
تو ہے ہمارا رہبر تیرا نہیں ہے ہمسر یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
شیطاں سے دور رکھیو اپنے حضور رکھیو جاں پر ز نور رکھیو دل میں سرور رکھیو
ان پر میں تیرے قرباں رحمت ضرور رکھیو یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
میری دعائیں ساری کریو قبول باری میں جاؤں تیرے واری کرتو مدد ہماری
ہم تیرے در پہ آئے لے کر امید بھاری یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
لخت جگر ہے میرا محمود بندہ تیرا دے اسکو عمر و دولت کر دور ہر اندھیرا
دن ہوں مرادوں والے پرنور ہو سویرا یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
اسکے ہیں دو برادر انکو بھی رکھیو خوشتر تیرا بشیر احمد۔ تیرا شریف اصغر
کر فضل سب پہ یکسر رحمت سے کر معطر یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
یہ تینوں تیرے بندے رکھیو نہ انکو گندے کر ان سے دور یارب دنیا کے سارے پھندے
چنگے رہیں ہمیشہ کریو نہ ان کو مندے یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
اے میرے دل کے پیارے اے مہرباں ہمارے کر انکے نام روشن جیسے کہ ہیں ستارے
یہ فضل کر کہ ہوویں نیکو گہر یہ سارے یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
اے میری جاں کے جانی اے شاہ دو جہانی کر ایسی مہربانی ان کا نہ ہووے ثانی
دے بخت جاودانی اور فیض آسمانی یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

﴿۶﴾ سُن میرے پیارے باری میری دعائیں ساری
رحمت سے انکو رکھنا میں تیرے منہ کے واری

اپنی پنہ میں رکھیو سن کر یہ میری زاری
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اے واحد و یگانہ اے خالق زمانہ
میری دعائیں سن لے اور عرض چاکرانہ

تیرے سپرد تینوں دیں کے قمر بنانا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

فکروں میں دل حزیں ہے جاں درد سے قریں ہے
جو صبر کی تھی طاقت اب مجھ میں وہ نہیں ہے

ہر غم سے دور رکھنا تو ربّ عالمیں ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اقبال کو بڑھانا اب فضل لے کے آنا
ہر رنج سے بچانا دکھ درد سے چھڑانا

خود میرے کام کرنا یا رب نہ آزمانا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

یہ تینوں تیرے چاکر ہوویں جہاں کے رہبر
یہ ہادی جہاں ہوں یہ ہوویں نور یکسر

یہ مرجع شہاں ہوں یہ ہوویں مہر انور
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اہل وقار ہوویں فخر دیار ہوویں
حق پر نثار ہوویں مولیٰ کے یار ہوویں

بابرگ و بار ہوویں اک سے ہزار ہوویں
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تو ہے جو پالتا ہے ہر دم سنبھالتا ہے
غم سے نکالتا ہے دردوں کو ٹالتا ہے

کرتا ہے پاک دل کو حق دل میں ڈالتا ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تو نے سکھایا فرقاں جو ہے مدار ایماں
جس سے ملے ہے عرفاں اور دور ہووے شیطاں

یہ سب ہے تیرا احساں تجھ پر نثار ہو جاں
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تیرا نبی جو آیا اس نے خدا دکھایا
دین قویم لایا بدعات کو مٹایا

حق کی طرف بلایا مل کر خدا ملایا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

قرباں ہیں تجھ پہ سارے جو ہیں میرے پیارے
احساں ہیں تیرے بھارے گن گن کے ہم تو ہارے

دلؔ خوں ہیں غم کے مارے کشتی لگا کنارے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ ﴿۷﴾

اس دل میں تیرا گھر ہے تیری طرف نظر ہے
تجھ سے میں ہوں منور میرا تو تو قمر ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تجھ پر میرا توکل در پر تیرے یہ سر ہے
تن خاک میں ملایا جاں پر وبال آیا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

جب تجھ سے دل لگایا سو سو ہے غم اٹھایا
پر شکر اے خدایا جاں کھو کے تجھ کو پایا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

دیکھا ہے تیرا منہ جب چمکا ہے ہم پہ کوکب
مقصود مل گیا سب ہے جام اب لبالب
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

تیرے کرم سے یارب میرا بر آیا مطلب
تیرے کرم نے پیارے یہ مہرباں بلائے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

احباب سارے آئے تو نے یہ دن دکھائے
یہ دن چڑھا مبارک مقصود جسمیں پائے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

مہماں جو کر کے الفت آئے بصد محبت
دل کو ہوئی ہے فرحت اور جاں کو میری راحت
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

پر دل کو پہنچے غم جب یاد آئے وقت رخصت
گر سو برس رہا ہے آخر کو پھر جدا ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

دنیا بھی اک سرا ہے بچھڑیگا جو ملا ہے
شکوہ کی کچھ نہیں جا یہ گھر ہی بے بقا ہے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اے دوستو پیارو عقبیٰ کو مت بسارو
کچھ زادِ راہ لے لو کچھ کام میں گذارو
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

دنیا ہے جائے فانی دل سے اسے اتارو
رغبت ہٹاؤ اس سے بس دور جاؤ اس سے
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

جی مت لگاؤ اس سے دل کو چھڑاؤ اس سے
جو اسکے پڑھنے والے ان پر خدا کے فیضاں
یہ روز ہے مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

یارو یہ اژدہا ہے جاں کو بچاؤ اس سے
قرآں کتابِ رحماں سکھائے راہِ عرفاں
ان پر خدا کی رحمت جو اس پہ لائے ایماں

﴿۸﴾

ہے چشمۂ ہدایت جس کو ہو یہ عنایت | یہ ہیں خدا کی باتیں ان سے ملے ولایت
یہ نور دل کو بخشے دل میں کرے سرایت | یہ روز ہے مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ
قرآں کو یاد رکھنا پاک اعتقاد رکھنا | فکر معاد رکھنا پاس اپنے زاد رکھنا
اکسیر ہے پیارے صدق و سداد رکھنا | یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

اٰمِیْن

اشعار حافظ احمد اللہ خان صاحب

لبوں پر جسکے جاری یہ کلام پاک رحماں ہے | رگ وریشہ میں اسکے نور اس خالق کا پنہاں ہے
تعجب ہے کہ لوگوں کو کلام اللہ کے ہوتے | ہوا و حرص نفسانی سے اے بی سی کا خفگان ہے
ہے اس میں ذکر اگلوں کا خبر ہے اس میں پچھلوں کی | خصومت میں اسی کا قول فیصل ہے یہ فرقاں ہے
فتن جس وقت ہوتے ہیں اندھیری رات کی مانند | یہ اس اندھیر میں مہر درخشاں ماہ تاباں ہے
عرب کے وحشیوں کو کر دیا اس نے شہ دوراں | عرب کیا کل زمانہ پر اسی کا فضل واحساں ہے
حقائق اور معارف وہ امام وقت نے کھولے | تغافل جس نے قرآں سے کیا تھا اب وہ حیراں ہے
مقدم اسکے پڑھنے کو کرو تم سب کتابوں پر | کہ ہر اک خیر و برکت کا یہیں موجود ساماں ہے
ہوا باہر جو قرآں کا عمل اس پر کیا جس نے | بلاشک دو جہاں میں وہ بڑا محمود انساں ہے

یہیں کھلتے ہیں عقدے آ کے قرآں اور حدیثوں کے
وہ آئے قادیاں میں جسکے دل میں کوئی ارماں ہے

اشتہار کتب:۔ مفصلہ ذیل کتب بھی علاوہ اس رسالہ کے مشتہر کے پاس برائے فروخت موجود ہیں جو بذریعہ وی پی یا پیشگی قیمت نقد آنے پر روانہ کی جاتی ہیں۔ ایقاظ النائمین[۱]، شہادۃ القرآن[۲]، نور القرآن[۳] حصہ ۱، رسالہ ست بچن، آریہ دھرم۔ پچاس درخواستوں کے آنے پر بار ثانی طبع کرایا جاوے گا۔ دس کی درخواستیں آ چکی ہیں۔

المشتہر
ڈاکٹر عباد اللہ ایم۔بی کٹڑہ جیمل سنگھ امرتسر

ٹائیٹل بار اول

سراج الدین

عیسائی

کے چار سوالون کا

جواب

سنہ ۱۸۹۷ء

۲۲ جون

مطبع ضیاء الاسلام قادیان مین باہتمام حکیم فضل دین صاحب

کے چھپا

قیمت ۲ر

تعداد ۷۰۰

﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ

ایک صاحب سراج الدین نام عیسائی نے لاہور سے چار سوال بغرض طلب جواب میری طرف بھیجے ہیں۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ فائدہ عام کے لئے ان کا جواب لکھ کر شائع کردوں لہٰذا ہر چہار سوال معہ جواب ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

سوال۔۱۔ ''عیسائی عقائد کے مطابق مسیح کا مشن اس دنیا میں بنی نوع انسان کی محبت کے لئے آنا اور نوع انسان کی خاطر اپنے تئیں قربان کردینا تھا۔ کیا بانی اسلام کا مشن ان دونوں معنوں میں ظاہر ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔ یا محبت اور قربانی کے علاوہ کسی اور بہتر الفاظ میں اس مشن کو ظاہر کرسکتے ہیں''؟

الجواب۔ واضح ہو کہ اس سوال سے اصل مطلب سائل کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح عیسائیوں کے خیال کے موافق دنیا میں یسوع مسیح اس لئے آیا تھا کہ گنہگاروں سے محبت کرکے ان کے گناہوں کی لعنت اپنے سر پر لیوے اور پھر ان ہی گناہوں کی وجہ سے مارا جائے۔ کیا اس **لعنتی قربانی** کا کوئی نمونہ گنہگاروں کی نجات کے لئے قرآن بھی پیش کرتا ہے یا نہیں؟ اور اگر نہیں پیش کرتا تو کیا اس سے کوئی بہتر طریق انسانوں کی نجات کے لئے قرآن نے پیش کیا ہے؟ سو اس کے جواب میں میاں سراج الدّین صاحب کو معلوم ہو کہ قرآن کوئی لعنتی قربانی پیش

﴿۲﴾ نہیں کرتا۔ بلکہ ہرگز جائز نہیں رکھتا کہ ایک کا گناہ یا ایک کی لعنت کسی دوسرے پر ڈالی جائے چہ جائیکہ کروڑہا لوگوں کی لعنتیں اکٹھی کر کے ایک کے گلے میں ڈال دی جائیں۔ قرآن شریف صاف فرماتا ہے کہ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی[1]۔ یعنی ایک کا بوجھ دوسرا نہیں اٹھائے گا۔ لیکن قبل اسکے جو میں مسئلہ نجات کے متعلق قرآنی ہدایت بیان کروں مناسب دیکھتا ہوں کہ عیسائیوں کے اس اصول کی غلطی لوگوں پر ظاہر کردوں۔ تا وہ شخص جو اس مسئلہ میں قرآن اور انجیل کی تعلیم کا مقابلہ کرنا چاہتا ہے وہ آسانی سے مقابلہ کر سکے۔

پس واضح ہو کہ عیسائیوں کا یہ اصول کہ خدا نے دنیا سے پیار کر کے دنیا کو نجات دینے کے لئے یہ انتظام کیا کہ نافرمانوں اور کافروں اور بدکاروں کا گناہ اپنے پیارے بیٹے یسوع پر ڈال دیا اور دنیا کو گناہ سے چھڑانے کے لئے اس کو لعنتی بنایا اور لعنت کی لکڑی سے لٹکایا۔ یہ اصول ہر ایک پہلو سے فاسد اور قابل شرم ہے۔ اگر میزان **عدل** کے لحاظ سے اس کو جانچا جائے تو صریح یہ بات ظلم کی صورت میں ہے کہ زید کا گناہ بکر پر ڈال دیا جائے۔ انسانی کانشنس اس بات کو ہرگز پسند نہیں کرتا کہ ایک مجرم کو چھوڑ کر اس مجرم کی سزا غیر مجرم کو دی جائے اور اگر روحانی فلاسفی کے رو سے گنہ کی حقیقت پر غور کی جائے تو اس تحقیق کے رو سے بھی یہ عقیدہ فاسد ٹھہرتا ہے کیونکہ گناہ درحقیقت ایک ایسا زہر ہے جو اس وقت پیدا ہوتا ہے کہ جب انسان خدا کی اطاعت اور خدا کی پرجوش محبت اور **محبّانہ** یاد الٰہی سے محروم اور بے نصیب ہو۔ اور جیسا کہ ایک درخت جب زمین سے اکھڑ جائے اور پانی چوسنے کے قابل نہ رہے تو وہ دن بدن خشک ہونے لگتا ہے اور اس کی تمام سرسبزی برباد ہو جاتی ہے۔ یہی حال اس انسان کا ہوتا ہے جس کا دل خدا کی محبت سے اکھڑا ہوا ہوتا ہے۔ پس خشکی کی طرح گناہ اس پر غلبہ کرتا ہے۔ سو اس خشکی کا علاج خدا کے قانون قدرت میں تین طور سے ہے۔ (۱) ایک محبت (۲) استغفار جس کے

[1] بنی اسرائیل:۱۶

﴿۳﴾ معنے ہیں دبانے اور ڈھانکنے کی خواہش۔ کیونکہ جب تک مٹی میں درخت کی جڑ جمی رہے تب تک وہ سرسبزی کا امیدوار ہوتا ہے۔ (۳) تیسرا علاج توبہ ہے۔ یعنی زندگی کا پانی کھینچنے کے لئے تذلّل کے ساتھ خدا کی طرف پھرنا اور اس سے اپنے تئیں نزدیک کرنا اور معصیت کے حجاب سے اعمال صالحہ کے ساتھ اپنے تئیں باہر نکالنا۔ اور توبہ صرف زبان سے نہیں ہے بلکہ توبہ کا کمال اعمال صالحہ کے ساتھ ہے۔ تمام نیکیاں توبہ کی تکمیل کے لئے ہیں کیونکہ سب سے مطلب یہ ہے کہ ہم خدا سے نزدیک ہو جائیں۔ دعا بھی توبہ ہے کیونکہ اس سے بھی ہم خدا کا قرب ڈھونڈتے ہیں اسی لئے خدا نے انسان کی جان کو پیدا کر کے اس کا نام روح رکھا کیونکہ اس کی حقیقی راحت اور آرام خدا کے اقرار اور اس کی محبت اور اس کی اطاعت میں ہے۔ اور اس کا نام نفس رکھا☆ کیونکہ وہ خدا سے اتحاد پیدا کرنیوالا ہے۔ خدا سے دل لگانا ایسا ہوتا ہے جیسا کہ باغ میں وہ درخت ہوتا ہے جو باغ کی زمین سے خوب پیوستہ ہوتا ہے۔ یہی انسان کا جنت ہے۔ اور جس طرح درخت زمین کے پانی کو چوستا اور اپنے اندر کھینچتا اور اس سے اپنے زہریلے بخارات باہر نکالتا ہے اسی طرح انسان کے دل کی حالت ہوتی ہے کہ وہ خدا کی محبت کا پانی چوس کر زہریلے مواد کے نکالنے پر قوت پاتا ہے اور بڑی آسانی سے ان مواد کو دفع کرتا ہے اور خدا میں ہو کر پاک نشو ونما پاتا جاتا ہے اور بہت پھیلتا اور خوشنما سرسبزی دکھلاتا اور اچھے پھل لاتا ہے مگر جو خدا میں پیوستہ نہیں وہ نشو ونما دینے والے پانی کو چوس نہیں سکتا اس لئے دم بدم خشک ہوتا چلا جاتا ہے آخر پتے بھی گر جاتے ہیں اور خشک اور بدشکل ٹہنیاں رہ جاتی ہیں۔ پس چونکہ گناہ کی خشکی بے تعلقی سے پیدا ہوتی ہے اس لئے اس خشکی کے دور کرنے کے لئے سیدھا علاج **مستحکم تعلق** ہے جس پر قانون قدرت گواہی دیتا ہے۔ اسی کی طرف اللہ جلّ شانہٗ اشارہ کر کے فرماتا ہے یٰٓاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ

☆ نوٹ: نفس لغت میں عین شے کے معنے رکھتا ہے۔ منہ

﴿۴﴾ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ[1] یعنی اے وہ نفس جو خدا سے آرام یافتہ ہے اپنے رب کی طرف واپس چلا آ وہ تجھ سے راضی اور تو اس سے راضی پس میرے بندوں میں داخل ہو جا اور میرے بہشت کے اندر آ۔

غرض گناہ کے دور کرنے کا علاج صرف خدا کی محبت اور عشق ہے۔ لہٰذا وہ تمام اعمال صالحہ جو محبت اور عشق کے سرچشمہ سے نکلتے ہیں گناہ کی آگ پر پانی چھڑکتے ہیں کیونکہ انسان خدا کے لئے نیک کام کر کے اپنی محبت پر مہر لگاتا ہے۔ خدا کو اس طرح پر مان لینا کہ اس کو ہر ایک چیز پر مقدم رکھنا یہاں تک کہ اپنی جان پر بھی۔ یہ وہ پہلا مرتبہ محبت ہے جو درخت کی اس حالت سے مشابہ ہے جبکہ وہ زمین میں لگایا جاتا ہے اور پھر دوسرا مرتبہ استغفار جس سے یہ مطلب ہے کہ خدا سے الگ ہو کر انسانی وجود کا پردہ نہ کھل جائے اور یہ مرتبہ درخت کی اس حالت سے مشابہ ہے جبکہ وہ زور کر کے پورے طور پر اپنی جڑ زمین میں قائم کر لیتا ہے۔ اور پھر تیسرا مرتبہ توبہ جو اس حالت کے مشابہ ہے کہ جب درخت اپنی جڑیں پانی سے قریب کر کے بچہ کی طرح اس کو چوستا ہے۔ غرض گناہ کی فلاسفی یہی ہے کہ وہ خدا سے جدا ہو کر پیدا ہوتا ہے لہٰذا اس کا دور کرنا خدا کے تعلق سے وابستہ ہے۔ پس وہ کیسے نادان لوگ ہیں جو کسی کی خودکشی کو گناہ کا علاج کہتے ہیں۔

یہ ہنسی کی بات ہے کہ کوئی شخص دوسرے کے سر درد پر رحم کر کے اپنے سر پر پتھر مار لے یا دوسرے کے بچانے کے خیال سے خودکشی کر لے۔ میرے خیال میں ہے کہ دنیا میں کوئی ایسا دانا نہیں ہوگا کہ ایسی خودکشی کو انسانی ہمدردی میں خیال کر سکے۔ بیشک انسانی ہمدردی عمدہ چیز ہے اور دوسروں کے بچانے کیلئے تکالیف اٹھانا بڑے بہادروں کا کام ہے مگر کیا ان تکلیفوں کے اٹھانے کی یہی راہ ہے جو یسوع کی نسبت بیان کیا جاتا ہے۔ کاش اگر یسوع خودکشی سے

[1] الفجر: ۲۸ تا ۳۱

﴿۵﴾ اپنے تئیں بچاتا اور دوسروں کے آرام کیلئے معقول طور پر عقلمندوں کی طرح تکلیفیں اٹھاتا تو اسکی ذات سے دنیا کو فائدہ پہنچ سکتا تھا۔ مثلاً اگر ایک غریب آدمی گھر کا محتاج ہے اور معمار لگانے کی طاقت نہیں رکھتا تو اس صورت میں اگر ایک معمار اس پر رحم کر کے اس کا گھر بنانے میں مشغول ہو جائے اور بغیر لینے اُجرت کے چند روز سخت مشقت اٹھا کر اس کا گھر بنا دیوے تو بیشک یہ معمار تعریف کے قابل ہوگا۔ اور بیشک اس نے ایک مسکین پر احسان بھی کیا ہے جس کا گھر بنا دیا لیکن اگر وہ اس شخص پر رحم کر کے اپنے سر پر پتھر مار لے تو اس غریب کو اس سے کیا فائدہ پہنچے گا۔ افسوس دنیا میں بہت تھوڑے لوگ ہیں جو نیکی اور رحم کرنے کے معقول طریقوں پر چلتے ہیں۔ اگر یہ سچ ہے کہ یسوع نے اس خیال سے کہ میرے مرنے سے لوگ نجات پا جائیں گے درحقیقت خودکشی کی ہے تو یسوع کی حالت نہایت ہی لائق رحم ہے اور یہ واقعہ پیش کرنے کے لائق نہیں بلکہ چھپانے کے لائق ہے۔

اور اگر ہم عیسائیوں کے اس اصول کو لعنت کے مفہوم کے رو سے جانچیں جو مسیح کی نسبت تجویز کی گئی ہے تو نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس اصول کو قائم کر کے عیسائیوں نے یسوع مسیح کی وہ بے ادبی کی ہے جو دنیا میں کسی قوم نے اپنے رسول یا نبی کی نہیں کی ہوگی کیونکہ یسوع کا لعنتی ہو جانا گو وہ تین دن کے لئے ہی سہی عیسائیوں کے عقیدہ میں داخل ہے۔ اور اگر یسوع کو لعنتی نہ بنایا جائے تو مسیحی عقیدہ کے رو سے کفارہ اور قربانی وغیرہ سب باطل ہو جاتے ہیں گویا اس تمام عقیدہ کا شہتیر لعنت ہی ہے۔

اور یہ باتیں جو یسوع نوع انسان کی محبت کیلئے دنیا میں بھیجا گیا اور نوع انسان کی خاطر اس نے اپنے تئیں قربان کیا۔ یہ تمام کارروائی عیسائیوں کے خیال میں اس شرط سے مفید ہے کہ جب یہ عقیدہ رکھا جائے کہ یسوع اوّل دنیا کے گناہوں کے باعث ملعون ہوا اور

﴿۶﴾ لعنت کی لکڑی پر لٹکایا گیا۔ اسی لئے ہم پہلے اشارہ کر آئے ہیں کہ یسوع مسیح کی قربانی لعنتی قربانی ہے۔ گناہ سے لعنت آئی اور لعنت سے صلیب ہوئی۔ اب تنقیح طلب یہ امر ہے کہ کیا لعنت کا مفہوم کسی راستباز کی طرف منسوب کر سکتے ہیں؟ سو واضح ہو کہ عیسائیوں نے یہ بڑی غلطی کی ہے کہ یسوع کی نسبت لعنت کا اطلاق جائز رکھا۔ گو وہ تین دن تک ہی ہو یا اس سے بھی کم کیونکہ لعنت ایک ایسا مفہوم ہے جو شخص ملعون کے دل سے تعلق رکھتا ہے اور کسی شخص کو اس وقت لعنتی کہا جاتا ہے جبکہ اس کا دل خدا سے بالکل برگشتہ اور اس کا دشمن ہو جائے اسی لئے لعین شیطان کا نام ہے۔ اور اس بات کو کون نہیں جانتا کہ لعنت قرب کے مقام سے ردّ کرنے کو کہتے ہیں اور یہ لفظ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جس کا دل خدا کی محبت اور اطاعت سے دور جا پڑے اور درحقیقت وہ خدا کا دشمن ہو جائے۔ لفظ لعنت کے یہی معنے ہیں جس پر تمام اہل لغت نے اتفاق کیا ہے۔ اب ہم پوچھتے ہیں کہ اگر درحقیقت یسوع مسیح پر لعنت پڑ گئی تھی تو اس سے لازم آتا ہے کہ درحقیقت وہ مورد غضب الٰہی ہو گیا تھا۔ اور خدا کی معرفت اور اطاعت اور محبت اس کے دل سے جاتی رہی تھی اور خدا اس کا دشمن اور وہ خدا کا دشمن ہو گیا تھا اور خدا اس سے بیزار اور وہ خدا سے بیزار ہو گیا تھا جیسا کہ لعنت کا مفہوم ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ وہ لعنت کے دنوں میں درحقیقت کافر اور خدا سے برگشتہ اور خدا کا دشمن اور شیطان کا حصہ اپنے اندر رکھتا تھا۔ پس یسوع کی نسبت ایسا اعتقاد کرنا گویا نعوذ باللہ اس کو شیطان کا بھائی بنانا ہے اور میرے خیال میں ایک راستباز نبی کی نسبت ایسی بے باکی کوئی خدا ترس نہیں کرے گا بجز اس شخص کے جو خبیث طبع اور ناپاک طبع ہو۔

پس جبکہ یہ بات باطل ہوئی کہ حقیقی طور پر یسوع مسیح کا دل مورد لعنت ہو گیا تھا۔ پس ساتھ ہی یہ بھی ماننا پڑے گا کہ ایسی لعنتی قربانی بھی باطل اور نادان لوگوں کا اپنا منصوبہ ہے۔

﴿۷﴾ اگر نجات اسی طرح حاصل ہوسکتی ہے کہ اوّل یسوع کو شیطان اور خدا سے برگشتہ اور خدا سے بیزار ٹھہرایا جائے تو لعنت ہے ایسی نجات پر!!! اس سے بہتر تھا کہ عیسائی اپنے لئے دوزخ قبول کر لیتے لیکن خدا کے ایک مقرب کو شیطان کا لقب نہ دیتے۔ افسوس کہ ان لوگوں نے کیسی بیہودہ اور ناپاک باتوں پر بھروسہ کر رکھا ہے۔ ایک طرف تو خدا کا بیٹا اور خدا سے نکلا ہوا۔ اور خدا سے ملا ہوا فرض کرتے ہیں اور دوسری طرف شیطان کا لقب اس کو دیتے ہیں کیونکہ لعنت شیطان سے مخصوص ہے اور لعین شیطان کا نام ہے اور لعنتی وہ ہوتا ہے جو شیطان سے نکلا اور شیطان سے ملا ہوا اور خود شیطان ہے۔ پس عیسائیوں کے عقیدہ کے رو سے یسوع میں دو۲ قسم کی تثلیث پائی گئی۔ ایک رحمانی اور ایک شیطانی۔ اور نعوذ باللہ یسوع نے شیطان میں ہو کر شیطان کے ساتھ اپنا وجود ملایا اور لعنت کے ذریعہ سے شیطانی خواص اپنے اندر لئے یعنی یہ کہ خدا کا نافرمان ہوا، خدا سے بیزار ہوا، خدا کا دشمن ہوا۔ اب میاں سراج الدین آپ انصافاً فرماویں کہ کیا یہ مشن جو مسیح کی طرف منسوب کیا جاتا ہے کوئی روحانی یا معقولی پاکیزگی اپنے اندر رکھتا ہے؟ کیا دنیا میں اس سے بدتر کوئی اور عقیدہ بھی ہوگا کہ ایک راستباز کو اپنی نجات کے لئے خدا کا دشمن اور خدا کا نافرمان اور شیطان قرار دیا جائے؟ خدا کو جو قادر مطلق اور رحیم وکریم تھا اس لعنتی قربانی کی کیا ضرورت پڑی؟

پھر جب اس اصول کو اس پہلو سے دیکھا جائے کہ کیا اس لعنتی قربانی کی تعلیم یہودیوں کو بھی دی گئی ہے یا نہیں تو اور بھی اس کے کذب کی حقیقت کھلتی ہے کیونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ اگر خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں انسانوں کی نجات کیلئے صرف یہی ایک ذریعہ تھا کہ اس کا ایک بیٹا ہو اور وہ تمام گنہ گاروں کی لعنت کو اپنے ذمہ لے لے اور پھر لعنتی قربانی بن کر صلیب پر کھینچا جائے تو یہ امر ضروری تھا کہ یہودیوں کیلئے توریت اور دوسری کتابوں

﴿۸﴾ میں جو یہودیوں کے ہاتھ میں ہیں اس لعنتی قربانی کا ذکر کیا جاتا کیونکہ کوئی عقلمند اس بات کو باور نہیں کرسکتا کہ خدا کا وہ ازلی ابدی قانون جو انسانوں کی نجات کے لئے اس نے مقرر کر رکھا ہے ہمیشہ بدلتا رہے اور توریت کے زمانہ میں کوئی اور ہو اور انجیل کے زمانہ میں کوئی اور قرآن کے زمانہ میں کوئی اور ہو اور دوسرے نبی جو دنیا کے اور حصوں میں آئے ان کے لئے کوئی اور ہو۔ اب ہم جب تحقیق اور تفتیش کی نظر سے دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ توریت اور یہودیوں کی تمام کتابوں میں اس لعنتی قربانی کی تعلیم نہیں ہے چنانچہ ہم نے ان دنوں میں بڑے بڑے یہودی فاضلوں کی طرف خط لکھے اور ان کو خدا تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھا کہ انسانوں کی نجات کے لئے توریت اور دوسری کتابوں میں تمہیں کیا تعلیم دی گئی ہے؟ کیا یہ تعلیم دی گئی ہے کہ خدا کے بیٹے کے کفارہ اور اس کی قربانی پر ایمان لاؤ؟ یا کوئی اور تعلیم ہے؟ تو انہوں نے یہ جواب دیا کہ نجات کے بارے میں توریت کی تعلیم بالکل قرآن کے مطابق ہے یعنی خدا کی طرف سچا رجوع کرنا اور گناہوں کی معافی چاہنا اور جذبات نفسانیہ سے دور ہو کر خدا کی رضا کے لئے نیک اعمال بجالانا اور اس کے حدود اور قوانین اور احکام اور وصیتوں کو بڑے زور اور سختی کشی کے ساتھ بجالانا یہی ذریعہ نجات ہے جو بار بار توریت میں ذکر کیا گیا جس پر ہمیشہ خدا کے مقدس نبی پابندی کراتے چلے آئے ہیں اور جس کے چھوڑنے پر عذاب بھی نازل ہوتے رہے ہیں۔ اور ان فاضل یہودیوں نے صرف یہی نہیں کیا کہ اپنی مفصل چٹھیات سے مجھ کو جواب دیا بلکہ انہوں نے اپنے محقق فاضلوں کی نادر اور بے مثل کتابیں جو اس بارے میں لکھی گئی تھیں میرے پاس بھیج دیں جو اب تک موجود ہیں اور چٹھیات بھی موجود ہیں۔ جو شخص دیکھنا چاہے میں دکھا سکتا ہوں اور ارادہ رکھتا ہوں کہ ایک مفصل کتاب میں وہ سب اسناد درج کردوں۔

اب ایک عقلمند کو نہایت انصاف اور دل کی صفائی کے ساتھ سوچنا چاہیے کہ اگر

﴿۹﴾ یہی بات سچ ہوتی کہ خدا تعالیٰ نے یسوع مسیح کو اپنا بیٹا قرار دے کر اور غیروں کی لعنت اس پر ڈال کر پھر اس لعنتی قربانی کو لوگوں کی نجات کیلئے ذریعہ ٹھہرایا تھا اور یہی تعلیم یہودیوں کو ملی تھی تو کیا سبب تھا کہ یہودیوں نے آج تک اس تعلیم کو پوشیدہ رکھا اور بڑے اصرار سے اس کے دشمن رہے اور یہ اعتراض اور بھی قوت پاتا ہے جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ یہودیوں کی تعلیم کو تازہ کرنے کے لئے ساتھ ساتھ نبی بھی چلے آئے تھے۔ اور حضرت موسیٰ نے کئی لاکھ انسانوں کے سامنے توریت کی تعلیم کو بیان کیا تھا۔ پھر کیونکر ممکن تھا کہ یہودی لوگ ایسی تعلیم کو جو متواتر نبیوں سے ہوتی آئی بھلا دیتے حالانکہ ان کو حکم تھا کہ خدا کے احکام اور وصایا کو اپنی چوکھٹوں اور دروازوں اور آستینوں پر لکھیں اور بچوں کو سکھائیں اور خود حفظ کریں۔ اب کیا یہ بات سمجھ آ سکتی ہے یا کسی کا پاک کانشنس یہ گواہی دے سکتا ہے کہ باوجود اتنی نگہداشت کے سامانوں کے تمام فرقے یہود کے توریت کی اس پیاری تعلیم کو بھول گئے جس پر ان کی نجات کا مدار تھا۔ یہودی نہ آج سے بلکہ قدیم سے یہ کہتے چلے آئے ہیں کہ توریت میں وہی باتیں ذریعہ نجات بتلائی گئی ہیں جو قرآن میں ذریعہ نجات بتلائی گئی ہیں چنانچہ قرآن شریف کے وقت میں بھی انہوں نے یہی گواہی دی اور اب بھی یہی گواہی دیتے ہیں۔ اور اسی مضمون کی ان کی چٹھیاں اور نیز کتابیں میرے پاس پہنچی ہیں۔ اگر یہودیوں کو نجات کے لئے اس لعنتی قربانی کی تعلیم دی جاتی تو کچھ سبب معلوم نہیں ہوتا کہ کیوں وہ اس تعلیم کو پوشیدہ کرتے۔ ہاں یہ ممکن تھا کہ وہ یسوع مسیح کو خدا کا بیٹا کر کے نہ مانتے اور اس کی صلیب کو سچے بیٹے کی صلیب تصور نہ کرتے۔ اور یہ کہتے کہ وہ حقیقی بیٹا جس کی قربانی سے دنیا کو نجات ملے گی یہ نہیں ہے بلکہ آئندہ کسی زمانہ میں ظاہر ہوگا مگر یہ تو کسی طرح ممکن نہ تھا کہ تمام فرقے یہود کے سرے سے ایسی تعلیم سے انکار کر دیتے جو ان کی کتابوں میں موجود تھی۔ اور خدا

﴿۱۰﴾ کے پاک نبی اس کو تازہ کرتے آئے تھے۔ یہودی اب تک زندہ موجود ہیں اور ان کے فاضل اور عالم بھی موجود ہیں اور ان کی کتابیں بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو شک ہو تو ان سے بالمواجہ دریافت کر لے۔ کیا ایک عقلمند جو درحقیقت سچائی کی تلاش میں ہے وہ اس بات کا محتاج نہیں کہ یہودیوں کی بھی اس میں گواہی لے۔ کیا یہودی وہ پہلے گواہ نہیں ہیں جو صدہا برسوں سے توریت کی تعلیم کو حفظ کرتے چلے آئے ہیں؟ ایک عاجز انسان کو خدا بنانا نہ اس پر پہلی تعلیموں کی گواہی نہ ان تعلیموں کے وارثوں کی گواہی نہ پچھلی تعلیم کی گواہی نہ عقل کی گواہی۔ اور اس شخص کو خدا کا بھی کہنا اور پھر شیطان کا بھی۔ کیا ان گندی اور نامعقول باتوں کو ماننا پاک فطرت لوگوں کا کام ہے؟!!

پھر جب اس عقیدہ کو اس پہلو سے دیکھا جائے کہ باوجودیکہ توریت کی متوارث اور قدیم تعلیم کی مخالفت کی گئی اور ایک کا گناہ دوسرے پر ڈالا گیا اور ایک راستباز کے دل کو لعنتی اور خدا سے دور اور مہجور اور شیطان کا ہم خیال ٹھہرایا گیا۔ پھر ان سب خرابیوں کے ساتھ اس لعنتی قربانی کو قبول کرنے والوں کے لئے فائدہ کیا ہوا۔ کیا وہ گناہ سے باز آ گئے یا ان کے گناہ بخشے گئے تو اور بھی اس عقیدہ کی لغویت ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ گناہ سے باز آنا اور سچی پاکیزگی حاصل کرنا تو بداہت خلاف واقعہ ہے کیونکہ بموجب عقیدہ عیسائیوں کے حضرت داؤد علیہ السلام بھی کفارہ یسوع پر ایمان لائے تھے لیکن بقول ان کے ایمان لانے کے بعد نعوذ باللہ حضرت داؤد نے ایک بے گناہ کو قتل کیا اور اس کی جورو سے زنا کیا اور نفسانی کاموں میں خلافت کے خزانہ کا مال خرچ کیا۔ اور سنو! تک جورو کی اور اخیر عمر تک اپنے ان گناہوں کو تازہ کرتے رہے اور ہر روز کمال گستاخی کے ساتھ گناہ کا ارتکاب کیا۔ پس اگر یسوع کی لعنتی قربانی گناہ سے روک سکتی تو بقول ان کے داؤد اس قدر گناہ میں نہ ڈوبتا۔

﴿۱۱﴾ ایسا ہی یسوع کی تین نانیاں زنا کی بُری حرکت میں مبتلا ہوئیں۔ پس ظاہر ہے کہ اگر یسوع کی لعنتی قربانی پر ایمان لانا اندرونی پاکیزگی پیدا کرنے کے لئے کچھ اثر رکھتا تو اس کی نانیاں ضرور اس سے فائدہ اٹھاتیں اور ایسے قابل شرم گناہوں میں مبتلا نہ ہوتیں۔ ایسا ہی یسوع کے حواریوں سے بھی ایمان لانے کے بعد قابل شرم گناہ سرزد ہوئے۔ یہودا اسکریوطی نے تیس روپیہ پر یسوع کو بیچا اور پطرس نے سامنے کھڑے ہو کر تین مرتبہ یسوع پر لعنت بھیجی اور باقی سب بھاگ گئے۔ اور ظاہر ہے کہ نبی پر لعنت بھیجنا سخت گناہ ہے۔ اور یورپ میں جو آجکل شراب خواری اور زنا کاری کا طوفان برپا ہے اس کے لکھنے کی حاجت نہیں۔ ہم اپنے کسی پہلے پرچہ میں بعض بزرگ پادری صاحبوں کی زنا کاری کا ذکر یورپ کے اخبارات کے حوالہ سے کر چکے ہیں۔ ان تمام واقعات سے بکمال صفائی ثابت ہوتا ہے کہ یہ لعنتی قربانی گناہ سے روک نہیں سکی۔

اب دوسرا شق یہ ہے کہ اگر گناہ رک نہیں سکتے تو کیا اس لعنتی قربانی سے ہمیشہ گناہ بخشے جاتے ہیں۔ گویا یہ ایک ایسا نسخہ ہے کہ ایک طرف ایک بدمعاش ناحق کا خون کر کے یا چوری کر کے یا جھوٹی گواہی سے کسی کے مال یا جان یا آبرو کو نقصان پہنچا کر اور یا کسی کے مال کو غبن کے طور پر دبا کر اور پھر اس لعنتی قربانی پر ایمان لا کر خدا کے بندوں کے حقوق کو ہضم کر سکتا ہے۔ اور ایسا ہی زنا کاری کی ناپاک حالت میں ہمیشہ رہ کر صرف لعنتی قربانی کا اقرار کر کے خدا تعالیٰ کے قہری مواخذہ سے بچ سکتا ہے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ ایسا ہرگز نہیں بلکہ ارتکاب جرائم کر کے پھر اس لعنتی قربانی کی پناہ میں جانا بدمعاشی کا طریق ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ پولوس کے دل کو بھی یہ دھڑکا شروع ہو گیا تھا کہ یہ اصول صحیح نہیں ہے اسی لئے وہ کہتا ہے کہ ''یسوع کی قربانی پہلے گناہ کے لئے ہے اور یسوع دوبارہ مصلوب نہیں ہو سکتا'' لیکن اس قول سے وہ بڑی مشکلات میں پھنس گیا ہے کیونکہ اگر یہی

﴿۱۲﴾ صحیح ہے کہ یسوع کی لعنتی قربانی پہلے گناہ کیلئے ہے تو مثلاً داؤد نبی نعوذ باللہ ہمیشہ کے جہنم کے لائق ٹھہرے گا کیونکہ اس نے اوریا کی جورو سے بقول عیسائیوں کے زنا کر کے پھر اس عورت کو بغیر خدا کی اجازت کے تمام عمر اپنے گھر میں رکھا۔ اور وہی مریم کے سلسلہ اُمہات میں یسوع کی مقدس نانی ہے۔ علاوہ اس کے داؤد نے سوتک بیوی بھی کی جن کا کرنا بموجب اقرار عیسائیوں کے اس کو روا نہیں تھا۔ پس یہ گناہ اس کا پہلا گناہ نہ رہا بلکہ بار بار واقع ہوتا رہا اور ہر ایک دن نئے سرے اس کا اعادہ ہوتا تھا۔ پھر جبکہ لعنتی قربانی گناہ سے روک نہیں سکتی تو بے شک عام عیسائیوں سے بھی گناہ ہوتے ہوں گے جیسا کہ اب بھی ہو رہے ہیں۔ پس بموجب اصول پولوس کے دوسرا گناہ ان کا قابل معافی نہیں اور ہمیشہ کا جہنم اس کی سزا ہے۔ اس صورت میں ایک بھی عیسائی دائمی جہنم سے نجات پانے والا ثابت نہیں ہوتا۔ مثلاً میاں سراج الدین دور نہ جائیں اپنے حالات ہی دیکھیں کہ پہلے انہوں نے مریم کے صاحبزادے کو خدا کا بیٹا مان کر لعنتی قربانی کا بپٹسمہ پایا اور پھر قادیان میں آ کر نئے سرے مسلمان ہوئے اور اقرار کیا کہ میں نے بپٹسمہ لینے میں جلدی کی تھی اور نماز پڑھتے رہے اور بارہا میرے روبرو ئے اقرار کیا کہ کفارہ کی لغویت کی حقیقت بخوبی میرے پر کھل گئی ہے اور میں اس کو باطل جانتا ہوں اور پھر قادیان سے واپس جا کر پادریوں کے دام میں پھنس گئے اور عیسائیت کو اختیار کیا۔ اب میاں سراج الدین کو خود سوچنا چاہیے کہ جب اوّل وہ بپٹسمہ پا کر عیسائی دین سے پھر گئے تھے اور قول اور فعل سے انہوں نے اس کے برخلاف کیا تو عیسائی اصول کے رو سے یہ ایک بڑا گناہ تھا جو دوسری دفعہ ان سے وقوع میں آیا۔ پس پولوس کے قول کے مطابق یہ گناہ ان کا بخشا نہیں جائے گا کیونکہ اس کے لئے دوسری صلیب کی ضرورت ہے۔

اور اگر یہ کہو کہ پولوس نے غلطی کھائی ہے یا جھوٹ بولا ہے اور اصل بات

﴿۱۳﴾ یہی ہے کہ لعنتی قربانی پر ایمان لانے کے بعد کوئی گناہ گناہ نہیں رہتا۔ چوری کرو، زنا کرو، خون ناحق کرو، جھوٹ بولو، امانت میں خیانت کرو۔ غرض کچھ کرو کسی گناہ کا مواخذہ نہیں تو ایسا مذہب ایک ناپاکی پھیلانے والا مذہب ہوگا۔ اور وقت کی گورنمنٹ کو مناسب ہوگا کہ ایسے عقائد کے پابندوں کی **ضمانتیں** لیوے۔ اور اگر پھر اس خیال کو دوبارہ پیش کرو کہ لعنتی قربانی پر ایمان لانے والا سچی پاکیزگی حاصل کرتا ہے اور گناہ سے پاک ہو جاتا ہے تو ہم اس کا جواب پہلے دے چکے ہیں کہ یہ بات ہرگز صحیح نہیں ہے اور ہم ابھی داؤد نبی کا گناہ۔ یسوع کی نانیوں کے گناہ اور حواریوں کے گناہ اور حضرات پادری صاحبوں کے گناہ لکھ چکے ہیں۔ اور اس بات کو تمام اہل تجربہ جانتے ہیں کہ یورپ ان دنوں میں بدکاریوں میں اوّل درجہ پر ہے۔ اگر فرض کے طور پر کسی کی پاک زندگی کی نظیر دی جائے تو اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ حقیقت میں اس کی زندگی پاک ہے۔ بہتیرے بدمعاش، حرام خور، زانی، دیوّث، شراب خوار، خدا کے منکر بظاہر پاک زندگی دکھلا سکتے ہیں اور اندر سے ان قبروں کی طرح ہوتے ہیں جن میں بجز **متعفّن** مردہ اور اس کی ہڈیوں کے اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔

ماسوا اس کے یہ خیال کرنا بھی بے جا ہے کہ کسی قوم کے سارے کے سارے اپنی فطرت کی رو سے نیک یا سب کے سب فطرتاً بدمعاش ہیں بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ خدا کے قانون قدرت نے یہ دعویٰ کرنے کا حق ہر ایک قوم کو بخشا ہے کہ جیسے ان میں بعض لوگ فطرتاً بداخلاق اور بدسرشت اور بداندیش اور بدکردار ہیں ایسا ہی بمقابلہ ان کے بعض دوسرے لوگ فطرتاً دل کے غریب نیک خلق نیک چلن نیک کردار ہیں۔ اس قانون قدرت سے نہ ہندو باہر ہیں نہ پارسی نہ یہودی نہ سکھ نہ بدھ مذہب والے یہاں تک کہ چوہڑے اور چمار بھی اسی قانون میں داخل ہیں اور جیسے جیسے لوگ تہذیب اور شائستگی میں

﴿۱۴﴾ بڑھتے ہیں اور ان کا قومی مجمع عزت اور علم اور وقار کا رنگ پکڑتا جاتا ہے اسی قدر ان کے نیک فطرت لوگ اپنی پاک زندگی اور نیک چلنی میں زیادہ ناموری حاصل کرتے ہیں اور نمایاں چمک کے ساتھ اپنا نمونہ دکھلاتے ہیں۔ اگر تمام قوموں کے بعض افراد میں فطرتاً سعادت کا مادہ نہ ہوتا تو تبدیل مذہب سے بھی وہ مادہ پیدا نہ ہوسکتا کیونکہ خدا کی فطرت میں تبدیل نہیں۔ اگر کوئی حقیقی سچائی کا بھوکا اور پیاسا ہے تو ضرور اس کو ماننا پڑے گا کہ مذہب کے وجود سے پہلے یہ خداداد تقسیم طبائع میں ہوچکی ہے کہ کسی کی فطرت میں غلبہ حلم اور محبت اور کسی کی فطرت میں غلبہ درشتی اور غضب ہے۔ اب مذہب یہ سکھلاتا ہے کہ وہ محبت اور اطاعت اور صدق اور وفا جو مثلاً ایک بت پرست یا انسان پرست مخلوق کی نسبت عبادت کے رنگ میں بجا لاتا ہے ان ارادوں کو خدا کی طرف پھیرے اور وہ اطاعت خدا کی راہ میں دکھلائے۔

یہ سوال کہ مذہب کا تصرف انسانی قویٰ پر کیا ہے انجیل نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ کیونکہ انجیل حکمت کے طریقوں سے دور ہے۔ لیکن قرآن شریف بڑی تفصیل سے بار بار اس مسئلہ کو حل کرتا ہے کہ مذہب کا یہ منصب نہیں ہے کہ انسانوں کی فطرتی قویٰ کی تبدیل کرے اور بھیڑیئے کو بکری بنا کر دکھلائے بلکہ مذہب کی صرف **علت غائی** یہ ہے کہ جو قویٰ اور ملکات فطرتاً انسان کے اندر موجود ہیں ان کو اپنے محل اور موقعہ پر لگانے کے لئے رہبری کرے۔ مذہب کا یہ اختیار نہیں ہے کہ کسی فطرتی قوت کو بدل ڈالے۔ ہاں یہ اختیار ہے کہ اس کو محل پر استعمال کرنے کے لئے ہدایت کرے اور صرف ایک قوت مثلاً رحم یا عفو پر زور نہ ڈالے بلکہ تمام قوتوں کے استعمال کیلئے وصیت فرمائے کیونکہ انسانی قوتوں میں سے کوئی بھی قوت بُری نہیں بلکہ افراط اور تفریط اور بداستعمالی بُری ہے اور جو شخص قابل ملامت ہے وہ صرف فطرتی قویٰ کی وجہ سے قابل ملامت نہیں بلکہ ان کی بداستعمالی کی وجہ سے قابل

﴿۱۵﴾ ملامت ہے۔ غرض قسّام مطلق نے ہر ایک قوم کو فطرتی قویٰ کا برابر حصہ دیا ہے اور جیسا کہ ظاہری ناک اور آنکھ اور منہ اور ہاتھ اور پیر وغیرہ تمام قوموں کے انسانوں کو عطا ہوئے ہیں۔ ایسا ہی باطنی قوتیں بھی سب کو عطا ہوئی ہیں اور ہر ایک قوم میں بلحاظ اعتدال یا افراط اور تفریط کے اچھے آدمی بھی ہیں اور برے بھی لیکن مذہب کے اثر کے رو سے کسی قوم کا اچھا بن جانا یا کسی مذہب کو کسی قوم کی شائستگی کا اصل موجب قرار دینا اس وقت ثابت ہوگا کہ اس مذہب کے بعض کامل پیروؤں میں اس قسم کے روحانی کمال پائے جائیں جو دوسرے مذہب میں ان کی نظیر نہ مل سکے۔ سو میں زور سے کہتا ہوں کہ یہ خاصہ **اسلام** میں ہے۔ اسلام نے ہزاروں لوگوں کو اس درجہ کی پاک زندگی تک پہنچایا ہے جس میں کہہ سکتے ہیں کہ گویا خدا کی روح ان کے اندر سکونت رکھتی ہے قبولیت کی روشنی ان کے اندر ایسی پیدا ہوگئی ہے کہ گویا وہ خدا کی تجلیات کے مظہر ہیں۔ یہ لوگ ہر ایک صدی میں ہوتے رہے ہیں اور ان کی پاک زندگی بے ثبوت نہیں اور نرا اپنے منہ کا دعویٰ نہیں بلکہ خدا گواہی دیتا رہا ہے کہ ان کی پاک زندگی ہے۔

یاد رہے کہ خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں اعلیٰ درجہ کی پاک زندگی کی یہ علامت بیان فرمائی ہے کہ ایسے شخص سے خوارق ظاہر ہوتے ہیں اور خدا تعالیٰ ایسے شخصوں کی دعا سنتا ہے اور ان سے ہم کلام ہوتا ہے اور پیش از وقت ان کو غیب کی خبریں بتلاتا ہے اور ان کی تائید کرتا ہے۔ سو ہم دیکھتے ہیں کہ ہزاروں اسلام میں ایسے ہوتے آئے ہیں چنانچہ اس زمانہ میں یہ نمونہ دکھلانے کے لئے **یہ عاجز** موجود ہے مگر عیسائیوں میں یہ لوگ کہاں اور کس ملک میں رہتے ہیں جو انجیل کی قرار دادہ نشانیوں کے موافق اپنا حقیقی ایمان اور پاک زندگی ثابت کر سکتے ہیں؟ ہر ایک چیز اپنی نشانیوں سے پہچانی جاتی ہے جیسا کہ ہر ایک درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے اور اگر پاک زندگی کا صرف دعویٰ

﴿۱۶﴾ ہی ہے اور کتابوں کے مقرر کردہ نشان اس دعویٰ پر گواہی نہیں دیتے تو یہ دعویٰ باطل ہے۔ کیا انجیل نے سچے اور واقعی ایمان کی کوئی نشانی نہیں لکھی؟ کیا اس نے ان نشانوں کو فوق العادۃ کے رنگ میں بیان نہیں کیا؟ پس اگر انجیلوں میں سچے ایمانداروں کے نشان لکھے ہیں تو ہر ایک عیسائی پاک زندگی کے مدعی کو انجیل کے نشانوں کے موافق آزمانا چاہیے۔ ایک بڑے بزرگ پادری کا ایک غریب سے غریب مسلمان کے ساتھ روحانی روشنی اور قبولیت میں مقابلہ کر کے دیکھ لو پھر اگر اس پادری میں اس غریب مسلمان کے مقابل پر کچھ بھی آسمانی روشنی کا حصہ پایا جائے تو ہم ہر ایک سزا کے مستحق ہیں۔ اسی وجہ سے میں کئی دفعہ اس بارے میں عیسائیوں کے مقابل پر اشتہار دے چکا ہوں۔ اور میں سچ سچ کہتا ہوں اور میرا خدا گواہ ہے کہ مجھ پر ثابت ہو گیا ہے کہ حقیقی ایمان اور واقعی پاک زندگی جو آسمانی روشنی سے حاصل ہو بجز اسلام کے کسی طرح مل نہیں سکتی۔ یہ پاک زندگی جو ہم کو ملی ہے یہ صرف ہمارے منہ کی لاف وگزاف نہیں اس پر آسمانی گواہیاں ہیں۔ کوئی پاک زندگی بجز آسمانی گواہی کے ثابت نہیں ہو سکتی۔ اور کسی کے چھپے ہوئے نفاق اور بے ایمانی پر ہم اطلاع نہیں پا سکتے۔ ہاں جب آسمانی گواہی والے پاک دل لوگ کسی قوم میں پائے جائیں تو باقی قوم کے لوگ بظاہر پاک زندگی نما بھی پاک زندگی والے سمجھے جائیں گے۔ کیونکہ قوم ایک وجود کے حکم میں ہے اور ایک ہی نمونہ سے ثابت ہو سکتا ہے کہ اس قوم کو آسمانی پاک زندگی مل سکتی ہے☆۔

اسی بنا پر میں نے عیسائیوں کے لئے ایک فیصلہ کرنے والا اشتہار دیا تھا۔ پس اگر ان کو حق کی طلب ہوتی تو وہ اس طرف متوجہ ہوتے۔ اور میں اب بھی کہتا ہوں کہ عیسائیوں کو بھی ایمان اور پاک زندگی کا دعویٰ ہے اور مسلمانوں کو بھی۔ اب تنقیح طلب یہ امر ہے کہ ان دونوں گروہوں میں سے خدا کے نزدیک کس کا ایمان مقبول اور کس کی واقعی پاک زندگی ہے۔

☆**نوٹ:** اس جگہ کوئی گذشتہ قصہ پیش کرنا لغو ہے موجودہ واقعات کو بالمقابل دکھلانا چاہیے۔ منہ

﴿۱۷﴾ اور کس کا ایمان صرف شیطانی خیالات اور پاک زندگی کا دعویٰ صرف نابینائی کا دھوکہ ہے۔ پس میرے نزدیک جو ایمان اپنے ساتھ آسمانی گواہیاں رکھتا ہے اور قبولیت کے آثار اس میں پائے جاتے ہیں وہی ایمان صحیح اور مقبول ہے۔ اور ایسا ہی پاک زندگی وہی واقعی طور پر ہے جو اپنے ساتھ آسمانی نشان رکھتی ہے۔ وجہ یہ کہ اگر صرف دعویٰ ہی قبول کرنا ہے تو دنیا کی تمام قومیں یہی دعویٰ کر رہی ہیں کہ ہم میں بڑے بڑے لوگ پاک زندگی والے گذرے ہیں اور موجود ہیں بلکہ ان کے اعمال اور افعال بھی پیش کرتے ہیں جن کی اندرونی حقیقت کا فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ سو اگر عیسائیوں کا یہ خیال ہے کہ کفّارہ سے پاک ایمان اور پاک زندگی ملتی ہے تو ان کا فرض ہے کہ وہ اب میدان میں آئیں اور دعا کے قبول ہونے اور نشانوں کے ظہور میں میرے ساتھ مقابلہ کرلیں۔ اگر آسمانی نشانوں کے ساتھ ان کی زندگی پاک ثابت ہوجائے تو میں ہر ایک سزا کا مستوجب ہوں اور ہر ایک ذلت کا سزاوار ہوں۔ میں بڑے زور سے کہتا ہوں کہ روحانیت کے رو سے عیسائیوں کی نہایت گندی زندگی ہے اور وہ پاک خدا جو آسمان اور زمین کا خدا ہے ان کی اعتقادی حالتوں سے ایسا متنفر ہے جیسا کہ ہم نہایت گندے اور سڑے ہوئے مردار سے متنفر ہوتے ہیں۔ اگر میں اس بات میں جھوٹا ہوں اور اگر اس قول میں میرے ساتھ خدا نہیں ہے تو نرمی اور آہستگی سے مجھ سے فیصلہ کرلیں۔ میں پھر کہتا ہوں کہ ہرگز وہ پاک زندگی عیسائیوں میں موجود نہیں ہے جو آسمان سے اترتی اور دلوں کو روشن کرتی ہے بلکہ جیسا کہ میں بیان کر آیا ہوں بعضوں میں فطرتی بھلا مانس ہونا اور عام قوموں کی طرح پایا جاتا ہے۔ سو فطرتی شرافت سے میری بحث نہیں اس غربت اور شرافت کے لوگ ہر ایک قوم میں کم و بیش پائے جاتے ہیں یہاں تک کہ بھنگی اور چمار بھی اس سے باہر نہیں لیکن میرا کلام آسمانی پاک زندگی میں ہے جو خدا کی زندہ کلام سے حاصل ہوتی اور آسمان

﴿۱۸﴾ سے اترتی اور اپنے ساتھ آسمانی نشان رکھتی ہے۔ سو یہ عیسائیوں میں موجود نہیں۔ پھر کوئی ہمیں سمجھائے کہ لعنتی قربانی کا فائدہ کیا ہوا؟

اب جبکہ اس نجات کے طریق کی تفصیل ہو چکی جو عیسائی یسوع کی طرف منسوب کرتے ہیں تو اس پر طبعاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مشن بھی یہی لعنتی محبت اور لعنتی قربانی نوع انسان کی پاکیزگی اور نجات کے لئے پیش کرتا ہے یا کوئی اور طریق پیش کرتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس پلید اور ناپاک طریق سے اسلام کا دامن بالکل منزہ ہے۔ وہ کوئی لعنتی قربانی پیش نہیں کرتا اور نہ لعنتی محبت پیش کرتا ہے بلکہ اس نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ ہم سچی پاکیزگی حاصل کرنے کے لئے اپنے وجود کی پاک قربانی پیش کریں جو اخلاص کے پانیوں سے دھوئی ہوئی اور صدق اور صبر کی آگ سے صاف کی ہوئی ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ[1] یعنی جو شخص اپنے وجود کو خدا کے آگے رکھ دے اور اپنی زندگی اس کی راہوں میں وقف کرے اور نیکی کرنے میں سرگرم ہو۔ سو وہ سرچشمہ قرب الٰہی سے اپنا اجر پائے گا اور ان لوگوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم یعنی جو شخص اپنے تمام قویٰ کو خدا کی راہ میں لگا دے اور خالص خدا کے لئے اس کا قول اور فعل اور حرکت اور سکون اور تمام زندگی ہو جائے اور حقیقی نیکی کے بجالانے میں سرگرم رہے سو اس کو خدا اپنے پاس سے اجر دے گا اور خوف اور حزن سے نجات بخشے گا۔

یاد رہے کہ یہی اسلام کا لفظ کہ اس جگہ بیان ہوا ہے دوسرے لفظوں میں قرآن شریف میں اس کا نام استقامت رکھا ہے جیسا کہ وہ یہ دعا سکھلاتا ہے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ[2] یعنی ہمیں استقامت کی راہ پر قائم کر ان لوگوں کی راہ جنہوں نے

[1] البقرۃ:۱۱۳ [2] الفاتحۃ:۶،۷

﴿۱۹﴾ تجھ سے انعام پایا اور جن پر آسمانی دروازے کھلے۔ واضح رہے کہ ہر ایک چیز کی وضع استقامت اس کی علت غائی پر نظر کر کے سمجھی جاتی ہے۔ اور انسان کے وجود کی علت غائی یہ ہے کہ نوع انسان خدا کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ پس انسانی وضع استقامت یہ ہے کہ جیسا کہ وہ اطاعت ابدی کے لئے پیدا کیا گیا ہے ایسا ہی درحقیقت خدا کے لئے ہو جائے۔ اور جب وہ اپنے تمام قویٰ سے خدا کے لئے ہو جائے گا تو بلاشبہ اس پر انعام نازل ہوگا جس کو دوسرے لفظوں میں پاک زندگی کہہ سکتے ہیں جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ جب آفتاب کی طرف کی کھڑکی کھولی جائے تو آفتاب کی شعاعیں ضرور کھڑکی کے اندر آجاتی ہیں ایسا ہی جب انسان خدا تعالیٰ کی طرف بالکل سیدھا ہو جائے اور اس میں اور خدا تعالیٰ میں کچھ حجاب نہ رہے تب فی الفور ایک نورانی شعلہ اس پر نازل ہوتا ہے اور اُس کو منور کر دیتا ہے اور اس کی تمام اندرونی غلاظت دھو دیتا ہے۔ تب وہ ایک نیا انسان ہو جاتا ہے اور ایک بھاری تبدیلی اس کے اندر پیدا ہوتی ہے۔ تب کہا جاتا ہے کہ اس شخص کو پاک زندگی حاصل ہوئی۔ اس پاک زندگی کے پانے کا مقام یہی دنیا ہے۔ اسی کی طرف اللہ جلّ شانہٗ اس آیت میں اشارہ فرماتا ہے مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا[1] یعنی جو شخص اس جہان میں اندھا رہا اور خدا کے دیکھنے کا اس کو نور نہ ملا وہ اس جہان میں بھی اندھا ہی ہوگا۔ غرض خدا کے دیکھنے کے لئے انسان اسی دنیا سے حواس لے جاتا ہے جس کو اس دنیا میں یہ حواس حاصل نہیں ہوئے اور اس کا ایمان محض قصوں اور کہانیوں تک محدود رہا وہ ہمیشہ کی تاریکی میں پڑے گا۔ غرض خدا تعالیٰ نے پاک زندگی اور حقیقی نجات کے حاصل کرنے کے لئے ہمیں یہی سکھلایا ہے کہ ہم بالکل خدا کے ہو جائیں اور سچی وفاداری کے ساتھ اس کے آستانہ پر گریں اور اس بدذاتی سے اپنے تئیں الگ رکھیں کہ مخلوق کو خدا کہنے لگیں اگرچہ مارے جائیں ٹکڑے ٹکڑے کئے جائیں۔ آگ میں جلائے جائیں اور خدا کی ہستی پر

[1] بنی اسرائیل:۷۳

﴿۲۰﴾ اپنے خون سے مہر لگائیں۔ اسی وجہ سے خدا نے ہمارے دین کا نام **اسلام** رکھا۔ تا یہ اشارہ ہو کہ ہم نے خدا کے آگے سر رکھ دیا ہے۔ اور قانون قدرت صاف شہادت دیتا ہے کہ جو قرآن نے پاکیزگی اور حقیقی نجات حاصل کرنے کا طریق سکھایا ہے یہی طریق جسمانی عالم میں بھی پایا جاتا ہے۔ ہم روز دیکھتے ہیں کہ تمام حیوانات اور نباتات میں بُری غذا کے ملنے اور اچھی غذا کے مفقود ہونے سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اور قدرت نے طریق انسداد یہی رکھا ہے کہ خوراک کے لئے صالح چیزیں میسر کی جائیں اور ردّی کو بند کر دیا جائے مثلاً درختوں کی طرف دیکھو کہ وہ تندرست رہنے کے لئے دو خصلت اپنے اندر رکھتے ہیں۔ ایک یہ کہ وہ اپنی جڑوں کو زمین کے اندر دباتے چلے جاتے ہیں تا الگ رہ کر خشک نہ ہو جائیں۔ دوم یہ کہ وہ اپنی جڑوں کی نالیوں کے ذریعہ سے زمین کا پانی اپنی طرف کھینچتے ہیں اور اس طرح پر نشو ونما کرتے ہیں سو یہی اصول قدرت نے انسان کے لئے رکھا ہے یعنی وہ اسی حالت میں کامیاب ہوتا ہے کہ اوّل صدق وثبات کے ساتھ خدا میں اپنے تئیں مستحکم کرتا ہے اور استغفار کے ساتھ اپنی جڑوں کو خدا کی محبت میں لگاتا ہے اور پھر قولی اور عملی توبہ کے ساتھ خدا کی طرف جھکنے کے ذریعہ سے اپنے انکسار اور تذلل کی نالیوں کے ساتھ ربانی پانی اپنی طرف کھینچتا ہے اور اس طرح پر ایسا پانی کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے کہ گنہ کی خشکی کو دھو ڈالتا اور کمزوری کو دور کر دیتا ہے۔

اور استغفار جس کے ساتھ ایمان کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں قرآن شریف میں دو معنے پر آیا ہے۔ ایک تو یہ کہ اپنے دل کو خدا کی محبت میں محکم کر کے گناہوں کے ظہور کو جو علیحدگی کی حالت میں جوش مارتے ہیں خدا تعالیٰ کے تعلق کے ساتھ روکنا اور خدا میں پیوست ہو کر اس سے مدد چاہنا یہ استغفار تو مقربوں کا ہے جو ایک طرفۃ العین خدا سے

﴿۲۱﴾ علیحدہ ہونا اپنی تباہی کا موجب جانتے ہیں اس لئے استغفار کرتے ہیں تا خدا اپنی محبت میں تھامے رکھے۔ اور دوسری قسم استغفار کی یہ ہے کہ گناہ سے نکل کر خدا کی طرف بھاگنا اور کوشش کرنا کہ جیسے درخت زمین میں لگ جاتا ہے ایسا ہی دل خدا کی محبت کا اسیر ہو جائے تا پاک نشوونما پا کر گناہ کی خشکی اور زوال سے بچ جائے اور ان دونوں صورتوں کا نام استغفار رکھا گیا کیونکہ غَفْر جس سے استغفار نکلا ہے ڈھانکنے اور دبانے کو کہتے ہیں۔ گویا استغفار سے یہ مطلب ہے کہ خدا اس شخص کے گناہ جو اس کی محبت میں اپنے تئیں قائم کرتا ہے دبائے رکھے اور بشریت کی جڑیں ننگی نہ ہونے دے بلکہ الوہیت کی چادر میں لے کر اپنی قدوسیت میں سے حصہ دے یا اگر کوئی جڑ گناہ کے ظہور سے ننگی ہوگئی ہو پھر اس کو ڈھانک دے اور اس کی برہنگی کے بداثر سے بچائے۔ سو چونکہ خدا مبدءِ فیض ہے اور اس کا نور ہر ایک تاریکی کے دور کرنے کے لئے ہر وقت طیار ہے اس لئے پاک زندگی کے حاصل کرنے کے لئے یہی طریق مستقیم ہے کہ ہم اس خوفناک حالت سے ڈر کر اس چشمۂ طہارت کی طرف دونوں ہاتھ پھیلائیں تا وہ چشمہ زور سے ہماری طرف حرکت کرے اور تمام گند کو یکدفعہ لے جائے۔ خدا کو راضی کرنے والی اس سے زیادہ کوئی قربانی نہیں کہ ہم درحقیقت اس کی راہ میں موت کو قبول کر کے اپنا وجود اس کے آگے رکھ دیں۔ اسی قربانی کی خدا نے ہمیں تعلیم دی ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ[1] یعنی تم حقیقی نیکی کو کسی طرح پا نہیں سکتے جب تک تم اپنی تمام پیاری چیزیں خدا کی راہ میں خرچ نہ کرو۔

یہ راہ ہے جو قرآن نے ہمیں سکھائی ہے اور آسمانی گواہیاں بلند آواز سے پکار رہی ہیں کہ یہی راہ سیدھی ہے اور عقل بھی اسی پر گواہی دیتی ہے۔ پس جو امر گواہوں کے ساتھ ثابت ہے اس کے ساتھ وہ امر مقابلہ نہیں کھا سکتا جس پر کوئی گواہی

[1] آل عمران:۹۳

﴿۲۲﴾ نہیں۔ یسوع ناصری نے اپنا قدم قرآن کی تعلیم کے موافق رکھا اس لئے اس نے خدا سے انعام پایا۔ ایسا ہی جو شخص اس پاک تعلیم کو اپنا رہبر بنائے گا وہ بھی یسوع کی مانند ہو جائے گا۔ یہ پاک تعلیم ہزاروں کو عیسیٰ مسیح بنانے کے لئے طیار ہے اور لاکھوں کو بنا چکی ہے۔

ہم نہایت نرمی اور ادب سے حضرات پادری صاحبوں کی خدمت میں سوال کرتے ہیں کہ اس بیچارہ ضعیف انسان کو خدا ٹھہرا کر آپ کی روحانیت کو کونسی ترقی ہوئی ہے۔ اگر وہ ترقی ثابت کرو تو ہم لینے کو طیار ہیں۔ ورنہ اے بد بخت **مخلوق پرست لوگو! آؤ** ہماری ترقیات دیکھو اور مسلمان ہو جاؤ۔ کیا یہ انصاف کی بات نہیں کہ جو شخص اپنی پاک زندگی اور پاک معرفت اور پاک محبت پر آسمانی شہادت رکھتا ہے وہی سچا ہے۔ اور جس کے ہاتھ میں صرف **قصے** اور کہانیاں ہیں وہ بد بخت **جھوٹا** اور نجاست خوار ہے۔

سوال۔۲۔ اگر اسلام کا مقصد توحید کی طرف آدمیوں کو رجوع کرنا ہے تو کیا وجہ ہے کہ آغاز اسلام میں یہودیوں کے ساتھ جن کی الہامی کتابیں توحید کے سوا اور کچھ نہیں سکھاتیں۔ جہاد کیا گیا؟ یا کیوں آجکل یہودیوں یا اور توحید کے ماننے والوں کی نجات کے لئے مسلمان ہونا ضروری سمجھا جائے۔

الجواب۔ واضح ہو کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں یہودی توریت کی ہدایتوں سے بہت دور جا پڑے تھے۔ اگرچہ یہ سچ ہے کہ ان کی کتابوں میں توحید باری تعالیٰ تھی مگر وہ اس توحید سے مُنتَفِع نہیں ہوتے تھے۔ اور وہ علت غائی جس کے لئے انسان پیدا کیا گیا اور کتابیں نازل ہوئیں اس کو کھو بیٹھے تھے۔ حقیقی توحید یہ ہے کہ خدا کی ہستی کو مان کر اور اس کی وحدانیت کو قبول کر کے پھر اس کامل اور محسن خدا کی اطاعت اور رضا جوئی میں

﴿۲۳﴾ مشغول ہونا اور اس کی محبت میں کھوئے جانا۔ سو عملی طور پر یہ توحید ان میں باقی نہیں رہی تھی اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال ان کے دلوں پر سے اٹھ گئی تھی۔ وہ لبوں سے خدا خدا پکارتے تھے مگر دل ان کے شیطان کے پرستار ہو گئے تھے اور ان کے سینے دنیا پرستی اور دنیا طلبی اور مکر اور فریب میں حد سے زیادہ بڑھ گئے تھے۔ ان میں درویشوں اور راہبوں کی پوجا ہوتی تھی اور سخت قابل شرم بے حیائی کے کام ان میں ہوتے تھے۔ ریاکاریاں بڑھ گئی تھیں۔ مکاریاں زیادہ ہو گئی تھیں اور ظاہر ہے کہ توحید صرف اس بات کا نام نہیں کہ منہ سے لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ کہیں اور دل میں ہزاروں بت جمع ہوں بلکہ جو شخص کسی اپنے کام اور مکر اور فریب اور تدبیر کو خدا کی سی عظمت دیتا ہے یا کسی انسان پر ایسا بھروسہ رکھتا ہے جو خدا تعالیٰ پر رکھنا چاہیے یا اپنے نفس کو وہ عظمت دیتا ہے جو خدا کو دینی چاہیے ان سب صورتوں میں وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک بت پرست ہے۔ بت صرف وہی نہیں ہیں جو سونے یا چاندی یا پیتل یا پتھر وغیرہ سے بنائے جاتے اور ان پر بھروسہ کیا جاتا ہے بلکہ ہر ایک چیز یا قول یا فعل جس کو وہ عظمت دی جائے جو خدا تعالیٰ کا حق ہے وہ خدا تعالیٰ کی نگہ میں بت ہے۔ ہاں یہ سچ ہے کہ توریت میں اس باریک بت پرستی کی تصریح نہیں ہے مگر قرآن شریف ان تصریحات سے بھرا پڑا ہے۔ سو قرآن شریف کو نازل کر کے خدا تعالیٰ کا ایک یہ بھی منشاء تھا کہ یہ بت پرستی بھی جو دِق کی بیماری کی طرح لگی ہوئی تھی لوگوں کے دلوں سے دور کرے اور اس زمانہ میں یہودی اس قسم کی بت پرستی میں غرق تھے اور توریت ان کو چھڑا نہیں سکتی تھی اس لئے کہ توریت میں یہ باریک تعلیم نہیں تھی اور نیز اس لئے کہ یہ بیماری جو تمام یہودیوں میں پھیل گئی تھی ایک پاک توحید کے نمونہ کو چاہتی تھی جو زندہ طور پر ایک کامل انسان میں نمودار ہو۔

یاد رہے کہ حقیقی توحید جس کا اقرار خدا ہم سے چاہتا ہے اور جس کے اقرار سے نجات

﴿۲۴﴾ وابستہ ہے یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو اپنی ذات میں ہر ایک شریک سے خواہ بت ہو خواہ انسان ہو خواہ سورج ہو یا چاند ہو یا اپنا نفس یا اپنی تدبیر اور مکر فریب ہو منزہ سمجھنا اور اس کے مقابل پر کوئی قادر تجویز نہ کرنا۔ کوئی رازق نہ ماننا کوئی مُعِزّ اور مُذِلّ خیال نہ کرنا کوئی ناصر اور مددگار قرار نہ دینا اور دوسرے یہ کہ اپنی محبت اسی سے خاص کرنا۔ اپنی عبادت اسی سے خاص کرنا۔ اپنا تذلل اسی سے خاص کرنا۔ اپنی امیدیں اسی سے خاص کرنا۔ اپنا خوف اسی سے خاص کرنا۔ پس کوئی توحید بغیر ان تین قسم کی تخصیص کے کامل نہیں ہو سکتی۔ اوّل ذات کے لحاظ سے توحید یعنی یہ کہ اس کے وجود کے مقابل پر تمام موجودات کو معدوم کی طرح سمجھنا اور تمام کو ھالکۃ الذات اور باطلۃ الحقیقت خیال کرنا۔ دوم صفات کے لحاظ سے توحید یعنی یہ کہ ربوبیت اور الوہیت کی صفات بجز ذات باری کسی میں قرار نہ دینا۔ اور جو بظاہر ربّ الانواع یا فیض رسان نظر آتے ہیں یہ اسی کے ہاتھ کا ایک نظام یقین کرنا۔ تیسرے ۳ اپنی محبت اور صدق اور صفا کے لحاظ سے توحید یعنی محبت وغیرہ شعار عبودیت میں دوسرے کو خدا تعالیٰ کا شریک نہ گردانا اور اسی میں کھوئے جانا۔ سو اس توحید کو جو تینوں شعبوں پر مشتمل اور اصل مدار نجات ہے یہودی لوگ کھو بیٹھے تھے۔ چنانچہ ان کی بدچلنیاں اس بات پر صاف گواہی دیتی تھیں کہ ان کے لبوں میں خدا کے ماننے کا دعویٰ ہے مگر دل میں نہیں جیسا کہ قرآن خود یہود و نصاریٰ کو ملزم کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر یہ لوگ توریت اور انجیل کو قائم کرتے تو آسمانی رزق بھی انہیں ملتا اور زمینی بھی یعنی آسمانی خوارق عادت اور قبولیت دعا اور کشوف اور الہامات جو مومن کی نشانیاں ہیں ان میں پائی جاتیں جو آسمانی رزق ہے اور زمینی رزق بھی ملتا مگر اب وہ آسمانی رزق سے بکلّی بے نصیب ہیں اور زمین کا رزق بھی روبحق ہو کر نہیں بلکہ روبہ دنیا ہو کر حاصل کرتے ہیں۔ سو دونوں رزقوں سے محروم ہیں۔

﴿۲۵﴾ اب یہ بھی یاد رہے کہ قرآن کی تعلیم سے بے شک ثابت ہوتا ہے کہ یہود اور نصاریٰ سے لڑائیاں ہوئیں مگر ان لڑائیوں کا ابتدا اہل اسلام کی طرف سے ہرگز نہیں ہوا اور یہ لڑائیاں دین میں جبراً داخل کرنے کے لئے ہرگز نہیں تھیں بلکہ اس وقت ہوئیں جبکہ خود اسلام کے مخالفوں نے آپ ایذا دے کر یا موذیوں کو مدد دے کر ان لڑائیوں کے اسباب پیدا کئے۔ اور جب اسباب انہیں کی طرف سے پیدا ہو گئے تو غیرت الٰہی نے ان قوموں کو سزا دینا چاہا اور اس سزا میں بھی رحمت الٰہی نے یہ رعایت رکھی کہ اسلام میں داخل ہونے والا یا جزیہ دینے والا اس عذاب سے بچ جائے۔ یہ رعایت بھی خدا کے قانون قدرت کے مطابق تھی کیوں کہ ہر ایک مصیبت جو عذاب کے طور پر نازل ہوتی ہے مثلاً وبا یا قحط تو انسانوں کا کانشنس خود اس طرف متوجہ ہو جاتا ہے کہ وہ دعا اور توبہ اور تضرع اور صدقات اور خیرات سے اس عذاب کو موقوف کرانا چاہیں۔ چنانچہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ اس سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ رحیم خدا عذاب کو دور کرنے کے لئے خود الہام دلوں میں ڈالتا ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ کی دعائیں کئی دفعہ منظور ہو کر بنی اسرائیل کے سر سے عذاب ٹل گیا۔ غرض اسلام کی لڑائیاں سخت طبع مخالفوں پر ایک عذاب تھا جس میں ایک رحمت کا طریق بھی کھلا تھا۔ سو یہ خیال کرنا دھوکہ ہے کہ اسلام نے توحید کے شائع کرنے کے لئے لڑائیاں کیں۔ یاد رکھنا چاہیے کہ لڑائیوں کی بنیاد محض سزا دہی کے طور پر اس وقت سے شروع ہوئی کہ جب دوسری قوموں نے ظلم اور مزاحمت پر کمر باندھی۔

رہا یہ سوال کہ یہودیوں کو مسلمان ہونے کی ضرورت کیا تھی وہ تو پہلے سے مؤحد تھے؟ اس کا جواب ہم ابھی دے چکے ہیں کہ توحید یہودیوں کے دلوں میں قائم نہ تھی صرف کتابوں میں تھی **اور وہ بھی ناقص**۔ سو توحید کی زندہ روح حاصل کرنے کی ضرورت

﴿۲۶﴾ تھی کیونکہ جب تک توحید کی زندہ روح انسان کے دل میں قائم نہ ہو تب تک نجات نہیں ہوسکتی۔ یہودی مُردوں کی طرح تھے اور بباعث سخت دلی اور طرح طرح کی نافرمانیوں کے وہ زندہ روح ان میں سے نکل چکی تھی۔ان کو خدا کے ساتھ کچھ بھی میلان باقی نہیں رہا تھا اور ان کی توریت بباعث نقصان تعلیم اور نیز بوجہ لفظی اور معنوی تحریفوں کے اس لائق نہیں رہی تھی جو کامل طور پر رہبر ہو سکے اس لئے خدا نے زندہ کلام تازہ بارش کی طرح اتارا اور اس زندہ کلام کی طرف ان کو بلایا تا وہ طرح طرح کے دھوکوں اور غلطیوں سے نجات پا کر حقیقی نجات کو حاصل کریں۔سو قرآن کے نزول کی ضرورتوں میں سے ایک[1] یہ تھی کہ تا مردہ طبع یہودیوں کو زندہ توحید سکھائے اور دوسرے[2] یہ کہ تا ان کی غلطیوں پر ان کو متنبہ کرے اور تیسرے[3] یہ کہ تا وہ مسائل کہ جو توریت میں محض اشارہ کی طرح بیان ہوئے تھے جیسا کہ مسئلہ حشر اجساد اور مسئلہ بقاء روح اور مسئلہ بہشت اور دوزخ ان کے مفصل حالات سے آگہی بخشے۔

یہ بات سچ ہے کہ سچائی کی تُخم ریزی توریت سے ہوئی اور انجیل سے اس تُخم نے ایک آئندہ کی بشارت دینے والے کی طرح منہ دکھلایا اور جیسے ایک کھیت کا سبزہ پوری صحت اور عمدگی سے نکلتا ہے اور بزبان حال خوشخبری دیتا ہے کہ اس کے بعد اچھے پھل اور اچھے خوشے ظہور کرنے والے ہیں ایسا ہی انجیل کامل شریعت اور کامل رہبر کے لئے خوشخبری کے طور پر آئی اور فرقان سے وہ تخم اپنے کمال کو پہنچا جو اپنے ساتھ اس کامل نعمت کو لایا جس نے حق اور باطل میں بکلی فرق کر کے دکھلایا اور معارف دینیہ کو اپنے کمال تک پہنچایا جیسا کہ توریت☆ میں پہلے سے لکھا تھا کہ ’’خدا سینا سے آیا اور سعیر سے طلوع ہوا اور فاران کے پہاڑ سے ان پر چمکا‘‘۔!!!

یہ بات بالکل ثابت شدہ امر ہے کہ شریعت کے ہر ایک پہلو کو کمال کی صورت

☆ استثنا باب۳۳ آیت۲ (ناشر)

﴿۲۷﴾ میں صرف قرآن نے ہی دکھلایا ہے۔ شریعت کے بڑے حصے دو ہیں۔ حق اللہ اور حق العباد۔ یہ دونوں حصے صرف قرآن شریف نے ہی پورے کئے ہیں۔ قرآن کا یہ منصب تھا کہ تا وحشیوں کو انسان بناوے اور انسان سے با اخلاق انسان بناوے اور با اخلاق انسان سے باخدا انسان بنائے۔ سو اس منصب کو اُس نے ایسے طور سے پورا کیا کہ جس کے مقابل پر توریت ایک گونگے کی طرح ہے۔

اور منجملہ قرآن کی ضرورتوں کے ایک یہ امر بھی تھا کہ جو اختلاف حضرت مسیح کی نسبت یہود اور نصاریٰ میں واقع تھا اس کو دور کرے۔ سو قرآن شریف نے ان سب جھگڑوں کا فیصلہ کیا جیسا کہ قرآن شریف کی یہ آیت یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ[1] الخ اسی جھگڑے کے فیصلہ کے لئے ہے کیونکہ یہودی لوگ یہ خیال کرتے تھے کہ نصاریٰ کا نبی یعنی مسیح صلیب پر کھینچا گیا۔ اس لئے موافق حکم توریت کے وہ لعنتی ہوا اور اس کا رفع نہیں ہوا اور یہ دلیل اس کے کاذب ہونے کی ہے'' اور عیسائیوں کا یہ خیال تھا کہ لعنتی تو ہوا مگر ہمارے لئے اور بعد اس کے لعنت جاتی رہی اور رفع ہو گیا اور خدا نے اپنے دہنے ہاتھ اس کو بٹھا لیا۔ اب اس آیت نے یہ فیصلہ کیا کہ رفع بلا توقف ہوا نہ یہودیوں کے زعم پر دائمی لعنت ہوئی جو ہمیشہ کے لئے رفع الی اللہ سے مانع ہے اور نہ نصاریٰ کے زعم پر چند روز لعنت رہی اور پھر رفع الی اللہ ہوا بلکہ وفات کے ساتھ ہی رفع الی اللہ ہو گیا۔ اور ان ہی آیات میں خدا تعالیٰ نے یہ بھی سمجھا دیا کہ یہ رفع توریت کے احکام کے مخالف نہیں کیوں کہ توریت کا حکم عدم رفع اور لعنت اس حالت میں ہے کہ جب کوئی صلیب پر مارا جائے مگر صرف صلیب کے چھونے یا صلیب پر کچھ ایسی تکلیف اٹھانے سے جو موت کی حد تک نہیں پہنچتی لعنت لازم نہیں آتی اور نہ عدم رفع لازم آتا ہے کیوں کہ توریت کا منشاء یہ ہے کہ صلیب خدا تعالیٰ کی طرف سے

[1] آل عمران:۵۶

﴿۲۸﴾ جرائم پیشہ کی موت کا ذریعہ ہے۔ پس جو شخص صلیب پر مرگیا وہ مجرمانہ موت مرا جو لعنتی موت ہے لیکن مسیح صلیب پر نہیں مرا اور اس کو خدا نے صلیب کی موت سے بچالیا۔ بلکہ جیسا کہ اس نے کہا تھا کہ میری حالت یونس سے مشابہ ہے ایسا ہی ہوا نہ یونس مچھلی کے پیٹ میں مرا نہ یسوع صلیب کے پیٹ پر اور اس کی دعا ''ایلی ایلی لما سبقتانی'' سنی گئی۔ اگر مرتا تو پیلاطوس پر بھی ضرور وبال آتا کیونکہ فرشتہ نے پیلاطوس کی جورو کو یہ خبر دی تھی کہ اگر یسوع مرگیا تو یاد رکھ کہ تم پر وبال آئے گا مگر پیلاطوس پر کوئی وبال نہ آیا۔ اور یہ بھی یسوع کے زندہ رہنے کی ایک نشانی ہے کہ اس کی ہڈیاں صلیب کے وقت نہیں توڑی گئیں اور صلیب پر سے اتارنے کے بعد چھیدنے سے خون بھی نکلا اور اس نے حواریوں کو صلیب کے بعد اپنے زخم دکھلائے۔ اور ظاہر ہے کہ نئی زندگی کے ساتھ زخموں کا ہونا ممکن نہ تھا۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ یسوع صلیب پر نہیں مرا اس لئے لعنتی بھی نہیں ہوا اور بلاشبہ اس نے پاک وفات پائی اور خدا کے تمام پاک رسولوں کی طرح موت کے بعد وہ بھی خدا کی طرف اٹھایا گیا۔ اور بموجب وعدہ اِنّی متوفّیک و رافِعُک الیّ اس کا خدا کی طرف رفع ہوا۔ اگر وہ صلیب پر مرتا تو اپنے قول سے خود جھوٹا ٹھہرتا کیونکہ اس صورت میں یونس کے ساتھ اس کی کچھ بھی مشابہت نہ ہوتی۔

سو یہی جھگڑا مسیح کے بارے میں یہود اور نصاریٰ میں چلا آتا تھا جس کو آخر قرآن شریف نے فیصلہ کیا۔ پھر ابھی تک نصاریٰ کہتے ہیں کہ قرآن کے اترنے کی کیا ضرورت تھی۔ اے نادانوں! اور دلوں کے اندھو! قرآن کامل توحید لایا۔ قرآن نے عقل اور نقل کو ملا کر دکھلایا۔ قرآن نے توحید کو کمال تک پہنچایا۔ قرآن نے توحید اور صفات باری پر دلائل قائم کئے۔ اور خدا تعالیٰ کی ہستی کا ثبوت عقلی نقلی دلائل سے دیا۔ اور کشفی طور پر بھی دلائل قائم کئے۔ اور وہ مذہب جو پہلے قصہ کہانی کے رنگ میں چلا آتا تھا اس کو علمی رنگ میں دکھلایا۔ اور ہر ایک عقیدہ کو حکمت کا

﴿۲۹﴾ جامہ پہنایا اور وہ سلسلہ معارف دینیہ کا جو غیر مکمل تھا اس کو کمال تک پہنچایا۔ اور یسوع کی گردن پر سے لعنت کا طوق اتارا اور اس کے مرفوع اور سچا نبی ہونے کی شہادت دی تو کیا اس قدر فیض رسانی کے ساتھ ابھی قرآن کی ضرورت ثابت نہ ہوئی؟

یہ یاد رہے کہ قرآن نے بڑی صفائی سے اپنی ضرورت ثابت کی ہے۔ قرآن صاف کہتا ہے اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا[1] یعنی اس بات کو جان لو کہ زمین مرگئی تھی اور اب خدا نئے سرے اسکو زندہ کرنے لگا ہے۔ تاریخ شہادت دیتی ہے کہ قرآن کے زمانہ قرب نزول میں ہر ایک قوم نے اپنا چال چلن بگاڑا ہوا تھا۔ پادری فنڈل مصنف میزان الحق باوجود اس قدر تعصب کے جو اس کے رگ و ریشہ میں بھرا ہوا تھا میزان الحق میں صاف گواہی دیتا ہے کہ قرآن کے نزول کے زمانہ میں یہود و نصاریٰ کا چال چلن بگڑا ہوا تھا اور ان کی حالتیں خراب ہو رہی تھیں اور قرآن کا آنا ان کے لئے ایک تنبیہ تھی مگر اس نادان نے باوجود یکہ یہ تو اقرار کیا کہ قرآن اس وقت آیا جبکہ یہود و نصاریٰ کا چال و چلن بہت خراب ہو رہا تھا لیکن پھر بھی یہ جھوٹا عذر پیش کر دیا کہ خدا تعالیٰ کو ایک جھوٹا نبی بھیج کر یہود و نصاریٰ کو متنبہ کرنا منظور تھا مگر یہ اللہ تعالیٰ پر تہمت ہے کیا ہم اللہ جلّ شانہٗ کی طرف یہ خراب عادت منسوب کر سکتے ہیں کہ اس نے لوگوں کو گمراہی اور بدچلنی میں پا کر یہ تدبیر سوچی کہ اور بھی گمراہی کے سامان ان کے لئے میسر کرے اور کروڑہا بندگان خدا کو اپنے ہاتھ سے تباہی میں ڈالے۔ کیا غلبہ شدائد اور مصائب کے وقت خدا تعالیٰ کے قانون قدرت میں یہی عادت اس کی ثابت ہوتی ہے؟ افسوس کہ یہ لوگ دنیا سے محبت کر کے کیسے آفتاب پر تھوک رہے ہیں۔ ایک ناچیز انسان کو خدا بھی کہتے ہیں اور پھر ملعون بھی۔ اور اس عظیم الشان نبی کے وجود سے انکار کر رہے ہیں کہ جو ایسے وقت میں آیا جبکہ نوع انسان مردہ کی طرح ہو رہی تھی اور پھر کہتے ہیں

[1] الحدید:۱۸

﴿۳۰﴾ کہ قرآن کی ضرورت کیا تھی۔ اے غافلو! اور دلوں کے اندھو! قرآن جیسے ضلالت کے طوفان کے وقت میں آیا ہے کوئی نبی ایسے وقت میں نہیں آیا۔ اس نے دنیا کو اندھا پایا اور روشنی بخشی اور گمراہ پایا اور ہدایت دی اور مردہ پایا اور جان عطا فرمائی تو کیا ابھی ضرورت ثابت ہونے میں کچھ کسر رہ گئی؟ اور اگر یہ کہو کہ توحید تو پہلے بھی موجود تھی قرآن نے نئی چیز کون سی دی؟ تو اس سے اور بھی تمہاری عقل پر رونا آتا ہے۔ میں ابھی لکھ چکا ہوں کہ توحید پہلی کتابوں میں ناقص طور پر تھی اور تم ہرگز ثابت نہیں کر سکتے کہ کامل تھی۔ ماسوا اس کے توحید دلوں سے بکلی گم ہوگئی تھی قرآن نے اس توحید کو پھر یاد دلایا اور اس کو کمال تک پہنچایا۔ قرآن کا نام اسی لئے ذکر ہے کہ وہ یاد دلانے والا ہے۔ ذرا آنکھ کھول کر سوچو کہ کیا توریت نے جو کچھ توحید کے بارے میں بیان کیا تھا وہ ایک ایسی نئی بات تھی جو پہلے نبیوں کو اس کی خبر نہیں تھی۔ کیا یہ سچ نہیں کہ سب سے پہلے آدم کو اور پھر شیث اور نوح اور ابراہیم اور دوسرے رسولوں کو جو موسیٰ سے پہلے آئے توحید کی تعلیم ملی تھی؟ پس یہ توریت پر بھی اعتراض ہے کہ اس نے نئی چیز کونسی پیش کی۔ اے کج دل قوم خدا روز روز نیا نہیں ہوسکتا۔ موسیٰ کے وقت میں وہی خدا تھا جو آدم اور شیث اور نوح اور ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب اور یوسف کے وقت میں تھا۔ اور توریت نے وہی توحید کے بارے میں بیان کیا جو پہلے نبی کرتے آئے۔

اب اگر یہ سوال ہو کہ کیوں توریت نے اسی پرانی توحید کا ذکر کیا تو اس کا جواب یہی ہے کہ خدا کی ہستی اور وحدانیت کا مسئلہ توریت سے شروع نہیں ہوا بلکہ قدیم سے چلا آتا ہے۔ ہاں بعض زمانوں میں ترک عمل کی وجہ سے اکثر لوگوں کی نظر میں حقیر اور ذلیل ضرور ہوتا رہا ہے۔ پس خدا کی کتابوں اور خدا کے نبیوں کا یہ کام تھا کہ وہ ایسے وقتوں میں آتے رہے ہیں کہ جب اس مسئلہ توحید پر لوگوں کی توجہ کم رہ گئی ہو اور طرح طرح کے شرکوں

﴿۳۱﴾ میں وہ مبتلا ہو گئے ہوں۔ یہی مسئلہ دنیا میں ہزاروں دفعہ صیقل ہوا اور ہزاروں دفعہ پھر زنگ خوردہ کی طرح ہو کر لوگوں کی نظروں سے چھپ گیا۔ اور جب چھپ گیا تو پھر خدا نے اپنے کسی بندہ کو بھیجا تا نئے سرے اس کو روشن کر کے دکھلائے۔ اسی طرح دنیا میں کبھی ظلمت کبھی نور غالب آتا رہا۔ اور ہر ایک نبی کی شناخت کا یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا معیار ہے کہ دیکھنا چاہیے کہ وہ کس وقت آیا اور کس قدر اصلاح اس کے ہاتھ سے ظہور میں آئی۔ چاہئے کہ حق طلبی کی راہ سے اسی بات کو سوچیں اور شریروں اور متعصب لوگوں کے پُر خیانت اقوال کی طرف توجہ نہ کریں اور ایک صاف نظر لے کر کسی نبی کے حالات کو دیکھیں کہ اس نے ظہور فرما کر اس زمانہ کے لوگوں کو کس حالت میں پایا اور پھر اس نے ان لوگوں کے عقائد اور چال چلن میں کیا تبدیلی کر کے دکھلائی تو اس سے ضرور پتہ لگ جائے گا کہ کون نبی اشد ضرورت کے وقت آیا اور کون اس سے کمتر۔ نبی کی ضرورت گنہگاروں کے لئے بعینہٖ ایسی ہی ہوتی ہے جیسا کہ طبیب کی ضرورت بیماروں کے لئے۔ اور جیسا کہ بیماروں کی کثرت ایک طبیب کو چاہتی ہے ایسا ہی گنہگاروں کی کثرت ایک مصلح کو۔

اب اگر کوئی اس قاعدہ کو ذہن میں رکھ کر عرب کی تاریخ پر نظر ڈالے کہ عرب کے باشندے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور سے پہلے کیا تھے اور پھر کیا ہو گئے تو بلاشبہ وہ اس نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کو قوت قدسی اور تاثیر قوی اور افاضہ برکات میں سب نبیوں سے اوّل درجہ پر سمجھے گا اور اسی بنا پر وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی ضرورت کو دوسری تمام کتابوں اور نبیوں کی ضرورت سے بدیہی الثبوت یقین کرے گا مثلاً یسوع نے دنیا میں آ کر دنیا کی کس ضرورت کو پورا کیا؟ اور اس کا ثبوت کیا ہے کہ اس نے کوئی ضرورت پوری کی؟ کیا یہودیوں کے اخلاق اور عادات اور ایمان میں کوئی بھاری تبدیلی کر دی یا اپنے حواریوں کو تزکیہ نفس میں کمال تک پہنچا دیا؟ بلکہ ان پاک اصلاحوں میں سے کچھ

﴿۳۲﴾ بھی ثابت نہیں اور اگر کچھ ثابت ہے تو صرف یہی کہ چند آدمی طمع اور لالچ سے بھرے ہوئے اس کے ساتھ ہو گئے اور انجام کار انہوں نے بڑی قابل شرم بے وفائیاں دکھلائیں اور اگر یسوع نے خودکشی کی تو میں اس سے زیادہ ہرگز تسلیم نہیں کروں گا کہ ایک ایسی بے وقوفی کی حرکت اس سے صادر ہوئی جس سے اس کی انسانیت اور عقل پر ہمیشہ کے لئے داغ لگ گیا۔ ایسی حرکت جس کو انسانی قوانین بھی ہمیشہ جرائم کے نیچے داخل کرتے ہیں کیا کسی عقلمند سے صادر ہوسکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ پس ہم پوچھتے ہیں کہ یسوع نے کیا سکھلایا اور کیا دیا؟ کیا وہ لعنتی قربانی جس کا عقل اور انصاف کے نزدیک کوئی بھی نتیجہ معلوم نہیں ہوتا۔

یاد رہے کہ انجیل کی تعلیم میں کوئی نئی خوبی نہیں بلکہ یہ سب تعلیم توریت میں پائی جاتی ہے اور اس کا ایک بڑا حصہ یہودیوں کی کتاب طالموت میں اب تک موجود ہے۔ اور یہودی فاضل اب تک روتے ہیں کہ ہماری پاک کتابوں سے یہ فقرے چرائے گئے ہیں۔ چنانچہ حال میں جو ایک فاضل یہودی کی کتاب میرے پاس آئی ہے اس نے اسی بات کا ثبوت دینے کے لئے کئی ورق لکھے ہیں اور بڑے زور سے اسناد پیش کئے ہیں کہ یہ فقرات کہاں کہاں سے چرائے گئے۔ میں نے یہ کتابیں صرف میاں سراج الدین کے لئے منگوائی تھیں مگر ان کی بدقسمتی ہے کہ وہ دیکھنے سے پہلے چلے گئے۔ محقق عیسائی اس بات کو قبول کرتے ہیں کہ درحقیقت انجیل یہودیوں کی کتابوں کے ان مضامین کا ایک خلاصہ ہے جو حضرت مسیح کو پسند آئی لیکن بالآخر یہ کہتے ہیں کہ مسیح کے دنیا میں آنے سے یہ غرض نہیں تھی کہ کوئی نئی تعلیم لائے بلکہ اصل مطلب تو اپنے وجود کی قربانی دینا تھا یعنی وہی لعنتی قربانی جس کے بار بار کے ذکر سے میں اس رسالہ کو پاک رکھنا چاہتا ہوں۔ غرض عیسائیوں کو یہ دھوکہ لگا ہوا ہے کہ شریعت توریت تک مکمل ہو چکی اس لئے یسوع کوئی شریعت لے کر نہیں آیا بلکہ نجات دینے کے سامان لے کر آیا

﴿۳۳﴾ اور قرآن نے ناحق پھر ایسی شریعت کی بنیاد ڈال دی جو پہلے مکمل ہو چکی تھی۔ یہی دھوکہ عیسائیوں کے ایمان کو کھا گیا ہے۔ مگر یاد رہے کہ یہ بات بالکل صحیح نہیں ہے بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ چونکہ انسان سہو ونسیان سے مرکب ہے اور نوع انسان میں خدا کے احکام عملی طور پر ہمیشہ قائم نہیں رہ سکتے اس لئے ہمیشہ نئے یاد دلانے والے اور قوت دینے والے کی ضرورت پڑتی ہے۔ لیکن قرآن شریف صرف ان ہی دو ضرورتوں کی وجہ سے نازل نہیں ہوا بلکہ وہ پہلی تعلیموں کا درحقیقت متمم اور مکمل ہے مثلاً توریت کا زور حالات موجودہ کے لحاظ سے زیادہ تر قصاص پر ہے اور انجیل کا زور حالات موجودہ کے لحاظ سے عفو اور صبر اور درگذر پر ہے اور قرآن ان دونوں صورتوں میں محل شناسی کی تعلیم دیتا ہے۔ ایسا ہی ہر ایک باب میں توریت افراط کی طرف گئی ہے اور انجیل تفریط کی طرف اور قرآن شریف وسط کی تعلیم کرتا اور محل اور موقعہ کا سبق دیتا ہے۔ گو نفس تعلیم تینوں کتابوں کا ایک ہی ہے مگر کسی نے کسی پہلو کو شدومد کے ساتھ بیان کیا اور کسی نے کسی پہلو کو۔ اور کسی نے فطرت انسانی کے لحاظ سے درمیانہ راہ لیا جو طریق تعلیم قرآن ہے اور چونکہ محل اور موقعہ کا لحاظ رکھنا یہی حکمت ہے سو اس حکمت کو صرف قرآن شریف نے سکھلایا ہے۔ توریت ایک بے ہودہ سختی کی طرف کھینچ رہی ہے☆ اور انجیل ایک بیہودہ عفو پر زور دے رہی ہے اور قرآن شریف وقت شناسی کی تاکید کرتا ہے۔ پس جس طرح پستان میں آکر خون دودھ بن جاتا ہے۔ اسی طرح توریت اور انجیل کے احکام قرآن میں آکر حکمت بن گئے ہیں۔ اگر قرآن شریف نہ آیا ہوتا تو توریت اور انجیل اس اندھے کے تیر کی طرح ہوتیں کہ کبھی ایک آدھ دفع نشانہ پر لگ گیا اور سو دفعہ خطا گیا۔ غرض شریعت قصوں کے طور پر توریت سے آئی اور مثالوں کی طرح انجیل سے ظاہر ہوئی اور حکمت کے پیرایہ میں قرآن شریف سے حق اور حقیقت کے طالبوں کو ملی۔

☆ یہ سختی اور نرمی اپنے اپنے زمانہ اور قوم کی موجودہ حالت کے لحاظ سے مناسب تعلیم تھی مگر حقیقی تعلیم نہیں تھی جو قابل ترک نہ ہو۔ منہ

﴿۳۴﴾ سو توریت اور انجیل قرآن کا کیا مقابلہ کریں گی۔ اگر صرف قرآن شریف کی پہلی سورت کے ساتھ ہی مقابلہ کرنا چاہیں یعنی سورۃ فاتحہ کے ساتھ جو فقط سات آیتیں ہیں اور جس ترتیب انسب اور ترکیب محکم اور نظام فطرتی سے اس سورۃ میں صدہا حقائق اور معارف دینیہ اور روحانی حکمتیں درج ہیں ان کو موسیٰ کی کتاب یا یسوع کے چند ورق انجیل سے نکالنا چاہیں تو گو ساری عمر کوشش کریں تب بھی یہ کوشش لاحاصل ہوگی۔ اور یہ بات لاف وگزاف نہیں بلکہ واقعی اور حقیقی یہی بات ہے کہ توریت اور انجیل کو علوم حکمیہ میں سورہ فاتحہ کے ساتھ بھی مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔ ہم کیا کریں اور کیونکر فیصلہ ہو پادری صاحبان ہماری کوئی بات بھی نہیں مانتے۔ بھلا اگر وہ اپنی توریت یا انجیل کو معارف اور حقائق کے بیان کرنے اور خواص کلام الوہیت ظاہر کرنے میں کامل سمجھتے ہیں تو ہم بطور انعام پانسو روپیہ نقد ان کو دینے کیلئے طیار ہیں۔ اگر وہ اپنی کل ضخیم کتابوں میں سے جو ستر کے قریب ہوں گی وہ حقائق اور معارف شریعت اور مرتب اور منتظم درر حکمت و جواہر معرفت وخواص کلام الوہیت دکھلا سکیں جو سورہ فاتحہ میں سے ہم پیش کریں۔ اور اگر یہ روپیہ تھوڑا ہو تو جس قدر ہمارے لئے ممکن ہوگا ہم ان کی درخواست پر بڑھا دیں گے اور ہم صفائی فیصلہ کے لئے پہلے سورہ فاتحہ کی ایک تفسیر طیار کر کے اور چھاپ کر پیش کریں گے اور اس میں وہ تمام حقائق و معارف وخواص کلام الوہیت بہ تفصیل بیان کریں گے جو سورہ فاتحہ میں مندرج ہیں۔ اور پادری صاحبوں کا یہ فرض ہوگا کہ توریت اور انجیل اور اپنی تمام کتابوں میں سے سورہ فاتحہ کے مقابل پر حقائق اور معارف اور خواص کلام الوہیت جس سے مراد فوق العادۃ عجائبات ہیں جن کا بشری کلام میں پایا جانا ممکن نہیں پیش کر کے دکھلائیں۔ اور اگر وہ ایسا مقابلہ کریں اور تین[۳] منصف غیر قوموں میں سے کہہ دیں کہ وہ لطائف اور معارف اور خواص کلام

﴿۳۵﴾ الوہیت جو سورہ فاتحہ میں ثابت ہوئے ہیں وہ ان کی پیش کردہ عبارتوں میں بھی ثابت ہیں تو ہم پانسو روپیہ جو پہلے سے ان کے لئے ان کی اطمینان کی جگہ پر جمع کرایا جائے گا دے دیں گے۔

اب کیا کسی پادری کا حوصلہ ہے جو ایسا مقابلہ کرے؟ خدا کا کلام خدا کی طاقتوں سے ثابت ہوتا ہے جیسا کہ اس کی مصنوعات عجائب قدرت سے ثابت ہوتی ہیں مثلاً آسمان پر ہزاروں ستارے ہیں۔ اب اگر کوئی بیوقوف چند ستاروں کی طرف اشارہ کر کے کہہ دے کہ ان کی کیا ضرورت ہے لہٰذا یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہیں یا چند بوٹیوں یا پتھروں یا جانوروں کا نام لے کر کہہ دے کہ ان کے وجود کے بغیر دوسری بوٹیوں وغیرہ سے کام چل سکتا ہے۔ اس لئے یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے تو ایسا قائل بجز دیوانہ یا احمق کے اور کون ہوسکتا ہے۔

یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ قرآن ان تمام کمالات کا جامع ہے جن کی انسان کو تکمیل نفس کیلئے حاجت ہے۔ اور توریت کی قرآن کے ساتھ یہ مثال ہے کہ جیسے ایک مسافر خانہ تھا وہ بڑی بڑی آندھیوں اور زلزلوں کے باعث سے گر پڑا اور بجائے اس مسافر خانہ کے ایک اینٹوں کا ڈھیر لگ گیا اور پاخانہ کی اینٹیں باورچی خانہ میں اور باورچی خانہ کی پاخانہ میں جا پڑیں اور سب مکان زیر و زبر ہوگیا۔ پس اس سرائے کے مالک کو مسافروں کے حال پر رحم آیا۔ سو اس نے فی الفور بجائے اس مسافر خانہ کے ایک ایسا عمدہ اور آرام بخش مسافر خانہ طیار کیا جو اس پہلے سے بہتر اور مسافروں کے لئے نہایت آرام بخش مکانات اپنے اپنے قرینہ سے اس میں موجود تھے اور کسی ضرورت کے مکان کی کمی نہیں تھی اور مالک نے اس آخر الذکر مسافر خانہ کی تعمیر میں کچھ تو وہی اینٹیں پہلے مسافر خانہ کی لے لیں اور کچھ زیادہ اینٹیں اور لکڑی وغیرہ مصالح بہم پہنچایا جو عمارت کو کامل طور پر کافی ہوسکتا تھا۔ سو قرآن شریف وہی دوسرا مسافر خانہ ہے۔ جس کی آنکھیں ہوں دیکھے!!

﴿۳۶﴾ اس جگہ یہ اعتراض بھی دور کر دینے کے قابل ہے کہ جس حالت میں حقیقی اور کامل تعلیم یہی ہے جس میں محل اور موقعہ کی رعایت اور ہر ایک نکتہ معرفت کا استیفاء کے ساتھ بیان ہو تو کیا سبب ہے کہ توریت اور انجیل دونوں اس سے خالی رہیں اور قرآن نے ان دونوں باتوں کو کمال تک پہنچایا۔ تو اس کا جواب یہی ہے کہ یہ توریت اور انجیل کا قصور نہیں ہے بلکہ قوموں کی استعداد کا قصور ہے۔ یہودی لوگ جن سے پہلے حضرت موسیٰ کو واسطہ پڑا وہ چار سو برس تک فرعون کی غلامی میں رہے تھے اور ایک مدت دراز تک ظلم کے تختہ مشق رہ کر عدل اور انصاف کی حقیقت سے بے خبر ہو گئے تھے۔ یہ ایک فطرتی قاعدہ ہے کہ اگر بادشاہ وقت جو مؤدب اور آموزگار کے حکم میں ہوتا ہے عادل ہو تو رعایا کے دل پر عدل کا پرتوہ پڑتا ہے اور طبعًا وہ بھی خلق عدل کی طرف مائل ہو جاتے ہیں اور تہذیب اور شائستگی ان میں پیدا ہو کر عادلانہ صفات اپنا جلوہ دکھاتی ہیں۔ لیکن اگر بادشاہ ظالم ہو تو رعایا بھی اس سے ظلم اور تعدی کا سبق سیکھتی ہے اور اکثر ان کی صفت عدل سے محروم ہوتی ہے۔ پس یہی حال بنی اسرائیل کا ہوا کہ وہ لوگ ایک مدت دراز تک فرعون جیسے ظالم بادشاہ کی رعایا رہ کر اور طرح طرح کے ظلم اٹھا کر عدل کی کیفیت سے بالکل غافل ہو گئے۔ سو حضرت موسیٰ کا فرض یہ تھا کہ ان کو سب سے پہلے عدل کا سبق دیں۔ اس لئے توریت میں عدل کی حفاظت کیلئے بڑے شد و مد سے آیات پائی جاتی ہیں۔ ہاں رحم کی آیات کا بھی توریت میں پتہ ملتا ہے لیکن اگر غور سے دیکھو تو ایسی آیتیں بھی عدل کے حدود کی نگہداشت کیلئے اور ناجائز جذبات اور بے جا کینوں کے روکنے کیلئے بیان فرمائی گئی ہیں اور ہر جگہ اصل مدعا قوانین عدل اور انصاف کی نگہداشت ہے لیکن انجیل پڑھنے سے یہ مدعا معلوم نہیں ہوتا بلکہ انجیل میں عفو اور ترک انتقام پر بہت زور دیا گیا ہے۔ اور جب ہم انجیل کو تدبر اور عمیق نگاہ سے دیکھتے ہیں تو اس کے سلسلہ عبارت سے صاف مترشح ہوتا ہے کہ اس کتاب کا لکھنے والا اپنے مخاطبین کی نسبت یہ یقین رکھتا ہے کہ وہ لوگ طریق مروت اور صبر اور ترک

﴿۳۷﴾ انتقام سے بالکل دور اور مہجور ہیں اور چاہتا ہے کہ ان کے ایسے دل ہو جائیں کہ انتقام لینے کے حریص نہ ہوں اور صبر اور برداشت اور عفو اور درگذر اپنی عادت کریں۔ اس کا یہی سبب ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت میں یہودیوں کی اخلاقی حالت میں بہت فتور آ گیا تھا اور مقدمہ بازی اور کینہ کشی میں انتہا تک پہنچ گئے تھے اور اس بہانہ سے کہ ہم قانون عدل کے حامی ہیں رحم اور درگذر کی خصلتیں بالکل ان میں سے دور ہوگئی تھیں۔ سو انجیل کی نصیحتیں قانون مختص الزمان کی طرح یا قانون مختص القوم کی طرح ان کو سنائی گئی تھیں مگر یہ واقعی قانون کی تصویر نہ تھی اس لئے قرآن نے آ کر اس کو دور کر دیا۔

جس وقت ہم قرآن کو غور سے دیکھتے ہیں اور صاف دل سے اس کے مقصد کے گہراؤ تک چلے جاتے ہیں تو ہمیں صاف دکھائی دیتا ہے کہ قرآن نے نہ توریت کی طرح انتقام اور سختی پر ایسا زور ڈالا ہے کہ جیسا کہ توریت کی لڑائیوں اور قانون قصاص سے ثابت ہوتا ہے۔ اور نہ انجیل کی طرح یکدفعہ عفو اور صبر اور درگذر کی تعلیم پر گر پڑا ہے بلکہ بار بار امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم دیتا ہے یعنی یہ حکم دیتا ہے کہ جو امر عقل اور شرع کے رو سے بہتر اور محل پر ہو اس کو بجالاؤ اور جس پر عقل اور شرع کا اعتراض ہو اور منکرات میں سے ہو اس سے دست بردار ہو جاؤ۔ سو قرآن کے دیکھنے سے ایسا پایا جاتا ہے کہ وہ اپنے قوانین اور حدود اور اوامر کو علم کے رنگ میں ہمارے دلوں میں جمانا چاہتا ہے کیونکہ وہ شخصی امر اور نہی کے زندان میں ہمیں محبوس کرنا نہیں چاہتا بلکہ اپنی پاک شریعت کو قواعد کلیہ کے طور پر بیان کر دیتا ہے۔ مثلاً وہ ایک کلام کلی کے طور پر حکم فرماتا ہے کہ تم معروف کو بجالاؤ اور منکر سے دستکش ہو جاؤ۔ سو یہ دو کلمے یعنی معروف اور منکر ایسے جامع کلمے ہیں جو شریعت کے قوانین کو علمی رنگ میں لے آتے ہیں اور اس تعلیم سے ہر ایک محل میں یہ سوچنا پڑتا ہے کہ حقیقی نیکی کیا ہے مثلاً اس وقت جو زید نے ہمارا

﴿۳۸﴾ ایک گناہ کیا ہے تو کیا اس کو مارنا بہتر ہے یا عفو کرنا۔ اور ایک سائل جو ہم سے مثلاً ہزار روپیہ اس غرض سے مانگتا ہے کہ وہ اس روپیہ سے اپنے لڑکے کی دھوم دھام سے شادی کرے اور آتش بازی اور گانے والی عورتیں اور دوسرے باجوں کے ساتھ اپنے خاندان کے رسوم کے موافق اس رسم کو ادا کرے۔ تو گو ہم ہزار روپیہ اس کو دے سکتے ہیں مگر ہمیں امر معروف اور نہی منکر کے قاعدہ کے لحاظ سے سوچ لینا چاہیے کہ ایسی سخاوت سے ہم کس شخص کی مدد کرتے ہیں۔ غرض اسی طرح قرآن نے ہمارے دین اور دنیا کی بہبودی کے لئے ہمارے ہر ایک کار خیر میں محل اور موقعہ کی قید لگا دی ہے۔

اب میں میاں سراج الدین صاحب کے سوال دوم کا پورا جواب دے چکا ہوں اور میں لکھ چکا ہوں کہ اسلام نے یہودیوں کے ساتھ توحید منوانے کیلئے لڑائیاں نہیں کیں بلکہ اسلام کے مخالف خود اپنی شرارتوں سے لڑائیوں کے محرک ہوئے۔ بعض نے مسلمانوں کے قتل کرنے کے لئے خود پہلے پہل تلوار اٹھائی۔ بعض نے ان کی مدد کی۔ بعض نے اسلام کی تبلیغ روکنے کیلئے بے جا مزاحمت کی۔ سو ان تمام موجبات کی وجہ سے مفسدین کی سرکوبی اور سزا اور شر کی مدافعت کیلئے خدا تعالیٰ نے ان ہی مفسدوں کے مقابل پر لڑائیوں کا حکم کیا۔ اور یہ کہنا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ برس تک اس وجہ سے مخالفوں سے لڑائی نہیں کی کہ اس وقت تک پوری جمعیت حاصل نہیں ہوئی تھی یہ محض ظالمانہ اور مفسدانہ خیال ہے۔ اگر صورت حال یہ ہوتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالف تیرہ برس تک ان ظلموں اور خونریزیوں سے باز رہتے جو مکہ میں ان سے ظہور پذیر ہوئے اور پھر آپ منصوبہ کر کے یہ تجویز نہ کرتے کہ یا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دینا چاہیے اور یا وطن سے نکال دینا چاہیے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہی بغیر حملہ مخالفین کے مدینہ کی طرف چلے جاتے تو ایسی بدظنیوں کی کوئی جگہ بھی ہوتی لیکن یہ

﴿۳۹﴾ واقعہ تو ہمارے مخالفوں کو بھی معلوم ہے کہ تیرہ برس کے عرصہ میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دشمنوں کی ہر ایک سختی پر صبر کرتے رہے اور صحابہ کو سخت تاکید تھی کہ بدی کا مقابلہ نہ کیا جائے چنانچہ مخالفوں نے بہت سے خون بھی کئے اور غریب مسلمانوں کو زدوکوب کرنے اور خطرناک زخم پہنچانے کا تو کچھ شمار نہ رہا۔ آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کرنے کے لئے حملہ کیا۔ سو ایسے حملہ کے وقت خدا نے اپنے نبی کو شرِّ اعدا سے محفوظ رکھ کر مدینہ میں پہنچا دیا اور خوشخبری دی کہ جنہوں نے تلوار اٹھائی وہ تلوار ہی سے ہلاک کئے جائیں گے۔ پس ذرا عقل اور انصاف سے سوچو کہ کیا اس روئداد سے یہ نتیجہ نکل سکتا ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ جمعیت لوگوں کی ہوگئی تو پھر لڑائی کی نیت جو پہلے سے دل میں پوشیدہ تھی ظہور میں آئی؟ افسوس ہزار افسوس کہ تعصب مذہبی کے رو سے عیسائی دین کے حامیوں کی کہاں تک نوبت پہنچ گئی ہے۔ یہ بھی نہیں سوچتے کہ مدینہ میں جا کر جب مکہ والوں کے تعاقب کے وقت بدر کی لڑائی ہوئی جو اسلام کی پہلی لڑائی ہے تو کون سی جمعیت پیدا ہوگئی تھی۔ اس وقت تو کل تین سو تیرہ[۳۱۳] آدمی مسلمان تھے اور وہ بھی اکثر نوعمر ناتجربہ کار جو میدان بدر میں حاضر ہوئے تھے۔ پس سوچنے کا مقام ہے کہ کیا اس قدر آدمیوں پر بھروسہ کر کے عرب کے تمام بہادروں اور یہود اور نصاریٰ اور لاکھوں انسانوں کی سرکوبی کیلئے میدان میں کسی کا نکلنا عقل فتویٰ دے سکتی ہے؟!!! اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ نکلنا ان تدبیروں اور ارادوں کا نتیجہ نہیں تھا جو انسان دشمنوں کے ہلاک کرنے اور اپنی فتح یابی کیلئے سوچتا ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو کم سے کم تین[۳] چالیس[۴۰] ہزار فوج کی جمعیت حاصل کر لینا ضروری تھا اور پھر اسکے بعد لاکھوں انسانوں کا مقابلہ کرنا۔ لہٰذا صاف ظاہر ہے کہ یہ لڑائی مجبوری کے وقت خدا تعالیٰ کے حکم سے ہوئی تھی نہ ظاہری سامان کے بھروسہ پر۔

اس جگہ ایک اور اعتراض کو دفع کرنا بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر مدار نجات

﴿۴۰﴾ توحید اور اعمال صالحہ ہیں جو خدا کی محبت اور خوف سے ظہور پذیر ہوں تو یہودیوں کو کیوں اسلام کی طرف بلایا گیا کیا یہودیوں میں ایک بھی ایسا آدمی باقی نہیں رہا تھا جو عملی طور پر توحید کا پابند اور خدا کی اطاعت کا جُوا اپنی گردن پر رکھتا ہو؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کے وقت اکثر یہود اور نصاریٰ فاسق تھے جیسا کہ قرآن شریف صاف گواہی دیتا ہے کہ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ[1]۔ پس جبکہ اکثر لوگ ان میں فاسق تھے جنہوں نے عملی طور پر توحید کے آداب اور اعمال صالحہ کو چھوڑ دیا تھا اس لئے خدا کے رحم نے ان کی اصلاح کیلئے اپنی سنت قدیمہ کے موافق یہی تقاضا کیا کہ ان کی طرف رسول بھیجے۔ پھر اگر فرض بھی کر لیں کہ ان میں کوئی شاذ و نادر مؤحد اور صالح تھا۔ سو وہ خدا کے رسول سے سرکش رہ کر صالح نہ رہا اور جبکہ ادنیٰ گناہ انسان کے دل کو سیاہ کر دیتا ہے تو پھر کیوں کر باور کیا جائے کہ خدا کے رسول کی نافرمانی کرنے والا اور اس سے عداوت رکھنے والا پاک دل رہ سکتا ہے؟

سوال۔۳۔ قرآن میں انسان اور خدا کے ساتھ محبت کرنے کے بارے میں اور خدا کی انسان کے ساتھ محبت کرنے کے بارے میں کونسی آیتیں ہیں جن میں خاص محبت یا حبّ کا فعل استعمال کیا گیا ہے۔

الجواب۔ واضح ہو کہ قرآن کی تعلیم کا اصل مقصد یہی ہے کہ خدا جیسا کہ واحد لاشریک ہے ایسا ہی اپنی محبت کے رو سے بھی اس کو واحد لاشریک ٹھہراؤ جیسا کہ کلمہ **لا الٰہ الّا اللّٰہ** جو ہر وقت مسلمانوں کو ورد زبان رہتا ہے اسی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کیونکہ الٰہ. ولاہ سے مشتق ہے۔ اور اس کے معنے ہیں ایسا محبوب اور معشوق جس کی پرستش کی جائے۔ یہ کلمہ نہ توریت نے سکھلایا اور نہ انجیل نے۔ صرف قرآن نے سکھلایا۔ اور یہ کلمہ اسلام سے ایسا تعلق رکھتا ہے کہ گویا اسلام کا تمغہ ہے۔

[1] التوبۃ:۸

﴿۴۱﴾ یہی کلمہ پانچ وقت مساجد کے میناروں میں بلند آواز سے کہا جاتا ہے جس سے عیسائی اور ہندو سب چڑتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کو محبت کے ساتھ یاد کرنا ان کے نزدیک گناہ ہے۔ یہ اسلام ہی کا خاصہ ہے کہ صبح ہوتے ہی اسلامی مؤذّن بلند آواز سے کہتا ہے کہ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی ہمارا پیارا اور محبوب اور معبود بجز اللّٰہ کے نہیں۔ پھر دوپہر کے بعد یہی آواز اسلامی مساجد سے آتی ہے۔ پھر عصر کو بھی یہی آواز پھر مغرب کو بھی یہی آواز اور پھر عشاء کو بھی یہی آواز گونجتی ہوئی آسمان کی طرف چڑھ جاتی ہے۔ کیا دنیا میں کسی اور مذہب میں بھی یہ نظارہ دکھائی دیتا ہے؟!!

پھر بعد اس کے لفظ اسلام کا مفہوم بھی محبت پر ہی دلالت کرتا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کے آگے اپنا سر رکھ دینا اور صدق دل سے قربان ہونے کے لئے طیار ہو جانا جو اسلام کا مفہوم ہے یہ وہ عملی حالت ہے جو محبت کے سرچشمہ سے نکلتی ہے۔ اسلام کے لفظ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن نے صرف قولی طور پر محبت کو محدود نہیں رکھا بلکہ عملی طور پر بھی محبت اور جان فشانی کا طریق سکھایا ہے۔ دنیا میں اور کونسا دین ہے جس کے بانی نے اس کا نام **اسلام** رکھا ہے؟ اسلام نہایت پیارا لفظ ہے اور صدق اور اخلاص اور محبت کے معنے کوٹ کوٹ کر اس میں بھرے ہوئے ہیں۔ پس **مبارک** وہ مذہب جس کا نام اسلام ہے۔ ایسا ہی خدا کی محبت کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ[۱] یعنی ایماندار وہ ہیں جو سب سے زیادہ خدا سے محبت رکھتے ہیں۔ پھر ایک جگہ فرماتا ہے فَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَذِکْرِکُمْ اٰبَآءَکُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِکْرًا[۲] یعنی خدا کو ایسا یاد کرو جیسا کہ تم اپنے باپوں کو یاد کرتے تھے بلکہ اس سے زیادہ اور سخت درجہ کی محبت کے ساتھ یاد کرو۔ اور پھر ایک جگہ فرماتا ہے قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ

[۱] البقرۃ:۱۶۶ [۲] البقرۃ:۲۰۱

﴿۴۲﴾ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ [۱] یعنی ان کو جو تیری پیروی کرنا چاہتے ہیں یہ کہہ دے کہ میری قربانی اور میرا مرنا اور میرا زندہ رہنا سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہے یعنی جو میری پیروی کرنا چاہتا ہے وہ بھی اس قربانی کو ادا کرے۔ اور پھر ایک جگہ فرمایا کہ اگر تم اپنی جانوں اور اپنے دوستوں اور اپنے باغوں اور اپنی تجارتوں کو خدا اور اس کے رسول سے زیادہ پیاری چیزیں جانتے ہو تو الگ ہو جاؤ جب تک خدا تعالیٰ فیصلہ کرے اور ایسا ہی ایک جگہ فرمایا وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا [۲] یعنی مومن وہ ہیں جو خدا کی محبت سے مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھانا کھلاتے ہیں اور انہیں کہتے ہیں کہ ہم محض خدا کی محبت اور اس کے منہ کے لئے تمہیں دیتے ہیں۔ ہم تم سے کوئی بدلہ نہیں چاہتے اور نہ شکر گذاری چاہتے ہیں۔

غرض قرآن شریف ایسی آیتوں سے بھرا پڑا ہے جہاں لکھا ہے کہ اپنے قول اور فعل کے رو سے خدا کی محبت دکھلاؤ اور سب سے زیادہ خدا سے محبت کرو لیکن اس سوال کی یہ دوسری جز کہ قرآن شریف میں کہاں لکھا ہے کہ خدا بھی انسانوں سے محبت کرتا ہے؟ پس واضح ہو کہ قرآن شریف میں یہ آیات بکثرت موجود ہیں کہ خدا توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے☆ اور خدا نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور خدا صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ ہاں قرآن شریف میں یہ کہیں نہیں کہ جو شخص کفر اور بدکاری اور ظلم سے محبت کرتا ہے خدا اس سے بھی محبت کرتا ہے بلکہ اس جگہ اس نے احسان کا لفظ استعمال کیا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ [۳] یعنی تمام دنیا پر رحم کر کے ہم نے تجھے بھیجا ہے۔ اور عالمین میں کافر اور بے ایمان اور فاسق اور فاجر بھی داخل ہیں اور ان کے لئے رحم کا دروازہ اس طرح پر

☆ خدا کی محبت انسان کی محبت کی طرح نہیں جس میں یہ داخل ہے کہ جدائی سے درد اور تکلیف ہو بلکہ خدا کی محبت سے مراد یہ ہے کہ وہ نیکی کرنیوالوں کے ساتھ ایسا پیش آتا ہے جیسا کہ محبّ پیش آتا ہے۔ منہ

[۱] الانعام:۱۶۳ [۲] الدھر:۹،۱۰ [۳] الانبیاء:۱۰۸

﴿۴۳﴾ کھولا کہ وہ قرآن شریف کی ہدایتوں پر چل کر نجات پا سکتے ہیں۔ میں اس بات کا بھی اقرار کرتا ہوں کہ قرآن شریف میں خدا کی محبت انسانوں سے اس قسم کی بیان نہیں کی گئی کہ اس نے کوئی اپنا بیٹا بدکاروں کے گناہوں کے بدلہ میں سولی دلوا دیا اور ان کی لعنت اپنے پیارے بیٹے پر ڈال دی۔ خدا کے بیٹے پر لعنت نعوذ باللہ خود خدا پر لعنت ہے کیونکہ باپ اور بیٹا دو نہیں ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ لعنت اور خدائی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں پھر یہ بھی سوچو کہ خدا نے دنیا کے بدکاروں سے یہ کیسی محبت کی کہ نیک کو مارا اور برے سے پیار کیا۔ یہ ایسا خلق ہے جس کی کوئی راستباز پیروی نہیں کر سکتا۔

اور اس سوال کی تیسری جز یہ ہے کہ قرآن شریف میں یہ کہاں لکھا ہے کہ انسان انسان کے ساتھ محبت کرے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن نے اس جگہ بجائے محبت کے رحم اور ہمدردی کا لفظ لیا ہے کیونکہ محبت کا انتہا عبادت ہے اس لئے محبت کا لفظ حقیقی طور پر خدا سے خاص ہے☆ اور نوع انسان کے لئے بجائے محبت کے خدا کے کلام میں رحم اور احسان کا لفظ آیا ہے کیونکہ کمال محبت پرستش کو چاہتا ہے اور کمال رحم ہمدردی کو چاہتا ہے۔ اس فرق کو غیر قوموں نے نہیں سمجھا اور خدا کا حق غیروں کو دیا۔ میں یقین نہیں رکھتا کہ یسوع کے منہ سے ایسا مشرکانہ لفظ نکلا ہو بلکہ میرا گمان ہے کہ پیچھے سے یہ مکروہ الفاظ انجیلوں میں ملا دیئے گئے ہیں اور پھر ناحق یسوع کو بدنام کیا گیا۔ غرض خدا کی پاک کلام میں بنی نوع کے لئے رحم کا لفظ آیا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ[1] وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ[2] یعنی مومن وہ ہیں جو حق اور رحم کی وصیت کرتے ہیں۔ اور پھر دوسری جگہ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى[3] یعنی خدا کا حکم یہ ہے کہ تم عام لوگوں کے ساتھ عدل کرو اور اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ تم احسان کرو اور

☆ محبت کا لفظ جہاں کہیں باہم انسانوں کی نسبت آیا بھی ہو اس سے درحقیقت حقیقی محبت مراد نہیں ہے بلکہ اسلامی تعلیم کی رو سے حقیقی محبت صرف خدا سے خاص ہے۔ اور دوسری محبتیں غیر حقیقی اور مجازی طور پر ہیں۔ منہ

[1] العصر:۴ [2] البلد:۱۸ [3] النحل:۹۱

﴿۴۴﴾ اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ تم بنی نوع سے ایسی ہمدردی بجالاؤ جیسا کہ ایک قریبی کو اپنے قریبی کے ساتھ ہوتی ہے۔

اب سوچنا چاہیے کہ اس سے زیادہ دنیا میں اور کون سی اعلیٰ تعلیم ہوگی جس میں تمام بنی نوع کے ساتھ نیکی کرنا صرف احسان کی حد تک محدود نہیں رکھا بلکہ وہ درجہ جوش طبعی بھی بیان کر دیا جس کا نام **ایتاء ذی القربیٰ** ہے کیونکہ احسان کرنے والا اگرچہ احسان کے وقت ایک نیکی کرتا ہے مگر جزا اور پاداش کا خواہاں ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ کبھی منکر احسان اور کافر نعمت پر ناراض بھی ہو جاتا ہے۔ اور کبھی جوش میں آ کر اپنا احسان بھی یاد دلاتا ہے مگر طبعی جوش سے نیکی کرنا جس کو قرآن نے ذوی القربیٰ کی نیکی کے ساتھ مشابہت دی ہے۔ یہ درحقیقت آخری درجہ نیکی کا ہے جس کے بعد اور کوئی مرتبہ نیکی کا نہیں کیونکہ ماں کی نیکی بچہ کے ساتھ اور اس کا رحم ایک طبعی جوش ہے اور ناکارہ شیر خوار سے کوئی شکر گذاری مطلوب نہیں۔

یہ تین درجے بنی نوع کی حق گذاری کے ہیں جو قرآن شریف نے بیان فرمائے ہیں۔ اب جب ہم توریت اور انجیل کو دیکھتے ہیں تو ہمیں ایماناً کہنا پڑتا ہے کہ یہ دونوں کتابیں اس اعلیٰ درجہ کی حق گذاری سے خالی ہیں۔ بھلا ہم ان دونوں کتابوں سے اس تیسرے درجہ کی کیا توقع رکھیں۔ ان میں تو پہلا اور دوسرا درجہ بھی کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا کیونکہ جس حالت میں توریت صرف یہودیوں کے لئے نازل ہوئی ہے اور حضرت مسیح بھی صرف بنی اسرائیل کی بھیڑوں کے لئے بھیجے گئے ہیں تو ان کو دوسروں سے کیا غرض اور کیا تعلق تھا تا ان کی نسبت عدل اور احسان کی ہدایتیں بیان کی جاتیں۔ لہٰذا وہ تمام احکام بنی اسرائیل تک ہی محدود رہے اور اگر محدود نہیں تھے تو کیوں

﴿۴۵﴾ یسوع نے باوجودیکہ ایک عورت کے نالہ وفریاد کرنے کی آواز سنی اور اس کی عاجزانہ درخواست اس تک پہنچی تو پھر بھی یسوع نے اس پر رحم نہ کیا اور کہا کہ میں صرف بنی اسرائیل کے لئے بھیجا گیا ہوں۔ پس جبکہ یسوع نے خود دوسروں کے لئے جو بنی اسرائیل سے خارج تھے رحم اور ہمدردی میں کوئی عملی نمونہ نہ دکھلایا تو کیوں کر امید کی جائے کہ یسوع کی تعلیم میں دوسری قوموں پر رحم کرنے کا حکم ہے۔ یسوع نے تو صاف کہہ دیا کہ میں دوسری قوموں کے لئے بھیجا ہی نہیں گیا۔ تو اب ہم کیا امید رکھ سکتے ہیں کہ یسوع کی تعلیم میں غیر قوموں پر رحم کرنے کے لئے کچھ ہدایتیں ہیں۔ نہیں بلکہ یسوع کی تعلیم کا رُخ صرف یہودیوں کی طرف ہے۔ اور یسوع خود اپنے تئیں اس بات کا مجاز نہیں سمجھتا کہ دوسری قوموں کی نسبت کچھ ہدایتیں بیان فرمائے۔ پھر وہ کیوں کر عام طور پر رحم کی تعلیم دے سکتا تھا اور اگر انجیل میں یسوع کے اس کلمہ کے مخالف کہ میری تعلیم اور ہمدردی یہود تک محدود ہے کوئی اور کلمہ لکھا بھی گیا ہو تو بلاشبہ وہ کلمہ الحاقی ہوگا کیونکہ تناقض جائز نہیں۔

اسی طرح توریت کے پیش نظر بھی صرف یہودی تھے اور توریت کی تعلیم کا بھی تمام پرواز یہودیوں کے سروں تک ہے لیکن وہ قانون جو عام عدل اور احسان اور ہمدردی کے لئے دنیا میں آیا۔ وہ صرف **قرآن** ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا[1] یعنی کہہ اے لوگو میں تم سب کی طرف رسول کر کے بھیجا گیا ہوں۔ اور پھر فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ[2] یعنی ہم نے تمام عالموں پر رحمت کرنے کے لئے تجھے بھیجا ہے۔

[1] الاعراف:۱۵۹ [2] الانبیاء:۱۰۸

﴿۴۶﴾

سوال۔۴۔ مسیح نے اپنی نسبت یہ کلمات کہے۔ ’’میرے پاس آؤ تم جو تھکے اور ماندے ہو کہ میں تمہیں آرام دوں گا‘‘۔ اور یہ کہ ’’میں روشنی ہوں اور میں راہ ہوں۔ میں زندگی اور راستی ہوں‘‘۔ کیا بانی اسلام نے یہ کلمات یا ایسے کلمات کسی جگہ اپنی طرف منسوب کئے ہیں۔

الجواب۔ قرآن شریف میں صاف فرمایا گیا ہے قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ[1] الخ یعنی ان کو کہہ دے کہ اگر خدا سے محبت رکھتے ہو تو آؤ میری پیروی کرو تا خدا بھی تم سے محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے۔ یہ وعدہ کہ میری پیروی سے انسان خدا کا پیارا بن جاتا ہے مسیح کے گذشتہ اقوال پر غالب ہے کیونکہ اس سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں کہ انسان خدا کا پیارا ہو جائے۔ پس جس کی راہ پر چلنا انسان کو محبوب الٰہی بنا دیتا ہے۔ اس سے زیادہ کس کا حق ہے کہ اپنے تئیں روشنی کے نام سے موسوم کرے۔ اسی لئے اللہ جلّ شانہٗ نے قرآن شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام **نور** رکھا ہے جیسا کہ فرماتا ہے قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ[2] یعنی تمہارے پاس خدا کا نور آیا ہے۔ اور یہ جملہ کہ تم جو تھکے اور ماندے ہو میرے پاس آ جاؤ میں تمہیں آرام دوں گا یہ کیسا لغو معلوم ہوتا ہے۔ اگر آرام سے مراد دنیا کا آرام اور بے قیدی ہے تب تو یہ فقرہ بلا شبہ صحیح ہے کیونکہ مسلمان جب مسلمان ہوتا ہے تو اس کو پانچ وقت نماز پڑھنی پڑتی ہے۔ علی الصباح سورج سے پہلے صبح کی نماز کے لئے اٹھنا پڑتا ہے اور پانی سے گو موسم سرما میں کیسا ہی پانی ٹھنڈا ہو وضو کرنا پڑتا ہے اور پھر پانچ وقت مسجد کی طرف نماز جماعت کے لئے دوڑنا پڑتا ہے اور پھر قریباً ایک پہر رات باقی رہتے خواب شیریں سے اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھنی پڑتی ہے

[1] آل عمران:۳۲ [2] المآئدۃ:۱۶

﴿۴۷﴾ غیر عورتوں کے دیکھنے سے اپنے تئیں بچانا پڑتا ہے۔ شراب اور ہر ایک نشے سے اپنے تئیں دور رکھنا پڑتا ہے۔ خدا کے مواخذہ سے خوف کر کے حقوق عباد کا لحاظ رکھنا پڑتا ہے۔ اور ہر ایک سال میں برابر تیس یا انتیس روز خدا تعالیٰ کے حکم سے روزہ رکھنا پڑتا ہے اور تمام مالی و بدنی و جانی عبادت کو بجالانا پڑتا ہے۔ پھر جب ایک بد بخت جو پہلے مسلمان تھا عیسائی ہو گیا تو ساتھ ہی یہ تمام بوجھ اپنے سر پر سے اتار لیتا ہے۔ اور سونا اور کھانا اور شراب پینا اور اپنے بدن کو آرام میں رکھنا اس کا کام ہوتا ہے اور یکدفعہ تمام اعمال شاقہ سے دستکش ہو جاتا ہے اور حیوانوں کی طرح بجز اکل و شرب اور ناپاک عیاشی کے اور کوئی کام اس کا نہیں ہوتا۔ پس اگر یسوع کے گذشتہ بالا فقرہ کے یہی معنے ہیں کہ میں تمہیں آرام دوں گا تو بیشک ہم قبول کرتے ہیں کہ درحقیقت عیسائیوں کو اس چند روزہ سفلی زندگی میں بوجہ اپنی بے قیدی کے بہت ہی آرام ہے یہاں تک کہ ان کی دنیا میں نظیر نہیں۔ وہ مکھی کی طرح ہر ایک چیز پر بیٹھ سکتے ہیں اور وہ خنزیر کی طرح ہر ایک چیز کھا سکتے ہیں۔ ہندو گائے سے پرہیز کرتے ہیں اور مسلمان سؤر سے مگر یہ بلانوش دونوں ہضم کر جاتے ہیں۔ سچ ہے۔ ''عیسائی باش هر چه خواهی بکن''۔ سؤر کو حرام ٹھہرانے میں توریت میں کیا کیا تاکیدیں تھیں یہاں تک کہ اس کا چھونا بھی حرام تھا اور صاف لکھا تھا کہ اس کی حرمت ابدی ہے مگر ان لوگوں نے اس سؤر کو بھی نہیں چھوڑا جو تمام نبیوں کی نظر میں نفرتی تھا۔ یسوع کا شرابی کبابی ہونا تو خیر ہم نے مان لیا مگر کیا اس نے کبھی سؤر بھی کھایا تھا؟ وہ تو ایک مثال میں بیان کرتا ہے کہ ''تم اپنے موتی سؤروں کے آگے مت پھینکو''۔ پس اگر موتیوں سے مراد پاک کلمے ہیں تو سؤروں سے مراد پلید آدمی ہیں۔ اس مثال میں یسوع صاف گواہی دیتا ہے کہ سؤر پلید ہے کیونکہ مشبّہ اور مشبّہ بہٖ میں مناسبت شرط ہے۔

غرض عیسائیوں کا آرام جو ان کو ملا ہے وہ بے قیدی اور اباحت کا آرام ہے۔

﴿۴۸﴾ لیکن روحانی آرام جو خدا کے وصال سے ملتا ہے اس کے بارے میں تو میں خدا کی دُہائی دے کر کہتا ہوں کہ یہ قوم اس سے بالکل **بے نصیب** ہے۔ ان کی آنکھوں پر پردے اور ان کے دل مردہ اور تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ سچے خدا سے بالکل غافل ہیں۔ اور ایک عاجز انسان کو جو ہستی ازلی کے آگے کچھ بھی نہیں ناحق خدا بنا رکھا ہے۔ ان میں برکات نہیں۔ ان میں دل کی روشنی نہیں۔ ان کو سچے خدا کی محبت نہیں بلکہ اس سچے خدا کی معرفت بھی نہیں۔ ان میں کوئی بھی نہیں ہاں ایک بھی نہیں جس میں ایمان کی نشانیاں پائی جاتی ہوں۔ اگر ایمان کوئی واقعی برکت ہے تو بے شک اس کی نشانیاں ہونی چاہئیں مگر کہاں ہے کوئی ایسا عیسائی جس میں یسوع کی بیان کردہ نشانیاں پائی جاتی ہوں؟ پس یا تو انجیل جھوٹی ہے اور یا عیسائی جھوٹے ہیں۔ دیکھو قرآن کریم نے جو نشانیاں ایمانداروں کی بیان فرمائیں وہ ہر زمانہ میں پائی گئی ہیں۔ قرآن شریف فرماتا ہے کہ ایماندار کو الہام ملتا ہے۔ ایماندار خدا کی آواز سنتا ہے۔ ایماندار کی دعائیں سب سے زیادہ قبول ہوتی ہیں۔ ایماندار پر غیب کی خبریں ظاہر کی جاتی ہیں۔ ایماندار کے شامل حال آسمانی تائیدیں ہوتی ہیں۔ سو جیسا کہ پہلے زمانوں میں یہ نشانیاں پائی جاتی تھیں اب بھی بدستور پائی جاتی ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن خدا کا پاک کلام ہے اور قرآن کے وعدے خدا کے وعدے ہیں۔ **اٹھو عیسائیو!** اگر کچھ طاقت ہے تو **مجھ سے مقابلہ کرو** اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھے بیشک ذبح کر دو ورنہ آپ لوگ خدا کے الزام کے نیچے ہیں۔ اور جہنم کی آگ پر آپ لوگوں کا قدم ہے۔ **والسلام علیٰ من اتبع الھدی.**

اَلـــــــرَّاقـــــــم

میرزا غلام احمد از قادیان

ضلع گورداسپورہ ۲۲؍جون ۱۸۹۷ء

ترجمہ فارسی عبارات

صفحہ ۳

۔ اے قوم خدائے قادر کے نشانات دیکھ آنکھ کھول کہ تیری آنکھ کے سامنے ایک عظیم الشان نشان ہے

۔ اُس کی طرف اپنا رخ کر کہ اگر وہ قبول کر لے تو منہ چمک اٹھے گا ورنہ یہ روئے سیاہ سؤر سے بھی بدتر ہے

۔ تو زمین و آسمان کے بادشاہ سے کیوں منہ پھیرتا ہے اگر اس کا غضب تجھے پکڑ لے تو کون تجھے پناہ اور مدد دے سکتا ہے

۔ چاند سورج زمین و آسمان آگ اور پانی سب اس عزت والے دوست کے قبضہ میں قیدی ہیں

۔ سب فرشتے اس کی ہیبت سے لرزتے ہیں انبیاء کی جان اور دل خون ہے اور خوف دامنگیر ہے

۔ جنت اور جلانے والا دوزخ اُس کے خوف سے کانپتے ہیں اے ناچیز کیڑے تیری ہستی ہی کیا ہے اور تیری منزلت ہی کیا ہے

۔ تو خدا تعالیٰ سے کب تک یہ جنگ و جدل کرتا رہے گا۔ توبہ کر توبہ تا کہ وہ تیری خطائیں معاف کر دے

۔ میں اگر یار کی نظر میں کوئی درجہ رکھتا ہوں تو تیری بدگوئی اور تکفیر سے مجھے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے

۔ لعنت وہ ہوتی ہے جو خدا کی طرف سے نازل ہو بد اصل لوگوں کی لعنت محض بیہودہ شور ہے

۔ اے بھائی دین کا راستہ بہت مشکل راستہ ہے۔ خاک ہو جا خاک تا کہ پھر تجھے اکسیر بنا دیں

۔ اگر تو تکبر سے روگردانی کرے گا تو ہلاک ہو جائے گا میں اس کے پاس سے آیا ہوں اور بطور نذیر تجھے سمجھاتا ہوں

۔ وہ خدا جس سے مخلوق اور لوگ بے خبر ہیں اس نے مجھ پر تجلی کی ہے اگر تو عقلمند ہے تو مجھے قبول کر

صفحہ ۱۴

۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان میں ایک عجیب نور ہے محمدؐ کی کان میں ایک عجیب و غریب لعل ہے

۔ دل اُس وقت ظلمتوں سے پاک ہوتا ہے جب وہ محمدؐ کے دوستوں میں داخل ہو جاتا ہے

۔ میں اُن نالایقوں کے دلوں پر تعجب کرتا ہوں جو محمدؐ کے دسترخوان سے منہ پھیرتے ہیں

۔ دونوں جہان میں مَیں کسی شخص کو نہیں جانتا جو محمدؐ کی سی شان وشوکت رکھتا ہو

۔ خدا اُس شخص سے سخت بیزار ہے جو محمدؐ سے کینہ رکھتا ہو

۔ خدا خود اس ذلیل کیڑے کو جلا دیتا ہے جو محمدؐ کے دشمنوں میں سے ہو

۔ اگر تو نفس کی بدمستیوں سے نجات چاہتا ہے تو محمدؐ کے مستانوں میں سے ہو جا

۔ اگر تو چاہتا ہے کہ خدا تیری تعریف کرے تو نہ دل سے محمدؐ کا مدح خواں بن جا

۔ اگر تو اُس کی سچائی کی دلیل چاہتا ہے تو اُس کا عاشق بن جا کیونکہ محمدؐ ہی خود محمد کی دلیل ہے

۔ میرا سراحمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خاک پا پر نثار ہے اور میرا دل ہر وقت محمدؐ پر قربان رہتا ہے

۔ رسول اللہ کی زلفوں کی قسم کہ میں محمدؐ کے نورانی چہرے پر فدا ہوں

۔ اس راہ میں اگر مجھے قتل کر دیا جائے یا جلا دیا جاوے تو پھر بھی میں محمدؐ کی بارگاہ سے منہ نہیں پھیروں گا

۔ دین کے معاملہ میں مَیں سارے جہان سے بھی نہیں ڈرتا کہ مجھ میں محمدؐ کے ایمان کا رنگ ہے

۔ دنیا سے قطع تعلق کرنا نہایت آسان ہے محمدؐ کے حسن واحسان کو یاد کر کے

۔ اُس کی راہ میں میرا ہر ذرّہ قربان ہے کیونکہ میں نے محمدؐ کا مخفی حسن دیکھ لیا ہے

۔ میں اور کسی استاد کا نام نہیں جانتا میں تو صرف محمدؐ کے مدرسہ کا پڑھا ہوا ہوں

۔ اور کسی محبوب سے مجھے واسطہ نہیں کہ میں تو محمدؐ کے ناز وادا کا مقتول ہوں

۔ مجھے تو اسی آنکھ کی نظرِ مہر درکار ہے۔ میں محمدؐ کے باغ کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا

۔ میرے زخمی دل کو میرے پہلو میں تلاش نہ کرو کہ اسے تو ہم نے محمدؐ کے دامن سے باندھ دیا ہے

۔ میں طائرانِ قُدس میں سے وہ اعلیٰ پرندہ ہوں جو محمدؐ کے باغ میں بسیرا رکھتا ہے

۔ تو نے عشق کی وجہ سے ہماری جان کو روشن کر دیا اے محمدؐ تجھ پر میری جان فدا ہو

۔ اگر اس راہ میں سو جان سے قربان ہو جاؤں تو بھی افسوس رہے گا کہ یہ محمدؐ کی شان کے شایاں نہیں

۔ اس جوان کو کس قدر رعب دیا گیا ہے کہ محمدؐ کے میدان میں کوئی بھی (مقابلہ پر) نہیں آتا

۔ اے نادان اور گمراہ دشمن ہوشیار ہو جا اور محمدؐ کی کاٹنے والی تلوار سے ڈر

۔ خدا کے اس راستہ کو جسے لوگوں نے بھلا دیا ہے تو محمدؐ کے آل اور انصار میں ڈھونڈ

۔ خبردار ہوجا! اے وہ شخص جو محمدؐ کی شان نیز محمدؐ کے چمکتے ہوئے نور کا منکر ہے

۔ اگرچہ کرامت اب مفقود ہے مگر تو آ اور اسے محمدؐ کے غلاموں میں دیکھ لے

صفحہ ۳۱

۔ اے سلامتی والے شخص تیرے لئے سلامتی ہے

صفحہ ۳۴

۔ اب ظہور کر اور نکل کہ تیرا وقت نزدیک آ گیا اور اب وہ وقت آ رہا ہے کہ محمدی گڑھے میں سے نکال لئے جاویں گے اور ایک بلند اور مضبوط مینار پر ان کا قدم پڑے گا۔

صفحہ ۳۸

۔ اگر اس مدت میں یعنی چالیس دن تک ہم سے کوئی نشان ظہور میں آ جائے اور ان سے کچھ بھی ظہور میں نہ آئے پس یہی دلیل ہمارے صادق ہونے کی اور ان کے کاذب ہونے کی ہوگی

۔ اگر یہی لاف وگزاف اور یہی شیخی ہے تو ایسے سونجھی شیخوں سے شیخ نجدی (شیطان) بہتر ہے

صفحہ ۷۸

۔ اب ظہور کر اور نکل کہ تیرا وقت نزدیک آ گیا اور اب وہ وقت آ رہا ہے کہ محمدی گڑھے میں سے نکال لئے جاویں گے اور ایک بلند اور مضبوط مینار پر ان کا قدم پڑے گا۔

صفحہ ۹۰، ۹۱

بخدمت جناب مرزا صاحب عالی مراتب، مجموعہ محاسن بیکراں مستجمع اوصاف بے پایاں مکرم معظم برگزیدہ خدائے احد جناب مرزا غلام احمد صاحب مَتَّعَ اللّٰهُ النَّاسَ بِبَقَائِهٖ وَ سَرَّنِیْ بِلِقَائِهٖ وَ اَنْعُمِهٖ بِـاٰلَائِـهٖ۔ اس سلام کے بعد جواز روئے اسلام مسنون ہے اور کامل شوق اور اس دعا کے بعد کہ آپ کا نام روشن ہو اور آپ کا مرتبہ بلند ہو یہ بات واضح اور عیاں ہے کہ وہ مکتوب جس سے محبت کی بو آتی ہے اور جو کامل مہربانیوں سے بھرا ہوا ہے مع اس کتاب کے جو آنجناب نے بھیجی تھی پہنچا جس نے تازہ خوشی کے چہرہ کو بے نقاب کر دیا اور بے حد خوشی کا موجب ہوا۔ پس پوشیدہ نہ رہے کہ یہ خاکسار اپنی فطرت کے تقاضا کے مطابق شروع سے ہی جھگڑوں میں پڑنے اور مباحثات میں قدم رکھنے سے گریزاں رہا ہے اور جہاں

تک ہوسکتا ہے اپنے آپ کو بے فائدہ نزاع کے طوفان میں داخل ہونے سے بچاتا ہے اور چونکہ اکثر لوگوں کو حرص و ہوا کی موافقت نے طلبِ حق سے دور رکھا ہوا ہے اور تعصب نے تحقیق کے راستوں پر جہالت کی خاک ڈالی ہوئی ہے اس لئے باتوں کی حقیقت تک پہنچے بغیر اور کاموں کے انجام کو دیکھے بغیر شور وغل مچاتے ہیں اور اسی جہالت کے غبار کو جو دشمنی کی ہوس سے اٹھائے ہوئے ہیں اپنے سر پر ڈالتے ہیں۔ ورنہ اعمال کا ثمرہ صحیح نیت پر موقوف ہے اور کنایات اپنی دلالت میں تصریح سے بڑھ کر رسا ہیں۔ یہ بات مخفی نہ رہے کہ آج کل کچھ علماء وقت نے مجھ سے جواب طلبی کی ہے کہ کیوں ایک ایسے شخص کو (یعنی آنجناب کو) جو باتفاق علماء ایسا ویسا ثابت ہو چکا ہے نیک مرد قرار دیتے ہیں اور کس وجہ سے ان کے ساتھ حسن ظنی رکھتے ہیں کیونکہ ان کی تحریر کامل جوش سے بھری ہوئی تھی اور ان کے الفاظ کی ترکیب اپنے اندر بجلی جیسی تڑپ رکھتی تھی مگر اس خیال سے کہ ان کے مضامین ان کے دلوں کے گواہ ہیں اور ہر شخص کی نیت خدا تعالیٰ بہتر جانتا ہے اور کسی شخص پر بدگمانی کرنا نیک آدمیوں کا طریق نہیں۔ اور بغیر تحقیق کے کسی کو منافق یا نفس کا مطیع جاننا مناسب نہیں۔ اس فقیر پر ان کے طریق پر بدگمانی گراں گزرتی ہے کیونکہ اگر وہ نیک نیت رکھتے ہیں تو ان کی غلطی خطا فی الاجتہاد سے مشابہ ہوگی ورنہ حقیقت یہ ہے کہ میرے محبت نیوش کان جوں جوں آنمکرم کی مساعی سے آگاہی کے ذخیرہ سے بہرہ مند ہوتے ہیں میرا محبت شعار دل اس اخلاص میں اور بھی بڑھ گیا ہے کہ جو پہلے رکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ کوئی سبب بہتر پیدا ہو جائے اور مبارک گھڑی ظاہر ہو جائے کہ جس سے جسمانی دوری کا پردہ اور فاصلہ کی لمبائی کا نقاب درمیان سے اُٹھ جائے اور اگر آپ وہ مضمون جو جلسۂ مذاہب میں پیش فرمایا تھا میرے پاس بھیج کر مسرور کریں تو احسان ہوگا۔ والسلام مع اکرام فضائل اور کمالات کے مراتب رکھنے والے مولوی نور الدین صاحب و صاحبزادہ سراج الحق صاحب بھی سلام شوق مطالعہ فرمائیں۔

الراقم

فقیر غلام فرید چشتی نظامی از مقام چاچڑاں شریف

مہر ۲۷/ ماہ شعبان المعظم ۱۳۱۴ ہجریہ نبویہ

صفحہ ۹۲ تا ۹۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

بخدمت حضرت مخدوم ومکرم الشیخ الجلیل الشریف السعید حبّی فی اللہ غلام فرید صاحب کان اللہ معہ ورضی عنہ وارضاہ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اما بعد نامہ نامی وصحیفہ گرامی افتخار پہنچا جو گونا گوں مسرت کا باعث ہوا۔ بتقاضائے آیت کریمہ اِنِّیۡ لَاَجِدُ رِیۡحَ یُوۡسُفَ لَوۡلَاۤ اَنۡ تُفَنِّدُوۡنِ (کہ یقیناً میں یوسف کی خوشبو پاتا ہوں خواہ تم مجھے مجنون ہی قرار دو) کئی ہزار علماء وصلحاء میں سے آنمخدوم کے کلمات طیبات سے مجھے آشنائی کی خوشبو آئی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ سرزمیں ایسے مردانِ حق سے خالی نہیں جو کلمہ حق کے اظہار میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے۔ اور اللہ تعالیٰ سے نور اور حضرت عزت سے دانائی رکھتے ہیں۔ پس ان کی پاک فطرت صحیحہ ان کو حق کی طرف کھینچے رکھتی ہے اور اثبات حق میں روح القدس ان کی تائید فرماتی ہے۔ فَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ ثُمَّ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کہ ان امور کا مصداق ہم نے آنمخدوم کو پایا ہے۔ اے برادر مکرم مشائخ وقت کا اس عاجز کی طرف رجوع بہت کم ہے۔ اور ہر طرف فتنے برپا ہیں۔ اس سے قبل حبّی فی اللہ حاجی منشی احمد جان صاحب لدھیانوی کہ جو کتاب طبِ روحانی کے مؤلف ہیں نے بکمال محبت واخلاص اس عاجز سے مریدی کا تعلق قائم کرلیا ہے اور بعض نااہل مریدوں نے ان کے بارے میں طرح طرح کی باتیں بنائیں کہ اتنی بڑی بزرگی اور شہرت رکھنے والا کہاں جا پڑا۔ جب ان کی ان باتوں کی اُن (حضرت منشی احمد جان) کو اطلاع ہوئی تو آپ نے اپنے معتقدوں کو ایک مجلس میں اکٹھا کیا اور فرمایا کہ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے وہ چیز (حقیقت) دیکھی ہے جو تم نہیں دیکھتے ہو۔ پس اگر آپ مجھ سے قطع تعلق چاہتے ہو تو بہت اچھا۔ مجھے خود ان تعلقات کی پرواہ نہیں ہے۔ اُن کی ان باتوں سے بعض اہلِ دل مرید رو پڑے۔ اور ایسا اخلاص پیدا کیا جو اس سے پہلے وہ نہ رکھتے تھے اور مجھ سے ملاقات کے وقت بتایا کہ میرے ساتھ یہ عجیب معاملہ پیش آیا ہے کہ میں نے پختہ ارادہ کیا تھا کہ اگر وہ مجھ کو چھوڑتے ہیں تو میں بھی ان کو ترک کردوں گا۔ لیکن معاملہ اس کے برعکس ظاہر ہوا کہ انہوں نے قسم کھائی کہ اب وہ ایسی خدمات کے ساتھ آئیں گے کہ اس سے پہلے جن کا نشان نہیں تھا۔ اس بزرگ مرحوم

نے مراجعت حج کے بعد وفات پائی۔ انہوں نے اپنے اعزاء اور وابستگان کو بار بار یہی نصیحت فرمائی کہ اس عاجز کے ساتھ مریدی کا تعلق رکھے رہیں گے اور حج کے ارادہ کے وقت مجھے لکھا کہ مجھے بڑی حسرت ہے کہ میں نے آپ کے زمانہ سے بہت ہی کم وقت پایا اور عمر اِدھر اُدھر کے کاموں میں ضائع ہوگئی اور اولاد اور تمام مرد اور عورتیں کہ جو ان کے اعزاء تھے نے ان کی وصیت پر عمل کیا اور خود اس عاجز کے سلسلہ بیعت سے منسلک ہوگئے۔ چنانچہ لمبے عرصہ سے اس بزرگ کی اولاد نے لدھیانہ سے ترک سکونت کر لی ہے اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ میرے پاس قادیان میں رہ رہے ہیں۔ اور ایک اور بزرگ صاحبِ عَلَم ہیں جنہوں نے میری نسبت خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑی مجلس میں میرے بارہ میں شہادت دی اور میری طرف وہ مکتوب تحریر کیا جو ضمیمہ انجام آتھم میں آنمکرم کی نظر سے گزرا ہوگا۔ لیکن ابھی اس عاجز کی جماعت اس تعداد کو نہیں پہنچی کہ جو میرے خدا نے مجھ پر منکشف فرمائی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اب تک میری جماعت آٹھ ہزار سے دو تین سو کم یا زیادہ ہوگی۔

اے مخدوم ومکرم یہ سلسلہ خدا کا سلسلہ ہے اور اس قادر کے ہاتھوں اس کی بناء ہے کہ جو ہمیشہ کارہائے عجائب دکھاتا ہے۔ وہ اپنے کاروبار کے بارہ میں پوچھا نہیں جاتا کہ تو نے ایسا کیوں کیا۔ وہ مالک ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس کے خوف سے آسمان وزمین کانپتے ہیں اور اس کی ہیبت سے ملائکہ لرزاں ہوتے ہیں اور اس نے اپنے الہام میں میرا نام آدم رکھا اور فرمایا۔ اَرَدْتُ اَنْ اَسْتَخْلِفَ فَخَلَقْتُ اٰدَمَ اس لئے کہ وہ جانتا تھا کہ میں بھی اَتَجْعَلُ فِیْھَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْھَا کے اعتراض کا مورد بنوں گا۔ پس جو کوئی مجھ کو قبول کرتا ہے وہ فرشتہ ہے نہ انسان اور جو سرکشی کرتا ہے ابلیس ہے نہ آدمی۔ یہ قول خدا کا فرمودہ ہے نہ میرا۔ پس ان لوگوں کو مبارک ہو جو مجھ سے محبت کرتے ہیں اور مجھ سے دشمنی نہیں رکھتے اور جنہوں نے مجھے اختیار کیا ہے اور مجھے تکلیف نہیں دیتے۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی برکات نازل ہوں گی اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

آنمخدوم نے جو نقل مضمون جلسہ مذاہب طلب فرمایا تھا اس میں توقف کا سبب یہ ہوا کہ میں منتظر تھا کہ مضمون میں سے ایک مطبوعہ حصہ مجھے پہنچتا تا آپ کی خدمت میں بھجواؤں۔ چنانچہ آج اس کا ایک حصہ پہنچا کہ آپ کی خدمت میں بھجوا رہا ہوں۔ اسی طرح آئندہ بھی جس جس طرح پہنچے گا انشاء اللہ خدمت میں روانہ کروں گا۔ اس مضمون کی مقبولیت اس سے ظاہر ہے کہ سرکاری اخبارات کہ جو ہر خبر سے کوئی سروکار نہیں رکھتے اور صرف

وہ خبریں لکھتے ہیں کہ جو عظمت رکھتی ہیں۔ اس مضمون کی تعریف اس رنگ میں کی ہے کہ حد اعجاز تک پہنچا دیا ہے۔ چنانچہ سول ملٹری لکھتا ہے کہ جب یہ مضمون پڑھا گیا تو تمام لوگوں پر محویت کا عالم طاری ہو گیا اور بالاتفاق لکھا کہ تمام مضامین پر یہی مضمون غالب رہا۔ بلکہ لکھا کہ دیگر مضامین اس کے مقابل پر کچھ چیز نہ تھے۔ پس یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس واقعہ سے پہلے ہی خدا نے اپنے کلام اور الہام سے مجھ کو اطلاع بخشی۔ اور میں نے بھی پیش از وقت اس اعلامِ الٰہی کو بذریعہ اشتہار مشتہر کر دیا تھا۔ پس اس واقعہ کی عظمت نُوْرٌ عَلٰی نُوْر ہو گئی۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

آنمکرم نے علماء کے شکوہ و شکایت کے بارہ میں جو تحریر فرمایا ہے اس بارہ میں کیا کہیں اور کیا لکھیں؟ میرا اور ان کا مقدمہ آسماں پر ہے۔ پس اگر میں کاذب ہوں اور حضرت باری عزّ اسمہٗ کے علم میں مفتری اور میرا دعویٰ کذب، خیانت اور دجل ہے اس صورت میں میرا خدا سے بڑھ کر کوئی دشمن نہیں اور جلد تر مجھ کو جڑ سے اکھاڑ دے گا اور میری جماعت کو منتشر کر دے گا کیونکہ وہ مفتری کو ہرگز امن کی حالت میں نہیں رہنے دیتا لیکن اگر میں اُس سے اور اُس کی طرف سے ہوں اور اُس کے حکم سے آیا ہوں اور میں اپنے کاروبار میں کوئی خیانت نہیں رکھتا تو کوئی شک نہیں ہے کہ وہ ایسے میری تائید کرے گا کہ جیسے قدیم سے صادقوں کی تائید اس کی سنت چلی آئی ہے۔ اور میں ان لوگوں کی لعنت سے نہیں ڈرتا۔ لعنت وہ ہے جو آسمان سے گرتی ہے اور جب آسمان سے لعنت نہیں ہے تو مخلوق کی لعنت ایک سہل امر ہے کہ کوئی راستباز اس سے محفوظ نہیں رہا لیکن آنمخدوم کے لئے حضرت عزت میں دعا کرتا ہوں کہ محض اپنی فطرت کی سعادت سے اس عاجز کے مخالفوں کو دور کرے۔ پس اے عزیز خدا تیرے ساتھ ہو اور تمہارا انجام بخیر ہو۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرَ الْجَزَاءِ اور تجھ پر دنیا اور آخرت میں احسان فرمائے اور جہاں بھی تم ہو تمہارے ساتھ ہو اور اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے محبوب بندوں میں داخل فرمائے۔ آمین

صفحہ ۹۴

- اے صدق و صفا میں اس زمانہ کے یگانہ انسان تیرے ساتھ وہ ذات ہو جس کا نام خدا ہے
- تجھ پر اُس یار قدیم کی رحمتوں کی بارش ہو اور تجھ میں اس محبوب ازلی کا نور چمکتا رہے
- اے نیک خصلت انسان تجھ سے میری جان راضی ہے اس قحط الرجال میں مَیں نے تجھ کو ہی ایک مرد پایا ہے

۔ دراصل حقیقی انسان کم ہوتے ہیں اگر چہ دیکھنے میں سب آدمی ہی نظر آتے ہیں

۔ اے وہ کہ میری محبت کا رُخ تیری طرف ہے مجھے تیرے کوچہ سے انس کی خوشبو آتی ہے

۔ ان لوگوں میں سے کسی نے بھی ہماری طرف رُخ نہ کیا اے نیک نصیب انسان یہ بات تیری قسمت میں ہی تھی

۔ یہ لوگ تو ہر وقت مجھے لعنت سے یاد کرتے ہیں اور ظلم و جفا سے مجھے دکھ دیتے رہتے ہیں

صفحہ ۹۵

۔ یار کی نظر میں کوئی شخص صدیق قرار نہیں پاتا جب تک وہ غیروں کی نظر میں زندیق نہ ہو

۔ انہوں نے مجھے کافر دجّال اور لعنتی کہا اور ہر کمینہ میرے قتل کے لئے گھات میں بیٹھ گیا

۔ ان بازیگروں کو دیکھ کہ کس طرح اچھلتے ہیں یہ حسد کے مارے اپنی جان سے ہی کھیلتے ہیں

۔ کسی مومن کو کافر ٹھہرانا سمجھدار آدمی کے نزدیک بڑے خطرہ کی بات ہے

۔ کیونکہ جو تکفیر ناحق کی جاتی ہے وہ تکفیر کرنے والے کے سر پر ہی واپس پڑتی ہے

۔ وہ بے وقوف جو مخفی کفر میں غرق ہے وہ اوروں کے کفر پر ناحق بیہودہ غل مچاتا ہے

۔ اگر اُسے اپنے باطنی کفر کی خبر ہوتی تو اپنے آپ کو ہی بہت بُرا سمجھتا

۔ جب سے لوگوں نے مجھے اپنی قوم سے کاٹ دیا ہے تب سے انہوں نے میرے کافر بنانے میں کتنی کتنی کوششیں کی ہیں

۔ ہر شخص کے روبرو افترا پردازیاں کیں اور خیانت کے ساتھ خوب باتیں بنائیں

۔ تا کہ کوئی تو اس افترا کی وجہ سے پھسل جائے اور بھولا آدمی مجھے کافر سمجھنے لگے

۔ انہوں نے ہمارے راستے میں فتنے کھڑے کیے اور عیسائیوں کے ساتھ ساز باز کی

۔ جہل و عداوت کی وجہ سے مجھے کافر کہا۔ کاش دنیا میں اتنا اندھا کوئی نہ ہو

۔ بخل و نادانی نے تعصب کو بڑھایا اور کینہ بھڑک کر ان کی دونوں آنکھیں نکال لے گیا

۔ ہم خدا کے فضل سے مسلمان ہیں۔ محمد مصطفیٰ ہمارے امام اور پیشوا ہیں

۔ ہم ماں کے پیٹ سے اسی دین میں پیدا ہوئے اور اسی دین پر دنیا سے گزر جائیں گے

۔ خدا کی وہ کتاب جس کا نام قرآن ہے ہماری شرابِ معرفت اُسی جام سے ہے

۔ وہ رسول جن کا نام محمدؐ ہے اس کا مقدس دامن ہر وقت ہمارے ہاتھ میں ہے

۔ اس کی محبت ماں کے دودھ کے ساتھ ہمارے بدن میں داخل ہوئی وہ جان بن گئی اور جان کے ساتھ ہی باہر نکلے گی

۔ وہی خیر الرسل اور خیر الانام ہے اور ہر قسم کی نبوت کی تکمیل اُس پر ہوگئی

۔ جو بھی پانی ہے وہ ہم اسی سے لے کر پیتے ہیں جو بھی سیراب ہے وہ اسی سے سیراب ہوا ہے

۔ جو وحی والہام ہم پر نازل ہوتا ہے وہ ہماری طرف سے نہیں وہیں سے آتا ہے

۔ ہم ہر روشنی اور ہر کمال اُسی سے حاصل کرتے ہیں محبوب ازلی کا وصل بغیر اُس کے ناممکن ہے

۔ اس کے ہر ارشاد کی پیروی ہماری فطرت میں ہے جو بھی اُس کا فرمان ہے اُس پر ہمارا پورا ایمان ہے

صفحہ ۹۶

۔ فرشتوں کے متعلق اور آخرت کے حالات کے متعلق جو کچھ اُس ربّ العباد کے پیغمبر نے فرمایا

۔ وہ سب خدائے واحد کی طرف سے ہے (اور) اس کا منکر لعنت کا مستحق ہے

۔ اس کے معجزے سب کے سب سچے اور درست ہیں ان کا منکر خدا کی لعنت کا مورد ہے

۔ پہلے سب نبیوں کے معجزے جن کا ذکر صاف اور واضح طور پر قرآن میں ہے

۔ اُن سب پر بدل و جان ہمارا ایمان ہے جو انکار کرتا ہے وہ بدبختوں میں سے ہے

۔ اُس نورانی کتاب سے ایک قدم بھی دور رہنا ہمارے نزدیک کفر و زیاں اور ہلاکت ہے

۔ لیکن ذلیل لوگوں کو قرآن کی حقیقت کی خبر نہیں ہر ایک دل اس کے بھیدوں سے واقف نہیں ہے

۔ جب تک طالب حق پاک باطن نہیں ہوتا اور جب تک اس یارِ بے مثال کا عشق اس کے دل میں جوش نہیں مارتا

۔ تب تک کوئی قرآنی اسرار کو کیونکر سمجھ سکتا ہے۔ نور کے سمجھنے کے لئے بہت سا نورِ باطن ہونا چاہیے

۔ یہ میری بات نہیں بلکہ قرآن نے بھی یہی فرمایا ہے کہ قرآن کو سمجھنے کے لئے پاک ہونے کی شرط ہے

۔ اگر ہر شخص قرآن کو (خود ہی) سمجھ سکتا تو خدا نے تطہر کی شرط کیوں زاید لگائی

۔ نور کو وہی شخص سمجھتا ہے جو خود نور ہو گیا ہو اور سرکشی کے حجابوں سے دور ہو گیا ہو

۔ یہ سب اندھے جو میری تکفیر کر رہے ہیں۔ یقیناً قرآن کے نور سے بے خبر ہیں

۔ اور اس کلام کے اسرار سے ناواقف ہیں۔ بیہودہ گو۔ ناقص اور خام ہیں

۔ اُن کے ہاتھ میں ہڈی سے بڑھ کر کچھ نہیں اور اُن کے سر میں دور اندیش عقل نہیں ہے

۔ وہ خود مُردہ ہیں اور اُن کا فہم بھی مُردار ہے۔ وہ عشق اور معشوق دونوں سے محروم ہیں

۔ الغرض قرآن ہمارے دین کی بنیاد ہے وہ ہمارے غمگین دل کو تسلی دینے والا ہے

۔ فرقان کا نور خدا کی طرف کھینچتا ہے اس سے خدا کا چہرہ دیکھ سکتے ہیں

۔ ہم اُس معشوق سے اپنی آنکھیں کیونکر بند کر سکتے ہیں اس کے چہرہ جیسا خوبصورت اور کوئی چہرہ کہاں ہے

۔ میرا منہ اُس کے منہ کے نور کی وجہ سے چمک اٹھا میرے دل نے جو کچھ بھی پایا اسی کے فیض سے پایا

۔ جس قدر میری آنکھیں اُس کے حسن کو جانتی ہیں کوئی نہیں جانتا۔ میری جان کمالات کے اس سورج پر قربان ہے

۔ ایسا ہی عشق مجھے مصطفیٰ کی ذات سے ہے میرا دل ایک پرندہ کی طرح مصطفیٰ کی طرف اڑ کر جاتا ہے

۔ جب سے مجھے اس کے حسن کی خبر دی گئی ہے میرا دل اس کے عشق میں بے قرار رہتا ہے

صفحہ ۹۷

۔ میں اُس دلبر کا چہرہ دیکھ رہا ہوں اگر کوئی اُسے دل دے تو میں اُس کے مقابلہ پر جان نثار کر دوں

۔ وہی روح پرور شخص تو میرا ساقی ہے جو ہمیشہ جامِ شراب سے مجھے سرشار رکھتا ہے

۔ یہ میرا چہرہ اس کے چہرہ میں محو اور گم ہو گیا اور میرے مکان اور کوچہ سے اُسی کی خوشبو آ رہی ہے

۔ از بسکہ میں اُس کے عشق میں غائب ہوں۔ میں وہی ہوں۔ میں وہی ہوں۔ میں وہی ہوں

۔ میری روح اس کی روح سے غذا حاصل کرتی ہے اور میرے گریباں سے وہی سورج نکل آیا ہے

۔ احمد کی جان کے اندر احمد ظاہر ہو گیا اس لئے میرا وہی نام ہو گیا جو اُس لاثانی انسان کا نام ہے

۔ اُس کے عشق میں مَیں عزت و جاہ سے مستغنی ہو گیا۔ دل ہاتھ سے جاتا رہا اور سر سے ٹوپی گر پڑی

۔ مجھ پر یہ افترا کہ میں اُس درگاہ سے روگرداں ہوں۔ فاسق لوگوں کا یہ کتنا بڑا جھوٹ ہے

۔ کیا میرے جیسا شخص اپنے اُس چاند سے منہ پھیر سکتا ہے؟ دشمن کے اس خیال پر خدا کی لعنت ہو

۔ میں تو وہ ہوں کہ اُس سردار کی راہ میں تُو میرا سر خاک اور خون میں لتھڑا ہوا دیکھے گا
۔ اگر اُس محبوب کی گلی میں تلوار چلے تو میں وہ پہلا شخص ہوں گا جو اپنی جان قربان کرے گا
۔ اگر دشمن کے نزدیک یہی کفر ہے تو وہ بڑا خوش نصیب ہے جو میری طرح کا کافر ہے
۔ ان لوگوں نے مجھے کافر دجال اور لعنتی کہا۔ میں نہیں جانتا کہ یہ کونسا دین و ایمان ہے
۔ ان کی یہ طبیعتیں پتھر کی طرح سخت ہیں۔ ان کے پہلو میں اگر دل ہے۔ تو دکھاؤ وہ کہاں ہے
۔ ان لوگوں کا کام ہر وقت افترا پردازی ہے اور حرص و ہوا ہر دم ان کی رفیق ہے
۔ ان کے دل خباثتوں سے پُر ہیں اور ان کے باطن شر اشرتوں سے۔ نیک نیتی ان سے بہت دور ہے
۔ جب دل میں نیک نیتی ہوتی ہے تو وہ صدق کے پھول پر بلبل کی طرح گرتا ہے
۔ اور شرارتوں پر کمر نہیں باندھتا۔ وہ پوشیدہ بھیدوں کے جاننے والے سے ڈرتا ہے
۔ لیکن یہ بے باکی اور بے شرمی اور افترا پرافترا
۔ یہ ایمانداروں اور پرہیزگاروں کا کام نہیں ہے۔ نہ یہ پاک دل بزرگوں کی خصلت ہے
۔ وہ جو ہر وقت اپنی خواہشوں کا غلام ہے میں کیونکر جانوں کہ وہ خدا سے ڈرتا ہے
۔ انہوں نے اپنے تئیں نیک خیال کر رکھا ہے۔ افسوس ان لوگوں نے کیسا غلط سمجھا ہے
۔ نفس کی پیروی اور خدا سے روگردانی بس یہی بدبختوں کی نشانی ہے

صفحہ ۹۸

۔ جس کے دل میں اس طرح کی گندگی ہے اگر اُس میں ایمان کی بو بھی ہو تو پھر میں کافر ہوں
۔ میں نے ان لوگوں کے سامنے وہ کتاب پڑھی جو ریب اور شک سے پاک ہے (یعنی قرآن)
۔ نیز اس رسول کی حدیثیں بھی پیش کیں جو بفضل خدا راستباز ہے اور لغو گوئی سے پاک ہے
۔ لیکن ان کا ارادہ ہی حق قبول کرنے کا نہ تھا بھیڑیے کے آگے بھیڑ کا رونا فضول ہے
۔ انہوں نے مجھے کافر کہا اور منہ پھیر لیا اور یقین کر لیا کہ گویا انہوں نے میرا دل چیر کر دیکھ لیا ہے
۔ انہی کے بارے میں اُس شاہِ دین نے کیا خوب فرمایا ہے کہ یہ لوگ دل کے کافر ہیں اور ظاہر کے مومن
۔ ان کی زبان پر قرآن ہے مگر ان کے سینوں میں دنیا کی محبت۔ تکبر اور عداوتیں ہیں

۔ دین کی سمجھ کا دعویٰ بھی صرف لاف وگزاف ہے کیونکہ ہر جنگ کے وقت انہوں نے پیٹھ دکھائی ہے

۔ یہ وہ جاہل ہیں جو عربی زبان سے ناواقف ہیں نیز قرآن اور اُس کے باریک بھیدوں سے بھی

۔ جب ان کا تکبر اپنے کمال کو پہنچ گیا تو خدا کی غیرت نے اُن کے پردے پھاڑ دیئے

۔ ثمرِ نابکار کی طرح یہ لوگ دین کے دشمن ہیں اور دین زین العابدین کی طرح بیمار اور کمزور ہے

۔ میرا بدن کانپ جاتا ہے اور جان و دل لرز جاتے ہیں جب میں ان کی خیانتیں دیکھتا ہوں

۔ انہوں نے بہت مکر کئے اور اب بھی کر رہے ہیں تا کہ ہمارے کام کے نظام کو درہم برہم کر دیں

۔ لیکن وہ بات جو آسمان کی طرف سے ہے اس پر حاسدوں کے حسد سے کیونکر زوال آ سکتا ہے

۔ میں کیا چیز ہوں ان کی لڑائی تو اس خدا کے ساتھ ہے جس کے دونوں ہاتھوں سے یہ باغ اور یہ محل تیار ہوا ہے

۔ جو شخص خدائی کاروبار میں دخل انداز ہوتا ہے وہ دراصل خدا سے جنگ کرنے کھڑا ہوتا ہے

۔ ہم تو فانی لوگ ہیں اور ہمارا تیر خدا کا تیر ہے اور ہمارا شکار دراصل خدا کا شکار ہے

۔ صادق تو اُس یکتا کی پناہ میں ہوتا ہے اور خدا کا ہاتھ اُس کی آستین میں چھپا ہوا ہوتا ہے

۔ جو شخص دشمنی کی وجہ سے خدا کے ساتھ لڑتا ہے وہ شیطان لعین کی طرح اپنی ہی جڑ اکھیڑتا ہے

۔ بہت سے لوگ بلعم کی طرح ہیں جن کا کام موسیٰ کے ہاتھوں تہس نہس ہو جاتا ہے

۔ میں ابر بہار کی طرح وقت پر آیا ہوں اور میرے ساتھ خدا کی مہربانیوں کے سینکڑوں نشانات ہیں

۔ آسمان میرے لیے نشان برساتا ہے اور زمین بھی ہر دم یہی کہتی ہے کہ وقت یہی ہے

۔ میری تائید میں یہ دو گواہ کھڑے ہیں پھر بھی یہ بیوقوف میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں

صفحہ ۹۹

۔ ہائے افسوس یہ لوگ عجب طرح کے اندھے اور بہرے ہیں سینکڑوں نشان دیکھتے ہیں پھر بھی غافل گزر جاتے ہیں

۔ یہ اس قدر کیوں اونچے اڑتے ہیں (یعنی اتنے متکبر کیوں ہیں) شاید اُس بے مثل ذات کے منکر ہیں

۔ وہ خدا تو جب کسی پر مہربانی کرتا ہے تو اُسے زمینی سے آسمانی بنا دیتا ہے

۔ اپنے فضل، لُطف اور کرم سے اُسے عزت بخشتا ہے سورج اور چاند کو اس کے سامنے سجدہ میں گراتا ہے

۔ میں نے اپنے پاس سے یہ دعویٰ نہیں کیا بلکہ خدا کے حکم کی پیروی کی ہے

۔ یہ خدا کا کام ہے نہ کہ انسان کا مکر اس کا دشمن اُس عادل خدا کا دشمن ہے

۔ وہ خدا جس نے اس عاجز کو منتخب کیا ہے اس کی رحمت ہماری گلی میں برسی ہے

۔ جب میں مر گیا تو مرنے کے بعد میرا محبوب آ گیا۔ جب میں فنا ہو گیا تو اُس کا چہرہ مجھ پر ظاہر ہو گیا

۔ دلبر کے عشق کی رَو زوروں پر تھی۔ وہ غالب آ گئی اور ہمارا سب سامان بہا کر لے گئی

۔ میرے پاس اعمال کا ذخیرہ نہیں بلکہ عشق جوش میں آیا اور اس سے یہ سب کام ہو گئے

۔ میرے لئے نیستی ہی خدا کا طور بن گئی جب خودی جاتی رہی تو خدا کا نور آ گیا

۔ میں نے اسی کی طرف اپنا رخ پھیر لیا کیونکہ دیکھنے کے لائق وہی چہرہ ہے اور ہر مبارک دل اُسی کی طرف مائل ہے

۔ دونو جہان میں اُس کی طرح کا کوئی چہرہ کہاں ہے؟ اور اُس کے کوچہ کے سوا اور کوئی کوچہ کہاں ہے؟

۔ وہ لوگ جو اُس کے کوچہ سے غافل ہیں وہ گلیوں کے کتوں سے بھی زیادہ ذلیل ہیں

۔ مخلوقات اور دنیا سب شور وشر میں مبتلا ہے مگر اُس کے عاشق اور ہی عالم میں ہیں

۔ وہ عالم جس شخص سے پوشیدہ رہا۔ اُس اندھے اور بد بخت نے دنیا میں آ کر دیکھا ہی کیا؟

۔ صادقوں پر خدا کا راستہ پانا آسان ہے جو خدا کو ڈھونڈتا ہے تو اُس کا دامن اُس کے ہاتھ میں آ جاتا ہے

۔ جو بھی صدق وصفا کے ساتھ اس کا وصل چاہتا ہے اُس کے لئے آسمانوں کا خدا وصل کا راستہ کھول دیتا ہے

۔ یار کی نظر سچوں کو پہچان لیتی ہے مکر اور چالاکی یہاں کام نہیں دیتی

۔ دوست کے وصل کے لئے صدق درکار ہے جو بغیر صدق کے اسے ڈھونڈتا ہے وہ بیوقوف ہے

۔ خدا کے حضور صدق کو اختیار کرنے والا آخر کار اپنی وفا کی برکت سے اُسے پالیتا ہے

۔ سینکڑوں بند دروازے صدق کی وجہ سے کھل جاتے ہیں کھویا ہوا دوست صدق کی وجہ سے واپس آ جاتا ہے

۔ سچوں کی یہی علامت ہے کہ محبوب کی خاطر ان کی جان ہتھیلی پر ہوتی ہے

۔ دلبر کی صورت پر ان کی ٹکٹکی لگی ہوتی ہے اور لوگوں کی تعریف اور مذمت سے وہ بے خبر ہوتے ہیں

۔ عقبیٰ کا معاملہ اعمال سے وابستہ ہے وہ دل نجات پا گئے جو خدا کے لئے زخمی ہوئے

صفحہ ۱۰۰

۔ باتیں بنانے سے یہ کام نہیں چلتا خدا کو پانے کے لئے صدق درکار ہے

۔ عالموں نے اپنے علم کو بت بنایا ہوا ہے اور وہ صبح شام بت پرستی میں مشغول ہیں

۔ اگر خشک علم پر ہی دین کا مدار ہوتا تو ہر نالائق انسان دین کا محرم راز ہوتا

۔ ہمارا یار تو باطن پر نظر رکھتا ہے تو اپنی کسی اور خوبی پر نازاں نہ ہو

۔ وہ بارگاہ نہایت اونچی اور عالی شان ہے اُس کے وصل کے لئے بہت آہ وزاری کرنی چاہیے

۔ زندگی مرنے اور انکسار اور گریہ وزاری میں ہے جو گر پڑا وہی آخر (زندہ ہو کر) اٹھے گا

۔ جب تک درد کا معاملہ جان لینے تک نہ پہنچے تب تک اُس کی آہ وفریاد درِ جاناں تک نہیں پہنچتی

۔ جو خودی کو ترک کرتا ہے وہ خدا کو پالیتا ہے وصل کیا چیز ہے اپنے نفس سے الگ ہو جانا

۔ لیکن نفس کو مارنا آسان کام نہیں۔ مرنا اور خودی کا چھوڑنا برابر ہے

۔ جب تک ہماری جان پر وہ ہوا نہ چلے جو ہماری ہستی کے ذرہ تک کو اڑا لے جائے

۔ تب تک اُس مصنوعی گرد وغبار میں وہ حسین چہرہ کس طرح دیکھا جا سکتا ہے

۔ جب تک ہم اپنے خدا پر قربان نہ ہو جائیں اور جب تک اپنے دوست کے اندر محو نہ ہو جائیں

۔ جب تک ہم اپنے وجود سے علیحدہ نہ ہو جائیں اور جب تک سینہ اُس کی محبت سے بھر نہ جائے

۔ جب تک ہم پر لاکھوں موتیں وارد نہ ہوں تب تک ہمیں اُس محبوب کی طرف سے نئی زندگی کب مل سکتی ہے

۔ جب تک اپنے سارے بال وپر نہ جھاڑ ڈالے تب تک اس راہ کے پرندے کے لئے اڑنا مشکل ہے

۔ بدقسمت ہے وہ شخص جس کا وقت برباد ہو گیا یار ناراض ہو گیا اور دشمنوں کا دل خوش ہوا

۔ مجھے داناؤں کی عقلمندی سے انکار نہیں ہے مگر یہ یار کے وصل کا راستہ نہیں

۔ جب تک عشق اور سودا اور جنون نہ ہو تب تک وہ بے مثال محبوب اپنا جلوہ نہیں دکھاتا

۔ چونکہ وہ عزت والا محبوب پوشیدہ ہے تو ہر شخص یقیناً کوئی نہ کوئی راستہ (اس سے ملنے کے لیے) اختیار کرتا ہے

۔ لیکن عقل والوں نے جو راستہ اختیار کیا ہے تو انہوں نے بہ تکلّف خدا کے چہرہ کو اور بھی چھپا دیا ہے

۔ پہلے پردوں پر اور پردے ڈال دیئے مقصد نزدیک تھا مگر اُسے اور دور کر دیا

۔ ہم لوگ جنہوں نے اُس کے دیدار سے اپنا چہرہ روشن کیا ہے ہم نے تو اُسے عشق اور فنا کے راستہ سے پایا ہے

۔ اُس خدا کے لئے جب ہم نے اپنی خودی ترک کردی تو ہماری فنا کے نتیجہ میں بقا ظاہر ہوگئی

۔ اس راستے میں زیادہ تکلیف اٹھانی نہیں پڑتی وہ صرف جان مانگتا ہے اور اُس کا دینا مشکل نہیں ہے

۔ اگر وہ خود اپنے فضل وکرم سے مجھے نہ بلاتا۔ تو خواہ میں کتنی ہی کوششیں کرتا سب بے فائدہ تھیں

صفحہ ۱۰۱

۔ اُس نے ایک نظر سے اِس فقیر کو بادشاہ بنادیا اور ہمارے لمبے راستہ کو مختصر کردیا

۔ اُس محبوب نے خود اپنا راستہ میرے لئے کھولا۔ میں یہ بات اس طرح جانتا ہوں جیسے باغبان پھول کو

۔ جو میرے زمانہ میں مجھ سے جُدا رہتا ہے تو وہ خود اپنی جان پر ظلم کرتا ہے

۔ محبوب کے نور سے میرا سینہ بھر گیا میرے آئینہ کا صیقل اسی کے ہاتھ نے کیا

۔ میرا وجود اُس یار ازلی کا وجود بن گیا اور میرا کام اُس دلدارِ قدیم کا کام ہوگیا

۔ چونکہ میری جان میرے یار کے اندر مخفی ہوگئی اس لئے یار کی خوشبو میرے گلزار سے آنے لگی

۔ ہماری چادر کے اندر خدا کا نور ہے وہ دلبر میرے گریبان میں سے نکلا

۔ احمد آخر زماں میرا نام ہے اور میرا جام ہی (دنیا کے لئے) آخری جام ہے

۔ راہِ خدا کے طالب کو خوشخبری ہو کہ اُسے خدا نے کامیابی کا یہ زمانہ دکھایا

۔ جس کسی کا دوست اس کی نظر سے غائب ہوجاتا ہے تو وہ کسی واقف سے اس کی خبر پوچھتا ہے

۔ اور جو کسی معشوق کا طلب گار ہوتا ہے تو اُسے ایک ہی جگہ پر کب چین آتا ہے

۔ وہ ہر طرف دیوانہ وار دوڑتا ہے تاکہ شاید یار کا چہرہ کہیں نظر آجائے

۔ جس کی جان میں دلبر کا عشق سما گیا ہے تو دوست کے فراق میں اُس کا دل ہاتھ سے نکل نکل جاتا ہے

۔ عاشقوں کے لئے صبر اور آرام کہاں! اور معشوق کے چہرے سے روگردانی کہاں؟

۔ جسے دوست کے منہ سے محبت ہوتی ہے اُسے تو دن رات اُس کے چہرہ کا ہی خیال رہتا ہے

۔ اگر اتفاقاً اُس سے جدائی ہوجائے تو اس کے جان وتن میں جدائی ہوجاتی ہے

۔ یار کے بغیر اُس کی زندگی کا ایک لمحہ بھی اُس پر زندگانی کو تلخ کردیتا ہے

۔ پھر جب وہ اُس کا حسن اور اُس کا چہرہ دیکھتا ہے تو بے حواسوں کی طرح اُس کی طرف دوڑتا ہے

۔ اور یہ کہہ کر دیوانہ وار اس کے دامن کو پکڑ لیتا ہے کہ اے دوست میرا دل تیری جدائی میں خون ہو گیا

۔ اگر ایسا صدق کسی کے دل میں ہو تو وہ بلبل کی طرح پھول کو اپنا ٹھکانا بنا لیتا ہے

۔ اگر تُو بے شمار چیخوں اور آہوں کے ساتھ گر پڑے تو پھر ضرور کوئی مدد کے لئے کھڑا ہو جاتا ہے

۔ (یہ خیال کر کہ) روشن سورج سے منہ پھیر لینا کہ میں اپنے اندر سے آپ ہی روشنی پیدا کر لوں گا

۔ یہی تو نامرادی کے آثار ہوا کرتے ہیں بدبختی کی جڑ تکبر اور خامی ہے

۔ اس خیال نے ایک جہان کو اندھا کر رکھا ہے اور اسے گمراہی کے کنوئیں میں سر کے بل ڈال دیا ہے

۔ پیاسے کو پانی کی طرف دوڑنا چاہیے جس نے صدقِ دل سے تلاش کی اُس نے آخر کار مقصود کو پا لیا

صفحہ ۱۰۲

۔ وہ آدمی عقلمند ہے جو یار کی گلی ڈھونڈتا ہے اور روئے یار کی خاطر اپنی عزت ڈبوتا ہے

۔ وہ خاک بن جاتا ہے کہ ہوا اُسے لے اڑے اور فنا ہو جاتا ہے تا کہ کوئی اُسے راستہ دکھائے

۔ خدا کی مہربانی کے بغیر کام ادھورا رہتا ہے عقلمند ہی اس بات کو جانتا ہے۔ والسلام

یہ سب باتیں جو اس عاجز کے قلم سے نکلی ہیں حال سے ہیں نہ قال سے اور دلی جوش سے ہیں نہ تکلفات سے۔ اب بہتر ہے زحمت کم کی جائے (آپ کی سردردی کی تکلیف کو کم کروں) جو ہمارے دل میں ہے۔ خدا آپ کے دل میں الہام کرے۔ دل کو دل سے راہ پیدا ہو جائے۔ مکرمی اخویم مولوی حکیم نورالدین اور صاحبزادہ محمد سراج الحق جمالی کی طرف سے السلام علیکم۔ مولوی صاحب آنمکرم کے ذکر خیر میں اکثر رطب اللسان رہتے ہیں۔ تعجب ہے کہ ایک مختصر صحبت میں آنمکرم سے دلی محبت اور اخلاص اس قدر زیادہ ہے کہ انہوں نے آپ کے اس خارق امر کا ذکر کئی مرتبہ کیا ہے۔ آنمحترم نے مجھے ایک درود شریف پڑھنے کا ارشاد فرمایا ہے کہ اس سے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گی چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ اسی رات مَیں زیارت سے مشرف ہوا۔ والسلام

الراقم خاکسار

غلام احمد از قادیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ بخدمت آنجناب کہ جو معانی سے پوری آگاہی رکھتے ہیں اور جو معارف کا مخزن ہیں جن کی نگاہ حقائق کو دیکھنے والی ہے اور جو شریعت سے باخبر ہیں ۔ اللہ تعالیٰ جن کا پشت پناہ ہے غیر اللہ کو چھوڑ کر اسی کی طرف متوجہ ہیں اور جو خدائے بے نیاز سے تائید یافتہ ہیں جناب مرزا غلام احمد صاحب جو بے شمار خوبیوں کے مالک ہیں ۔ خدائے یگانہ آنجناب کو سلامت رکھے ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمیں جناب سے جو کہ تمام نفوس اور تمام جہان کے روح رواں ہیں ملاقات کا شوق اتنا زیادہ ہے جتنے کہ آپ کے اخلاق کریمانہ زیادہ ہیں اور اس مجاہد فی سبیل اللہ کی محبت روز بروز بڑھتی جاتی ہے ۔ اس سخی ذات کا جو بخل سے پاک ہے بڑا احسان ہے کہ اس فقیر کے اوقات کو بے حد مہربانی سے ظاہر و باطن کی عافیت کی راہوں پر چلا رکھا ہے اور ہماری دعا اور مقصود ہے کہ خدائے عزیز آپ جیسے پسندیدہ اخلاق اور حمیدہ خصائل انسان کا مؤید رہے اور محبت اور پیار کے چمکتے ہوئے موتیوں کی لڑی اور صداقت واتحاد کے درخشندہ جواہر کا ہار یعنی جناب کا وہ خط جو سراپا اخلاص اور صفا کے مواد سے بھرا ہوا ہے اور جو راستی اور سچی محبت کے ذخیروں سے لبریز ہے اس نے ہمیں اپنے کریمانہ ورود سے مشرف فرمایا اور ہمیں بے حد مسرت بخشی ۔ اے معالم کے سمندروں میں غوطہ لگانے والے اس فقیر نے آپ کے الفت آمیز الفاظ اور مسرت بخش معانی اور حیرت انگیز معارف سے ایک ایسا ذخیرہ حاصل کیا ہے جس سے دل بے حد محظوظ ہوا اور جلسہ اعظم مذاہب لاہور کا مضمون جو آنجناب نے ارسال فرمایا ہے باوجود ایک بیش قیمت حقائق کی (روحانی) غذا ہونے کے (اس کے مضمون کو) حیرت انگیز طریق سے ادا کیا گیا ہے جس نے سامعین کے دل موہ لیے ۔ دعا ہے کہ آنجناب ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی غائبانہ نوازشات اور کرم فرمائیوں سے اس قسم کے مجاہدات کی توفیق پاتے رہیں ۔ اور فقیر کو مسرت بخش حالات کی آگاہی کا طالب سمجھ کر اپنے اعلیٰ رسائل اور بلند پایہ مکاتیب تحریر فرما کر مسرور فرماتے رہا کریں ۔

۴ شوال المکرّم ۱۳۱۴ ہجریہ قدسیہ ۔

الراقم فقیر

غلام فرید الچشتی النظامی ۔ سجادہ نشین از چاچڑاں شریف

صفحہ ۱۱۳

۔ رسولوں پر ابلاغ واجب ہے اور بس

صفحہ ۱۱۴

۔ کسی کو پکڑو تو مضبوطی سے پکڑو

صفحہ ۱۲۳

۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان میں ایک عجیب نور ہے محمدؐ کی کان میں ایک عجیب وغریب لعل ہے

۔ دل اُس وقت ظلمتوں سے پاک ہوتا ہے جب وہ محمدؐ کے دوستوں میں داخل ہو جاتا ہے

۔ میں اُن نالایقوں کے دلوں پر تعجب کرتا ہوں جو محمدؐ کے دستر خوان سے منہ پھیرتے ہیں

۔ دونوں جہان میں مَیں کسی شخص کو نہیں جانتا جو محمدؐ کی سی شان وشوکت رکھتا ہو

۔ خدا اُس شخص سے سخت بیزار ہے جو محمدؐ سے کینہ رکھتا ہو

۔ خدا خود اس ذلیل کیڑے کو جلا دیتا ہے جو محمدؐ کے دشمنوں میں سے ہو

۔ اگر تو نفس کی بدمستیوں سے نجات چاہتا ہے تو محمدؐ کے مستانوں میں سے ہو جا

۔ اگر تو چاہتا ہے کہ خدا تیری تعریف کرے تو تہ دل سے محمدؐ کا مدح خواں بن جا

۔ اگر تو اُس کی سچائی کی دلیل چاہتا ہے تو اُس کا عاشق بن جا کیونکہ محمدؐ ہی خود محمد کی دلیل ہے

۔ میرا سر احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خاک پا پر نثار ہے اور میرا دل ہر وقت محمدؐ پر قربان رہتا ہے

۔ رسول اللہ کی زلفوں کی قسم کہ میں محمدؐ کے نورانی چہرے پر فدا ہوں

۔ اس راہ میں اگر مجھے قتل کر دیا جائے یا جلا دیا جاوے تو پھر بھی میں محمدؐ کی بارگاہ سے منہ نہیں پھیروں گا

۔ دین کے معاملہ میں مَیں سارے جہان سے بھی نہیں ڈرتا کہ مجھ میں محمدؐ کے ایمان کا رنگ ہے

۔ دنیا سے قطع تعلق کرنا نہایت آسان ہے محمدؐ کے حسن واحسان کو یاد کر کے

۔ اُس کی راہ میں میرا ہر ذرّہ قربان ہے کیونکہ میں نے محمدؐ کا مخفی حسن دیکھ لیا ہے

۔ میں اور کسی استاد کا نام نہیں جانتا میں تو صرف محمدؐ کے مدرسہ کا پڑھا ہوا ہوں

۔ اور کسی محبوب سے مجھے واسطہ نہیں کہ میں تو محمدؐ کے ناز وادا کا مقتول ہوں

۔ مجھے تو اسی آنکھ کی نظرِ مہر درکار ہے۔ میں محمدؐ کے باغ کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا

۔ میرے زخمی دل کو میرے پہلو میں تلاش نہ کرو کہ اسے تو ہم نے محمدؐ کے دامن سے باندھ دیا ہے

۔ میں طائرانِ قُدس میں سے وہ اعلیٰ پرندہ ہوں جو محمدؐ کے باغ میں بسیرا رکھتا ہے

۔ تو نے عشق کی وجہ سے ہماری جان کو روشن کر دیا اے محمدؐ تجھ پر میری جان فدا ہو

۔ اگر اس راہ میں سو جان سے قربان ہو جاؤں تو بھی افسوس رہے گا کہ یہ محمدؐ کی شان کے شایاں نہیں

۔ اس جوان کو کس قدر رعب دیا گیا ہے کہ محمدؐ کے میدان میں کوئی بھی (مقابلہ پر) نہیں آتا

۔ اے نادان اور گمراہ دشمن ہوشیار ہو جا اور محمدؐ کی کاٹنے والی تلوار سے ڈر

۔ خدا کے اس راستہ کو جسے لوگوں نے بھلا دیا ہے تو محمدؐ کے آل اور انصار میں ڈھونڈ

۔ خبردار ہو جا! اے وہ شخص جو محمدؐ کی شان نیز محمدؐ کے چمکتے ہوئے نور کا منکر ہے

۔ اگر چہ کرامت اب مفقود ہے مگر تو آ اور اسے محمدؐ کے غلاموں میں دیکھ لے

صفحہ ۱۲۴

۔ دلبر کا چہرہ طالبوں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ سورج میں بھی چمکتا ہے اور چاند میں بھی

۔ لیکن وہ حسین چہرہ غافلوں سے پوشیدہ ہے سچا عاشق چاہیے تا کہ اُس کی خاطر نقاب اٹھائی جائے

۔ اُس کا مقدس دامن تکبر سے ہاتھ نہیں آتا اس کے لئے کوئی راہ سوائے انکساری درد اور بے قراری کے نہیں ہے

۔ اُس محبوب ازلی کا راستہ بہت خطرناک ہے اگر تجھے جان کی سلامتی چاہیے تو خودروی کو ترک کر دے

۔ نااہل لوگوں کی عقل اُس کے کلام کی تہ تک نہیں پہنچ سکتی جو خودی کا تارک ہو اسی کو وہ صحیح راستہ ملتا ہے

۔ قرآن کو سمجھنے کا مسئلہ اہل دنیا سے حل نہیں ہو سکتا، اس شراب کا مزا وہی جانتا ہے جو اس شراب کو پیتا ہے

۔ اے وہ شخص جسے باطنی انوار کی کچھ خبر نہیں، تو جو کچھ بھی ہمارے حق میں کہے ناراضگی کا موجب نہیں

۔ ہم نے نصیحت اور خیر خواہی کے طور پر یہ باتیں کہی ہیں تا کہ وہ خراب زخم اس مرہم سے اچھا ہو جائے

۔ انکارِ دعا کے مرض کا علاج دعا ہی سے کر جیسے خمار کے وقت شراب کا علاج شراب سے ہی کیا جاتا ہے

۔ اے وہ شخص جو کہتا ہے کہ اگر دعاؤں میں اثر ہے تو دکھاؤ کہاں ہے پس میری طرف دوڑتا کہ میں تجھے سورج کی طرح دعا کا اثر دکھاؤں

۔ خبردار خدا کی قدرتوں کے بھیدوں کا انکار نہ کر بات ختم کر اور ہم سے دعائے مستجاب دیکھ لے

صفحہ ۱۳۵

۔ اے دوست ہمیں ادھار سے کچھ غرض نہیں اگر تجھ میں ہمت ہے تو نقد حاضر کر

صفحہ ۱۳۶

۔ خدا کرے اس کمینے کا دل کبھی خوش نہ ہو جس نے دنیا کی خاطر دین کو برباد کر لیا

صفحہ ۱۴۹

۔ میرے سامنے کسی بادشاہ کا ذکر نہ کر کیونکہ میں تو ایک اور دروازہ پر امیدوار پڑا ہوں

۔ وہ خدا جو دنیا کو زندگی بخشنے والا ہے اور بدیع اور خالق اور پروردگار ہے

۔ کریم و قادر ہے اور مشکل کشا ہے، رحیم ہے، محسن ہے اور حاجت روا ہے

۔ میں اس کے دروازہ پر آ پڑا ہوں کیونکہ مثل مشہور ہے کہ دنیا میں ایک کام میں سے دوسرا کام نکل آتا ہے

۔ جب وہ یار وفادار مجھے یاد آتا ہے تو ہر رشتہ دار اور دوست مجھے بھول جاتا ہے

۔ میں اُسے چھوڑ کر کسی اور سے کس طرح دل لگاؤں کہ بغیر اُس کے مجھے چین نہیں آتا

۔ دل کو میرے زخمی سینے میں نہ ڈھونڈو کہ ہم نے اُسے ایک محبوب کے دامن سے باندھ دیا ہے

۔ میرا دل دلبر کا تخت ہے اور میرا سر یار کی راہ میں قربان ہے

۔ میں کیا بتاؤں کہ مجھ پر اُس کا فضل کس طرح کا ہے کیونکہ اس کا فضل تو ایک ناپیدا کنار سمندر ہے

۔ میں اُس کی مہربانیوں کو کیوں کر گنوں کہ اُس کی مہربانیاں تو حد شمار سے باہر ہیں

۔ مجھے اُس دلبر سے ایسا تعلق ہے کہ کسی کو بھی اس معاملہ کی خبر نہیں

۔ میں اُس کے دروازے پر اس طرح روتا ہوں جس طرح بچہ پیدا ہوتے وقت حاملہ عورت روتی ہے

۔ میرا وقت اُسی کے عشق سے بھرپور ہے۔ واہ کیا اچھا وقت ہے اور کیا عمدہ زمانہ ہے!

۔ اے یار کے گلزار تیرے کیا کہنے! تو نے تو مجھے دنیا کے باغ و بہار سے بے پروا کر دیا

صفحہ ۱۵۰

۔ طاقتور تو اپنا حلم ظاہر کرتا ہے مگر جاہل یہ سمجھتا ہے کہ وہ غالب آ گیا ہے

صفحہ۲۹۲،۲۹۳

۔ اے مخلصان جماعت اور دوستوں کے گروہ! خدا آپ کو جزائے خیر دے۔ آپ موسم کی گرمی کی تکالیف اور سفر کی مشکلات کو برداشت کرتے ہوئے میرے پاس قادیان میں اس غرض سے پہنچے ہو تا جشن جوبلی کی تقریب کے موقع پر اپنے بھائیوں کے اجتماع کے ساتھ خدا تعالیٰ کا شکر بجالاؤ اور ملکہ معظّمہ قیصرہ ہند کے لئے دنیا و دین کی خیر کے لئے دعا کرو میں جانتا ہوں کہ ان تکالیف کا سبب اور یہ کہ اس جلسہ کے انعقاد کے لئے تم نے باہم چندہ فراہم کیا تا کہ آپ جلسہ کی کارروائی کو عمل میں لاؤ۔ ان سب چیزوں کا سبب اخلاص اور محبت کے سوا کچھ نہیں۔ پس میں دعا کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ آپ کو ان تکالیف کا اجر دے جو تم نے محض اس کی رضا کے حصول کے لئے برداشت کی ہیں۔ اے دوستو! تم جانتے ہو کہ ہم نے قیصرہ ہند کے اس پر سعادت دور میں کیا کیا آرام پائے ہیں اور پا رہے ہیں اور کس قدر امن و عافیت میں اپنی زندگی گزاری ہے اور گزار رہے ہیں۔ پس انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم اس ملکہ مبارکہ کے لئے تہہ دل سے دعا کریں کیونکہ جو کوئی بھی اپنے محسنوں کا شکر ادا نہیں کرتا گویا وہ خدا کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔ پس میں یہ دعائیں کرتا ہوں آپ آمین کہیں۔ اے قادر و توانا خدا! تو اس ملکہ سے نیکی کا ایسا سلوک کر جیسا کہ اس نے ہم سے کیا اور ظالموں کے شر سے اسے محفوظ رکھ۔ اے قادر و توانا خدا! اس کے تخت کے پائے ہمیشہ اونچے رکھ اور مشکل امور میں اسے کامیابی عطا کر اور دنیا و دین حوادث سے اسے محفوظ رکھ اور اس کی عمر اور زندگی میں برکت دے۔ اے قادر و توانا خدا! اس کے دل میں اسلام کو داخل کر اور اسے اور اس کی اولاد کو مسیح کی پرستش سے جو کہ عاجز بندہ ہے نجات بخش اور مشرکوں کے گروہ سے اس کو باہر لے آ کہ سب قدرت تیرے ہاتھ میں ہے۔ اے قادر و توانا! اسے اس وقت تک وفات نہ دے جب تک کہ اسلام کے سیدھے رستے پر ثابت قدم نہ ہو جائے۔ اے رب جلیل! ہماری دعاؤں کو قبول فرما۔ آمین

صفحہ۳۷۳

۔ عیسائی ہو جا پھر جو چاہے کر

ترجمہ فارسی رقوم

صفحہ ۸۵ تا ۸۷

للعہ	۴ روپے	صہ ر	۵ روپے	عہ	۱۰ روپے
للعہ	۴ روپے	صہ ر	۵ روپے	عہ ر	ایک روپیہ
صہ	۵۰ روپے	عہ	۱۲روپے	صہ ر	۵روپے
صہ	۵۰ روپے	صہ	۵۰ روپے	صعہ	۱۵روپے
صہ	۵۰ روپے	سعہ	۱۸ روپے	صعہ	۱۵روپے
عہ ر	ایک روپیہ	عہ	۲۰ روپے	عہ	۱۰ روپے
صہ ر	۵ روپے	صعہ	۱۵ روپے	عہ ر	ایک روپیہ
ماعہ۴ر	۱۰۱روپے۴ آنے	عاہ ر	۲ روپے	۸ر	۸ آنے
عاہ ر	۲ روپے	عاہ ر	۲ روپے	عہ	۱۰ روپے
عہ ر	۲۰ روپے	عہ ر	۱۰ روپے	عہ ر	ایک روپیہ
عہ ر	۱۰ روپے	عاہ ر	۲ روپے	ار	ایک آنہ
عہ ر	ایک روپیہ	عہ ر	ایک روپیہ	۲ر	۲آنے
صہ ر	۵ روپے	عاہ ر	۲ روپے	عہ ر	ایک روپیہ
عہ۱۲ر	ایک روپیہ۱۲آنے	صہ ر	۵ روپے	سے ر	۶ روپے
عہ ر	ایک روپیہ	عاہ ر	۲ روپے	سے ر	۳ روپے
عہ ۲ر	ایک روپیہ۲آنے	عہ ر	ایک روپیہ	صہ ر	۵ روپے
صہ ر	۵ روپے	عہ ر	ایک روپیہ	عاہ ر	۲ روپے
صہ ر	۵ روپے	عہ ر	ایک روپیہ	عہ ر	ایک روپیہ
۱۴ر	ساڑھے۱۴آنے	صہ ر	۵ روپے	۲ر	۲آنے
ماعہ ر	۱۲۰ روپے	عہ ر	ایک روپیہ	عہ ر	ایک روپیہ
عہ ر	ایک روپیہ	عہ	۱۰ روپے	عہ	۲۰روپے
۸ر	۸ آنے	سے ر	۳روپے	عہ ر	ایک روپیہ
سے ۲ر	۳روپے۲آنے	عہ ر	ایک روپیہ	صہ ر	۵روپے
عہ ۲ر	ایک روپیہ۲آنے	عہ ر ار	ایک روپیہ ایک آنہ	عہ ر	ایک روپیہ

۸ آنے	۸ر	۵روپے	صر	سواسات آنے	ے ر
۱۵روپے	ص	ایک روپیہ	عر	۵روپے	صر
۷ روپے	ے ر	۵روپے	صر	ایک روپیہ	عر
۴ روپے	للھ ر	۲۰ روپے	ہ	۴روپے	للھ ر
۵روپے	صر	۵روپے	صر	۲روپے	گر
۵روپے	صر	۳روپے	سے ر	۲آنے	۲ر
۲روپے	گر	۳روپے	سے ر	ایک روپیہ	عر
۲روپے	گر	۲روپے	گر	۵روپے	صر
۵روپے	صر	ایک روپیہ	عر	۳روپے	سے ر
۲روپے	گر	۲روپے	گر	۱۰ روپے	ہ
۲روپے	گر	۳روپے	سے ر	ایک روپیہ۴آنے	۴ر
۳روپے	سے ر	۵روپے	صر	۱۷ روپے	لہ ہ
۲روپے	گر	ایک روپیہ	عر	۲روپے	گر
۲روپے	گر	۲روپے	گر	۳روپے	سے ر
ایک روپیہ	عر	۵ روپے ۱۱آنے	۱۱ر	ایک روپیہ	عر
۲روپے	گر	۳ روپے	سے ر	۲روپے	گر
۵روپے	صر	۵ روپے	صر	۴آنے	۴ر
۲روپے	گر	۲۵روپے	ص	ایک روپیہ	عر
۲روپے	گر	۲روپے	گر	۴روپے	للھ ر
۳۰روپے	ہ	۴روپے	للھ ر	۵روپے	صر
۵روپے	صر	۱۰ روپے	ہ	۲۵روپے	ص
ایک روپیہ	عر	۱۰روپے۱۲آنے	ہ ۱۲ر	۲روپے	گر
۵روپے	صر	۱۲ آنے	۱۲ر	ایک روپیہ	عر
۱۰ روپے	عشہ	۲آنے	۲ر	۲آنے	۲ر
۲روپے	گر	ایک روپیہ	عر	۲روپے	گر
ایک روپیہ	عر	۵روپے	صر	۲روپے	گر

صفحہ نمبر ۳۰۱ تا ۳۱۳

نمبر	نام	سکونت	رقم چندہ	ترجمہ
۱	حضرت اقدس جناب میرزا غلام احمد صاحب مہدی و مسیح موعود رئیس قادیان ۔ معہ اہل بیت	قادیان	۵۱	۵۱ روپے
۲	حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی	//	۵	۵ روپے
۳	مولوی عبدالکریم صاحب	سیالکوٹ	۳	۳ روپے
۴	مولوی بُرہان الدین صاحب	جہلم	.	آدھ آنہ
۵	مولوی محمد احسن صاحب	امروہا ضلع مرادآباد	۳	۳ روپے
۶	حکیم فضل الدین صاحب معہ ہر دو قبائل	بھیرہ	۱۰	۱۰ روپے
۷	خواجہ کمال الدین صاحب بی ۔ اے پروفیسر اسلامیہ کالج	لاہور	۵	۵ روپے
۸	مفتی محمد صادق صاحب بھیروی کلرک اکونٹنٹ جنرل	//	۲	۲ روپے
۹	میرزا ایوب بیگ صاحب بی اے کلاس لاہور کالج معہ قبیلہ خود	کلانور	۲	۲ روپے
۱۰	خلیفہ رجب الدین صاحب تاجر برنج	لاہور	۴	۴ روپے
۱۱	حکیم محمد حسین صاحب	//	۱	ایک روپیہ
۱۲	خواجہ جمال الدین صاحب بی ۔ اے رنبیر کالج ریاست جموں	//	۲	۲ روپے
۱۳	حکیم فضل الٰہی صاحب	//	۵	۵ روپے
۱۴	منشی مولا بخش صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	۱	ایک روپیہ
۱۵	منشی نبی بخش صاحب // // //	لاہور	۳	۳ روپے
۱۶	منشی محمد علی صاحب // //	//	۱	ایک روپیہ
۱۷	منشی محمد علی صاحب ایم اے پروفیسر اورینٹل کالج	//	۵	۵ روپے
۱۸	شیخ رحمت اللہ صاحب سوداگر رخت	//	۲۵	۲۵ روپے
۱۹	منشی کرم الٰہی صاحب مہتمم مدرسہ نصرت اسلام	//	۴	۴ آنے
۲۰	میاں محمد عظیم صاحب کلرک دفتر ریلوے	لاہور	۸	۸ آنے
۲۱	حافظ فضل احمد صاحب معہ فرزند	//	۱	ایک روپیہ

۲۲	حافظ علی احمد صاحب	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۲۳	شیخ عبداللہ صاحب نومسلم منصرم شفاخانہ انجمن حمایت اسلام	//	۸ر	۸آنے
۲۴	علی محمد صاحب طالب علم بی اے کلاس کالج	//	.	آدھ آنہ
۲۵	منشی عبدالرحمٰن صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	صدر	۵روپے
۲۶	منشی معراج الدین صاحب جنرل ٹھیکہ دار	//	۱۰ر۳	۱۰روپے۳آنے
۲۷	منشی تاج الدین صاحب کلرک دفتر ریلوے	//	صدر	۵ روپے
۲۸	شیخ دین محمد صاحب	//	۸ر	۸آنے
۲۹	حکیم شیخ نور محمد صاحب نومسلم	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۳۰	حکیم محمد حسین صاحب پروپرائٹر کارخانہ رفیق الصحت	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۳۱	تاج الدین صاحب طالب علم مدرسہ اسلامیہ	//	.	آدھ آنہ
۳۲	عبداللہ صاحب	//	.	آدھ آنہ
۳۳	مولا بخش صاحب پٹولی	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۳۴	قاضی غلام حسین صاحب بھیروی طالب علم آرٹ سکول	//	۸ر	۸آنے
۳۵	حاجی شہاب الدین صاحب	//	للعہ ر	۴روپے
۳۶	چراغ الدین صاحب وارث میاں محمد سلطان	//	۲ر	۲روپے
۳۷	احمد الدین صاحب ڈوری باف	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۳۸	جمال الدین صاحب کاتب	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۳۹	محمد اعظم صاحب کاتب	//	۸ر	۸آنے
۴۰	سیف الملوک صاحب	//	عدد ۱	ایک روپیہ
۴۱	میاں سلطان صاحب ٹیلر ماسٹر	//	۳ر	۳روپے
۴۲	میاں غلام محمد صاحب کلرک چھاپہ خانہ	//	عدد	ایک روپیہ
۴۳	مظفر الدین صاحب	//	۲	۲روپے
۴۴	خواجہ محی الدین صاحب تاجر پشمینہ	//	عدد	ایک روپیہ
۴۵	محمد شریف صاحب طالب علم اسلامیہ کالج	//	۸ر	۸آنے
۴۶	عبدالحق صاحب۔اسلامیہ کالج	لاہور	عدد ۱	ایک روپیہ

۴۷	عبدالمجید صاحب	//	//	۸ آنے
۴۸	غلام محی الدین صاحب جلد بند سول ملٹری گزٹ	//	//	۷ روپے
۴۹	تاج الدین صاحب	//	//	ایک روپیہ
۵۰	بشیر احمد صاحب	//	//	۴ آنے
۵۱	نذیر احمد صاحب	//	//	۴ آنے
۵۲	ڈاکٹر کرم الٰہی صاحب	//	//	۵ روپے
۵۳	شیر محمد خان صاحب طالب العلم بی اے کلاس	//	//	ایک روپیہ
۵۴	غلام محی الدین صاحب طالب علم بی اے کلاس	//	//	۵ روپے
۵۵	شیر علی صاحب	// // //	//	ایک روپیہ
۵۶	صاحبزادہ سراج الحق صاحب جمالی نعمانی ابن حضرت شاہ حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم سجادہ نشین چہار قطب ہانسوی حال وارد قادیان	سرساوہ	.	آدھ آنہ
۵۷	قاضی محمد یوسف علی صاحب نعمانی معہ اہل بیت سارجنٹ پولس ریاست جنید۔ اولاد حضرت امام اعظم صاحب	توسام ضلع حصار	//	۱۰ روپے
۵۸	شیخ فیض اللہ صاحب خالدی القریشی نائب داروغہ	ریاست نابہ	//	ایک روپیہ
۵۹	سیدنا صر نواب صاحب دہلوی پنشنر	قادیان	//	۲ روپے
۶۰	میر محمد اسماعیل صاحب طالب علم اسلامیہ کالج لاہور	//	//	۲ روپے
۶۱	محمد اسمٰعیل صاحب سرساوی طالب علم	//	.	آدھ آنہ
۶۲	شیخ عبدالرحیم صاحب نومسلم	//	.	آدھ آنہ
۶۳	شیخ عبدالرحمٰن صاحب	// //	//	. آدھ آنہ
۶۴	شیخ عبدالعزیز صاحب	// //	//	. آدھ آنہ
۶۵	خدا یار صاحب	// //	//	. آدھ آنہ
۶۶	گلاب الدین صاحب لوئی باف		//	. آدھ آنہ
۶۷	اسمٰعیل بیگ صاحب پریسمین		//	. آدھ آنہ
۶۸	امام الدین صاحب		//	. آدھ آنہ
